سلسلۂ نصابات علمیہ جامعۂ عثمانیہ

علم مثلث مستوی

حصہ اوّل

انٹرمیڈیٹ کے لئے بر بنائے ٹرگنومٹری لونی حصہ اول

مترجمہ

قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے (پنجاب)

بی۔ اے، ایل ایل۔ بی (کمبرج)، رینگلر سنہ ۱۹۱۴ء فقرا ئیگزبشنر (پنجاب)

گورنمنٹ آف انڈیا سکالر کمبرج (ریاضیات) ایمینول اگزبشنر کمبرج (ریاضیات)

ایمینول فونڈیشن سکالر کمبرج (ریاضیات)

رکن سررشتۂ تالیف و ترجمہ

جامعۂ عثمانیہ

سنہ ۱۳۳۸ھ م سنہ ۱۳۲۹ف م سنہ ۱۹۱۹ع

مطبوعۂ دارالطبع سرکارِ عالی حیدرآباد دکن

مقدمہ

دنیا میں ہر قوم کی زندگی میں ایک ایسا زمانہ آتا ہے جب کہ اُس کے قوائے ذہنی میں انحطاط کے آثار نمودار ہونے لگتے ہیں، ایجاد و اختراع اور غور و فکر کا مادّہ تقریباً مفقود ہو جاتا ہے، تخیل کی پرواز اور نظر کی جولانی تنگ اور محدود ہو جاتی ہے، علم کا دار و مدار چند رسمی باتوں اور تقلید پر رہ جاتا ہے۔ اُس وقت قوم یا تو بیکار اور مردہ ہو جاتی ہے یا سنبھلنے کے لئے یہ لازم ہوتا ہے کہ وہ دوسری ترقی یافتہ اقوام کا اثر قبول کرے۔ تاریخ عالم کے ہر دَور میں اس کی شہادتیں موجود ہیں۔ خود ہمارے دیکھتے دیکھتے جاپان پر یہی گذری اور یہی حالت اب ہندوستان کی ہے۔

جس طرح کوئی شخص دوسرے بنی نوع انسان سے قطع تعلق کرکے تنہا اور الگ تھلگ نہیں رہ سکتا اور اگر رہے تو پنپ

نہیں سکتا اسی طرح یہ بھی ممکن نہیں کہ کوئی قوم دیگر اقوام عالم سے بے نیاز ہو کر پھولے پھلے اور ترقی پائے۔ جس طرح ہوا کے جھونکے اور ادنیٰ پرندوں اور کیڑے مکوڑوں کے اثر سے وہ مقامات تک ہرے بھرے رہتے ہیں جہاں انسان کی دسترس نہیں اسی طرح انسانوں اور قوموں کے اثر بھی ایک دوسرے تک اڑ کر پہنچتے ہیں۔ جس طرح یونان کا اثر روم اور دیگر اقوام یورپ پر پڑا جس طرح عرب نے عجم کو اور عجم نے عرب کو اپنا فیض پہنچایا، جس طرح اسلام نے یورپ میں تاریکی اور جہالت کو مٹا کر علم کی روشنی پہنچائی اسی طرح آج ہم بھی بہت سی باتوں میں مغرب کے محتاج ہیں۔ یہ قانون عالم ہے جو یوں ہی جاری رہا اور جاری رہیگا۔

"دئے سے دیا یوں ہی جلتا رہا ہے"

جب کسی قوم کی نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے اور وہ آگے قدم بڑھانے کی سعی کرتی ہے تو ادبیات کے میدان میں پہلی منزل ترجمہ ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جب قوم میں جدت اور اپج نہیں رہی تو ظاہر ہے کہ اس کی تصانیف معمولی، ادھوری، کم مایہ اور ادنیٰ ہونگی۔ اُس وقت قوم کی بڑی خدمت یہی ہے کہ ترجمہ کے ذریعہ سے دنیا کی اعلیٰ درجہ کی تصانیف اپنی زبان میں لائی جائیں۔ یہی ترجمے خیالات میں تغیر اور معلومات میں اضافہ کریں گے، جمود کو توڑیں گے اور قوم میں ایک نئی حرکت پیدا کریں گے اور پھر آخر یہی ترجمے تصنیف و تالیف

کے جدید اسلوب اور ڈھنگ سمجھائیں گے۔ ایسے وقت میں ترجمہ تصنیف سے زیادہ قابل قدر، زیادہ مفید اور زیادہ فیض رساں ہوتا ہے۔

اسی اصول کی بنا پر جب عثمانیہ یونیورسٹی کی تجویز پیش ہوئی تو ہز اکزالٹڈ ہائینس رستم دوراں ارسطوئے زماں سپہ سالار آصف جاہ مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ نواب میر عثمان علیخان بہادر فتح جنگ جی۔سی۔اس۔آئی۔جی۔سی۔بی۔ای۔والی حیدرآباد دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے جن کی علمی قدردانی اور علمی سرپرستی اس زمانہ میں احیائے علوم کے حق میں آب حیات کا کام کر رہی ہے، بہ تقاضائے مصلحت و دوربینی سب سے اول سررشتۂ تالیف و ترجمہ کے قیام کی منظوری عطا فرمائی، جو نہ صرف یونیورسٹی کے لئے نصاب تعلیم کی کتابیں تیار کریگا بلکہ ملک میں نشر و اشاعت علوم و فنون کا کام بھی انجام دیگا۔ اگرچہ اس سے قبل بھی یہ کام ہندوستان کے مختلف مقامات میں تھوڑا تھوڑا انجام پایا مثلاً فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں زیر نگرانی ڈاکٹر گلکرسٹ، دہلی سوسائٹی میں، انجمن پنجاب میں زیر نگرانی ڈاکٹر لائٹنر و کرنل ہالرائڈ، علی گڑھ سائنٹفک انسٹیوٹ میں جس کی بنا سر سید احمد خاں مرحوم نے ڈالی۔ مگر یہ کوششیں سب وقتی اور عارضی تھیں۔ نہ انکے پاس کافی سرمایہ اور سامان تھا نہ انہیں یہ موقع حاصل تھا

اور نہ انہیں اعلیٰحضرت و اقدس جیسے علم پرور فرمانروا کی سرپرستی کا شرف حاصل تھا۔ یہ پہلا وقت ہے کہ اردو زبان کو علوم و فنون سے مالا مال کرنے کے لئے باقاعدہ اور مستقل کوشش کی گئی ہے۔ اور یہ پہلا وقت ہے کہ اردو زبان کو یہ رتبہ ملا ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم کا ذریعہ قرار پائی ہے۔ احیائے علوم کے لئے جو کام آگسٹس نے روم میں، خلافت عباسیہ میں ہارون الرشید و مامون الرشید نے ہسپانیہ میں عبدالرحمٰن ثالث نے، بکرماجیت و اکبر نے ہندوستان میں، الفرڈ نے انگلستان میں، پیٹر اعظم و کیتھرائن نے روس میں اور متسو ہٹو نے جاپان میں کیا، وہی فرمانروائے دولت آصفیہ نے اس ملک کے لئے کیا۔ اعلیٰحضرت و اقدس کا یہ کارنامہ ہندوستان کی علمی تاریخ میں ہمیشہ فخر و مباہات کے ساتھ ذکر کیا جائیگا۔

منجملہ اُن اسباب کے جو قومی ترقی کا موجب ہوتے ہیں ایک بڑا سبب زبان کی تکمیل ہے۔ جس قدر جو قوم زیادہ ترقی یافتہ ہے اُسی قدر اُس کی زبان وسیع اور اس میں نازک خیالات اور علمی مطالب کے ادا کرنے کی زیادہ صلاحیت ہوتی ہے، اور جس قدر جس قوم کی زبان محدود ہوتی ہے اُسی قدر تہذیب و شایستگی بلکہ انسانیت میں اس کا درجہ کم ہوتا ہے۔ چنانچہ وحشی اقوام میں الفاظ کا ذخیرہ بہت ہی کم پایا گیا ہے۔ علمائے فلسفہ و علم اللسان نے یہ ثابت کیا ہے کہ زبان، خیال اور

خیال، زبان ہے اور ایک مدت کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں
کہ انسانی دماغ کے صحیح تاریخی ارتقا کا علم، زبان کی تاریخ
کے مطالعہ سے حاصل ہو سکتا ہے۔ الفاظ ہمیں سوچنے میں
ویسی ہی مدد دیتے ہیں جیسی آنکھیں دیکھنے میں۔ اس لئے
زبان کی ترقی درحقیقت عقل کی ترقی ہے۔

علم ادب اسی قدر وسیع ہے جس قدر حیاتِ انسانی۔ اور
اس کا اثر زندگی کے ہر شعبہ پر پڑتا ہے۔ وہ نہ صرف انسان
کی ذہنی، معاشرتی، سیاسی ترقی میں مدد دیتا، اور نظر میں وسعت،
دماغ میں روشنی، دلوں میں حرکت اور خیالات میں تغیر پیدا کرتا
ہے بلکہ قوموں کے بنانے میں ایک قوی آلہ ہے۔ قومیت کے
لئے ہم خیالی شرط ہے اور ہم خیالی کے لئے ہم زبانی لازم
گویا یک زبانی قومیت کا شیرازہ ہے جو اسے منتشر ہونے سے
بچائے رکھتا ہے۔ ایک زمانہ تھا جب کہ مسلمان اقطاعِ عالم میں
پھیلے ہوئے تھے لیکن اُن کے علم ادب اور زبان نے انہیں
ہر جگہ ایک کر رکھا تھا۔ اس زمانے میں انگریز ایک دنیا پر
چھائے ہوئے ہیں لیکن باوجود بُعدِ مسافت و اختلافِ حالات
یک زبانی کی بدولت قومیت کے ایک سلسلے میں منسلک
ہیں، زبان میں جادو کا سا اثر ہے اور صرف افراد ہی پر
نہیں بلکہ اقوام پر بھی اُس کا وہی تسلط ہے۔

یہی وجہ ہے کہ تعلیم کا صحیح اور فطرتی ذریعہ اپنی ہی زبان
ہو سکتی ہے۔ اس امر کو اعلیٰحضرت اقدس نے

پہچانا اور جامعۂ عثمانیہ کی بنیاد ڈالی۔ جامعۂ عثمانیہ ہندوستان میں پہلی یونیورسٹی ہے جس میں ابتدا سے انتہا تک ذریعۂ تعلیم ایک دیسی زبان ہوگا۔ اور یہ زبان اردو ہوگی۔ ایک ایسے ملک میں جہاں "بھانت بھانت کی بولیاں" بولی جاتی ہیں، جہاں ہر صوبہ ایک نیا عالم ہے، صرف اردو ہی ایک عام اور مشترک زبان ہو سکتی ہے۔ یہ اہل ہند کے میل جول سے پیدا ہوئی اور اب بھی یہی اس فرض کو انجام دیگی۔ یہ اس کے خمیر اور وضع و ترکیب میں ہے۔ اس لئے یہی تعلیم اور تبادلہ خیالات کا واسطہ بن سکتی اور قومی زبان کا دعوے کر سکتی ہے۔

جب تعلیم کا ذریعہ اردو قرار دیا گیا تو یہ کھلا اعتراض تھا کہ اردو میں اعلیٰ تعلیم کے لئے کتابوں کا ذخیرہ کہاں ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہا جاتا تھا کہ اردو میں یہ صلاحیت ہی نہیں کہ اس میں علوم و فنون کی اعلیٰ تعلیم ہو سکے۔ یہ صحیح ہے کہ اردو میں اعلیٰ تعلیم کے لئے کافی ذخیرہ نہیں۔ اور اردو ہی پر کیا منحصر ہے، ہندوستان کی کسی زبان میں بھی نہیں۔ یہ طلب و رسد کا عام مسئلہ ہے۔ جب مانگ ہی نہ تھی تو رسد کہاں سے آتی۔ جب ضرورت ہی نہ تھی تو کتابیں کیونکر مہیا ہوتیں۔ ہماری اعلیٰ تعلیم غیر زبان میں ہوتی تھی، تو علوم و فنون کا ذخیرہ ہماری زبان میں کہاں سے آتا۔ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ اب ضرورت محسوس ہوئی ہے تو کتابیں بھی

مہیا ہو جائیں گی۔ اسی کمی کو پورا کرنے اور اسی ضرورت کو رفع کرنے کے لئے سررشتۂ تالیف و ترجمہ قائم کیا گیا۔ یہ صحیح نہیں ہے کہ اردو زبان میں اس کی صلاحیت نہیں۔ اس کے لئے کسی دلیل و برہان کی ضرورت نہیں۔ سررشتۂ تالیف و ترجمہ کا وجود اس کا شافی جواب ہے۔ یہ سررشتہ یہی کام کر رہا ہے۔ کتابیں تالیف و ترجمہ ہو رہی ہیں اور چند روز میں عثمانیہ یونیورسٹی کالج کے طالب علموں کے ہاتھوں میں ہونگی اور رفتہ رفتہ عام شائقینِ علم تک پہنچ جائیں گی۔

لیکن اس میں سب سے کٹھن اور سنگلاخ مرحلہ وضع اصطلاحات کا تھا۔ اس میں بہت کچھ اختلاف اور بحث کی گنجائش ہے۔ اس بارے میں ایک مدت کے تجربہ اور کامل غور و فکر اور مشورہ کے بعد میری یہ رائے قرار پائی ہے کہ تنہا نہ تو ماہرِ علم صحیح طور سے اصطلاحات وضع کر سکتا ہے اور نہ ماہرِ لسان۔ ایک کو دوسرے کی ضرورت ہے۔ اور ایک کی کمی دوسرا پورا کرتا ہے۔ اس لئے اس اہم کام کو صحیح طور سے انجام دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ دونوں یک جا جمع کئے جائیں تاکہ وہ ایک دوسرے کے مشورہ اور مدد سے ایسی اصطلاحیں بنائیں جو نہ اہل علم کو ناگوار ہوں نہ اہل زبان کو۔ چنانچہ اسی اصول پر ہم نے وضع اصطلاحات کے لئے ایک ایسی مجلس بنائی جس میں دونوں جماعتوں کے اصحاب شریک ہیں۔ علاوہ اِن کے

ہم نے اُن اہلِ علم سے بھی مشورہ کیا جو اس کی خاص اہلیت رکھتے ہیں اور بُعدِ مسافت کی وجہ سے ہماری مجلس میں شریک نہیں ہو سکتے ۔ اس میں شک نہیں کہ بعض الفاظ غیر مانوس معلوم ہوں گے اور اہلِ زبان انہیں دیکھ کر ناک بھوں چڑھائیں گے ۔ لیکن اس سے گزیر نہیں ۔ ہمیں بعض ایسے علوم سے واسطہ ہے جن کی ہوا تک ہماری زبان کو نہیں لگی۔ ایسی صورت میں سوائے اس کے چارہ نہیں کہ جب ہماری زبان کے موجودہ الفاظ خاص خاص مفہوم کے ادا کرنے سے قاصر ہوں تو ہم جدید الفاظ وضع کریں ۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ہم نے محض ٹالنے کے لئے زبردستی الفاظ گھڑ کر رکھ دئے ہیں بلکہ جس نہج پر اب تک الفاظ بنتے چلے آئے ہیں اور جن اصولِ ترکیب و اشتقاق پر اب تک ہماری زبان کاربند رہی ہے، اس کی پوری پابندی ہم نے کی ہے ۔ ہم نے اُس وقت تک کسی لفظ کے بنانے کی جرأت نہیں کی جب تک اُسی قسم کی متعدد مثالیں ہمارے پیشِ نظر نہ رہی ہوں ۔ ہماری رائے میں جدید الفاظ کے وضع کرنے کی اس سے بہتر اور صحیح کوئی صورت نہیں۔ اب اگر کوئی لفظ غیر مانوس یا اجنبی معلوم ہو تو اس میں ہمارا قصور نہیں ۔ جو زبان زیادہ تر شعر و شاعری اور قصص تک محدود ہو، وہاں ایسا ہونا کچھ تعجب کی بات نہیں ۔ جس ملک سے ایجاد و اختراع کا مادّہ سلب ہو گیا ہو جہاں لوگ نئی چیزوں کے بنانے اور دیکھنے کے عادی نہ ہوں، وہاں جدید الفاظ کا

غیر مانوس اور اجنبی معلوم ہونا موجب حیرت نہیں۔ الفاظ کی حالت بھی انسانوں کی سی ہے۔ اجنبی شخص بھی رفتہ رفتہ مانوس ہو جاتے ہیں۔ اول اول الفاظ کا بھی یہی حال ہے۔ استعمال آہستہ آہستہ غیر مانوس کو مانوس کر دیتا ہے اور صحت و غیر صحت کا فیصلہ زمانہ کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ لفظ تجویز کرتے وقت ہر پہلو پر کامل غور کرلیں، آئندہ چل کر اگر وہ استعمال اور زمانہ کی کسوٹی پر پورا اترا تو خود ٹکسالی ہو جائیگا اور اپنی جگہ آپ پیدا کرلیگا۔ علاوہ اس کے جو الفاظ پیش کئے گئے ہیں وہ الہامی نہیں کہ جن میں ردّ و بدل نہ ہوسکے بلکہ فرہنگِ اصطلاحاتِ عثمانیہ جو زیر ترتیب ہے پہلے اس کا مسودہ اہل علم کی خدمت میں پیش کیا جائے گا اور جہاں تک ممکن ہوگا اس کی اصلاح میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا۔

لیکن ہماری مشکلات صرف اصطلاحاتِ علمیہ تک ہی محدود نہیں ہیں۔ ہمیں ایک ایسی زبان سے ترجمہ کرنا پڑتا ہے جو ہمارے لئے بالکل اجنبی ہے، اس میں اور ہماری زبان میں کسی قسم کا کوئی رشتہ یا تعلق نہیں۔ اس کا طرز بیان، ادائے مطلب کے اسلوب، محاورات وغیرہ بالکل جدا ہیں۔ جو الفاظ اور جملے انگریزی زبان میں بالکل معمولی اور روزمرہ کے استعمال میں آتے ہیں، اُن کا ترجمہ جب ہم اپنی زبان میں کرنے بیٹھتے ہیں تو سخت دشواری پیش آتی ہے۔ ان تمام دشواریوں پر

غالب آنے کے لئے مترجم کو کیسا کچھ خونِ جگر کھاتا نہیں پڑتا۔ ترجمہ کا کام، جیسا کہ عموماً خیال کیا جاتا ہے، کچھ آسان کام نہیں ہے۔ بہت خاک چھاننی پڑتی ہے تب کہیں گوہر مقصود ہاتھ آتا ہے۔

اس سررشتہ کا کام صرف یہی نہ ہوگا (اگرچہ یہ اس کا فرضِ اولین ہے) کہ وہ نصاب تعلیم کی کتابیں تیار کرے، بلکہ اس کے علاوہ وہ ہر علم پر متعدد اور کثرت سے کتابیں تالیف و ترجمہ کرائے گا، تاکہ لوگوں میں علم کا شوق بڑھے، ملک میں روشنی پھیلے، خیالات و قلوب پر اثر پیدا ہو، جہالت کا استیصال ہو۔ جہالت کے معنی اب لاعلمی ہی کے نہیں بلکہ اس میں افلاس، کم ہمتی، تنگ دلی، کوتہ نظری، بے غیرتی، بد اخلاقی سب کچھ آجاتا ہے۔ جہالت کا مقابلہ کرکے اسے پس پا کرنا سب سے بڑا کام ہے۔ انسانی دماغ کی ترقی علم کی ترقی ہے۔ انسانی ترقی کی تاریخ علم کی اشاعت و ترقی کی تاریخ ہے۔ ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک انسان نے جو کچھ کیا ہے، اگر اس پر ایک وسیع نظر ڈالی جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ جوں جوں علم میں اضافہ ہوتا گیا، پچھلی غلطیوں کی صحت ہوتی گئی، تاریکی گھٹتی گئی، روشنی بڑھتی گئی، انسان میدانِ ترقی میں قدم آگے بڑھاتا گیا۔ اسی مقدس فرض کے ادا کرنے کے لئے یہ سررشتہ قائم کیا گیا ہے اور وہ اپنی بساط کے موافق اس کے انجام دینے میں کوتاہی نہ کرے گا۔

لیکن غلطی، تحقیق و جستجو کی گھات میں لگی رہتی ہے۔ ادب کا

کمال ذوق سلیم ہر ایک کو نصیب نہیں ہوتا۔ بڑے بڑے نقاد اور مبصر فاش غلطیاں کر جاتے ہیں۔ لیکن اس سے ان کے کام پر حرف نہیں آتا۔ غلطی ترقی کے مانع نہیں ہے، بلکہ وہ صحت کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ پچھلوں کی بھول چوک آنے والے مسافر کو رستہ بھٹکنے سے بچا دیتی ہے۔ ایک جاپانی ماہر تعلیم (بیرن کی کوچی) نے اپنے ملک کا تعلیمی حال لکھتے ہوئے اس صحیح کیفیت کا ذکر کیا ہے جو ہونہار اور ترقی کرنے والے افراد اور اقوام پر گزرتی ہے۔

"ہم نے بہت سے تجربے کئے اور بہت سی ناکامیاں اور غلطیاں ہوئیں، لیکن ہم نے ان سے نئے سبق سیکھے اور فائدہ اٹھایا۔ رفتہ رفتہ ہمیں اپنے ملک کی تعلیمی ضروریات اور امکانات کا صحیح اور بہتر علم ہوتا گیا اور ایسے تعلیمی طریقے معلوم ہوتے گئے جو ہمارے اہل وطن کے لئے زیادہ موزوں تھے۔ ابھی بہت سے ایسے مسائل ہیں جو ہمیں حل کرنے ہیں، بہت سی ایسی اصلاحیں ہیں جو ہمیں عمل میں لانی ہیں، ہم نے اب تک کوشش کی اور ابھی کوشش کر رہے ہیں اور مختلف طریقوں کی برائیاں اور بھلائیاں دریافت کرنے کے درپے ہیں، تاکہ اپنے ملک کے فائدے کے لئے اچھی باتوں کو اختیار کریں اور رواج دیں اور برائیوں سے بچیں۔"

اس لئے جو حضرات ہمارے کام پر تنقیدی نظر ڈالیں انہیں وقت کی تنگی، کام کا ہجوم اور اس کی اہمیت اور ہماری مشکلات پیش نظر رکھنی چاہئیں۔ یہ پہلی سعی ہے اور پہلی سعی میں کچھ نہ کچھ خامیاں

ضرور رہ جاتی ہیں، لیکن آگے چل کر یہی خامیاں ہماری رہنما بنیں گی اور پختگی اور اصلاح تک پہنچائیں گی۔ یہ نقش اول ہے نقش ثانی اس سے بہتر ہوگا۔ ضرورت کا احساس علم کا شوق، حقیقت کی لگن، صحت کی ٹوہ، جد و جہد کی رسائی خود بخود ترقی کے مدارج طے کرلے گی۔

جاپانی بڑے فخر سے یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تیس چالیس سال کے عرصے میں وہ کچھ کر دکھایا جس کے انجام دینے میں یورپ کو اتنی ہی صدیاں صرف کرنی پڑیں۔ کیا کوئی دن ایسا آئے گا کہ ہم بھی یہ کہنے کے قابل ہوں گے؟ ہم نے پہلی شرط پوری کر دی ہے یعنی بیجا قیود سے آزاد ہو کر اپنی زبان کو اعلیٰ تعلیم کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ لوگ ابھی ہمارے کام کو تذبذب کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں اور ہماری زبان کی قابلیت کی طرف مشتبہ نظریں ڈال رہے ہیں۔ لیکن وہ دن آنے والا ہے کہ اس ذرّے کا بھی ستارہ چمکے گا، یہ زبان علم و حکمت سے مالا مال ہوگی اور اعلیٰحضرت واقدس کی نظر کیمیا اثر کی بدولت یہ دنیا کی مہذب و شایستہ زبانوں کی ہمسری کا دعوے کرے گی۔ اگرچہ اس وقت ہماری سعی اور محنت حقیر معلوم ہوگی، مگر یہی شامِ غربت صبح وطن کی آمد کی خبر دے رہی ہے، یہی شب بیداریاں روزِ روشن کا جلوہ دکھائیں گی، اور یہی مشقت اُس قصر رفیع الشان کی بنیاد ہوگی جو آئندہ تعمیر ہونے والا ہے۔ اس وقت ہمارا کام صبر و استقلال سے میدان صاف کرنا،

ڈالنا اور نیو کھودنا ہے، اور فرہاد وار شیریں حکمت کی خاطر
پہاڑوں کو کھود کھود کر جوئے علم لانے کی سعی کرنا ہے۔
م نہ ہوں گے مگر ایک زمانہ آئیگا جب کہ اس میں علم و
کے دریا بہیں گے اور ادبیات کی افتادہ زمین سرسبز و شاداب
ے گی۔

میں میں سررشتہ کے مترجمین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے
س کو بڑی مستعدی اور شوق سے انجام دیا۔ نیز میں ارکانِ
ضع اصطلاحات کا شکر گزار ہوں کہ ان کے مفید مشورے
ن کی مدد سے یہ مشکل کام بخوبی انجام پا رہا ہے۔ لیکن خصوصیت
قہ یہ سررشتہ جناب مسٹر محمد اکبر حیدری بی۔ اے معتمد عدالت
ت و کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی کا ممنون ہے جنہیں ابتدا
م و انتظام جامعۂ عثمانیہ میں خاص انہاک رہا ہے۔ اور
کی توجہ اور امداد ہمارے شریک حال نہ ہوتی تو یہ عظیم الشان
رت پذیر نہ ہوتا۔ میں سید راس مسعود صاحب بی۔ اے
) آئی۔ ای۔ ایس۔ ناظم تعلیمات سرکار عالی کا بھی شکریہ ادا
ں کہ ان کی توجہ اور عنایت ہمارے حال پر مبذول رہی
رت کے وقت ہمیشہ بلا تکلف خوشی کے ساتھ ہمیں مدد دی۔

عبد الحق

ناظم سررشتۂ تالیف و ترجمہ (عثمانیہ یونیورسٹی)

مولوی عبدالحق صاحب بی۔اے۔۔۔۔۔۔۔۔ناظم۔
قاضی محمد حسین صاحب۔ایم۔اے۔رینگلر۔۔۔۔مترجم ریاضیات
چودھری برکت علی صاحب بی۔یس۔سی۔۔۔۔۔مترجم سائینس
مولوی سید ہاشمی صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔مترجم تاریخ۔
مولوی محمد الیاس صاحب برنی ایم۔اے۔۔۔۔مترجم معاشیات
قاضی تلمذ حسین صاحب یم۔اے۔۔۔۔۔۔مترجم سیاسیات
مولوی ظفر علی خاں صاحب بی۔اے۔۔۔۔۔مترجم تاریخ۔
مولوی عبدالماجد صاحب بی۔اے۔۔۔۔۔۔مترجم فلسفہ و منطق
مولوی عبدالحلیم صاحب شرر۔۔۔۔۔۔۔مولف تاریخ اسلام
مولوی سید علی رضا صاحب بی۔اے۔۔۔۔۔۔مترجم قانون۔
مولوی عبداللہ العمادی صاحب۔۔۔۔۔۔مترجم کتب عربی

علاوہ ان مذکورۂ بالا مترجمین کے مولوی حاجی صفی الدین صاحب ترجمہ شدہ کتابوں کو مذہبی نقطۂ نظر سے دیکھنے کے لئے اور نواب حیدر یار جنگ (مولوی علی حیدر صاحب طبا طبائی) ترجموں پر نظر ثانی کرنے کے لئے مقرر فرمائے گئے ہیں۔

مولوی مرزا مہدی خاں صاحب کوکب وظیفہ یاب سرکار عالی (سابق ناظم مردم شماری)

مولوی حمید الدین صاحب بی۔اے صدر دار العلوم

نواب حیدر یار جنگ (مولوی علی حیدر صاحب طباطبائی)

مولوی وحید الدین صاحب سلیم

مولوی عبد الحق بی۔اے ناظم سررشتہ تالیف و ترجمہ

علاوہ ان مستقل ارکان کے، مترجمین سررشتہ تالیف و ترجمہ نیز دوسرے اصحاب سے بلحاظ اُنکے فن کے مشورہ کیا گیا۔ مثلاً

خان فضل محمد خانصاحب ایم۔اے رنگلر (پرنسپل سٹی ہائی اسکول حیدرآباد)

مولوی عبد الواسع صاحب (پروفیسر دار العلوم حیدرآباد)

پروفیسر عبد الرحمن صاحب بی۔ایس۔سی (نظام کالج)

مرزا محمد ہادی صاحب۔بی۔اے (پروفیسر کرسچن کالج لکھنؤ)

مولوی سلیمان صاحب ندوی

سید راس مسعود صاحب بی۔اے (ناظم تعلیمات حیدرآباد) وغیرہ

فہرست مضامین

حصۂ اول

علم مثلث کے مشہور ضابطے

حصّہ اوّل

۱- دائرے کا محیط = ۲ ח ر (دفعہ ۱۴)

اس میں ח عبرانی حرف "حیت" ہے

ח = ۳٫۱۴۱۵۹..... [اس کے تقرب $\frac{۲۲}{۷}$ اور $\frac{۳۵۵}{۱۱۳}$] (دفعہ ۱۵)

ایک نیمقطری زاویہ = ۵۷° ۱۷′ ۴۴٫۸″ تقریباً (دفعہ ۱۸)

دو قائمے = ۱۸۰° = ۲۰۰ف = ח نیمقطری (دفعہ ۲۱)

زاویہ = $\frac{\text{قوس}}{\text{نصف قطر}}$ × زاویہ نیمقطری (دفعہ ۲۳)

۲- جب² ط + جم² ط = ۱

قط² ط = ۱ + مس² ط

قم² ط = ۱ + مم² ط (دفعہ ۲۸)

۳- جب ۰° = ۰ ، جم ۰° = ۱ (دفعہ ۴۰)

جب ۳۰° = $\frac{۱}{۲}$ ، جم ۳۰° = $\frac{\sqrt{۳}}{۲}$ (دفعہ ۳۸)

جب ۴۵° = جم ۴۵° = $\frac{1}{\sqrt{2}}$ (دفعہ ۳۷)

جب ۶۰° = $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ، جم ۶۰° = $\frac{1}{2}$ (دفعہ ۳۹)

جب ۹۰° = ۱ ، جم ۹۰° = ۰ (دفعہ ۴۱)

جب ۱۵° = $\frac{\sqrt{3}-1}{2\sqrt{2}}$ ، جم ۱۵° = $\frac{\sqrt{3}+1}{2\sqrt{2}}$ (دفعہ ۱۱۲)

جب ۱۸° = $\frac{\sqrt{5}-1}{4}$ ، جم ۳۶° = $\frac{\sqrt{5}+1}{4}$ (دفعات ۱۲۶ تا ۱۲۷)

۴- جب (− طہ) = − جب طہ ، جم (− طہ) = جم طہ (دفعہ ۷۴)

جب (۹۰° − طہ) = جم طہ ، جم (۹۰° − طہ) = جب طہ (دفعہ ۷۵)

جب (۹۰° + طہ) = جم طہ ، جم (۹۰° + طہ) = − جب طہ (دفعہ ۷۶)

جب (۱۸۰° − طہ) = جب طہ ، جم (۱۸۰° − طہ) = − جم طہ (دفعہ ۷۸)

جب (۱۸۰° + طہ) = − جب طہ ، جم (۱۸۰° + طہ) = − جم طہ (دفعہ ۷۹)

۵- اگر جب طہ = جب عہ تو طہ = ن π + (−۱)^ن عہ (دفعہ ۸۸)

اگر جم طہ = جم عہ تو طہ = ۲ ن π ± عہ (دفعہ ۸۹)

اگر مس طہ = مس عہ تو طہ = ن π + عہ (دفعہ ۹۰)

۶- جب (ا + ب) = جب ا جم ب + جم ا جب ب

جم (ا + ب) = جم ا جم ب − جب ا جب ب (دفعہ ۹۴)

جب (ا - ب) = جب ا جم ب - جم ا جب ب

جم (ا - ب) = جم ا جم ب + جب ا جب ب (دفعہ ۹۶)

جب ج + جب د = ۲ جب (ج+د)/۲ جم (ج-د)/۲

جب ج - جب د = ۲ جم (ج+د)/۲ جب (ج-د)/۲

جم ج + جم د = ۲ جم (ج+د)/۲ جم (ج-د)/۲

جم د - جم ج = ۲ جب (ج+د)/۲ (دفعہ ۱۰۰)

۲ جب ا جم ب = جب (ا + ب) + جب (ا - ب)

۲ جم ا جب ب = جب (ا + ب) - جب (ا - ب)

۲ جم ا جم ب = جم (ا + ب) + جم (ا - ب)

۲ جب ا جب ب = جم (ا - ب) - جم (ا + ب) (دفعہ ۱۰۳)

مس (ا + ب) = (مس ا + مس ب)/(۱ - مس ا مس ب)

مس (ا - ب) = (مس ا - مس ب)/(۱ + مس ا مس ب) (دفعہ ۱۰۴)

جب ۲ا = ۲ جب ا جم ا

جم ۲ ا = جم² ا − جب² ا = ۱ − ۲ جب² ا = ۲ جم² ا − ۱ (دفعہ ۱۱۱)

جب ۲ ا = ۲ مس ا / (۱ + مس² ا) ، جم ۲ ا = (۱ − مس² ا) / (۱ + مس² ا) (دفعہ ۱۱۵)

مس ۲ ا = ۲ مس ا / (۱ − مس² ا) (دفعہ ۱۱۱)

جب ۳ ا = ۳ جب ا − ۴ جب³ ا

جم ۳ ا = ۴ جم³ ا − ۳ جم ا

مس ۳ ا = (۳ مس ا − مس³ ا) / (۱ − ۳ مس² ا) (دفعہ ۱۱۳)

جب ا/۲ = ± √((۱ − جم ا)/۲) ، جم ا/۲ = ± √((۱ + جم ا)/۲) (دفعہ [illegible])

۲ جب ا/۲ = ± √(۱ + جب ا) ± √(۱ − جب ا)

۲ جم ا/۲ = ± √(۱ + جب ا) ∓ √(۱ − جب ا) (دفعہ ۱۱۹)

مس (ا۱ + ا۲ + ... + ان) = (ن۱ − ن۳ + ن۵ − ....) / (۱ − ن۲ + ن۴ − ....) (دفعہ ۱۲۱)

۷۔ لوکو م ن = لوکو م + لوکو ن

لوکو (م/ن) = لوکو م − لوکو ن

لوکو مⁿ = ن لوکو م (دفعہ [illegible])

$\text{لوک}_{\text{ا}}\text{م} = \text{لوک}_{\text{ب}}\text{م} \times \text{لوک}_{\text{ا}}\text{ب}$ (دفعہ ۱۵۳)

٨- $\dfrac{\text{جب ا}}{\text{اَ}} = \dfrac{\text{جب ب}}{\text{بَ}} = \dfrac{\text{جب ج}}{\text{جَ}}$ (دفعہ ۱۶۹)

$\text{جم ا} = \dfrac{\text{بَ}^2 + \text{جَ}^2 - \text{اَ}^2}{۲\,\text{بَ جَ}}$ (دفعہ ۱۷۰)

$\text{جب}\dfrac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\dfrac{(\text{ن}-\text{بَ})(\text{ن}-\text{جَ})}{\text{بَ جَ}}}$ (دفعہ ۱۷۱)

$\text{جم}\dfrac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\dfrac{\text{ن}(\text{ن}-\text{اَ})}{\text{بَ جَ}}}$ (دفعہ ۱۷۲)

$\text{مس}\dfrac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\dfrac{(\text{ن}-\text{بَ})(\text{ن}-\text{جَ})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{اَ})}}$ (دفعہ ۱۷۳)

$\text{جب ا} = \dfrac{۲}{\text{بَ جَ}}\sqrt{\text{ن}(\text{ن}-\text{اَ})(\text{ن}-\text{بَ})(\text{ن}-\text{جَ})}$ (دفعہ ۱۷۵)

$\text{اَ} = \text{بَ جم ج} + \text{جَ جم ب}$ ، ...... (دفعہ ۱۷۶)

$\text{مس}\dfrac{\text{ب}-\text{ج}}{۲} = \dfrac{\text{بَ}-\text{جَ}}{\text{بَ}+\text{جَ}}\,\text{مم}\dfrac{\text{ا}}{۲}$ (دفعہ ۱۷۷)

$\text{ف} = \sqrt{\text{ن}(\text{ن}-\text{اَ})(\text{ن}-\text{بَ})(\text{ن}-\text{جَ})} = \dfrac{۱}{۲}\,\text{بَ جَ جب ا}$

$= \dfrac{۱}{۲}\,\text{جَ اَ جب ب} = \dfrac{۱}{۲}\,\text{اَ بَ جب ج}$ (دفعہ ۲۰۴)

٩- $\text{م} = \dfrac{\text{اَ}}{۲\,\text{جب ا}} = \dfrac{\text{بَ}}{۲\,\text{جب ب}} = \dfrac{\text{جَ}}{۲\,\text{جب ج}} = \dfrac{\text{اَ بَ جَ}}{۴\,\text{ف}}$ دفعات ۲۰۶ و ۲۰۷

ر = نب / ن = (ن - اَ) مس ا/۲ .... (دفعات ۲۰۸ و ۲۰۹)

رَ = ن / ن - اَ = ن مس ا/۲ .... (دفعات ۲۱۱ و ۲۱۲)

ایک ایسی ذو اربعۃ الاضلاع کا رقبہ جو ایک دائرہ کے اندر بن سکتی ہے

= √((ن - اَ)(ن - بَ)(ن - جَ)(ن - دَ)) (دفعہ ۲۲۵)

جب ط / ط = ۱ جب زاویہ ط نہایت چھوٹا ہو (دفعہ ۲۳۶)

دائرے کا رقبہ = π رَ۲ (دفعہ ۲۳۹)

۱۰ - جب عہ + جب (عہ + بہ) + جب (عہ + ۲ بہ) + ... ن رقموں تک

= جب {عہ + (ن - ۱)/۲ بہ} جب ن بہ/۲ / جب بہ/۲ (دفعہ ۲۴۷)

جم عہ + جم (عہ + بہ) + جم (عہ + ۲ بہ) + ... ن رقموں تک

= جم {عہ + (ن - ۱)/۲ بہ} جب ن بہ/۲ / جب بہ/۲ (دفعہ ۲۴۸)

باب اوّل

زاویوں کی پیمائش ستینی اور ریڈئی پیمانوں میں

قوسی پیمانہ

۱۔ لفظ ٹرگنومٹری (علم مثلث) دو یونانی لفظوں سے مرکب ہے جن کا مطلب " مثلثوں کی پیمائش " ہے علم مثلث کا اصلی مقصد یہی تھا اور اب تک بھی اس کا بڑا استعمال یہ ہے کہ اس کے ذریعہ مثلثوں کے ضلعوں اور زاویوں کے باہمی ارتباطات اور تعلقات معلوم کئے جاتے ہیں مگر اب علم مثلث کے معنی بہت وسیع ہو گئے ہیں اور اس میں وہ جملہ فروع ریاضی شامل ہیں جن کا تعلق زاویوں سے ہے۔

علم ہندسہ میں زاویوں کی پیمائش زاویہ قائمہ یا اس کی کسروں کی رقوم میں کی جاتی ہے مگر صریحاً اپنی بڑی مقدار

کی وجہ سے یہ اکائی علم مثلث میں اتنی موزوں نہیں ہے اسلئے زاویوں کا اندازہ لگانے کے لئے کئی اور ترکیبیں اختیار کی گئی ہیں ان میں ایک پیمانۂ ستینی (سکس جیسمل) ہے جو علم مثلث میں اکثر استعمال ہوتا ہے، اس کے نام سے ظاہر ہے کہ اس میں ہرایک اکائی اپنے سے اگلی چھوٹی اکائی کی ساٹھ گنی ہوتی ہے اس پیمانہ کو انگریزی ترکیب تقسیم بھی کہتے ہیں

۲- ستینی پیمانہ یعنی انگریزی ترکیب تقسیم ایں زاویہ قائمہ کو ۹۰ برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور ہرایک حصہ کو درجہ (ڈگری) کہتے ہیں، ہرایک درجہ کو ۶۰ برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور ہرایک حصہ کو دقیقہ (منٹ) کہتے ہیں اور اسی طرح ہرایک دقیقہ یا منٹ کے ۶۰ برابر حصوں میں سے ہرایک حصہ کو ثانیہ (سکنڈ) کہتے ہیں۔

رموز 1°، $1'$، $1''$ درجہ، دقیقہ، ثانیہ کو بالترتیب تعبیر کرتی ہیں پس

۶۰ ثانیے ($60''$) برابر ہیں ایک دقیقہ ($1'$) کے

۶۰ دقیقے ($60'$) " " درجہ (1°) کے

۹۰ درجے (90°) " " زاویہ قائمہ کے

نوٹ - اگرچہ یہ سب اکائیاں زاویہ قائمہ سے حاصل ہوئی ہیں مگر قائمہ خود اکائی ستینی پیمانہ کی نہیں ہے، بڑی سے بڑی اکائی اس ترکیب تقسیم کی درجہ ہے پس ستینی پیمانہ کے موافق ۲ قائمے = 180° اور علی ہٰذالقیاس۔

علم حساب کے معمولی قاعدوں سے زاویوں کی تحویل قائموں

سے درجوں، دقیقوں، ثانیوں میں اور برعکس اس کے بآسانی ہوسکتی ہے۔

مثال ۱۔ ۲۹۶ء۵۷° کو درجوں، دقیقوں اور ثانیوں میں تعبیر کرو۔

۲۹۶ء درجوں کی تحویل دقیقوں میں ۶۰ سے ضرب دینے سے کرو اس طرح حاصل ہوگا ۷۶ء۱۷'

اور ۷۶ء دقیقوں کے ثانئے ۶۰ میں ضرب دینے سے بناؤ

پس ہمیں حاصل ہوگا ۵۷° ۱۷' ۴۵ء۶"

مثال ۲۔ ۴۶° ۶' ۹" کو زاویہ قائمہ کی رقوم میں بیان کرو

ثانیوں کو ۶۰ پر تقسیم کرو اور حاصل قسمت کے اول دقیقے لکھو پھر ۶۰ پر تقسیم کرو اور حاصل کے ماقبل درجے لکھو اور آخر میں ۹۰ پر تقسیم کرو۔

۶۰) ۹"
  ۱۵ء۰'

۶۰) ۶' ۱۵ء
  ۱۰۲۵ء۰°

۹۰) ۴۶° ۱۰۲۵ء
  ۵۱۲۲۵ء قائمے

جواب

مثال ۳۔ انگریزی ترکیب تقسیم کے موافق (۱) مخمس منتظم (۲) مسبع منتظم کے ہر ایک زاویہ کی مقدار معلوم کرو

(۱) فرض کرو کہ مخمس منتظم کا زاویہ ا سے تعبیر ہوتا ہے۔

تب بموجب اقلیدس م ۱ ش ۳۲ نتیجہ صریح

۵ ا + ۴ قائمے = جتنے اضلاع ہوں اُن سے دوگنے قائمے

∴ ۵ ا = (۱۰-۴) قائمے

اس لئے ا = ۱۰۸°

(۲) اسی طرح فرض کرو کہ ا مسبع منتظم کا ایک زاویہ ہے

تب ۷ ا + ۴ × ۹۰ = ۱۴ × ۹۰ یا ۷ ا = ۹۰۰°

اس لئے ا = ۱۲۸° ۳۴' ۱۷ ۱/۷"

علم مثلث میں ستینی پیمانہ اچھی طرح سے مروج ہو چکا ہے اور اس کی جملہ عملیات میں ہمیشہ استعمال ہوتا ہے مگر مضروب فیہ ۶۰ اور ۶۰ کی موجودگی کے باعث تحویل میں دقت ہوتی ہے۔

۳۔ اس لئے ایک اور نظام احاد جسکو میئی پیمانہ (سنٹسمل) یا فرانسیسی ترکیب تقسیم کہتے ہیں تجویز ہوا ہے اس ترکیب تقسیم میں زاویہ قائمہ کو ۱۰۰ برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور ہر ایک حصہ کو فرانسیسی درجہ (گریڈ) کہتے ہیں ہر ایک فرانسیسی درجہ کو سو برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور ہر ایک حصہ کو فرانسیسی دقیقہ (فرانسیسی منٹ) کہتے ہیں اور اسی طرح ہر ایک فرانسیسی دقیقہ کے ۱۰۰ برابر حصوں میں سے ہر ایک حصہ کو فرانسیسی ثانیہ (فرانسیسی سکنڈ) کہتے ہیں۔

رموز ۱ث، ۱ٗ، ۱ٓ بالترتیب فرانسیسی درجوں، دقیقوں، ثانیوں کو تعبیر کرتی ہیں پس

۱۰۰ فرانسیسی ثانیے (۱۰۰ٓ) برابر ہیں ایک فرانسیسی دقیقہ (۱ٗ) کے

۱۰۰ " دقیقے (۱۰۰ٗ) " " درجہ (۱ث) کے

۱۰۰ " درجے (۱۰۰ث) " " ایک زاویہ قائمہ کے

۴۔ فرانسیسی ترکیب تقسیم کا استعمال انگریزی ترکیب تقسیم کی نسبت زیادہ آسان اور سہل ہے مگر اس سے پیشتر کہ اسکو عملی طور پر اختیار کر لیا جائے جدولوں کی ایک بڑی تعداد کا نئے سرے سے حساب لگانا پڑے گا اس وجہ سے یہ ترکیب عملیات میں کبھی استعمال نہیں کی گئی اور اب تقریباً معدوم ہو چکی ہے۔

۵۔ ستینی پیمانہ کی تحویل مئی پیمانہ میں اور برعکس اس کے۔
چونکہ ایک زاویہ قائمہ ۹۰° کے برابر ہوتا ہے اور نیز $۱۰۰^{ف}$ کے

اس لئے $۹۰^\circ = ۱۰۰^{ف}$

$\therefore \quad ۱^\circ = \frac{۱۰}{۹}^{ف}$ اور $۱^{ف} = \frac{۹}{۱۰}^\circ$

پس معلوم ہوا کہ انگریزی درجوں کو فرانسیسی درجوں میں تحویل کرنے کے لئے ہمیں کل انگریزی درجوں کی تعداد کا $\frac{۱}{۹}$ واں حصہ اُن کی تعداد پر زیادہ کرنا چاہیئے اور برعکس اس کے فرانسیسی درجوں کو انگریزی درجوں میں منتقل کرنے کے لئے فرانسیسی درجوں کی تعداد کا $\frac{۱}{۱۰}$ واں حصہ اُن کی تعداد سے منفی کرنا چاہیئے

مثال۔ $۳۶^\circ = (۳۶ \times \frac{۱}{۹} + ۳۶)^{ف} = ۴۰^{ف}$

اور $۶۴^{ف} = (۶۴ - \frac{۱}{۱۰} \times ۶۴)^\circ = (۶۴ - ۶٫۴)^\circ = ۵۷٫۶^\circ$

اگر کسی زاویے میں درجوں کی صحیح تعداد شامل نہ ہو تو اس کو سب سے پہلے درجوں کی کسور میں لانا چاہیئے اور اس کے بعد فرانسیسی درجوں میں منتقل کرنا چاہیئے۔

عملی صورتوں میں زاویوں کو قائم الزاویہ یا اس کی کسور میں تعبیر کرنا زیادہ مناسب ہوتا ہے امثلہ ذیل سے اس کی توضیح

ہوگی۔

مثال ۱۔ ۶۳° ۱۴′ ۱۵″ کی تحویل مئی پیمانہ میں کرو

۱۵″ = ۱۷/۲۰ = ۰٫۸۵′

اور ۱۴′ ۱۵″ = ۱۴٫۸۵′ = ۱۴٫۸۵°/۶۰ = ۰٫۲۴۷۵°

∴ ۶۳° ۱۴′ ۱۵″ = ۶۳٫۲۴۷۵° = ۶۳٫۲۴۷۵/۹۰ قائمے

= ۰٫۷۰۲۷۵ قائمے

= ۷۰٫۲۷۵ᵍ = ۷۰ᵍ ۲۷٫۵`

= ۷۰ᵍ ۲۷` ۵۰``

مثال ۲۔ ۹۴ᵍ ۲۳` ۸۷`` کی تحویل ستینی پیمانہ میں کرو

۹۴ᵍ ۲۳` ۸۷`` = ٫۹۴۲۳۸۷ قائمے

۹۰

۸۴٫۸۱۴۸۳ انگریزی درجے

۶۰

۴۸٫۸۸۹۸ " دقیقے

۶۰

۵۳٫۳۸۸۰ " ثانیے

اس لئے ۹۴ᵍ ۲۳` ۸۷`` = ۸۴° ۴۸′ ۵۳٫۳۸۸″

۴۔ زاویہ کش یا چاندہ زاویوں کی پیمائش کا ایک آلہ ہے ۔ یہ دہات کی پتری ہوتی ہے جسکی شکل نصف دائرہ کی ہوتی ہے اور اسکے پر صفر سے ۱۸۰° تک نشان لگے ہوئے ہوتے ہیں۔

اگر کسی زاویہ کی پیمائش منظور ہو تو زاویہ کے راس مرکز و پر اور زاویہ کی ایک ساق کو قطر و ا پر ٹھیک ٹھیک منطبق کرتے ہیں اگر زاویہ کی دوسری ساق و ع ہو تو

کے مقابل محیط پر جو عدد ہوگا وہ زاویہ ع و ا کی مقدار کو درجوں میں تعبیر کرے گا۔

چونکہ کسی دائرہ میں مساوی قوسوں کے محاذی مرکزی زاویئے مساوی ہوتے ہیں اس لئے معلوم ہوا کہ نصف دائرہ پر درجوں کے نشانات متساوی الفصل ہیں اس سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ جس قوس کے محاذی زاویہ ۱۰° ہو وہ اُس قوس کا دس گنا ہوگا جس کے سامنے کا زاویہ صرف ۱° ہو پس معلوم ہوا کہ کسی دائرہ کے مرکزی زاویئے اُن قوسوں کے متناسب ہوتے ہیں جن کے وہ محاذی ہوں۔

یہ نتیجہ اعظم اقلیدس م۶ ش۳۳ میں زیادہ وضاحت سے ثابت کیا گیا ہے۔

زاویوں کی مثلثی تعبیر

اقلیدس کی تعریف زاویہ "یعنی دو ایسے خطوط کا میلان جو ایک ... ٹھیک طور پر صادق نہیں آتی جب تک کہ زاویئے دو ... سے کم نہوں۔

علم مثلث میں زاویہ کی تعریف اس طرح کرتے ہیں کہ اگر کوئی خط مستقیم اپنے ایک سرے کے گرد ایک ہی سطح میں ایک مقام سے کسی دوسرے مقام تک چکر لگائے تو اس کی حرکت سے جو میلان ان دو مقامات کے درمیان پیدا ہو اُس کو زاویہ کہتے ہیں۔ فرض کرو کہ شکل منسلکہ میں چکر لگانے والا خط مقام و لا سے مقام و ع تک حرکت کرتا ہے، مثلثی اصطلاح میں اس کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اس نے "ایک زاویہ لا و ع مرتسم کیا ہے" چکر لگانے والے خط کو نصف قطر دائر یا خط دائر کہتے ہیں۔

گھڑی کی سوئیاں یا پہئے کے آرے اس طرح سے زاویہ مرتسم کرنے کی عمدہ مثالیں ہیں، گھڑی میں منٹوں کی سوئی ایک قائمہ یعنی ۹۰ درجے $\frac{1}{4}$ گھنٹے میں اور ۱۸۰ درجے $\frac{1}{2}$ گھنٹے میں اور ۳۶۰ درجے ایک گھنٹے میں مرتسم کرتی ہے اور گھنٹوں کی سوئی اپنی گردش سے ۳۶۰ درجے ۱۲ گھنٹے میں، ۷۲۰ درجے ایک دن میں مرتسم کرتی ہے پس معلوم ہوا کہ علم مثلث میں زاویہ کی مقدار پر کوئی قید نہیں ہے۔

۸۔ کسی مقدار کے زاویے

فرض کرو کہ دو ثابت خط لا و لاَ اور ب و بَ نقطہ و پر متقاطع علی القوائم ہیں اور فرض کرو کہ ایک چکر لگانے والا خط و ع

(ہوتا ہے نقطہ و کے گرد ایک ہی سطح
میں گردش کرتا ہے) مقام
وا سے شروع ہو کر گھڑی کی سوئیوں
کی مقابل سمت میں حرکت کرتا ہے
جب خط دائر وا اور وب کے
درمیان کسی مقام وع۱ پر منطبق ہوتا
ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ اوع۱ ہوتا ہے جو زاویہ قائمہ سے کم ہے
جب خط دائر وب اور وا کے درمیان کسی مقام وع۲ پر ہوتا
ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ ایک قائمے سے بڑا ہوتا ہے۔
وا اور وب کے درمیان کسی مقام وع۳ پر زاویہ مرتسمہ اوع۳
یعنی اوب + ب وا + ا وع۳ یعنی دو قائمے + ا وع۳ ہوتا
ہے یعنی زاویہ مرتسمہ دو قائموں سے بڑا ہوتا ہے۔
اسی طرح سے وب اور وا کے درمیان کسی مقام وع۴
پر زاویہ مرتسمہ تین قائموں سے بڑا ہوتا ہے
جب خط دائر ایک پورا چکر لگا چکتا ہے اور دوسری مرتبہ ابتدائی
مقام وا پر منطبق ہوتا ہے تو اس کی گردش سے جو زاویہ پیدا
ہوتا ہے وہ چار قائموں کے برابر ہوتا ہے۔
اگر اس کے بعد خط دائر اپنی گردش کو جاری رکھے تو دوسری
مرتبہ جب وہ مقام وع۱ پر پہنچتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ صرف
اوع۱ نہیں ہوتا بلکہ ۴ قائمے + زاویہ اوع۱ ہوتا ہے
اسی طرح سے جب خط دائر دو پورے چکر لگا چکنے کے بعد

مقام وع، پر منطبق ہوتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ = ۸ قائمے + زاویہ او ع،

۹- خطوط مستقیم او اَ اور ب و بَ متقاطع ہوکر چار قائمے پیدا کرتے ہیں اور سطح مستوی کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں، حصہ او ب کو ربع اول، ب و اَ کو ربع دوم، اَ و بَ کو ربع سوم اور بَ و ا کو ربع چہارم کہتے ہیں۔ اب خط ثابت و ا اور خط دائر و ع کے درمیان کوئی زاویہ فرض کرو، اگر و ع ربع اول میں مقام و ع، پر واقع ہو تو اس کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ زاویہ او ع، ربع اول میں ہے اگر و ع دوسرے ربع میں مقام و ع، پر واقع ہو تو زاویہ او ع، کو ربع دوم میں کہتے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس۔

۱۰- مفصلہ ذیل زاویئے مرتسم کرنے کے بعد خط دائر کے مختلف مقامات دریافت کرو۔

(۱) ۲۲۵° ، (۲) ۴۸۰° اور (۳) ۱۰۵۰°

(۱) چونکہ ۲۲۵° = ۱۸۰° + ۴۵° اس لئے معلوم ہوا کہ اس صورت میں خط دائر دو قائمے مرتسم کرنے کے بعد زاویہ ۴۵° میں گھوم چکا ہے۔ اس لئے اس وقت وہ ربع سوم میں ہے اور زاویہ اَ و بَ کی تنصیف کرتا ہے۔

(۲) چونکہ ۴۸۰° = ۳۶۰° + ۱۲۰° اس لئے ایک پورا چکر لگانے کے بعد خط دائر نے زاویہ ۱۲۰° مرتسم کیا ہے، اسلئے وہ ربع دوم میں و ب اور و اَ کے درمیان ہے اور و ب کے ساتھ ۳۰° کا زاویہ بناتا ہے۔

(۳) چونکہ ۱۰۵۰° = ۱۱ × ۹۰° + ۶۰° اس لئے معلوم ہوا کہ خط دائر ۱۱ پورے

چکر لگانے کے بعد زاویہ ۶۰° مرتسم کر چکا ہے اور ربع چہارم میں و ب اور و ا کے درمیان ہے اور و ب کے ساتھ زاویہ ۶۰° بناتا ہے

امثلہ نمبری ۱

ذیل کے زاویوں کو زاویہ قائمہ کی رقوم میں بیان کرو -

۱- ۶۰°   ۲- ۷۵° ۱۵'

۳- ۶۳° ۱۷' ۲۵"   ۴- ۱۳۰° ۳۰'

۵- ۲۱۰° ۴۰' ۳۰"   ۶- ۳۷۰° ۲۰' ۴۸"

ذیل کے زاویوں کو فرانسیسی درجوں، دقیقوں اور ثانیوں میں بیان کرو

۷- ۳۰°   ۸- ۸۱°

۹- ۱۳۸° ۳۰'   ۱۰- ۴۵° ۴۷' ۱۵"

۱۱- ۲۳۵° ۱۲' ۳۶"   ۱۲- ۷۷۵° ۱۳' ۴۸"

ذیل کے زاویوں کو قائموں اور نیز انگریزی درجوں، دقیقوں اور ثانیوں کی رقوم میں بیان کرو

۱۳- ۱۲۰ᵍ   ۱۴- ۴۵ᵍ ۳۵ᶜ ۲۴ᶜᶜ

۱۵- ۳۹ᵍ ۴۵ᶜ ۳۶ᶜᶜ   ۱۶- ۲۵۵ᵍ ۸ᶜ ۹ᶜᶜ

۱۷- ۵۹ᵍ ۱ᶜ ۵ᶜᶜ

جب خط دائر مفصلہ ذیل زاویئے مرتسم کر چکا ہو تو ہر ایک صورت میں اسکے مقام کا نشان شکل میں دو -

۱۸- $\frac{4}{3}$ زاویہ قائمہ   ۱۹- $3\frac{1}{2}$ زاویئے قائمے

۲۰- $13\frac{1}{4}$ زاویئے قائمے   ۲۱- ۱۲۰°

۲۲- ۳۱۵° ۲۳- ۴۵°

۲۴- ۱۱۸۵° ۲۵- ۱۵۰ ف

۲۶- ۴۲۰ ف ۲۷- ۸۷۵ ف

۲۸- معلوم کرو کہ گھڑی کی گھنٹہ اور منٹ کی سوئیاں ۱۱ ½ منٹ میں بالترتیب کتنے انگریزی درجے، دقیقے اور ثانئے مرتسم کرتی ہیں۔

۲۹- کسی مثلث قائم الزاویہ کے ایک زاویہ حادہ میں انگریزی درجوں کی تعداد دوسرے زاویہ کی فرانسیسی درجوں کی تعداد کے برابر ہے۔ دونوں زاویوں کو انگریزی درجوں میں بیان کرو۔

۳۰- ثابت کرو کہ کسی زاویہ میں ستینی دقیقوں کی تعداد کو اُسی زاویہ میں مئی دقیقوں کی تعداد سے نسبت ۲۷ : ۵۰ ہے

۳۱- زاویہ ۴۴° ۸' کو ایسے دو حصوں میں تقسیم کرو کہ ایک حصہ کی ستینی ثانیوں کی تعداد دوسرے حصہ کی مئی ثانیوں کی تعداد کے برابر ہو

قوسی پیمانہ

۱۱- زاویوں کی ایک تیسری ترکیب تقسیم ایجاد ہوئی ہے اور علم ریاضی کی اعلیٰ فروع میں یہی استعمال کی جاتی ہے

اس ترکیب تقسیم کی اکائی اس طرح حاصل ہوتی ہے۔

کوئی دائرہ اع ب بَ لو جسکا مرکز و ہو اور کسی نقطہ ا سے قوس اع برابر نصف قطر دائرہ کے

۱۳ پس وا اور وج کو ملاؤ زاویہ اوج کو قوسی پیمائش کی اکائی قرار دیتے ہیں یعنی اس زاویہ کی رقوم میں اور زاویوں کا اندازہ لگاتے ہیں۔
اس زاویہ کو انگریزی میں ریڈین کہتے ہیں ہم اسکو زاویہ نیمقطری یا اختصاراً نیم قطری کہیں گے اور اس کو آئندہ نشان (ا نقم) سے تعبیر کرینگے۔

۱۲۔ اب کسی پیمانہ واحد یا اکائی کے مناسب انتخاب کے لئے ضروری ہے کہ وہ مقدار مستقل ہو اسلئے ہمکو ثابت کرنا چاہیئے کہ نیمقطری ایک مستقل زاویہ ہے، دفعات ذیل میں ہم اس بات کو ثابت کریں گے۔

۱۴۔ مسئلہ کسی دائرہ کے محیط اور قطر کی باہمی نسبت مستقل ہوتی ہے
دو دائرے لو جن کا مرکز مشترک و ہو، بڑے دائرے کے اندر ایک ایسی منتظم کثیر الاضلاع بناؤ جس کے ن اضلاع ہوں۔
فرض کرو کہ وا، وب، وج..... چھوٹے دائرہ کو نقاط عہ، بہ، جہ..... پر ملتے ہیں عہ بہ، بہ جہ، جہ لہ..... کو ملاؤ
تب بموجب اقلیدس م ۶ ش ۲ عہ، بہ، جہ، لہ..... چھوٹے دائرہ کے اندر ن اضلاع کی ایک منتظم کثیر الاضلاع ہے۔
چونکہ وعہ = وبہ اور وا = وب
اس لئے ضرور ہے کہ خطوط عہ بہ اور اب متوازی ہوں
اسلئے $\frac{\text{اب}}{\text{عہ بہ}} = \frac{\text{وا}}{\text{وعہ}}$ (اقلیدس م ۶ ش ۴)

نیز کثیر الاضلاع ا ب ج د ..... منتظم ہے اس کا گھیرا یعنی مجموعہ اضلاع ن × ا ب ہے اور اسی طرح سے اندرونی کثیر الاضلاع کا مجموعہ اضلاع ن × عد بد ہے پس

$$\frac{\text{بیرونی کثیر الاضلاع کا مجموعہ اضلاع}}{\text{اندرونی کثیر الاضلاع کا مجموعہ اضلاع}} = \frac{\text{ن × ا ب}}{\text{ن × عد بد}}$$

$$= \frac{\text{ا ب}}{\text{عد بد}} = \frac{\text{و ا}}{\text{و عد}} \quad \ldots\ldots (1)$$

اور یہ تعلق صحیح ہے خواہ اوپر کی اشکال کثیر الاضلاع کی تعداد اضلاع کچھ ہی ہو۔

اب فرض کرو کہ تعداد اضلاع لا انتہا بڑھتی ہے (یعنی ن لا انتہا بڑھتا ہے) یہاں تک کہ آخر الامر بیرونی کثیر الاضلاع کا مجموعہ اضلاع بیرونی دائرہ کے محیط کے قریب قریب برابر ہو جاتا ہے۔ اور اندرونی کثیر الاضلاع کا مجموعہ اضلاع اندرونی دائرہ کے محیط کے قریب قریب برابر ہو جاتا ہے۔

اُس وقت ربط (۱) کی صورت یہ ہو جائیگی۔

$$\frac{\text{بیرونی دائرہ کا محیط}}{\text{اندرونی دائرہ کا محیط}} = \frac{\text{و ا}}{\text{و عد}}$$

$$= \frac{\text{بیرونی دائرہ کا نصف قطر}}{\text{اندرونی دائرہ کا نصف قطر}}$$

اس لئے $\frac{\text{بیرونی دائرہ کا محیط}}{\text{بیرونی دائرہ کا نصف قطر}} = \frac{\text{اندرونی دائرہ کا محیط}}{\text{اندرونی دائرہ کا نصف قطر}}$

اب چونکہ ابتدا میں دونوں دائروں کی مقدار پر کوئی قید نہیں رکھی گئی اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مقدار

$$\frac{\text{محیط دائرہ}}{\text{نصف قطر دائرہ}}$$

تمام دائروں کے لئے وہی ہوتی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ دائرہ کے محیط کی نسبت اپنے نصف قطر سے اور نیز اس لئے اپنے قطر سے ایک مقدار معین اور مستقل ہے۔

۱۴۔ دفعہ گزشتہ میں ہم نے ثابت کیا ہے کہ نسبت $\frac{\text{محیط}}{\text{قطر}}$ تمام دائروں کے لئے یکساں ہوتی ہے۔ اس مستقل نسبت کی قیمت کو ہم ہمیشہ عبرانی حرف π (حیت) سے تعبیر کریں گے۔ اس سے ظاہر ہے کہ π ایک عدد ہے

پس $\frac{\text{محیط}}{\text{قطر}}$ = عدد مستقل π

یعنی مسئلہ ذیل قائم ہوا کہ کسی دائرہ کا محیط ہمیشہ اُس کے قطر کا π گنا یا اس کے نصف قطر کا 2π گنا ہوتا ہے۔

۱۵۔ اب مشکل یہ ہے کہ π کی قیمت نہ توصیح عدد ہے اور نہ یہ کسر عام کی شکل میں بیان ہو سکتی ہے، اس لئے ہم اُس کو کسر اعشاریہ متوالی یا غیر متوالی کی رقوم میں بھی تعبیر نہیں کر سکتے عدد π مقدار متبائن ہے یعنی یہ ایک ایسی مقدار ہے جس کی قیمت دو صحیح عددوں کی نسبت سے تعبیر نہیں ہو سکتی۔

آٹھ مرتبہ کے اعشاریہ تک اس کی صحیح قیمت ... ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ ہے

کسر $\frac{22}{7}$ سے π کی قیمت پہلے دو مرتبہ کے اعشاریہ تک صحیح حاصل ہوتی ہے، کیونکہ

$\frac{22}{7} = ۳٫۱۴۲۸۵ .....$

کسر $\frac{355}{113}$ سے π کی زیادہ صحیح قیمت حاصل ہوتی کیونکہ وہ ۶ مرتبہ کے اعشاریہ تک درست ہے کیونکہ

$\frac{355}{113} = ۳٫۱۴۱۵۹۲۰۳.........$

نوٹ۔ کسر $\frac{355}{113}$ اس طرح یاد رہ سکتی ہے۔ پہلے تین طاق اعداد کو اس ترتیب سے لکھو کہ اس میں ہر ایک عدد دو دفعہ مکرر آئے جیسے ۱۱۳۳۵۵ پھر اس عدد کو دو حصوں میں تقسیم کرو اور پہلے حصہ کو دوسرے پر تقسیم کرو۔ جیسے ۱۱۳)۳۵۵(حاصل قسمت π کی قیمت ۶ مرتبہ کے اعشاریہ تک صحیح حاصل ہوگی۔

خلاصہ یہ ہے کہ π کی تقریبی قیمت جو دو مرتبہ کے اعشاریہ تک درست ہو کسر $\frac{22}{7}$ ہے۔ مگر اس سے اچھا تقرب ۳٫۱۴۱۵۹ ..... ہے۔ عمل تقسیم سے ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ

$\frac{1}{\pi} = ۰٫۳۱۸۳۰۹۸۸۶۲.........$

۱۶۔ مثال ا۔ ایک ٹرائیسکل کے پہیئے کا قطر ۲۸ انچ ہے۔ اگر پہیئے کے محیط کا کوئی ایک نقطہ ایک پورا چکر لگائے تو دریافت کرو کہ پہیئے کا مرکز اس اثنا میں کتنا فاصلہ طے کرے گا۔

اس جگہ نصف قطر = ۱۴ انچ

اس لئے محیط = $2 \times \pi \times 14 = 28\pi$ انچ

اگر $\pi = \frac{22}{7}$ تو محیط $= \frac{22}{7} \times 28$ انچ

= ۷ فٹ ۴ انچ (تقریباً)

اگر π کو زیادہ صحیح قیمت .... ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ دی جائے

تو محیط = ۲۸ × ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ ...... انچ

= ۷ فٹ ..... ۳٫۹۶۴۵۹ انچ

مثال ۲۔ ایک دوڑنے والے گول چکر کے گرد ۵ مرتبہ دوڑنے سے ایک مشّاق ایک میل فاصلہ طے کرتا ہے۔ چکر کا نصف قطر دریافت کرو۔

چکر کا محیط = ۱/۵ × ۱۷۶۰ = ۳۵۲ گز

پس اگر چکر کا نصف قطر گزوں میں ر سے تعبیر کریں

تو ۲π ر = ۳۵۲

ر = ۱۷۶/π گز

فرض کرو کہ π = ۲۲/۷ تو ر = (۷×۱۷۶)/۲۲ = ۵۶ گز (تقریباً)

اگر π کی زیادہ صحیح قیمت لیجائے تو ۱/π = ۰٫۳۱۸۳۱ اور ہمیں حاصل ہوگا۔

ر = ۱۷۶ × ۰٫۳۱۸۳۱ = ۵۶٫۰۲۲۵۶ گز

امثلہ نمبری ۲

۱۔ اگر زمین کا نصف قطر ۴۰۰۰ میل ہو تو اس کے محیط کا طول دریافت کرو۔

۲۔ ایک ریل گاڑی کے پہیۓ کا قطر ۳ فٹ ہے اور وہ ایک سکنڈ میں ۳ چکر لگاتا ہے۔ گاڑی کی رفتار معلوم کرو۔

۳۔ ایک پون چکی کا بادبان ۱۸ فٹ ہے اور وہ ایک منٹ میں ۱۰ چکر لگاتا ہے، معلوم کرو کہ اس کا سرا ایک گھنٹہ میں کتنا فاصلہ طے کرتا ہے۔

۴۔ ایک پیسے کا قطر ایک انچ ہے، ایسی رسی کا طول دریافت کرو جو

اس کے گول کنارے کے گرد ٹھیک ایک دفعہ آسکے

۵ - اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ زمین اپنی حرکت سے ایک سال میں ایک ایسا دائرہ بناتی ہے جس کا نصف قطر ۹۲۵۰۰۰۰۰ میل ہے اور جس کا مرکز سورج ہے تو دریافت کرو کہ زمین ایک سال میں کتنا فاصلہ طے کرتی ہے -

۶ - ایک گاڑی کے پہیئے کا نصف قطر اف ۹ انچ ہے اور وہ ۱/۴ سکنڈ میں اپنے مرکز کے گرد گھومنے سے °۸۰ کا زاویہ پیدا کرتا ہے، معلوم کرو کہ اس کے کنارے پر کا ایک نقطہ ایک گھنٹہ میں کتنا فاصلہ طے کرتا ہے

۷ ا - مسئلہ زاویہ نیمقطری ایک مستقل زاویہ ہے -

فرض کرو کہ زاویہ او ج زاویہ نیمقطری ہے (دفعہ ۱۱)

اور قوس اب ربع دائرہ ہے یعنی اس کا طول ایک چوتھائی محیط کے برابر ہے۔ بموجب دفعہ ۱۴

طول اب = $\frac{۲۲ ر}{۲}$ جہاں ر

سے دائرہ کا نصف قطر تعبیر ہوتا ہے -

بلحاظ تعریف ... بلومعلوم ہے کہ کسی دائرہ کے ... آپس میں وہی نسبت ہوتی ہے جو ان ... کے ... قائم ہوں ...

ی زاویہ اوع = $\frac{۲}{\pi}$ × زاویہ او ب

یکن ہم نے اوپر فرض کیا ہے کہ زاویہ اوع نیمقطری ہے

سلئے زاویہ نیمقطری = $\frac{۲}{\pi}$ × زاویہ او ب

= $\frac{۲}{\pi}$ زاویہ قائمہ کا

ہ چونکہ قائمہ ایک مستقل زاویہ ہے اور ہم ثابت کر چکے ہیں
فعہ ۱۴) کہ π ایک مستقل مقدار ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ نیمقطری
ک مستقل زاویہ ہے۔ اور اس کی مقدار میں فرق نہیں آتا خواہ
م کسی دائرہ سے اس کی قیمت نکالیں۔

۱۔ زاویہ نیمقطری کی مقدار

جب دفعہ گزشتہ زاویہ نیمقطری

= $\frac{۲}{\pi}$ × ایک زاویہ قائمہ = $\frac{۱۸۰°}{\pi}$

= ۱۸۰° × ....۳۱۸۳۰۹۸۸۶۲ء = ۵۷ء۲۹۵۷۷۹۵°

= ۵۷° ۱۷′ ۴۴ء۸″ تقریباً

۱۔ چونکہ زاویہ نیمقطری = $\frac{۲}{\pi}$ × ایک زاویہ قائمہ

اس لئے ایک زاویہ قائمہ = $\frac{\pi}{۲}$ × نیمقطری زاوئے

اس لئے ۱۸۰° = ۲ قائمے = π نیمقطری

اور ۳۶۰° = ۴ ″ = ۲π نیمقطری

لئے معلوم ہوا کہ جب خط دائر (دفعہ ۸) ایک پورا چکر لگا چکتا ہے

تو اس کی حرکت سے ۴π نیمقطری زاوئے پیدا ہوتے ہیں اور جب وہ تین چکر لگاتا ہے تو ۶π نیمقطری زاوئے پیدا ہوتے ہیں اور بالعموم جب وہ ن چکر ختم کرتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ ۲ن π نیمقطری زاویوں کے برابر ہوتا ہے۔

۲۰۔ عملیات میں اکثر نشان "نق" کو حذف کرتے ہیں اور "زاویہ $\pi^{\text{نق}}$" کی بجائے "زاویہ π" لکھتے ہیں۔

طالب علم کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ جب اُس اکائی کا جس کی رقوم میں ایک زاویہ ناپا گیا ہو کوئی ذکر نہ ہو تو الفاظ "نیمقطری زاوئے" وہاں محذوف ہوتے ہیں، ورنہ یہ فرض کرنے میں وہ غلطی کریگا کہ π قائم مقام ۱۸۰° کا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ π نیمقطری زاوئے ($\pi^{\text{نق}}$) اور ۱۸۰° ایک ہی زاوئے کو تعبیر کرتے ہیں۔ مگر یاد رہے کہ π بنفسہ ایک عدد اور صرف ایک عدد ہے۔

۲۱۔ قوسی پیمانہ کی تحویل ستینی اور مئی پیمانوں میں اور برعکس اسکے طالب علم کو یہ ارتباطات یاد رکھنے چاہئیں۔

دو قائمے = ۱۸۰° = $۲۰۰^{\text{ث}}$ = π نیمقطری

باقی عمل معمولی قواعد علم حساب کے متعلق ہے

مثال

$$(۱)\quad ۰٫۴۵\pi^{\text{نق}} = ۰٫۴۵ \times ۱۸۰^\circ = ۸۱^\circ = ۹۰^{\text{ث}}$$

$$(۲)\quad ۳^{\text{نق}} = \frac{۳}{\pi} \times \pi^{\text{نق}} = \frac{۳}{\pi} \times ۱۸۰^\circ$$

$$= \frac{۳}{\pi} \times ۲۰۰^{\text{ث}}$$

$$(۳)\quad ۴۰^\circ\ ۱۵'\ ۳۶'' = ۴۰^\circ\ ۱۵\tfrac{۳}{۵}'$$

$$= ۴۰٫۲۶^\circ = ۴۰٫۲۶ \times \frac{\pi^{\text{نق}}}{۱۸۰}$$

$= .223\dot{6} \times \pi$ نیمقطری

(۴) $40^g\ 15'\ 36'' = 40.1536^g$

$= 40.1536 \times \frac{\pi}{200}$ نیمقطری

$= .200768 \times \pi$ نیمقطری

۲۲- مثال ۱- ایک مثلث کے زاویے سلسلہ حسابیہ میں ہیں اور سب سے چھوٹے زاویہ میں فرانسیسی درجوں کی تعداد کو سب سے بڑے زاویہ کی نیمقطری زاویوں کی تعداد سے نسبت ۴۰ : π ہے۔ زاویوں کو انگریزی درجوں میں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ زاویے $(\text{لا} - \text{ما})^\circ$، لا° اور $(\text{لا} + \text{ما})^\circ$ ہیں

چونکہ مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ ۱۸۰° ہے

اس لئے $180^\circ = \text{لا} - \text{ما} + \text{لا} + \text{لا} + \text{ما} = 3\,\text{لا}$

$\therefore \quad \text{لا} = 60$

پس مطلوبہ زاویے ہوئے

$(60 - \text{ما})^\circ,\ 60^\circ,\ (60 + \text{ما})^\circ$

اب $(60 - \text{ما})^\circ = \frac{10}{9} \times (60 - \text{ما})^g$

اور $(60 + \text{ما})^\circ = \frac{\pi}{180} \times (60 + \text{ما})$ نیمقطری

اسلئے $\frac{10}{9}(60 - \text{ما}) : \frac{\pi}{180}(60 + \text{ما}) = 40 : \pi$

اس لئے $\frac{\pi}{200} \times \frac{60 - \text{ما}}{60 + \text{ما}} = \frac{40}{\pi}$

یعنی $5(60 - \text{ما}) = 60 + \text{ما}$

یعنی $\text{ما} = 40$

اس لئے مطلوبہ زاویئے ہیں ۲۰°۲، ۹۰° ، ۱۰۰°

مثال ۲۔ زاویوں کی پیمائش کی تینوں ترکیبوں ستینی، ہبی اور قوسی میں سے ہر ایک کے موافق کسی معشر منتظم کے ایک زاویہ کی مقدار دریافت کرو
بموجب اقلیدس م ا ش ۳۲ نتیجہ صریح، اگر کسی مستقیم الاضلاع کے اندرونی زاویوں کے مجموعہ پر ۴ قائمے زیادہ کردئے جائیں تو اس حاصل جمع میں شکل مذکورہ کی تعداد اضلاع سے دو گنے قائمے ہونگے۔

فرض کرو کہ معشر منتظم کے ایک زاویہ میں لا قائمے ہیں۔ اس لئے تمام زاوئے ۱۰ لا قائموں کے برابر ہوئے۔

بموجب نتیجہ صریح مذکورہ بالا۔

۱۰ لا + ۴ = ۲۰

اس لئے لا = $\frac{۸}{۵}$ قائمے

لیکن ایک زاویہ قائمہ = ۹۰° = ۱۰۰ث = $\frac{π}{۲}$ نیمقطری زاوئیے

اس لئے زاویہ مطلوبہ = ۱۴۴° = ۱۶۰ث

= $\frac{۴π}{۵}$ نیمقطری زاوئے

امثلہ نمبری ۳

ذیل کے زاویوں کو انگریزی درجوں، دقیقوں اور ثانیوں میں تعبیر کرو۔

۱- $\frac{π}{۳}$ نق   ۲- $\frac{۳π}{۴}$ نق   ۳- ۱۰π نق

۴- ۱ نق   ۵- ۸ نق

ذیل کے زاویوں کو فرانسیسی درجوں، دقیقوں اور ثانیوں میں تعبیر کرو۔

۶۔ $\frac{۲۲۴}{۵}$ نق　　۷۔ $\frac{۲۲۷}{۹}$ نق　　۸۔ ۲۱۰ نق

ذیل کے زاویوں کو نیمقطری زاویوں میں بیان کرو

۹۔ °۹۰　　۱۰۔ °۱۱۰ ′۳۰

۱۱۔ °۱۷۵ ′۴۵　　۱۲۔ °۴۷ ′۲۵ ″۳۶

۱۳۔ °۳۹۵　　۱۴۔ ف۶۰

۱۵۔ ف۱۱۰ `۳۰　　۱۶۔ ف۳۴۵ `۲۵ ``۳۶

۱۷۔ ایک مثلث قائمۃ الزاویہ کے دو حادے زاویوں کا فرق $\frac{۲۲۲}{۵}$ نیمقطری زاویوں کے برابر ہے۔ اُن کو انگریزی درجوں میں بیان کرو

۱۸۔ ایک مثلث کا ایک زاویہ ($\frac{۳}{۴}$ نا)ف ہے، اور دوسرا ($\frac{۳}{۴}$ نا)° اور تیسرا ($\frac{۲۲}{۷۵}$ نا)نق ان سب کو انگریزی درجوں میں بیان کرو۔

۱۹۔ کسی مثلث کے زاویوں کا قوسی ناپ بالترتیب $\frac{۱}{۲}$ اور $\frac{۱}{۳}$ ہے تیسرے زاویہ میں انگریزی درجوں کی تعداد دریافت کرو۔

۲۰۔ ایک مثلث کے زاویے سلسلہ حسابیہ میں ہیں سب سے چھوٹے زاویہ میں انگریزی درجوں کی تعداد کو سب سے بڑے زاویے کی نیمقطری زاویوں کی تعداد سے نسبت ۶۰ : ۲۲ ہے، ان زاویوں کو انگریزی درجوں میں دریافت کرو۔

۲۱۔ ایک مثلث کے زاویے سلسلہ حسابیہ میں ہیں سب سے چھوٹے زاویے میں جو نیمقطری زاویوں کی تعداد ہے اس کو درمیانی زاویئے کی انگریزی درجوں کی تعداد کے ساتھ نسبت ۱ : ۱۲۰ ہے، زاویوں کے قوسی ناپ دریافت کرو۔

۲۲۔ اشکال ذیل کے اندرونی زاویوں کو نیمقطری زاویوں اور انگریزی درجوں میں بیان کرو۔ (۱) مخمس منتظم (۲) مسبع منتظم (۳) مثمن منتظم (۴) بارہ

اضلاع کی منتظم کثیرالاضلاع (۵) ۱۷ اضلاع کی منتظم کثیرالاضلاع۔
۲۳۔ دو اشکال کثیرالاضلاع منتظم ہیں ایک کے زاویہ کو دوسرے کے زاویہ سے نسبت ۳ : ۲ ہے، نیز پہلی کثیرالاضلاع کی تعداد اضلاع دوسری کی تعداد اضلاع کی دوچند ہے، ہر ایک کثیرالاضلاع کی تعداد اضلاع دریافت کرو۔
۲۴۔ دو اشکال کثیرالاضلاع کی تعداد اضلاع میں نسبت ۵ : ۴ ہے۔ ان کے زاویوں کا فرق ۹° ہے ہر ایک کی تعداد اضلاع دریافت کرو
۲۵۔ دو ایسی اشکال کثیرالاضلاع معلوم کرو جو منتظم ہوں اور جن کی تعداد اضلاع میں نسبت ۳ اور ۴ کی ہو نیز پہلی کثیرالاضلاع کے ایک زاویئے میں جو انگریزی درجوں کی تعداد ہو اُس کو دوسری کثیرالاضلاع کے کسی زاویئے کی فرانسیسی درجوں کی تعداد کے ساتھ نسبت ۴ : ۵ ہو۔
۲۶۔ ایک ذوار بعۃ الاضلاع کے زاویئے سلسلہ حسابیہ میں ہیں سب سے بڑا زاویہ سب چھوٹے زاویہ کا دوچند ہے، سب سے چھوٹے زاویئے کو نیمقطری زاویوں میں تعبیر کرو۔
۲۷۔ اوقات مندرجہ ذیل پر گھنٹہ اور منٹ کی سوئیوں کے درمیان جو زاویئے بنیں ان کو نیمقطری زاویوں، انگریزی اور فرانسیسی درجوں میں بیان کرو۔
(۱) ساڑھے تین بجے (۲) چھ بجنے میں ۲۰ منٹ (۳) سوا گیارہ بجے
۲۸۔ وقت معلوم کرو (۱) چار اور پانچ بجے کے درمیان جب گھنٹہ اور منٹ کی سوئیوں کے درمیان زاویہ ۷۸° ہو (۲) سات اور آٹھ بجے کے درمیان جب یہ زاویہ ۵۴° ہو۔

۱۳۔ مسئلہ کسی زاویہ میں نیمقطری زاویوں کی تعداد اُس کسر کے برابر ہوتی ہے جس کا شمار کنندہ وہ قوس ہو جس کے محاذی کسی

دائرہ کے مرکز پر زاویہ مجوزہ بنے
اور جس (کسر) کا قسب نما دائرہ کا
نصف قطر ہو۔

فرض کرو کہ خط دائر وا سے شروع
ہوکر مقام وع تک حرکت کرنے سے
زاویہ اوع مرتسم کرتا ہے۔

و کو مرکز مان کر کسی نصف قطر پر ایک دائرہ کھینچو جو خطوط وا اور
وع کو نقاط ا اور ع پر قطع کرے۔

فرض کرو کہ $\angle$ اوب زاویہ نیمقطری ہے یعنی قوس اب
نصف قطر دائرہ کے برابر ہے۔

بحکم اقلیدس م ۶ ش ۳۳

$$\frac{\angle \text{اوع}}{\text{زاویہ نیمقطری}} = \frac{\angle \text{اوع}}{\angle \text{اوب}} = \frac{\text{قوس اع}}{\text{قوس اب}} = \frac{\text{قوس اع}}{\text{نصف قطر}}$$

$$\text{یعنی } \angle \text{اوع} = \frac{\text{قوس اع}}{\text{نصف قطر}} \times \text{زاویہ نیمقطری}$$

جس سے مسئلہ ثابت ہوتا ہے۔

۴۲۔ مثال ۱۔ ایک دائرہ کا نصف قطر ۳ فٹ ہے اس کی ۱ فٹ قوس کے محاذی دائرہ کے مرکز پر زاویہ دریافت کرو۔

$$\text{زاویہ میں نیمقطری زاویوں کی تعداد} = \frac{\text{قوس}}{\text{نصف قطر}} = \frac{1}{3}$$

$$\text{اس لئے زاویہ مجوزہ} = \frac{1}{3} \text{ نیمقطری}$$

$= \frac{1}{\pi} \times \frac{2}{\pi}$ زاویہ قائمہ

$= \frac{2}{\pi^2} \times 90^\circ = \frac{560^\circ}{\pi} = 19\frac{1}{11}^\circ$ اگر π کو $\frac{22}{7}$ کے برابر فرض کیا جائے

مثال ۲۔ ایک دائرہ کا نصف قطر ۵ فٹ ہے اگر اس کی ایک قوس کے مقابل مرکزی زاویہ $33^\circ\ 15'$ ہو تو قوس کا طول دریافت کرو۔

فرض کرو کہ طول مطلوب لا فٹ ہے۔

اس لئے $\frac{لا}{5}$ = زاویہ $33^\circ\ 15'$ میں نیمقطری زاویوں کی تعداد

$= \frac{33\frac{1}{4}}{180}\pi$ (دفعہ ۲۱)

$= \frac{133}{720}\pi$

اس لئے لا $= \frac{133}{144}\pi$ فٹ $= \frac{133}{144} \times \frac{22}{7}$ فٹ تقریباً

$= 2\frac{65}{72}$ فٹ تقریباً

مثال ۳۔ فرض کرو کہ سورج اور زمین کے درمیان اوسط فاصلہ ۹۲۵۰۰۰۰۰ میل ہے اور سورج ایک شخص کی آنکھ پر $32'$ کا زاویہ بناتا ہے، سورج کا قطر دریافت کرو۔

فرض کرو کہ میلوں میں سورج کا قطر ق ہے

چونکہ سورج کے محاذی زاویہ نہایت چھوٹا ہے اس لئے اس کا قطر ایک ایسے دائرہ کی چھوٹی سی قوس کے برابر ہے جس کا مرکز دیکھنے والے کی آنکھ ہے۔ نیز ہمیں معلوم ہے کہ اس دائرہ کے مرکز پر سورج کے مقابل زاویہ $32'$ بنتا ہے۔

اس لئے بموجب دفعہ ۲۳

$\frac{ق}{۹۲۵.....}$ = نیمقطری زاویوں کی تعداد ۳۲′ میں

= نیمقطری زاویوں کی تعداد $\frac{۸}{۱۵}$° میں

$= \frac{۸}{۱۵} \times \frac{\pi}{۱۸۰} = \frac{\pi ۲}{۶۷۵}$

اس لئے ق = $\frac{۱۸۵......}{۶۷۵}$ π میل

$= \frac{۱۸۵......}{۶۷۵} \times \frac{۲۲}{۷}$ میل تقریباً

= ۸۶۲۰۰۰ میل تقریباً

مثال ۴۔ فرض کرو کہ ایک درست بینائی والا شخص چھاپہ کے حروف کو اتنے فاصلہ سے پڑھ سکتا ہے کہ حروف کے محاذی اس کی آنکھ پر ۵′ کا زاویہ بنتا ہے اُن حروف کی اونچائی دریافت کرو جو وہ مفصلہ ذیل فاصلوں سے پڑھ سکتا ہے (۱) ۱۲ فٹ (۲) $\frac{۱}{۴}$ میل

فرض کرو کہ لا فٹ مطلوبہ اونچائی ہے۔

پہلی صورت میں لا تقریباً ایک ایسے دائرہ کی قوس کے برابر ہے جس کا نصف قطر ۱۲ فٹ ہے اور جس کے مرکز پر قوس کے محاذی زاویہ ۵′ بنتا ہے

اس لئے $\frac{لا}{۱۲}$ = تعداد نیمقطری زاویوں کی ۵′ میں

$= \frac{۱}{۱۲} \times \frac{\pi}{۱۸۰}$

اس لئے لا = $\frac{\pi}{۱۸۰}$ فٹ = $\frac{۱}{۱۸۰} \times \frac{۲۲}{۷}$ فٹ تقریباً

$= \frac{۱}{۱۵} \times \frac{۲۲}{۷}$ انچ = $\frac{۱}{۵}$ انچ تقریباً

دوسری صورت میں اگر اونچائی ما ہو تو

$\frac{ما}{۳ \times ۴۴۰}$ = تعداد نیمقطری زاویوں کی ۵′ میں

$$= \frac{\pi}{180} \times \frac{1}{12}$$

اس لئے ا $= \frac{11}{18}\pi = \frac{11}{18} \times \frac{22}{7}$ فٹ تقریباً

= ۲۳ انچ تقریباً

امثلہ نمبری ۴

[فرض کرو کہ π = ... ۳و۱۴۱۵۹ اور $\frac{1}{\pi}$ = ء۳۱۸۳۱]

۱- کسی دائرہ میں ایک قوس کا طول نصف قطر کا ۷۵۳۵ء گنا ہے ، اسکے محاذی مرکز پر جو زاویہ بنے اس میں انگریزی درجوں کی تعداد دریافت کرو

۲- کسی دائرہ کا نصف قطر ۲۵ فٹ ہے ، ایک ۱۵ فٹ قوس سے محاذی دائرہ کے مرکز پر جو زاویہ بنے اس میں نیم قطری زاویوں اور انگریزی درجوں کی تعداد دریافت کرو۔

۳- ایک دائرہ کے بیرونی کنارہ پر درجے بنے ہوئے ہیں، اس میں ہر ایک درجہ کی زاوی قیمت ۵َ ہے اور آپس میں درجوں کا فاصلہ ۱ء انچ ہے ، دائرہ کا نصف قطر معلوم کرو۔

۴- ایک درجہ دار دائرہ کا قطر ۶ فٹ ہے اور ہر ایک درجہ کی زاوی قیمت ۵َ ہے، متصل درجوں کا فاصلہ دریافت کرو۔

۵- اگر ایک کرہ کے ایک ہی نصف النہار پر دو مقامات کے عرضوں کا فرق ۱۰َ ۱ً ہو اور مقامات کے درمیان فاصلہ $\frac{1}{4}$ انچ ہو تو کرہ کا نصف قطر دریافت کرو۔

۶- فرض کرو کہ زمین کا نصف قطر ۴۰۰۰ میل ہے۔ دو ایسے مقامات کے عرض بلد

کا فرق معلوم کرو جن میں سے ایک مقام دوسرے مقام کی نسبت ۱۰۰ میل شمال کی طرف واقع ہو۔

۷۔ فرض کرو کہ زمین ایک کرہ ہے اور اس کے دوائر متوازی العرض کے درمیان فاصلہ $\frac{1}{9}$ ۶۹ میل ہے اور اس فاصلہ کے محاذی زمین کے مرکز پر زاویہ ۱° بنتا ہے، زمین کا نصف قطر دریافت کرو۔

۸۔ ایک دائرہ کا نصف قطر ۳ فٹ ہے اگر اُس کی ایک قوس کے وتر کا طول بھی ۳ فٹ ہو تو قوس کے طول کی تقریبی قیمت دریافت کرو۔

۹۔ دو دائروں کے مرکزوں پر مساوی قوسوں کے محاذی زاویے ۶۰° اور ۷۵° بنتے ہیں اُن کے نصف قطروں کی باہمی نسبت دریافت کرو

۱۰۔ ایک دائرہ کا قطر ۸ فٹ ہے اگر اُس کی ۱۰ فٹ قوس کے محاذی مرکزی زاویہ ۱۴۳° ۱۴′ ۲۲″ بنے تو π کی قیمت ۴ مرتبہ کے اعشاریہ تک دریافت کرو۔

۱۱۔ ایک دائرہ کے محیط کو ایسے پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو سلسلہ حسابیہ میں ہیں اگر سب سے بڑا حصہ سب سے چھوٹے کا ۶ گنا ہو تو حصوں کے محاذی مرکزی زاویوں کی مقداروں کو نیمقطری زاویوں میں دریافت کرو

۱۲۔ ایک قطاع دائرہ کے احاطہ کرنے والے خطوط کا مجموعہ ایک ایسی نصف دائرہ قوس کے برابر ہے جس کا نصف قطر وہی ہے جو دائرہ کا ہے، قطاع کے زاویہ کو انگریزی درجوں، دقیقوں، ثانیوں میں تعبیر کرو۔

۱۳۔ ایک آدمی کا قد ۶ فٹ ہے کتنے فاصلہ پر اُس کے محاذی ۱۰′ کا زاویہ بنے گا؟

۱۴۔ ایک شے کے محاذی ایک میل کے فاصلہ پر ۱′ کا زاویہ بنتا ہے

اُس کی اونچائی دریافت کرو۔

۱۵۔ ایک کرہ کا قطر ۵ ½ انچ ہے، معلوم کرو کہ کتنے فاصلہ پر اُس کے محاذی ۶ً کا زاویہ بنے گا؟

۱۶۔ ایک مینار کی اونچائی ۱۵ فٹ ہے اور ایک آنکھ پر اُس کے محاذی زاویہ ۵ $\frac{5}{11}$ً بنتا ہے، مینار اور آنکھ کے درمیان جو فاصلہ ہو اُس کی تقریبی قیمت دریافت کرو۔

۱۷۔ کسی گرجے کے مینار کی اونچائی ۱۰۰ فٹ ہے اور ایک آنکھ پر اُسکے محاذی زاویہ ۹ً بنتا ہے آنکھ اور گرجے کے درمیان جو فاصلہ ہو اُس کی تقریبی قیمت دریافت کرو۔

۱۸۔ ایک سطح مائل کا چڑھاؤ ۲۱۰ گز طول میں ۳ ½ فٹ ہے سطح افقی سے اُس کے میلان کی تقریبی قیمت دقیقوں میں معلوم کرو۔

۱۹۔ فرض کرو کہ زمین کا نصف قطر ۳۹۶۰ میل ہے اور چاند کا فاصلہ زمین سے زمین کے نصف قطر کا ۶۰ گنا ہے، اگر چاند کا نصف قطر زمین پر زاویہ ۱۶ً بنائے تو اُس کی تقریبی قیمت دریافت کرو۔

۲۰۔ جب کسی خاص مقام پر چاند غروب ہو رہا ہو تو زمین کا نصف قطر جو مقام مختص میں سے گزرتا ہے چاند کے مرکز پر ۵۷ً کا زاویہ بناتا ہے۔ اگر زمین کا نصف قطر ۳۹۶۰ میل فرض کیا جائے تو چاند اور زمین کے فاصلے کی تقریبی قیمت دریافت کرو۔

۲۱۔ فرض کرو کہ زمین کے نصف قطر کے محاذی سورج کے فاصلے پر زاویہ ۸ً۷۶ بنتا ہے اور ایک جغرافی میل کے مقابل زمین کے مرکز پر زاویہ ۱ً بنتا ہے تو ثابت کرو کہ سورج کا فاصلہ زمین سے تقریباً

۸۱۰ لاکھ جغرافی میل ہے انیز زمین کا قطر اور محیط دونوں جغرافی میلوں میں دریافت کرو۔

۴۲۔ مدار زمین کا نصف قطر ۹۲۷۰۰۰۰۰ میل ہے اور اُس کے محاذی ستارہ شعریٰ (سریس) پر زاویہ ۴ء۰″ بنتا ہے ستارہ کا فاصلہ تقریباً دریافت کرو۔

باب دوم

ایسے زاویوں کی مثلثی نسبتیں جو زاویہ قائمہ سے کم ہیں

۲۵- اس باب میں ہم صرف اُن زاویوں کے متعلق بحث کرینگے جو زاویہ قائمہ سے کم ہوں۔

فرض کرو کہ ایک خط دائر وع مقام وا سے چکر لگاتا ہوا مقام وع پر پہنچتا ہے۔ اور زاویہ اوع مرتسم کرتا ہے۔ خط دائر پر ایک نقطہ ع مقرر کرو اور خط ابتدائی وا پر اس سے عمود نکالو۔

مثلث م وع میں وع وتر ہے، ع م عمود اور وم قاعدہ۔

زاویہ اوع کی مثلثی نسبتوں یا جملوں کی تعریف اکثر اس طرح کرتے ہیں

$\frac{\text{مع}}{\text{وع}}$ یعنی $\frac{\text{عمود}}{\text{وتر}}$ کو جیب زاویہ اوع کی کہتے ہیں

$\frac{\text{وم}}{\text{وع}}$ " $\frac{\text{قاعدہ}}{\text{وتر}}$ کو جیب التمام زاویہ اوع کی کہتے ہیں

$\frac{\text{مع}}{\text{وم}}$ " $\frac{\text{عمود}}{\text{قاعدہ}}$ کو مماس زاویہ اوع کا کہتے ہیں

$\frac{\text{وم}}{\text{مع}}$ " $\frac{\text{قاعدہ}}{\text{عمود}}$ کو مماس التمام زاویہ اوع کا کہتے ہیں

$\frac{\text{و ع}}{\text{م ع}}$ یعنی $\frac{\text{وتر}}{\text{عمود}}$ کو قاطع التمام زاویہ اوع کا کہتے ہیں

$\frac{\text{و ع}}{\text{و م}}$ " $\frac{\text{وتر}}{\text{قاعدہ}}$ کو قاطع " " " "

اُس مقدار کو بقدر جس کے جیب التمام ایک سے کم ہو یعنی مقدار
۱ - جم اوع کو سہم الجیب یا جیب معکوس زاویہ اوع کی کہتے ہیں۔
نیز اُس مقدار کو بقدر جس کے جیب زاویہ ایک سے کم ہو یعنی
۱ - جب اوع کو سہم التمام زاویہ اوع کا کہتے ہیں۔

۲۶ - یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ مثلثی نسبتیں سب اعداد ہیں۔
اوپر کی آٹھ نسبتوں کو اختصار کی خاطر بالترتیب یوں لکھتے ہیں
جب اوع، جم اوع، مس اوع، مم اوع، قم اوع،
قط اوع، سہ اوع، سم اوع۔
آخری دو نسبتیں شاذ و نادر استعمال ہوتی ہیں

۲۷ - تعریفات سے ظاہر ہے کہ قاطع التمام جیب کا متکافی یا مقلوب ہے۔

$$\text{یعنی قم اوع} = \frac{1}{\text{جب اوع}}$$

اسیطرح سے قاطع زاویہ جیب التمام کا مقلوب ہے یعنی

$$\text{قط اوع} = \frac{1}{\text{جم اوع}}$$

اور مماس التمام مماس کا مقلوب ہے یعنی

$$\text{مم اوع} = \frac{1}{\text{مس اوع}}$$

۲۸۔ ثابت کرو کہ ایک زاویہ کی مثلثی نسبتیں ہمیشہ وہی رہتی یعنی جب تک زاویہ نہ بدلے وہ نہیں بدلتیں۔

یہ ثابت کرنا مطلوب ہے کہ اگر خط دائر وع میں کوئی اور نقطہ عَ لیا جائے اور اُس سے وا پر عمود عَمَ نکالا جائے تو مثلثی نسبتیں جو مثلثات وعَمَ اور وعم سے حاصل ہونگی وہ قیمت میں جداگانہ ایک دوسرے کے برابر ہونگی۔

ان مثلثوں میں زاویہ و مشترک ہے م اور مَ پر کے دونوں زاویئے قائمے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ مثلث متشابہ ہیں اور اسلیئے بحکم اقلیدس م ۶ ش ۴، $\frac{\text{مع}}{\text{وع}} = \frac{\text{مَعَ}}{\text{وعَ}}$ جس سے ثابت ہوا کہ زاویہ اوع کی جیب ہمیشہ وہی رہتی ہے خواہ کوئی سا نقطہ خط دائر پر لیا جائے۔

اور چونکہ بموجب مسئلہ مذکورہ

$$\frac{\text{وم}}{\text{وع}} = \frac{\text{ومَ}}{\text{وعَ}} \quad \text{اور} \quad \frac{\text{مع}}{\text{وم}} = \frac{\text{مَعَ}}{\text{ومَ}}$$

اس سے ظاہر ہے کہ جیب التمام اور مماس زاویہ بھی ہمیشہ وہی رہتے ہیں خواہ نقطہ خط دائر پر کہیں لیا جاوے اور باقی نسبتوں کی بھی

یہی کیفیت ہے۔
اگر د ا کو خط دائر خیال کریں اور اس کے کسی نقطہ عؔ سے وع پر عمود عؔ مؔ نکالیں تو مثلث دعؔ مؔ سے جو نسبتیں حاصل ہونگی ان کی قیمتیں بھی وہی ہونگی جو اوپر بیان ہوئیں۔
کیونکہ دو مثلثات وعم اور وعؔ مؔ میں زاویہ د مشترک ہے اور زاوئے وم̃ عؔ اور وم ع قائمے ہیں، اس سے ظاہر ہے کہ یہ دونوں مثلث متساوی الزاویا اور اسلئے متشابہ ہیں۔ اس لئے

$$\frac{\text{مؔ عؔ}}{\text{دعؔ}} = \frac{\text{م ع}}{\text{وع}} \text{ اور } \frac{\text{ومؔ}}{\text{وعؔ}} = \frac{\text{وم}}{\text{وع}}$$

۲۹۔ مثلثی نسبتوں کے اساسی ارتباطات

ہمیں آگے چلکر معلوم ہوگا کہ اگر کسی زاویہ کی ایک مثلثی نسبت معلوم ہو تو باقی سب نسبتوں کی عددی قیمتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔
فرض کرو کہ طہ زاویہ ا و ع کو تعبیر کرتا ہے۔ [طہ کو ہم "تاہ" پڑھینگے]
مثلث م و ع میں بحکم اقلیدس م اش ۴۷

$$\text{م ع}^2 + \text{وم}^2 = \text{وع}^2 \quad \ldots\ldots (1)$$

وع² پر تقسیم کرنے سے

$$1 = \left(\frac{\text{وم}}{\text{وع}}\right)^2 + \left(\frac{\text{م ع}}{\text{وع}}\right)^2$$

یعنی $(\text{جب طہ})^2 + (\text{جم طہ})^2 = 1$

مقدار (جب طہ)۲ کو جب۲ طہ لکھتے ہیں اور اسی طرح باقی سب نسبتوں کو۔

پس یہ ربط حاصل ہوا جب۲ طہ + جم۲ طہ = ۱ ..... (۲)

نیز طرفین مساوات (۱) کو وم۲ پر تقسیم کرنے سے

$$\left(\frac{\text{م ع}}{\text{و م}}\right)^۲ + ۱ = \left(\frac{\text{و ع}}{\text{و م}}\right)^۲$$

یعنی (مس طہ)۲ + ۱ = (قط طہ)۲

پس قط۲ طہ = ۱ + مس۲ طہ .... (۳)

طرفین مساوات (۱) کو م ع۲ پر تقسیم کرنے سے

$$۱ + \left(\frac{\text{و م}}{\text{م ع}}\right)^۲ = \left(\frac{\text{و ع}}{\text{م ع}}\right)^۲$$

یعنی ۱ + (مم طہ)۲ = (قم طہ)۲

پس قم۲ طہ = ۱ + مم۲ طہ .... (۴)

نیز چونکہ جب طہ = $\frac{\text{م ع}}{\text{و ع}}$ اور جم طہ = $\frac{\text{و م}}{\text{و ع}}$

اس لئے $\frac{\text{جب طہ}}{\text{جم طہ}} = \frac{\text{م ع}}{\text{و ع}} \div \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \frac{\text{م ع}}{\text{و م}} =$ مس طہ

اسلئے مس طہ = $\frac{\text{جب طہ}}{\text{جم طہ}}$ .... (۵)

اور اسیطرح سے مم طہ = $\frac{\text{جم طہ}}{\text{جب طہ}}$ .... (۶)

۳۶- مثال ۱- ثابت کرو کہ $\sqrt{\dfrac{۱ - \text{جم ا}}{۱ + \text{جم ا}}} = \text{قم ا} - \text{مم ا}$

$$\sqrt{\frac{۱ - \text{جم ا}}{۱ + \text{جم ا}}} = \sqrt{\frac{(۱ - \text{جم ا})^{۲}}{۱ - \text{جم}^{۲}\,\text{ا}}}$$

$$= \frac{۱ - \text{جم ا}}{\sqrt{۱ - \text{جم}^{۲}\,\text{ا}}} = \frac{۱ - \text{جم ا}}{\text{جب ا}}$$ بموجب نتیجہ (۲) دفعہ آخر

$$= \frac{۱}{\text{جب ا}} - \frac{\text{جم ا}}{\text{جب ا}} = \text{قم ا} - \text{مم ا}$$

مثال ۲- ثابت کرو کہ $\sqrt{\text{قط}^{۲}\,\text{ا} + \text{قم}^{۲}\,\text{ا}} = \text{مس ا} + \text{مم ا}$

ہم نے اوپر ثابت کیا ہے کہ $\text{قط}^{۲}\,\text{ا} = ۱ + \text{مس}^{۲}\,\text{ا}$

اور $\text{قم}^{۲}\,\text{ا} = ۱ + \text{مم}^{۲}\,\text{ا}$

اس لئے $\text{قط}^{۲}\,\text{ا} + \text{قم}^{۲}\,\text{ا} = \text{مس}^{۲}\,\text{ا} + ۲ + \text{مم}^{۲}\,\text{ا}$

$$= \text{مس}^{۲}\,\text{ا} + ۲\,\text{مس ا مم ا} + \text{مم}^{۲}\,\text{ا}$$

$$= (\text{مس ا} + \text{مم ا})^{۲}$$

اس لئے $\sqrt{\text{قط}^{۲}\,\text{ا} + \text{قم}^{۲}\,\text{ا}} = \text{مس ا} + \text{مم ا}$

مثال ۳- ثابت کرو کہ $(\text{قم ا} - \text{جب ا})(\text{قط ا} - \text{جم ا})(\text{مس ا} + \text{مم ا}) = ۱$

جملہ مجوزہ $= \left(\dfrac{۱}{\text{جب ا}} - \text{جب ا}\right)\left(\dfrac{۱}{\text{جم ا}} - \text{جم ا}\right)\left(\dfrac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} + \dfrac{\text{جم ا}}{\text{جب ا}}\right)$

$$= \frac{۱ - \text{جب}^{۲}\,\text{ا}}{\text{جب ا}} \times \frac{۱ - \text{جم}^{۲}\,\text{ا}}{\text{جم ا}} \times \frac{\text{جب}^{۲}\,\text{ا} + \text{جم}^{۲}\,\text{ا}}{\text{جب ا جم ا}}$$

$$= \frac{\text{جم}^{۲}\,\text{ا}}{\text{جب ا}} \times \frac{\text{جب}^{۲}\,\text{ا}}{\text{جم ا}} \times \frac{۱}{\text{جب ا جم ا}} = ۱$$

امثلہ نمبری ۵

ارتباطات ذیل کو ثابت کرو

۱- $\text{جم}^{4}\,\text{ا} - \text{جب}^{4}\,\text{ا} + ۱ = ۲\,\text{جم}^{2}\,\text{ا}$

۲- $(\text{جب ا} + \text{جم ا})(۱ - \text{جب ا جم ا}) = \text{جب}^{3}\,\text{ا} + \text{جم}^{3}\,\text{ا}$

۳- $$\frac{\text{جب ا}}{۱ + \text{جم ا}} + \frac{۱ + \text{جم ا}}{\text{جب ا}} = ۲\,\text{قم ا}$$

۴- $\text{جم}^{6}\,\text{ا} + \text{جب}^{6}\,\text{ا} = ۱ - ۳\,\text{جب}^{2}\,\text{ا} \times \text{جم}^{2}\,\text{ا}$

۵- $$\sqrt{\frac{۱ - \text{جب ا}}{۱ + \text{جب ا}}} = \text{قط ا} - \text{مس ا}$$

۶- $$\frac{\text{قم ا}}{\text{قم ا} - ۱} + \frac{\text{قم ا}}{\text{قم ا} + ۱} = ۲\,\text{قط}^{2}\,\text{ا}$$

۷- $$\frac{\text{قم ا}}{\text{مم ا} + \text{مس ا}} = \text{جم ا}$$

۸- $(\text{قط ا} + \text{جم ا})(\text{قط ا} - \text{جم ا}) = \text{مس}^{2}\,\text{ا} + \text{جب}^{2}\,\text{ا}$

۹- $$\frac{۱}{\text{مم ا} + \text{مس ا}} = \text{جب ا جم ا}$$

۱۰- $$\frac{۱}{\text{قط ا} - \text{مس ا}} = \text{قط ا} + \text{مس ا}$$

۱۱- $$\frac{۱ - \text{مس ا}}{۱ + \text{مس ا}} = \frac{\text{مم ا} - ۱}{\text{مم ا} + ۱}$$

۱۲- $$\frac{۱ + \text{مس}^{2}\,\text{ا}}{۱ + \text{مم}^{2}\,\text{ا}} = \frac{\text{جب}^{2}\,\text{ا}}{\text{جم}^{2}\,\text{ا}}$$

۱۳- (قط ا - مس ا)/(قط ا + مس ا) = ۱ - ۲ قط ا مس ا + ۲ مس^۲ ا

۱۴- مس ا/(۱ - مم ا) + مم ا/(۱ - مس ا) = قط ا قم ا + ۱

۱۵- جم ا/(۱ - مس ا) + جب ا/(۱ - مم ا) = جب ا + جم ا

۱۶- (جب ا + جم ا)(مم ا + مس ا) = قط ا + قم ا

۱۷- قط^۴ ا - قط^۲ ا = مس^۴ ا + مس^۲ ا

۱۸- مم^۴ ا + مم^۲ ا = قم^۴ ا - قم^۲ ا

۱۹- √(قم^۲ ا - ۱) = جم ا قم ا

۲۰- قط^۲ ا قم^۲ ا = مس^۲ ا + مم^۲ ا + ۲

۲۱- مس^۲ ا - جب^۲ ا = جب^۲ ا قط^۲ ا

۲۲- (۱ + مم ا - قم ا)(۱ + مس ا + قط ا) = ۲

۲۳- ۱/(قم ا - مم ا) - ۱/جب ا = ۱/جب ا - ۱/(قم ا + مم ا)

۲۴- (مم ا جم ا)/(مم ا + جم ا) = (مم ا - جم ا)/(مم ا جم ا)

۲۵- (مم ا + مس ب)/(مم ب + مس ا) = مم ا مس ب

۲۶- (۱/(قط^۲ عہ - جم^۲ عہ) + ۱/(قم^۲ عہ - جب^۲ عہ)) جم^۲ عہ جب^۲ عہ = (۱ - جم^۲ عہ جب^۲ عہ)/(۲ + جم^۲ عہ جب^۲ عہ)

۲۷- جب^۶ ا - جم^۶ ا = (جب^۲ ا - جم^۲ ا)(۱ - ۲ جب^۲ ا جم^۲ ا)

۲۸- (جم ا قم ا - جب ا قط ا)/(جم ا + جب ا) = قم ا - قط ا

۲۹۔ $\frac{\text{مس ا + قط ا - ۱}}{\text{مس ا - قط ا + ۱}} = \frac{\text{۱ + جب ا}}{\text{جم ا}}$

۳۰۔ (مس ع + قم ب)^2 - (مم ب - قط ع)^2 = ۲ مس ع مم ب (قم ع + قط ب)

۳۱۔ ۲ قط^2 ع - قط^4 ع - ۲ قم^2 ع + قم^4 ع = مم^4 ع - مس^4 ع

۳۲۔ (جب ع + قم ع)^2 + (جم ع + قط ع)^2 = مس^2 ع + مم^2 ع + ۷

۳۳۔ (قم ا + مم ا) سم ا - (قط ا + مس ا) سه ا = (قم ا - قط ا) (۲ سه ا سم ا)

۳۴۔ (۱ + مم ا + مس ا) (جب ا - جم ا) = $\frac{\text{قط ا}}{\text{قم}^2\text{ ا}} - \frac{\text{قم ا}}{\text{قط}^2\text{ ا}}$

۳۵۔ ۲ سه ا + جم^2 ا = ۱ + سه^2 ا

۱۳۔ مثلثی نسبتوں کی قیمتوں کی حدود

مساوات (۲) دفعہ ۲۹ سے

جب^2 طہ + جم^2 طہ = ۱

اب چونکہ جب^2 طہ اور جم^2 طہ دونوں مربعے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ وہ مثبت ہوں اور چونکہ ان کا مجموعہ ایک کے برابر ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ ان میں سے کوئی بھی ایک سے بڑا نہیں ہو سکتا۔

[کیونکہ اگر ان میں سے ایک مربع مثلاً جب^2 طہ ایک سے بڑا ہو تو ضرور ہے کہ دوسرا منفی ہو اور یہ غیر ممکن ہے]

پس معلوم ہوا کہ جیب اور جیب التمام دونوں میں سے کوئی بھی تعداداً ایک سے بڑی نہیں ہو سکتی۔

اب چونکہ جب طہ ایک سے بڑی نہیں ہو سکتی اس لئے قم طہ جو $\frac{1}{\text{جب طہ}}$ کے برابر ہے ایک سے کم نہیں ہو سکتا۔
اسی طرح سے قعاطہ جو $\frac{1}{\text{جم طہ}}$ کے برابر ہے تعداداً ایک سے کم نہیں ہو سکتا۔

۳۲ ۔ شکل دفعہ ہذا سے نتائج مذکورہ بالا بآسانی حاصل ہوتے ہیں ۔ کیونکہ زاویہ ا و ع کی خواہ کچھ ہی قیمت ہو اضلاع وم اور م ع طول میں وتر وع سے کبھی زیادہ نہیں ہو سکتے ۔

اب چونکہ م ع وتر وع سے کبھی بڑا نہیں ہو سکتا اس لئے نسبت $\frac{\text{م ع}}{\text{و ع}}$ ایک سے کبھی زیادہ نہیں ہو سکتی، اس سے ظاہر ہے کہ جیب زاویہ ایک سے کبھی بڑھ نہیں سکتی ۔

نیز چونکہ وم وتر وع سے ہمیشہ کم رہتا ہے اس لئے نسبت $\frac{\text{وم}}{\text{وع}}$ ایک سے ہمیشہ کم رہے گی یعنی جیب التمام ایک سے کبھی زیادہ نہ ہوگی ۔

۳۳ ۔ ہم کسی زاویہ کی مثلثی نسبتوں کو کسی ایک نسبت کی رقوم میں بیان کر سکتے ہیں، اس ترکیب عمل کی توضیح امثلہ ذیل سے ہوگی ۔

مثال ا ۔ کسی زاویہ کی مثلثی نسبتوں کو جیب کی رقوم میں بیان کرو

فرض کرو کہ ا و ع کوئی زاویہ طہ ہے اور وع کا طول ایک ہے اور ع م کا متناسب طول ج ہے ۔

$$\text{اقلیدس م ا ش ۴۷ سے و م} = \sqrt{\text{و ع}^2 - \text{م ع}^2} = \sqrt{۱ - \text{ج}^2}$$

$$\text{اس لئے جب ط} = \frac{\text{م ع}}{\text{و ع}} = \frac{\text{ج}}{۱} = \text{ج}$$

$$\text{جم ط} = \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \sqrt{۱ - \text{ج}^2} = \sqrt{۱ - \text{جب}^2\,\text{ط}}$$

$$\text{مس ط} = \frac{\text{م ع}}{\text{و م}} = \frac{\text{ج}}{\sqrt{۱ - \text{ج}^2}} = \frac{\text{جب ط}}{\sqrt{۱ - \text{جب}^2\,\text{ط}}}$$

$$\text{ظم ط} = \frac{\text{و م}}{\text{م ع}} = \frac{\sqrt{۱ - \text{ج}^2}}{\text{ج}} = \frac{\sqrt{۱ - \text{جب}^2\,\text{ط}}}{\text{جب ط}}$$

$$\text{قم ط} = \frac{\text{و ع}}{\text{م ع}} = \frac{۱}{\text{ج}} = \frac{۱}{\text{جب ط}}$$

$$\text{قط ط} = \frac{\text{و ع}}{\text{و م}} = \frac{۱}{\sqrt{۱ - \text{ج}^2}} = \frac{۱}{\sqrt{۱ - \text{جب}^2\,\text{ط}}}$$

آخری پانچ مساواتوں سے جو کچھ مطلوب تھا حاصل ہوا

مثال ۲- سب مثلثی نسبتوں کو مماس التمام کی رقوم میں بیان کرو۔

حسب معمول شکل بناؤ اور فرض کرو کہ م ع کا طول ایک ہے اور و م کا متناسب طول لا ہے

اقلیدس م ا ش ۴۷ سے

$$\text{و ع} = \sqrt{\text{و م}^2 + \text{م ع}^2} = \sqrt{۱ + \text{لا}^2}$$

$$\text{اس لئے ظم ط} = \frac{\text{و م}}{\text{م ع}} = \frac{\text{لا}}{۱} = \text{لا}$$

$$\text{جب ط} = \frac{\text{م ع}}{\text{و ع}} = \frac{1}{\sqrt{1+\text{لا}^2}} = \frac{1}{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}$$

$$\text{جم ط} = \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \frac{\text{لا}}{\sqrt{1+\text{لا}^2}} = \frac{\text{مم ط}}{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}$$

$$\text{مس ط} = \frac{\text{م ع}}{\text{و م}} = \frac{1}{\text{لا}} = \frac{1}{\text{مم ط}}$$

$$\text{قط ط} = \frac{\text{و ع}}{\text{و م}} = \frac{\sqrt{1+\text{لا}^2}}{\text{لا}} = \frac{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}{\text{مم ط}}$$

$$\text{اور قم ط} = \frac{\text{و ع}}{\text{م ع}} = \frac{\sqrt{1+\text{لا}^2}}{1} = \sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}$$

جو کچھ مطلوب تھا آخری پانچ مساواتوں سے حاصل ہوا

یاد رہے کہ اوپر کی ہر ایک صورت میں اُس کسر کا نسب نما جسکی رقوم میں باقی مثلثی نسبتوں کو بیان کرنا مطلوب ہے ہمیشہ ایک لیا گیا ہے مثلاً زاویہ ط کی جیب $\frac{\text{م ع}}{\text{و ع}}$ ہے۔ اسلئے مثال ۱ میں نسب نما و ع کا طول ایک کے برابر لیا گیا ہے اور چونکہ مماس التمام $\frac{\text{و م}}{\text{م ع}}$ ہے اسلئے مثال ۲ میں ضلع م ع کو ایک کے مساوی فرض کیا ہے۔

اسی طرح سے اگر باقی مثلثی نسبتوں کو جیب التمام کی رقوم میں بیان کرنا ہو تو چونکہ جیب التمام $\frac{\text{و م}}{\text{و ع}}$ ہے اس لئے و ع کو ایک کے برابر فرض کرنا چاہیئے اور و م کو لا کے، اس کے بعد عمل بالکل ایسا ہی ہوگا جیسا کہ امثلہ ۱ اور ۲ میں ہوا۔

امثلہ ذیل میں اضلاع کی قیمتیں عددی ہیں

مثال ۳۔ اگر جم ط = $\frac{3}{5}$ تو باقی نسبتوں کی قیمتیں دریافت کرو۔

خط ابتدائی و ا پر و م برابر ۳ کے لو اور ایک عمود م ع کھینچو، نیز فرض کرو کہ ایک خط و ع جس کا طول ۵ ہے نقطہ و کے گرد چکر لگاتا ہوا عمود م ع کو نقطہ ع پر قطع کرتا ہے تب ا و ع زاویہ مجوزہ ہوگا

بحکم اقلیدس م ا ش ۴۷، $\text{م ع} = \sqrt{\text{و ع}^{۲} - \text{و م}^{۲}} = \sqrt{۵^{۲} - ۳^{۲}} = ۴$

اس لئے صریحاً

جب ط $= \frac{۴}{۵}$ ، مس ط $= \frac{۴}{۳}$ ، ظم ط $= \frac{۳}{۴}$ ، قم ط $= \frac{۵}{۴}$ اور قط ط $= \frac{۵}{۳}$

مثال ۴ - اگر زاویہ ط کی جیب $\frac{۱}{۳}$ ہو تو باقی مثلثی نسبتوں کی عددی قیمتیں دریافت کرو۔

چونکہ جیب ط $= \frac{۱}{۳}$ اس لئے ربط (۲) دفعہ ۲۹ سے ظاہر ہے کہ

$$\left(\frac{۱}{۳}\right)^{۲} + \text{جم}^{۲}\,\text{ط} = ۱$$

یعنی $\text{جم}^{۲}\,\text{ط} = ۱ - \frac{۱}{۹} = \frac{۸}{۹}$

یعنی $\text{جم ط} = \frac{۲\sqrt{۲}}{۳}$

اسلئے $\text{مس ط} = \frac{\text{جب ط}}{\text{جم ط}} = \frac{۱}{۲\sqrt{۲}} = \frac{\sqrt{۲}}{۴}$

$$\text{ظم ط} = \frac{۱}{\text{مس ط}} = ۲\sqrt{۲}$$

$$\text{قم ط} = \frac{۱}{\text{جب ط}} = ۳$$

$$\text{قط ط} = \frac{۱}{\text{جم ط}} = \frac{۳}{۲\sqrt{۲}} = \frac{۳\sqrt{۲}}{۴}$$

$$\text{سہ ط} = ۱ - \text{جم ط} = ۱ - \frac{۲\sqrt{۲}}{۳}$$

$$\text{سم ط} = ۱ - \text{جب ط} = ۱ - \frac{۱}{۳} = \frac{۲}{۳}$$

۴۳ - نقشۂ ذیل میں ہر مثلثی نسبت کو باقی سب نسبتوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہے

	جب ط	جم ط	مس ط	مم ط	قط ط	قم ط
جب ط	جب ط	$\sqrt{1-\text{جم}^2\text{ط}}$	$\frac{\text{مس ط}}{\sqrt{1+\text{مس}^2\text{ط}}}$	$\frac{1}{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}$	$\frac{\sqrt{\text{قط}^2\text{ط}-1}}{\text{قط ط}}$	$\frac{1}{\text{قم ط}}$
جم ط	$\sqrt{1-\text{جب}^2\text{ط}}$	جم ط	$\frac{1}{\sqrt{1+\text{مس}^2\text{ط}}}$	$\frac{\text{مم ط}}{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}$	$\frac{1}{\text{قط ط}}$	$\frac{\sqrt{\text{قم}^2\text{ط}-1}}{\text{قم ط}}$
مس ط	$\frac{\text{جب ط}}{\sqrt{1-\text{جب}^2\text{ط}}}$	$\frac{\sqrt{1-\text{جم}^2\text{ط}}}{\text{جم ط}}$	مس ط	$\frac{1}{\text{مم ط}}$	$\sqrt{\text{قط}^2\text{ط}-1}$	$\frac{1}{\sqrt{\text{قم}^2\text{ط}-1}}$
مم ط	$\frac{\sqrt{1-\text{جب}^2\text{ط}}}{\text{جب ط}}$	$\frac{\text{جم ط}}{\sqrt{1-\text{جم}^2\text{ط}}}$	$\frac{1}{\text{مس ط}}$	مم ط	$\frac{1}{\sqrt{\text{قط}^2\text{ط}-1}}$	$\sqrt{\text{قم}^2\text{ط}-1}$
قط ط	$\frac{1}{\sqrt{1-\text{جب}^2\text{ط}}}$	$\frac{1}{\text{جم ط}}$	$\sqrt{1+\text{مس}^2\text{ط}}$	$\frac{\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}}{\text{مم ط}}$	قط ط	$\frac{\text{قم ط}}{\sqrt{\text{قم}^2\text{ط}-1}}$
قم ط	$\frac{1}{\text{جب ط}}$	$\frac{1}{\sqrt{1-\text{جم}^2\text{ط}}}$	$\frac{\sqrt{1+\text{مس}^2\text{ط}}}{\text{مس ط}}$	$\sqrt{1+\text{مم}^2\text{ط}}$	$\frac{\text{قط ط}}{\sqrt{\text{قط}^2\text{ط}-1}}$	قم ط

امثلہ نمبری ۶

۱۔ سب مثلثی نسبتوں کو جیب التمام کی رقوم میں بیان کرو

۲۔ سب نسبتوں کو مماس کی رقوم میں بیان کرو

۳۔ سب نسبتوں کو قاطع التمام کی رقوم میں بیان کرو

۴۔ سب نسبتوں کو قاطع الزاویہ کی رقوم میں بیان کرو

۵۔ ایک زاویہ کی جیب $\frac{۱}{۴}$ ہے اسکی اور مثلثی نسبتوں کی عددی قیمتیں دریافت کرو۔

۶۔ اگر جیب طہ = $\frac{۱۲}{۱۳}$ تو مس طہ اور سمہ طہ کی قیمتیں دریافت کرو

۷۔ اگر جیب طہ = $\frac{۱۱}{۶۱}$ تو مس طہ، جم طہ اور قط طہ دریافت کرو

۸۔ اگر جم طہ = $\frac{۳}{۵}$ تو معلوم کرو جیب طہ اور مم طہ

۹۔ اگر جم ا = $\frac{۹}{۱۴}$ تو مس ا اور قم ا دریافت کرو

۱۰۔ اگر مس طہ = $\frac{۳}{۴}$ تو زاویہ طہ کی جیب، جم، سمہ اور قم دریافت کرو

۱۱۔ اگر مس طہ = $\frac{۱}{\sqrt{۷}}$ تو $\frac{\text{قم}^۲\text{طہ} - \text{قط}^۲\text{طہ}}{\text{قم}^۲\text{طہ} + \text{قط}^۲\text{طہ}}$ کی قیمت دریافت کرو

۱۲۔ اگر مم طہ = $\frac{۱۵}{۸}$ تو جم طہ اور قم طہ کی قیمتیں دریافت کرو

۱۳۔ اگر قط ا = $\frac{۳}{۲}$ تو معلوم کرو مس ا اور قم ا۔

۱۴۔ اگر ۲ جیب طہ = ۲ ۔ جم طہ تو جیب طہ دریافت کرو۔

۱۵۔ اگر ۸ جیب طہ = ۴ + جم طہ تو معلوم کرو جیب طہ۔

۱۶۔ اگر مس طہ + قط طہ = ۱٫۵ تو معلوم کرو جیب طہ

۱۷۔ اگر مم طہ + قم طہ = ۵ تو معلوم کرو جم طہ۔

اگر ۳ قطا^۲ طہ + ۸ = ۱۰ قط^۲ طہ تو مس طہ کی قیمت دریافت کرو۔

اگر مس^۲ طہ + قطا طہ = ۵ تو معلوم کرو جم طہ

اگر مس طہ + مم طہ = ۲ تو معلوم کرو جب طہ۔

اگر قطا^۲ طہ = ۲ + ۲ مس طہ تو معلوم کرو مس طہ۔

اگر مس طہ = $\frac{۲ لا (لا + ۱)}{۲ لا + ۱}$ تو معلوم کرو جب طہ اور جم طہ

۔ اب ہم چند کارآمد زاویوں کی مثلثی نسبتیں دریافت کرینگے،
ت میں یہ اکثر استعمال ہوتی ہیں۔ طالب علم کو ان سے
واقف ہونا چاہیئے مگر سب سے پہلے ہم "لاتناہی" کے
یان کرینگے۔

ب۔ ہماری موجودہ اغراض کے لئے یہ تعریف کافی ہوگی کہ
تناہی ایک ایسا عدد ہے جو کسی اور عدد سے جو بیان
، یا ذہن میں آسکے بڑا ہو، اس کو ہم علامت ∞ سے تعبیر
گے۔

ے سے بڑے عدد کا تصور باندھنا محض ناممکن ہے کیونکہ
ے عدد کا خیال میں آنا ممکن ہو تو اس سے بڑے عدد کے
یں کیا مشکل ہوسکتی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ
تناہی بڑا عدد کیوں نہ لیا جائے وہ لاتناہی سے ہمیشہ
یگا۔ پس ایسے بیانات مثلاً لا = ∞ کا یہ مطلب ہرگز نہیں
تناہی کی کوئی خاص قیمت ہے اور لا اس کے برابر ہے
اولات لا = ∞ اور ما = ∞ سے یہ نتیجہ لازماً صادق نہیں

آسانا کہ لا = ما

تعریف۔ صفر وہ عدد ہے جو ایک کی ہر ایک کسر مقررہ سے کم ہو۔ مقدار محدود وہ ہے جو نہ تو صفر ہو اور نہ مقدار غیر متناہی۔

۳۶ـ اگر کسی محدود مقدار کو صفر پر تقسیم کیا جائے تو خارج قسمت مقدار غیر متناہی کے برابر ہوگا۔

فرض کرو کہ ا کوئی مقدار محدود ہے ہم یہ ثابت کرینگے کہ ا ÷ صفر ایک ایسی مقدار کے برابر ہے جو ہر ایک مقدار محدود (مثلاً ن) سے جو ہمارے ذہن میں آسکے بڑی ہے۔

ا کو صفر پر تقسیم کرو اور ن کو خارج قسمت ٹھہراؤ

$$\cdot)\,\text{ا}\,(\text{ن}$$

اب چونکہ ۰ × ن = ۰ اسلئے باقی ا ہے

پس معلوم ہوا کہ خواہ کتنا بڑا عدد (ن) بطور خارج قسمت کے لیا جائے ا ہمیشہ باقی بچے گا۔ اس سے ثابت ہوا کہ نسبت ا ÷ صفر ہر ایک عدد سے بڑی ہے خواہ وہ عدد کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو اور اس کو ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں کہ

$$\text{ا} \div 0 = \infty$$

اور اگر ا مقدار غیر متناہی نہ ہو تو ا ÷ ∞ = ۰

چند کارآمد صورتوں میں مثلثی نسبتوں کی قیمتیں

۳۷ ـ ۴۵° کا زاویہ

فرض کرو کہ زاویہ مرتسمہ ا و ع = ۴۵°

اب چونکہ ایک مثلث کے تینوں

زاویوں کا مجموعہ ۲ قائموں کے برابر ہوتا ہے، اس لئے

زاویہ وعم = ۱۸۰° − زاویہ ع وم − زاویہ ع م و

= ۱۸۰ − ۴۵° − ۹۰° = ۴۵° = زاویہ ع وم

∴ وم = م ع

اگر وع کو ۲ ا کے برابر فرض کریں تو

۴ ا² = وع² = وم² + م ع² = ۲ × وم²

یعنی وم = ا√۲

اس لئے جب ۴۵° = م ع / وع = ا√۲ / ۲ا = ۱ / √۲

جم ۴۵° = وم / وع = ا√۲ / ۲ا = ۱ / √۲

اور مس ۴۵° = ۱

۳۸ - ۳۰° کا زاویہ

فرض کرو کہ ۳۰° کا زاویہ م وع ہے، ع م کو عَ تک خارج کرو اور م عَ کو ع م کے برابر بناؤ۔

مثلث وم ع اور وم عَ میں

اضلاع وم اور م عَ اضلاع وم اور م ع کے بالترتیب برابر ہیں۔ نیز ان کے درمیانی زاویئے قائمے ہیں۔ اس لئے

وعَ = وع اور زاویہ وعَ ع = زاویہ وع عَ = ۶۰°

اس سے معلوم ہوا کہ مثلث عَ وع متساوی الاضلاع ہے۔

آتا کہ لا = ما

تعریف۔ صفر وہ عدد ہے جو ایک کی ہر ایک کسر مقررہ سے کم ہو۔ مقدار محدود وہ ہے جو نہ تو صفر ہو اور نہ مقدار غیر متناہی۔

۳۶۔ اگر کسی محدود مقدار کو صفر پر تقسیم کیا جائے تو خارج قسمت مقدار غیر متناہی کے برابر ہوگا۔

فرض کرو کہ ا کوئی مقدار محدود ہے ہم یہ ثابت کرینگے کہ ا ÷ صفر ایک ایسی مقدار کے برابر ہے جو ہر ایک مقدار محدود (مثلاً ن) سے جو ہمارے ذہن میں آسکے بڑی ہے۔

ا کو صفر پر تقسیم کرو اور ن کو خارج قسمت ٹھہراؤ $\cdot)\overline{\text{ا}}($ ن

اب چونکہ ۰ × ن = ۰ اسلئے باقی ا ہے

پس معلوم ہوا کہ خواہ کتنا بڑا عدد (ن) بطور خارج قسمت کے لیا جائے ا ہمیشہ باقی بچے گا۔ اس سے ثابت ہوا کہ نسبت ا ÷ صفر ہر ایک عدد سے بڑی ہے خواہ وہ عدد کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو اور اس کو ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں کہ

$$\text{ا} \div \cdot = \infty$$

اور اگر ا مقدار غیر متناہی نہ ہو تو ا ÷ ∞ = ۰

چند کارآمد صورتوں میں مثلثی نسبتوں کی قیمتیں

۳۷۔ ۴۵° کا زاویہ

فرض کرو کہ زاویہ مرتسمہ ا و ع = ۴۵°

اب چونکہ ایک مثلث کے تینوں

زاویوں کا مجموعہ ۲ قائموں کے برابر ہوتا ہے، اس لئے

زاویہ وع م = ۱۸۰° ـ زاویہ ع وم ـ زاویہ ع م و

= ۱۸۰ ـ ۴۵° ـ ۹۰° = ۴۵° = زاویہ ع وم

∴ وم = م ع

اگر وع کو ۲ ا کے برابر فرض کریں تو

۴ ا^۲ = وع^۲ = وم^۲ + م ع^۲ = ۲ × وم^۲

یعنی وم = ا √۲

اس لئے جب ۴۵° = م ع / وع = ا √۲ / ۲ ا = ۱ / √۲

جم ۴۵° = وم / وع = ا √۲ / ۲ ا = ۱ / √۲

اور مس ۴۵° = ۱

۳۸ ـ ۳۰° کا زاویہ

فرض کرو کہ ۳۰° کا زاویہ م وع ہے، ع م کو عَ تک خارج کرو اور م عَ کو ع م کے برابر بناؤ۔

مثلث وم ع اور وم عَ میں اضلاع وم اور م عَ اضلاع وم اور م ع کے بالترتیب برابر ہیں۔ نیز ان کے درمیانی زاویے قائمے ہیں۔ اس لئے

وعَ = وع اور زاویہ وعَ ع = زاویہ وع عَ = ۶۰°

اس سے معلوم ہوا کہ مثلث عَ وع متساوی الاضلاع ہے۔

اب اگر وع کا طول ۲ا ہو

تو $\text{مع} = \frac{1}{2}\,\text{عَع} = \frac{1}{2}\,\text{وع} = \text{ا}$

نیز $\text{وم} = \sqrt{\text{وع}^2 - \text{مع}^2} = \sqrt{4\text{ا}^2 - \text{ا}^2} = \sqrt{3}\,\text{ا}$

$\therefore \text{جب } 30^\circ = \frac{\text{مع}}{\text{وع}} = \frac{1}{2}$

$\text{جم } 30^\circ = \frac{\text{وم}}{\text{وع}} = \frac{\sqrt{3}\,\text{ا}}{2\text{ا}} = \frac{\sqrt{3}}{2}$

اور $\text{مس } 30^\circ = \frac{\text{جب } 30^\circ}{\text{جم } 30^\circ} = \frac{1}{\sqrt{3}}$

۳۹۔ ۶۰° کا زاویہ

فرض کرو کہ ۶۰° کا زاویہ اوع ہے
وا پر ایک ایسا نقطہ ن لو کہ
مَن = وم = ا (فرض کرو)

اب مثلث وم ع کے اضلاع وم اور مع مثلث ن م ع کے اضلاع ن م اور م ع کے بالترتیب برابر ہیں اور ان کے درمیانی زاویے قائمے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ مثلث باہم مساوی ہیں۔

اس لئے ع ن = وع اور

$\angle\,\text{ع ن م} = \angle\,\text{ع و م} = 60^\circ$

اس سے ثابت ہوا کہ مثلث وع ن متساوی الاضلاع ہے۔

اس لئے وع = ون = ۲ وم = ۲ا

$$\text{م ع} = \sqrt{\text{وع}^2 - \text{وم}^2} = \sqrt{۴\text{ا}^2 - \text{ا}^2} = \sqrt{۳} \times \text{ا}$$

$$\text{جب } ۶۰^\circ = \frac{\text{م ع}}{\text{وع}} = \frac{\sqrt{۳}\,\text{ا}}{۲\,\text{ا}} = \frac{\sqrt{۳}}{۲}$$

$$\text{جم } ۶۰^\circ = \frac{\text{وم}}{\text{وع}} = \frac{\text{ا}}{۲\,\text{ا}} = \frac{۱}{۲}$$

$$\text{س } ۶۰^\circ = \frac{\text{جب } ۶۰^\circ}{\text{جم } ۶۰^\circ} = \sqrt{۳}$$

۔ صفر درجہ (°) کا زاویہ ۔

ض کرو کہ خط دائر وع نے و

د گھومنے سے نہایت ہی

اویہ پیدا کیا ہے ۔

ی فرض کرو کہ زاویہ م وع نہایت چھوٹا ہے

اہر ہے کہ مقدار ع م نہایت ہی قلیل ہے اور ابتدا میں جب

نے اس زاویہ کا مرتسم کرنا عین شروع ہی کیا تھا تو اُس وقت

ر م ع ہر مقدار معینہ سے کم تھی یعنی ایک ایسی مقدار تھی

ہم صفر سے تعبیر کرتے ہیں ۔

اب اگر فرض کیا جائے کہ

اوع واقعی صفر کے برابر ہے

ں صورت میں وم اور وع

قاط ع اور م) ایک دوسرے پر منطبق ہونگے اور عمود

معدوم ہو جائے گا

اس لئے وم = وع اور ع م = ۰

∴ جب ۰° = $\frac{\text{مع}}{\text{وع}} = \frac{۰}{\text{وع}} = ۰$

جم ۰° = $\frac{\text{وم}}{\text{وع}} = \frac{\text{وع}}{\text{وع}} = ۱$

اور مس ۰° = $\frac{۰}{۱} = ۰$

نیز مم ۰° = قیمت نسبت $\frac{\text{وم}}{\text{مع}}$ جب م اور ع ایک دوسرے پر منطبق ہوں

. = $\frac{\text{مقدار محدود}}{\text{نہایت ہی قلیل مقدار}}$ = ایک ایسی مقدار جو لا انتہا بڑی ہے

اس لئے مم ۰° = ∞

اسی طرح سے قم ۰° = $\frac{\text{وع}}{\text{مع}} = ∞$

اور قط ۰° = $\frac{\text{وع}}{\text{وم}} = ۱$

۱۴۔ ۹۰° کا زاویہ

ع

و م ا

فرض کرو کہ زاویہ اوع مقدار میں ۹۰° کے نہایت ہی قریب ہے مگر بالکل ۹۰° نہیں ہے۔

جب وع فی الحقیقت ایک قائمہ مرتسم کریگا تو اُس وقت نقطہ م نقطہ و پر منطبق ہوگا یعنی وم فنا ہوگا

اور و ع برابر م ع کے ہوگا۔ پس

$$\text{جب } ۹۰^\circ = \frac{\text{م ع}}{\text{و ع}} = \frac{\text{و ع}}{\text{و ع}} = ۱$$

$$\text{جم } ۹۰^\circ = \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \frac{۰}{\text{و ع}} = ۰$$

$$\text{مس } ۹۰^\circ = \frac{\text{م ع}}{\text{و م}} = \frac{\text{مقدار محدود}}{\text{نہایت ہی قلیل مقدار}} = \text{لا انتہا بڑا عدد} = \infty$$

$$\text{مم } ۹۰^\circ = \frac{\text{و م}}{\text{م ع}} = \frac{۰}{\text{م ع}} = ۰$$

$$\text{قط } ۹۰^\circ = \frac{\text{و ع}}{\text{و م}} = \infty$$ (بعینہٖ اُس عمل سے جو مماس کی صورت میں ہوا)

$$\text{اور قم } ۹۰^\circ = \frac{\text{و ع}}{\text{م ع}} = \frac{\text{و ع}}{\text{و ع}} = ۱$$

۴۲۔ اوپر کے زاویوں کی تین مشہور مثلثی نسبتیں یاد رکھنی چاہئیں جو زاویے اکثر استعمال ہوتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

۰° ، ۳۰° ، ۴۵° ، ۶۰° ، ۹۰°

یاد رہے کہ ان کی جیوب بالترتیب مفصلہ ذیل نسبتوں کے جذروں کے برابر ہیں۔

$$\frac{۰}{۴} ، \frac{۱}{۴} ، \frac{۲}{۴} ، \frac{۳}{۴} ، \frac{۴}{۴}$$

اور ان کی جیوب التمام بالترتیب مفصلہ ذیل نسبتوں کے جذروں کے برابر ہیں۔

$$\frac{۴}{۴} ، \frac{۳}{۴} ، \frac{۲}{۴} ، \frac{۱}{۴} ، \frac{۰}{۱}$$

اور مماس زاویہ نسبت جیب ÷ جیب التمام کے برابر ہے۔

۴۳- متمم زاویئے - تعریف۔ اگر دوزاویوں کا مجموعہ ایک قائمہ کے برابر ہو تو ان میں سے ہر ایک کو دوسرے کا متمم کہتے ہیں۔ مثلاً فرض کرو کہ کوئی زاویہ طہ ہے اس کا متمم زاویہ ۹۰- طہ ہوگا۔

۴۴- دو متمم زاویوں کی مثلثی نسبتوں کے باہمی ارتباطات دریافت کرو

فرض کرو کہ ایک چکر لگانے والا خط وا سے شروع ہوکر مقام وع پر پہنچتا ہے اور اپنے گھماؤ سے زاویہ اوع یعنی زاویہ طہ پیدا کرتا ہے۔ خط دائر وع پر کوئی نقطہ ع مقرر کرو اور اس سے وا پر عمود ع م نکالو۔

اب چونکہ ایک مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ دو قائموں کے برابر ہوتا ہے اور چونکہ زاویہ وم ع قائمہ ہے اس لئے معلوم ہوا کہ زاویہ م وع اور زاویہ وع م کا حاصل جمع ایک قائمہ کے برابر ہے۔ پس یہ دونوں زاوئے ایک دوسرے کے متمم ہوئے۔

یعنی زاویہ وع م = ۹۰- طہ

[جس وقت زاویہ وع م زیر بحث ہو تو یاد رہے کہ خط ع م "قاعدہ" ہے اور م و "عمود"]

پس۔

جب (۹۰° - ط) = جب م ع و = م و / ع و = جم او ع = جم ط

جم (۹۰° - ط) = جم م ع و = ع م / ع و = جب او ع = جب ط

مس (۹۰° - ط) = مس م ع و = م و / ع م = مم او ع = مم ط

مم (۹۰° - ط) = مم م ع و = ع م / م و = مس او ع = مس ط

قم (۹۰° - ط) = قم م ع و = ع و / م و = قط او ع = قط ط

قط (۹۰° - ط) = قط م ع و = ع و / ع م = قم او ع = قم ط

اس لئے معلوم ہوا کہ

کسی زاویہ کی جیب = اسکے متمم کی جیب التمام کے

کسی زاویہ کا مماس = اسکے متمم کے مماس التمام کے

کسی زاویہ کا قاطع = اسکے متمم کے قاطع التمام کے

۴۴ - طالب علم کو آگے جانے سے پیشتر جدول ذیل سے بخوبی واقفیت ہو جانا چاہیئے

زاویہ	۰°	۳۰°	۴۵°	۶۰°	۹۰°
جیب	۰	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	۱
جیب التمام	۱	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{1}{2}$	۰
مماس	۰	$\sqrt{3}$	۱	$\sqrt{3}$	∞
مماس التمام	∞	$\sqrt{3}$	۱	$\frac{1}{\sqrt{3}}$	۰
قاطع التمام	∞	۲	$\sqrt{2}$	$\frac{2}{\sqrt{3}}$	۱
قاطع الزاویہ	۱	$\frac{2}{\sqrt{3}}$	$\sqrt{2}$	۲	∞

اگر طالب علم صرف اس حصہ کو بخوبی یاد کرلے جو جلی خط کے اندر ہے تو اُس کی مدد سے باقی مثلثی نسبتوں کا حساب بآسانی لگ سکیگا کیونکہ

(۱) جیوب ۶۰° اور ۹۰° بالترتیب جیوب التمام ۳۰° اور ۰° کے برابر ہیں۔

(۲) جیوب التمام ۶۰° اور ۹۰° جیوب ۳۰° اور ۰° کے برابر ہیں اس سے دوسری اور تیسری سطریں معلوم ہوتی ہیں۔

(۳) کسی زاویہ کا مماس جیب کو جیب التمام پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے معلوم ہوا کہ چوتھی سطر کی کوئی مقدار دوسری سطر کی کسی مقدار کو تیسری سطر کی مطابق مقدار پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے

(۴) چونکہ زاویہ کا مماس التمام اس کے مماس کا مقلوب ہوتا ہے اس لئے پانچویں سطر کی مقداریں چوتھی سطر کی مقداروں کے مقلوبوں کے برابر ہیں

(۵) چونکہ قم طہ = $\frac{1}{\text{جب طہ}}$ اس لئے چھٹی سطر دوسری کی مقادیر کو الٹانے سے حاصل ہوتی ہے۔

(۶) اور چونکہ قطہ طہ = $\frac{1}{\text{جم طہ}}$ اس لئے معلوم ہوا کہ ساتویں سطر تیسری سطر کی مقادیر کو الٹانے سے حاصل ہوتی ہے۔

امثلہ نمبری ۷

۱۔ اگر ا = ۳۰° تو تصدیق کرو کہ

(۱) جم ۲ ا = جم^۲ ا ۔ جب^۲ ا = ۲ جم^۲ ا ۔ ۱

(۲) جب ۲ا = ۲ جب ا جم ا

(۳) جم ۳ا = ۴ جم^{3} ا − ۳ جم ا

(۴) جب ۳ا = ۳ جب ا − ۴ جب^{3} ا

(۵) مس ۲ا = $\frac{\text{۲ مس ا}}{\text{۱ − مس}^{2}\text{ ا}}$

۲۔ اگر ا = ۴۵° تو اس کی تصدیق کرو کہ

(۱) جب ۲ا = ۲ جب ا جم ا

(۲) جم ۲ا = ۱ − ۲ جب^{2} ا

(۳) مس ۲ا = $\frac{\text{۲ مس ا}}{\text{۱ − مس}^{2}\text{ ا}}$

اس کی تصدیق کرو کہ

۳۔ جب^{2} ۳۰° + جب^{2} ۴۵° + جب^{2} ۶۰° = $\frac{۳}{۲}$

۴۔ مس^{2} ۳۰° + مس^{2} ۴۵° + مس^{2} ۶۰° = ۴$\frac{۱}{۳}$

۵۔ جب ۳۰° جم ۶۰° + جم ۳۰° جب ۶۰° = ۱

۶۔ جم ۴۵° جم ۶۰° − جب ۴۵° جب ۶۰° = − $\frac{\sqrt{۳} − ۱}{۲\sqrt{۲}}$

۷۔ $\frac{۴}{۳}$ مم^{2} ۳۰° + ۳ جب^{2} ۶۰° − ۲ قم^{2} ۶۰° − $\frac{۳}{۴}$ مس^{2} ۳۰° = ۳$\frac{۱}{۳}$

۸۔ قم^{2} ۴۵° × قط^{2} ۳۰° × جب^{3} ۹۰° × جم ۶۰° = ۱$\frac{۱}{۳}$

۹۔ ۴ مم^{2} ۴۵° − قط^{2} ۶۰° + جب^{3} ۳۰° = $\frac{۱}{۸}$

باب سوم

بلندیوں اور فاصلوں کے آسان سوالات

۴۶ ۔ علم مثلث کے خاص مقاصد میں سے ایک یہ بھی ۔
کہ اس کی مدد سے اشیاء کی بلندیاں اور مختلف نقاط
کے باہمی فاصلے حقیقی طور پر ناپے بغیر دریافت ہوسکیں ۔
۴۷ ۔ فرض کرو کہ و اور ع دو نقطے ہیں اور ع بہ نسبت و
اونچی سطح پر واقع ہے ۔ نقطہ و سے
ایک خط افقی و م کھینچو جو عمودی
خط ع م کو نقطہ م پر قطع
کرے ۔

اگر مقام و پر کھڑے ہوکر نقطہ ع کی سمت میں دیکھیں تو زاو
م و ع جو خط نظری و ع اور خط افقی و م کے درمیان بنتا ہے
نقطہ ع کا زاویہ ارتفاع یا زاویہ فراز کہلاتا ہے ۔
م و کے متوازی ع ن کھینچو تب نقطہ ع میں سے گزرنے وا
خط افقی ع ن ہوگا ۔ اب اگر مقام ع سے نیچے کی طرف کو نق
و کی سیدھ میں دیکھیں تو زاویہ ن ع و جو خط نظری ع و او

خط اُفقی ع ن کے درمیان بنتا ہے نقطہ و کا زاویہ انخفاض یا زاویہ نشیب کہلاتا ہے۔

۴۸۔ زاویوں کی عملی پیمائش کے لئے دو آلے اکثر استعمال ہوتے ہیں زاویہ بیں (تھیوڈولائیٹ) اور سُدس (سکس ٹنٹ)

زاویہ بیں سے اکثر سطح عمودی میں زاویوں کا اندازہ ہوسکتا ہے اس کی نہایت مساوی صورت یہ ہے۔ ایک دوربین لکڑی کی چپٹی تختی پر قائم کردی جاتی ہے۔ سہارے کے لئے اس تختی کے تین پائے ہوتے ہیں اور ان کو ہموار سطح پر اس طرح رکھتے ہیں کہ تختی اور دوربین دونوں سطح اُفقی میں ہوں۔

فرض کرو کہ یہ تختی مقام و پر متوازی الافق ہے اور دوربین کا رخ ابتدا میں سمت وم میں ہے۔ اب دوربین کو سطح عمودی میں پھراتے جاؤ جبتک کہ اس کا رخ عین نقطہ ع کی سیدھ میں نہ ہوجائے۔ جب ایسا ہو تو ایک درجہ دار پیمانہ سے ہمکو دوربین کے گھماؤ کے زاویہ کی مقدار معلوم ہوجائیگی، یعنی ہمکو زاویہ ارتفاع م و ع معلوم ہوجائے گا۔

اسی طرح سے اگر آلہ مقام ع پر ہو تو زاویہ ن ع و جس میں دوربین سمت اُفقی سے نیچے کی طرف نقطہ و کے محاذی ہونیکے لئے پھرے گی زاویہ انخفاض ن ع و ہوگا۔

اس آلہ کی مدد سے اُن زاویوں کی پیمائش بھی ممکن ہے جو سطح اُفقی میں واقع ہوں۔

۴۹۔ سُدس (سکس ٹنٹ) سے ایسے زاویوں کی پیمائش ہوسکتی ہے جو کسی دو نقاط د اور ع کے خط وصل کے محاذی تیسرے

نقطہ ف پر نہیں۔ اکثر یہ آلہ جہازوں پر استعمال ہوتا ہے اس کی بناوٹ اور اس کا استعمال ذرا پیچیدہ ہے ۔ لہذا ہم اس جگہ اس کا ذکر نہیں کرتے ۔

۵۰۔ اب ہم فاصلوں اور بلندیوں کی چند آسان مثالیں حل کریں گے ۔

مثال ۱۔ سطح ہموار پر ایک علم قائم ہے اس کے پائین سے ۱۵۰ فٹ کے فاصلہ پر ایک مقام سے اسکی چوٹی کا زاویہ ارتفاع ۳۰° مشاہدہ کیا گیا ہے، علم کی بلندی دریافت کرو ۔

فرض کرو کہ م ع (شکل دفعہ ۴۷) علم ہے اور و ایسا نقطہ ہے جس سے زاویہ ارتفاع دیکھا گیا ہے ۔

تب و م = ۱۵۰ فٹ اور زاویہ م و ع = ۳۰°

اب چونکہ ع م و زاویہ قائمہ ہے ۔ اس لئے

$$\frac{\text{م ع}}{\text{و م}} = \text{مس م و ع} = \text{مس } ۳۰° = \frac{۱}{\sqrt{۳}} \quad (\text{دفعہ } ۳۸)$$

$$\therefore \text{م ع} = \frac{\text{و م}}{\sqrt{۳}} = \frac{۱۵۰}{\sqrt{۳}} = \frac{۱۵۰\sqrt{۳}}{۳} = ۵۰\sqrt{۳}$$

اور استخراج جذر سے $\sqrt{۳}$ = ۱٫۷۳۲۰۵.........

اس لئے م ع = ۵۰ × ۱٫۷۳۲۰۵....... فٹ

= ۸۶٫۶۰۲۵......... فٹ

مثال ۲۔ سطح افقی پر ایک گرجا کا مینار ہے اور ایک شخص اس کی بلندی دریافت کرنا چاہتا ہے ۔ سطح کے کسی مقام سے

اس نے مینار کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع ۴۵° مشاہدہ کیا اور ۱۰۰ فٹ برج کی سمت میں جانے پر زاویہ ارتفاع ۶۰° دیکھا۔ برج کی بلندی اور پائین برج سے اس کا ابتدائی فاصلہ دریافت کرو۔

فرض کرو کہ مینار کی چوٹی ع ہے اور ا اور ب دو مقامات ہیں جہاں سے زاویوں کے ارتفاع مشاہدہ کئے گئے ہیں۔ اب ممدود پر عمود ع م نکالو اور فرض کرو کہ م ع = لا

ہمیں معلوم ہے اب = ۱۰۰ فٹ

$$\angle \text{م ا ع} = ۴۵^\circ$$

اور $\angle \text{م ب ع} = ۶۰^\circ$

اس سے $\dfrac{\text{ام}}{\text{لا}} = \text{مم}\,۴۵^\circ$

اور $\dfrac{\text{ب م}}{\text{لا}} = \text{مم}\,۶۰^\circ = \dfrac{۱}{\sqrt{۳}}$

اس لئے ام = لا اور $\text{ب م} = \dfrac{\text{لا}}{\sqrt{۳}}$

$$\therefore ۱۰۰ = \text{ام} - \text{ب م} = \text{لا} - \frac{\text{لا}}{\sqrt{۳}} = \text{لا}\,\frac{\sqrt{۳}-۱}{\sqrt{۳}}$$

$$\therefore \text{لا} = \frac{۱۰۰\sqrt{۳}}{\sqrt{۳}-۱} = \frac{۱۰۰\sqrt{۳}(\sqrt{۳}+۱)}{۳-۱} = ۵۰(۳+\sqrt{۳})$$

$$= ۵۰(۳ + ۱٫۷۳۲۰۵\ldots) = ۲۳۶٫۶\ldots \text{ فٹ}$$

نیز ام = لا، اس سے معلوم ہوا کہ ہر دو مطلوبہ فاصلے ۲۳۶٫۶ ... فٹ ہیں

مثال ۳۔ ایک ۲۰۰ فٹ بلند پہاڑ کی چوٹی سے ایک برج کے نقطۂ اسفل اور راس کے انخفاضی زاویے °۶۰ اور °۳۰ مشاہدہ کئے گئے ہیں، برج کی بلندی دریافت کرو

فرض کرو کہ س د برج ہے۔

ا نقطۂ نگاہ اور ب ا پہاڑ کی بلندی۔

خطِ اُفقی ا ع کھینچو تب زاویہ ع ا س = °۳۰

اور زاویہ ع ا د = °۶۰

فرض کرو کہ برج کی بلندی لا فٹ ہے، د س کو اتنا خارج کرو کہ وہ ا ع کو نقطہ ع پر ملے یعنی س ع = ا ب ۔ لا = ۲۰۰ ۔ لا

اب چونکہ ∠ ا د ب = ∠ د ا ع = °۶۰ (اقلیدس م ش ۲۹)

$\therefore$ د ب = ا ب مم ا د ب = ۲۰۰ مم °۶۰ = $\frac{۲۰۰}{\sqrt{۳}}$

نیز $\frac{۲۰۰ - لا}{د ب} = \frac{س ع}{ع ا} =$ مس °۳۰ = $\frac{۱}{\sqrt{۳}}$

اس لئے ۲۰۰ ۔ لا = $\frac{د ب}{\sqrt{۳}} = \frac{۲۰۰}{۳}$

پس لا = ۲۰۰ ۔ $\frac{۲۰۰}{۳}$ = ۱۳۳ $\frac{۱}{۳}$

مثال ۴۔ ایک برج کی جانب جنوب میں کسی مقام سے ایک شخص نے برج کا زاویہ ارتفاع °۶۰ دیکھا اس کے بعد ایک سطحِ اُفقی پر وہ ۳۰۰ فٹ مغرب کی طرف گیا اور وہاں زاویہ ارتفاع °۳۰ پایا، برج کی بلندی اور برج سے اُس کا ابتدائی فاصلہ دریافت کرو۔

فرض کرو کہ ع برج کی چوٹی ہے اور ع م بلندی۔ نقطہ ا برج کے جنوب میں اور ب نقطہ ا کی جانب مغرب میں واقع ہے۔
زاوئے ع م ا، ع م ب، م ا ب سب قائمے ہیں۔ چونکہ مثلثات ع ا م، ع ب م، ا ب م سب مختلف سطحوں میں واقع ہیں اسلئے سہولت کی خاطر ان کو دوسری، تیسری، چوتھی شکلوں میں جداگانہ موافق ایک مناسب پیمانۂ واحد کے دکھایا گیا ہے۔
ہمیں معلوم ہے کہ ا ب = ۳۰۰ فٹ، اور زاویہ ع ا م = ۶۰°
اور زاویہ ع ب م = ۳۰°

فرض کرو کہ برج کی بلندی لا فٹ ہے۔

دوسری شکل سے $\frac{\text{ام}}{\text{لا}} = \text{مم}\ 90^\circ = \frac{1}{\sqrt{3}}$

یعنی $\text{ام} = \frac{\text{لا}}{\sqrt{3}}$

تیسری شکل سے $\frac{\text{بم}}{\text{لا}} = \text{مم}\ 30^\circ = \sqrt{3}$

یعنی $\text{بم} = \sqrt{3} \times \text{لا}$

آخری شکل سے $\text{بم}^2 = \text{ام}^2 + \text{اب}^2$

یعنی $3\ \text{لا}^2 = \frac{1}{3}\ \text{لا}^2 + 300^2$

$\therefore\ 8\ \text{لا}^2 = 3 \times 300^2$

$\therefore\ \text{لا} = \frac{300\sqrt{3}}{2\sqrt{2}} = 150\,\frac{\sqrt{6}}{2} = 75\sqrt{6}$

$= 75 \times 2{,}44949\ldots = 183{,}71\ldots$ فٹ

نیز اس شخص کا برج سے ابتدائی فاصلہ

$= \text{لا مم}\ 60^\circ = \frac{\text{لا}}{\sqrt{3}} = 75 \times \sqrt{2}$

$= 75 \times (1{,}4142\ldots\ldots) = 106{,}065\ldots\ldots$ فٹ

امثلہ نمبری ۸

ا۔ دریا کے ایک کنارے پر کھڑے ہو کر ایک شخص نے

مقابل کے کنارے پر ایک درخت کے محاذی زاویہ ۶۰° مشاہدہ کیا
کنارے سے ۴۰ فٹ پیچھے ہٹنے پر وہی زاویہ ۳۰° دیکھا، درخت کی
اونچائی اور دریا کی چوڑائی دریافت کرو۔

۲۔ کسی خاص مقام سے ایک برج کا زاویہ ارتفاع دیکھا تو
اس کا مماس التمام $\frac{3}{5}$ تھا، برج کی سیدھ میں ۳۲ فٹ جانے پر
پھر وہی زاویہ دیکھا تو اس کا مماس التمام $\frac{4}{5}$ تھا۔ برج کی بلندی
دریافت کرو۔

۳۔ مقام ا سے ایک برج کا زاویہ ارتفاع دیکھا گیا اس وقت
اس کا مماس $\frac{5}{12}$ تھا۔ برج کی طرف ۲۴۰ فٹ جانے پر زاویہ ارتفاع
دوبارہ دیکھا گیا تو اس کا مماس $\frac{3}{4}$ تھا۔ برج کی بلندی دریافت کرو۔

۴۔ ایک ایسے درخت کی بلندی دریافت کرو جبکہ اس کی
جڑ کی سیدھ میں ۱۰۰ فٹ ایک خط افقی پر جانے سے اس کی چوٹی
کا زاویہ ارتفاع ۳۰° سے ۴۵° ہو جائے۔

۵۔ ایک پہاڑ سطح سمندر سے ۲۰۰ فٹ اونچا ہے، اس کی
چوٹی سے کسی شخص نے دو جہازوں کے انخفاضی زاوئے بالترتیب ۴۵°
اور ۳۰° مشاہدہ کئے اگر جہازوں کو ملانے والا خط پہاڑ کے پائین میں سے
گذرے تو جہازوں کا باہمی فاصلہ دریافت کرو۔

۶۔ ایک چٹان کی چوٹی سے کسی شخص نے سمندر میں دو لنگروں
کے انخفاضی زاوئے ۳۹° اور ۲۶° مشاہدہ کئے۔ اگر لنگروں کا
درمیانی فاصلہ ۳۰۰ گز ہو اور ان کو ملانے والا خط چٹان کی جڑ
میں سے گزرے تو چٹان کی بلندی اور سب سے نزدیک لنگر کا فاصلہ

چٹان کے پایئن سے دریافت کرو ۔ معلوم ہے۔

مم ۲۶° = ۲٫۰۵۰۳ اور مم ۳۹° = ۱٫۲۳۴۹

۷۔ ایک درخت کے اوپر کا حصہ آندھی سے ٹوٹکر سطح زمین سے زاویہ ۳۰° بناتا ہے اور جڑ سے فاصلہ اُس نقطے کا جہاں درخت کی چوٹی زمین سے مس کرتی ہے ۵۰ فٹ ہے درخت کی بلندی دریافت کرو۔

۸۔ دو برجوں کے درمیان اُفقی فاصلہ ۶۰ فٹ ہے اور دوسرے برج کی چوٹی سے جو ۱۵۰ فٹ بلند ہے پہلے برج کی چوٹی کا زاویہ انخفاض ۳۰° مشاہدہ کیا گیا ہے، پہلے برج کی بلندی دریافت کرو۔

۹۔ ایک نامکمل برج کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع (۴۵°) ایک ایسے مقام سے مشاہدہ کیاگیاہے جو پایئن برج سے ۱۲۰ فٹ کے فاصلے پر ہے معلوم کرو کہ مینار اور کتنا اونچا کیا جائے کہ اس کا زاویہ ارتفاع اُسی مقام سے ۶۰° ہو۔

۱۰۔ ایک سڑک ۱۰۰ فٹ چوڑی ہے اور اس کے دونوں طرف دو ستون ہیں جن کی اونچائی ایک ہی ہے، ستونوں کے درمیان سڑک کے کسی نقطہ سے ان کی چوٹیوں کے ارتفاع ۶۰° اور ۳۰° مشاہدہ کئے گئے ہیں۔ ستونوں کی بلندی اور نقطہ کا مقام دریافت کرو۔

۱۱۔ ایک برج کے راس کا زاویہ ارتفاع ایک مقام سے ۶۰° دیکھا گیا۔ اُس سے ۴۰ فٹ اونچے مقام پر ارتفاع ۴۵° تھا، برج کی بلندی اور مشاہدہ کرنے والے مقامات سے اسکا اُفقی فاصلہ دریافت کرو۔

۱۲۔ دامنِ کوہ میں کسی مقام سے ایک پہاڑ کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع ۴۵°

دکھائی دیا جب ایک سطح مائل پر جو اُفق سے ۳۰° کا زاویہ بناتی تھی ایک میل اوپر چڑھے تو وہی زاویہ ارتفاع ۶۰° تھا۔ پہاڑ کی بلندی دریافت کرو۔

۱۳۔ اگر ایک لکڑی کا سایہ اُس کی بلندی کا $\frac{1}{\sqrt{3}}$ گنا ہو تو سورج کا زاویہ ارتفاع دریافت کرو۔

۱۴۔ سطح ہموار پر ایک بُرج ہے۔ جب سورج کا ارتفاع ۳۰° ہو تو بُرج کے سایہ کا طول بہ نسبت اُس صورت کے جبکہ ارتفاع ۴۵° ہو ۶۰ فٹ زیادہ ہوتا ہے ثابت کرو کہ بُرج کی بلندی ۳۰ $(1 + \sqrt{3})$ فٹ ہے۔

۱۵۔ تین مقامات ا، ب، ج سمندر کے سیدھے کنارے پر اس طرح واقع ہیں کہ اب = ب ج = ۲ میل، ایک جہاز کنارے کی عمودی سمت میں مقام ب کی طرف آرہا ہے اور راستہ کے کسی مقام پر طول اج کے محاذی جہاز پر زاویہ ۶۰° بنتا ہے اس کے بعد جہاز دس منٹ کے لئے اُس سمت میں اُسی رفتار سے جاتا ہے اور پھر اج کے محاذی زاویہ ۱۲۰° بنتا ہے۔ معلوم کرو کہ جہاز کس رفتار سے جارہا ہے۔

۱۶۔ دو علم سطح ہموار پر قائم ہیں، علموں کے درمیان اوران کے ملانے والے خط پر ا اور ب دو نقطے ہیں اگر ا سے علموں کے ارتفاعی زاوئے دیکھے جائیں تو وہ ۳۰° اور ۶۰° ہیں اور اگر ب سے دیکھے جائیں تو ۶۰° اور ۴۵° ہیں اگر اب کا طول ۳۰ فٹ ہو تو علموں کی بلندیاں اور ان کا باہمی فاصلہ دریافت کرو۔

۱۷۔ فرض کرو کہ سطح افقی پر ایک مینار ب س ہے، س اُسکا سر اور ب پائیں دو مقامات ا اور ب اُسی سطح میں لئے گئے ہیں، اب = ۳۲ فٹ

اور زاویہ پ اب = ۹۰° نیز یہ معلوم ہے کہ مم س اپ = ۳/۴ اور
مم س ب پ = ۳/۵ مینار کی بلندی دریافت کرو۔

۱۸۔ سطح ہموار پر ایک مربع برج ہے، سطح کے کسی مقام سے برج کے تین کونے دکھائی دیتے ہیں اور وہاں کھڑے ہوکر کونوں کے تین ارتفاعی زاویے ۴۵°، ۶۰°، ۴۵° مشاہدہ کئے گئے ہیں ثابت کرو کہ برج کے ارتفاع کو ہر ایک ضلع کے طول سے وہی نسبت ہے جو ۲√(۱+√۵) کو ۴ سے ہے۔

۱۹۔ ایک روشنی کے مینار کا رخ شمال کی طرف ہے اور اس سے روشنی کی شعاعیں قطاع دائرہ کی شکل میں اسمات شمال مشرق اور شمال مغرب کے درمیانی حصہ میں تبیع ہوتی ہیں۔ ایک جہاز مغرب کی طرف جارہا تھا اس پر ایک مسافر کو روشنی کی شعاعیں سب سے اول اس وقت دکھائی دیں جبکہ جہاز روشنی گھر سے ۵ میل کے فاصلے پر تھا اور وہ شعاعیں ۳۰ء۲۸ منٹ تک دکھائی دیتی رہیں جہاز کی رفتار دریافت کرو۔

۲۰۔ ایک دریا کے کنارے متوازی اور مستقیم ہیں ایک شخص نے ایک کنارے لا ما سے کسی مقام لا پر کھڑے ہوکر دیکھا کہ مقام لا اور مقابل کے کنارے پر کے مقام ے کو ملانے والا خط مستقیم لا ما سے زاویہ ۳۰° بناتا ہے اس کے بعد وہ دریا کے کنارے ۲۰۰ گز مقام ما تک چلا اور اس نے دیکھا کہ زاویہ ے ما لا = ۶۰° دریا کا عرض دریافت کرو۔

۲۱۔ ایک شخص شمال کی طرف جارہا تھا اس نے اپنے ٹھیک مشرق کی طرف ایک غبارہ کو شمال مغرب کی طرف جاتے دیکھا غبارہ کا ارتفاع اس وقت ۶۰° تھا جب وہ ۴۰۰ گز آگے چلا تو غبارہ عین اس کی سمت راس میں تھا اگر غبارہ کا ارتفاع اس اثناء میں یکساں رہا ہو تو اس کی بلندی دریافت کرو۔

باب چہارم

علم مثلث میں علامات جبریہ کا استعمال

۵۱۔ مثبت اور منفی زاویے۔ دفعہ ۸ میں جب ہمنے ایسے زاویوں کا ذکر کیا جن کی مقدار پر کم از قائمہ ہونے کی قید نہ تھی تو ہمنے یہ فرض کر لیا تھا کہ خط دائر ہمیشہ گھڑی کی سوئیوں کی مقابل سمت میں چکر لگاتا ہے جبکہ گھڑی کا رخ اوپر کی طرف ہو' اس سمت کو ہم **مقابل سمت ساعت** کہیں گے اور آیندہ جب کوئی خط دائر اس سمت میں حرکت کرے گا تو ہم اس کو یوں بیان کریں گے کہ یہ مثبت سمت میں چکر لگاتا ہے یا مثبت زاویہ مرتسم کرتا ہے۔

جب خط دائر سمت مذکورۂ بالا کے مخالف یعنی گھڑی کی سوئیوں کی سمت میں حرکت کرے تو اسے یوں بیان کرتے ہیں کہ یہ منفی سمت میں چکر لگاتا ہے اور منفی زاویہ مرتسم کرتا ہے۔

اس منفی سمت کو **موافق سمت ساعت** بھی کہتے ہیں۔

۵۲۔ فرض کرو کہ خط دائر مقام **و ا** سے شروع ہو کر چکر لگاتا ہوا مقام **و ع** پر پہنچتا ہے جو **و آ** اور **و ب** کے

اور زاویہ پ اب = ۹۰° نیز یہ معلوم ہے کہ م س اپ = ۱/۲ اور
م س ب پ = ۱/۵ ۔مینار کی بلندی دریافت کرو۔

۱۸۔ سطح ہموار پر ایک مربع برج ہے۔سطح کے کسی مقام سے برج کے سر کے تین کونے دکھائی دیتے ہیں اور وہاں کھڑے ہوکر کونوں کے تین ارتفاعی زاویے ۴۵°، ۶۰°، ۴۵° مشاہدہ کئے گئے ہیں۔ثابت کرو کہ برج کے ارتفاع کو ہر ایک ضلع کے طول سے وہی نسبت ہے جو $\sqrt{2}\left(\sqrt{5}+1\right)$ کو ۴ سے ہے۔

۱۹۔ ایک روشنی کے مینار کا رخ شمال کی طرف ہے اور اس سے روشنی کی شعاعیں قطاع دائرہ کی شکل میں اسمات شمال مشرق اور شمال مغرب کے درمیانی حصہ میں تسبع ہوتی ہیں۔ایک جہاز مغرب کی طرف جارہا تھا اُس پر ایک مسافر کو روشنی کی شعاعیں سب سے اول اُس وقت دکھائی دیں جبکہ جہاز روشنی گھر سے ۵ میل کے فاصلے پر تھا اور وہ شعاعیں ۳۰ $\frac{1}{2}$ منٹ تک دکھائی دیں۔جہاز کی رفتار دریافت کرو۔

۲۰۔ ایک دریا کے کنارے متوازی اور مستقیم ہیں ایک شخص نے ایک کنارے لاما کے کسی مقام لا پر کھڑے ہوکر دیکھا کہ مقام لا اور مقابل کے کنارے پر کے مقام ے کو ملانے والا خط مستقیم لاما سے زاویہ ۳۰° بناتا ہے۔اس کے بعد وہ دریا کے کنارے ۲۰۰ گز مقام ما تک چلا اور اس نے دیکھا کہ زاویہ ے ما لا = ۶۰°، دریا کا عرض دریافت کرو۔

۲۱۔ ایک شخص شمال کی طرف جارہا تھا اُس نے اپنے ٹھیک مشرق کی طرف ایک غبارہ کو شمال مغرب کی طرف جاتے دیکھا غبارہ کا ارتفاع اس وقت ۶۰° تھا جب وہ ۴۰۰ گز آگے چلا تو غبارہ عین اُس کی سمت راس میں تھا اگر غبارہ کا ارتفاع اس اثنا میں یکساں رہا ہو تو اُس کی بلندی دریافت کرو۔

باب چہارم

علم مثلث میں علامات جبریہ کا استعمال

۵۱۔ مثبت اور منفی زاویے۔ دفعہ ۸ میں جب ہمنے ایسے زاویوں کا ذکر کیا جن کی مقدار ۲ کم از قائمہ ہونے کی قید نہ تھی تو ہمنے یہ فرض کرلیا تھا کہ خط دائر ہمیشہ گھڑی کی سوئیوں کی مقابل سمت میں چکر لگاتا ہے جبکہ گھڑی کا رُخ اوپر کی طرف ہو' اس سمت کو ہم **مقابل سمت ساعت** کہیں گے اور آیندہ جب کوئی خط دائر اس سمت میں حرکت کرے گا تو ہم اس کو یوں بیان کریں گے کہ یہ مثبت سمت میں چکر لگاتا ہے یا مثبت زاویہ مرتسم کرتا ہے۔

جب خط دائر سمت مذکورۂ بالا کے مخالف یعنی گھڑی کی سوئیوں کی سمت میں حرکت کرے تو اسے یوں بیان کرتے ہیں کہ یہ منفی سمت میں چکر لگاتا ہے اور منفی زاویہ مرتسم کرتا ہے۔

اس منفی سمت کو **موافق سمت ساعت** بھی کہتے ہیں۔

۵۲۔ فرض کرو کہ خط دائر مقام **و ا** سے شروع ہوکر چکر لگاتا ہوا مقام **و ع** پر پہنچتا ہے جو **و ا** اور **و ب** کے

درمیان واقع ہے اور زاویہ اَو بَ کی تنصیف کرتا ہے اب اگر یہ مثبت سمت میں گھومکر اس مقام پر پہنچا ہو تو اس نے ایک مثبت زاویہ + ۲۲۵° مرتسم کیا ہے لیکن اگر اس کی گردش کی سمت منفی تھی تو اس نے ایک منفی زاویہ - ۱۳۵° اپنی حرکت سے پیدا کیا ہے۔

فرض کرو کہ ہمیں صرف یہی معلوم ہے کہ خط وائر مقام مذکورہ پر ہے۔ اب ممکن ہے کہ اس نے ایک، دو، تین،..... پورے چکر لگانے کے بعد ایک مثبت زاویہ + ۲۲۵° مرتسم کیا ہو یا ایک، دو، تین،...... پورے چکر منفی سمت میں لگانے کے بعد ایک منفی زاویہ - ۱۳۵° اپنی گردش سے پیدا کیا ہو۔

صورت اول میں یہ زاویہ مرتسمہ ۲۲۵° ہوگا یا ۳۶۰° + ۲۲۵°، یا ۲ × ۳۶۰° + ۲۲۵°، یا ۳ × ۳۶۰° + ۲۲۵°؛......

یعنی ۲۲۵°، یا ۵۸۵°، یا ۹۴۵°، یا ۱۳۰۵°؛......

صورت دوم میں زاویہ مرتسمہ - ۱۳۵° ہوگا یا - ۳۶۰° - ۱۳۵°؛.....

یا - ۲ × ۳۶۰° - ۱۳۵°، یا - ۳ × ۳۶۰° - ۱۳۵°؛........

یعنی - ۱۳۵° یا - ۴۹۵°، یا - ۸۵۵°، یا - ۱۲۱۵°؛...........

۵۲۔ مثبت اور منفی خطوط۔ اس سے پیشتر کہ ہم زاویہ قائمہ سے بڑے زاویوں کی مثلثی نسبتوں کی تعریفیں لکھیں یہ بیان کرنا ضروری ہوگا کہ مختلف سمتوں میں ناپے ہوئے خطوط کی عددی قیمتوں کے

ماقبل علامات جبریہ + اور − کے تصرف سے ہم ان میں کس طرح امتیاز کر سکتے ہیں۔

مثال۔ ایک شخص مقام ب سے جو مقام ا کے ۹ میل مشرق کی طرف واقع ہے روانہ ہوتا ہے اور ۳ میل فی گھنٹے کے حساب سے مغرب کی طرف جاتا ہے اس کا مقام ۵ گھنٹے کے بعد بلحاظ ا کے دریافت کرو۔

ا گھنٹہ کے بعد اس کا فاصلہ ا کے مشرق کی طرف ۹−۳ میل یعنی ۶ میل ہوگا
۲ " " " " ا " " " ۶−۳ میل یعنی ۳ میل ہوگا

ج		ا		ب

اب دونوں صورتوں میں ہم نے عدد ۳ کو میلوں کی اس تعداد سے تفریق کر دیا ہے بقدر جس کے وہ شخص ہر گھنٹے کے شروع میں ا کے مشرق کی طرف ہوتا ہے اگر اسی عمل کو جاری رکھیں تو ہمیں یہ نتیجے حاصل ہوں گے۔

۳ گھنٹوں کے بعد اس شخص کا فاصلہ ا کے مشرق کی طرف ۳−۳ یعنی صفر میل ہوگا
۴ " " " " " ۰−۳ یعنی −۳ میل ہوگا
۵ " " " " " −۳−۳ یعنی −۶ میل ہوگا

لیکن یہ ظاہر ہے کہ ۳ گھنٹے کی مسافت کے بعد وہ شخص مقام ا پر پہنچ جائے گا اور اگر وہ اپنے سفر کو دو گھنٹے اور جاری رکھے تو وہ مقام ج پر ہوگا جو ا کے ۶ میل مغرب کی طرف واقع ہے۔ اس سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ جملہ "ا سے −۶ میل مشرق

کی طرف" کا مطلب وہی ہے جو او سے ۶ میل مغرب کی طرف" کا ہے
اس قسم کی دلائل سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر ایک سمت میں ایک فاصلہ ا سے
تعبیر کیا جائے تو اس کی مخالف سمت میں اس کے مساوی فاصلہ - ا سے تعبیر ہوگا

و ص و ص و'

اگر و سے ایک فاصلہ وا ناپا جائے اور وا = ص تو ـص سے فاصلہ وا
تعبیر ہوگا جہاں اَ ایک ایسا نقطہ اَو ممدودہ پر ہے کہ اَو = وا

۵۴- ترتیب حروف کو ملحوظ رکھنے کی خاص ضرورت

ایک ہندسی خط کی سمت کو اُن حروف کی ترتیب سے تعبیر کرتے ہیں
جو اُسے نامزد کرنے میں استعمال کئے جائیں مثلاً اب سے ایک
ایسا خط تعبیر ہوتا ہے جو ا سے ب کی سمت میں ناپا گیا ہو
لیکن اگر یہی خط ب سے ا کی سمت میں ناپا گیا ہو تو ہم اسکو
ب ا کہیں گے نہ کہ اب۔
اگر ا اور ب دو مقامات ایک دوسرے سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر ہوں

ب ــــــ ا

تو اب سے وہ فاصلہ تعبیر ہوگا جو ایک شخص نے ا سے ب تک
چلنے میں طے کیا ہے اور ب ا سے وہ فاصلہ جو ب سے ا تک
چلنے میں طے ہوا ہے۔ اگر پہلے فاصلے کو ۱۲+ سے تعبیر کریں تو دوسرے
کو ۱۲- سے تعبیر کریں گے، اگر کوئی شخص ا سے ب تک چلے اور
پھر واپس ا پر آئے تو اُس کا کل فاصلہ طے کردہ ا سے صفر ہوگا

اور اس بیان کا طریق کتابت یہ ہے ۔

اب + ب ا = ۱۲ + (-۱۲) = ۰

۵۵- جب ایک خط دائر وع مقام ولا سے شروع ہوکر اپنی گردش سے مختلف زاوئے پیدا کرے تو ان زاویوں کی مثلثی نسبتوں کی تعریفات میں قوانین ذیل کا خیال رکھنا چاہئے ۔

جو خطوط ولا پر یا اس کے متوازی ناپے جائیں ان کو ہمیشہ مثبت خیال کرنا چاہیئے اگر وہ سمت والا میں کھینچے جائیں ۔ اور منفی اگر سمتِ مخالف ولاَ میں کھینچے جائیں ۔

اب فرض کرو کہ ولا کو وما زاویہ قائمہ پر قطع کرتا ہے تو وہ سب خطوط جو ولا پر عمود ہوں مثبت کہلائیں گے اگر وہ سمت وما میں کھینچے گئے ہوں اور منفی اگر وہ سمت مخالف وماَ میں کھینچے گئے ہوں ۔

شکل کھینچنے میں یاد رہے کہ ولا کا رُخ دائیں طرف متوازی الافق ہے اور وما سمت راس میں اوپر کی طرف ہے ۔

فاصلوں کے مثبت اور منفی ہونیکے قوانین کو ذیل کی صورت میں یاد رکھنا آسان ہوگا۔
اُفقی فاصلے جو وما کے دائیں طرف کو ناپے جائیں مثبت ہوتے ہیں
" " " " بائیں " " " منفی "
عمودی فاصلے جو وا سے اوپر کی طرف کو ناپے جائیں مثبت ہوتے ہیں
" " " " نیچے " " " منفی "
مثلاً اوپر کی شکل میں اُفقی خطوط وم، ن ع، نَ س سب مثبت ہیں
اور ومَ، ن ق، نَ ر سب منفی ہیں۔
اسی طرح سے عمودی خطوط ون، م ع، مَ ق سب مثبت
ہیں اور ونَ، م س، مَ ر سب منفی ہیں۔

۵۶ - کسی مقدار کے زاویوں کی مثلثی نسبتیں

فرض کرو کہ خط ابتدائی
وا مثبت سمت میں کھینچا گیا ہے
اور واَ کی سمت وا کے
مقابل ہے۔
فرض کرو کہ ب وبَ
خط وا سے زاویہ قائمہ بناتا ہے
اور اس کی مثبت سمت وب ہے
فرض کرو کہ خط دائر وع مقام وا سے شروع ہوکر کسی سمت
(مثبت یا منفی) میں چکر لگاتا ہے اور اپنی گردش سے کوئی زاویہ
پیدا کرتا ہے جس کی مقدار پر کوئی قید نہیں ہے خط دائر پر کسی

نقطہ ع سے او اَ پر عمود ع م نکالو۔

(اوپر کی شکل میں چکر لگانے والے خط کے چار مقامات دکھلائے گئے ہیں ہر ایک ربع میں ایک مقام ہے اور امتیاز کی خاطر اعداد موخرہ ۱، ۲، ۳، ۴ حرف ع سے منسلک کر دیئے گئے ہیں)

پس جب زاویوں کی مقدار پر کم از قائمہ ہونے کی قید نہ ہو تو مثلثی نسبتوں کی تعریفات کسی مقدار کے زاویوں کے لئے مفصلہ ذیل ہوں گی اور یاد رہے کہ زاویہ حادّہ کی صورت میں جو تعریفات ہمنے مثلثی نسبتوں کی دفعہ ۲۵ میں دی ہیں وہ بالکل وہی ہیں جو ہم اب لکھتے ہیں۔

$\frac{\text{م ع}}{\text{و ع}}$ کو زاویہ او ع کی جیب کہتے ہیں

$\frac{\text{و م}}{\text{و ع}}$ ،، ،، ،، جیب التمام ،،

$\frac{\text{م ع}}{\text{و م}}$ ،، ،، ،، کا مماس ،،

$\frac{\text{و م}}{\text{م ع}}$ ،، ،، ،، مماس التمام ،،

$\frac{\text{و ع}}{\text{و م}}$ ،، ،، ،، قاطع ،،

$\frac{\text{و ع}}{\text{م ع}}$ ،، ،، ،، قاطع التمام ،،

مقادیر ۱ ۔ جم او ع اور ۱ ۔ جب او ع کو زاویہ او ع کا بالترتیب سہم (یا جیب معکوس) اور سہم التمام کہتے ہیں۔

۵۷۔ بعینہٖ اس عمل سے جو دفعہ ۲۹ میں ہوا ہم ثابت کرسکتے ہیں کہ زاویہ ا و ع (= ط) کی تمام قیمتوں کے لئے

جب^2 ط + جم^2 ط = ۱

$\frac{\text{جب ط}}{\text{جم ط}}$ = مس ط

قط^2 ط = ۱ + مس^2 ط

اور　قم^2 ط = ۱ + مم^2 ط

۵۸۔ مثلثی نسبتوں کی علامات

ربع اول۔ فرض کرو کہ خط دائر ربع اول میں ہے جیسے و ع، چکر لگانے والے خط کو ہمیشہ مثبت خیال کرو۔
اس صورت میں و م$_1$ اور م$_1$ ع$_1$ دونوں مثبت ہیں جس سے معلوم ہوا کہ مثلثی نسبتیں سب مثبت ہیں۔

ربع دوم۔ فرض کرو کہ خطِ دائر و ع$_2$ ربع دوم میں ہے۔
اس صورت میں م$_2$ ع$_2$ مثبت ہے اور و م$_2$ منفی۔
چونکہ جیب زاویہ دو مثبت مقادیر کی باہمی نسبت کے برابر ہے اس لئے وہ مثبت ہے، چونکہ جیب التمام ایک ایسی نسبت کے برابر ہے جس کا شمار کنندہ منفی ہے اور نسب نما مثبت، اس لئے وہ منفی ہے۔
مماس زاویہ ایک ایسی نسبت کے برابر ہے جس کا شمار کنندہ

مثبت ہے اور نسبت نما منفی اس لئے وہ منفی ہے۔
مماس التمام منفی ہے
قاطع التمام مثبت ہے
قاطع زاویہ منفی ہے

ربع سوم۔ فرض کرو کہ خط دائر ربع سوم میں ہے جیسے و ع۳
اس صورت میں م۳ ع۳ اور و م۳ دونوں منفی ہیں۔
جیب زاویہ منفی ہے
جیب التمام منفی ہے
مماس زاویہ مثبت ہے
مماس التمام مثبت ہے
قاطع التمام منفی ہے
قاطع زاویہ منفی ہے

ربع چہارم۔ فرض کرو کہ چکر لگانے والا خط و ع۴ ربع چہارم میں ہے تب م۴ ع۴ منفی ہوگا اور و م۴ مثبت اس لئے
جیب زاویہ منفی ہے
جیب التمام مثبت ہے
مماس زاویہ منفی ہے
مماس التمام منفی ہے
قاطع التمام منفی ہے
قاطع زاویہ مثبت ہے

جدول ذیل میں مثلثی نسبتوں کی علامات اُن تمام صورتوں میں

مندرج ہیں جب خط دائر کسی ایک ربع میں واقع ہو اور کسی زاویہ مجزوہ کا ایک طرف سے احاطہ کرے۔

ب

جب +	جب +
جم −	جم +
مس −	مس +
مم −	مم +
قم +	قم +
قط −	قط +

اَ ـــــ و ـــــ ا

جب −	جب −
جم −	جم +
مس +	مس −
مم +	مم −
قم −	قم −
قط −	قط +

بَ

۵۹ـ جب زاویہ ۰° سے ۳۶۰° تک بڑھے تو اس کی ہر ایک ثلثی نسبت کی مقدار اور علامت کے تغیرات کی تحقیق کرو۔

فرض کرو کہ چکر لگانے والے خط وع کا مستقل طول ا ہے،

جب یہ وا پر منطبق ہوتا ہے تو طول وم، برابر ا کے ہوتا ہے

یہ و ب پر منطبق ہوتا ہے تو نقطہ م۱ نقطہ و پر منطبق ہوتا
ہے۔ و م۱ صفر ہوتا ہے، نیز جب خط دائر و ا سے و ب
ت کرتا ہے تو طول و م۱ کی قیمت ا سے صفر تک گھٹتی ہے
ط دائر دوسرے ربع میں
ے و اَ تک حرکت
، تو طول و م۲ منفی ہوتا ہے
ا صفر سے ا تک بڑھتا ہے
روئے الجبرا صفر سے -ا
ا ہے)
ربع میں طول و م۳ ازروئے الجبرا -ا سے صفر تک بڑھتا
چوتھے ربع میں طول و م۴ صفر سے ا تک بڑھتا ہے۔
ں میں طول م۱ع۱ صفر سے ا تک بڑھتا ہے، م۲ع۲
م میں ا سے صفر تک گھٹتا ہے، ربع سوم میں م۳ع۳
، الجبرا صفر سے -ا تک گھٹتا ہے اور ربع چہارم میں م۴ع۴
، الجبرا -ا سے صفر تک بڑھتا ہے۔
، جیب۔ ربع اول میں جب زاویہ ۰° سے ۹۰° تک
ہے تو اس کی جیب (م۱ع۱/ا) متواتر ۰/ا سے ا/ا تک
فر سے ا تک بڑھتی ہے۔
ے ربع میں جب زاویہ ۹۰° سے ۱۸۰° تک بڑھتا ہے تو
جیب ا/ا سے ۰/ا تک یعنی ا سے صفر تک گھٹتی ہے۔

ربع سوم میں جب زاویہ ۱۸۰° سے ۲۷۰° تک بڑھتا ہے تو اس کی جیب ۰/وا سے -ا/وا تک یعنی صفر سے -۱ تک گھٹتی ہے۔

ربع چہارم میں جب زاویہ ۲۷۰° سے ۳۶۰° تک بڑھتا ہے تو اس کی جیب -ا/وا سے ۰/وا تک یعنی -۱ سے صفر تک گھٹتی ہے۔

۶۱۔ جیب التمام۔ ربع اول میں جیب التمام وم/وا کے برابر ہے اور ا/وا سے ۰/وا یعنی ۱ سے صفر تک گھٹتی ہے۔

ربع دوم میں یہ ۰/وا سے -ا/وا یعنی صفر سے -۱ تک گھٹتی ہے

ربع سوم میں یہ -ا/وا سے ۰/وا تک یعنی -۱ سے صفر تک بڑھتی ہے

ربع چہارم میں یہ ۰/وا سے ا/وا تک یعنی صفر سے ۱ تک بڑھتی ہے

۶۲۔ مماس ربع اول میں ما عا متواتر صفر سے ا تک بڑھتا ہے اور وما متواتر ا سے صفر تک گھٹتا ہے پس نسبت ما عا/وما متواتر بڑھتی ہے (کیونکہ اس کا شمار کنندہ متواتر بڑھتا ہے اور نسب نما متواتر گھٹتا ہے)

جب وا پر وعا منطبق ہوتا ہے تو مماس صفر ہوتا ہے اور جب خط وائر ایک ایسے زاویئے میں گھوم چکتا ہے جو قائمہ سے ذرا کم ہو یعنی جب وعا تقریباً وب پر منطبق ہوتا ہے تو اُس وقت ما عا تقریباً ا کے برابر ہوتا ہے اور طول وما نہایت چھوٹا ہوتا ہے، اُس وقت نسبت ما عا/وما کی قیمت نہایت زیادہ

ہوتی ہے اور وم جتنا قریب وب کے آتا جاتا ہے اُتنا ہی اس نسبت کی مقدار بڑھتی جاتی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ خط دائر کو وب کے کافی قریب لانے سے ہم مماس زاویہ کو جتنا چاہیں بڑا بنا سکتے ہیں، اس کو اس طرح بھی بیان کرتے ہیں کہ جب زاویہ ۹۰ ہوتا ہے تو اس کا مماس غیر متناہی ہوتا ہے۔

مقدار غیر متناہی کو تعبیر کرنے کے لئے رمز ∞ استعمال کرتے ہیں۔ پس ربع اول میں مماس صفر سے ∞ تک بڑھتا ہے۔

دوسرے ربع میں جب خط دائر ایک ایسا زاویہ مرتسم کرتا ہے جو قائمہ سے ذرا زیادہ ہو تو اس وقت م۲ع۲ تقریباً ا کے برابر ہوتا ہے اور وم۲ منفی اور نہایت چھوٹا ہوتا ہے یعنی اُس وقت مماس زاویہ ایک منفی، غیر متناہی مقدار کے برابر ہوتا ہے۔

نیز جب خط دائر وب سے وا تک حرکت کرتا ہے تو م۲ع۲ مقدار میں ا سے صفر تک گھٹتا ہے اور وم۲ منفی ہوتا ہے اور صفر سے ۔ا تک گھٹتا ہے پس جب چکر لگانے والا خط وا پر منطبق ہوتا ہے تو مماس زاویہ صفر کے برابر ہوتا ہے۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ ربع دوم میں مماس ۔ ∞ سے صفر تک بڑھتا ہے۔

تیسرے ربع میں م۳ع۳ اور وم۳ دونوں منفی ہوتے ہیں اس لئے ان کی نسبت مثبت ہوتی ہے، نیز جب خط دائر وب پر منطبق ہوتا ہے تو مماس غیر متناہی ہوتا ہے ۔ اس لئے ثابت ہوا کہ ربع سوم میں مماس صفر سے ∞ تک بڑھتا ہے۔

چوتھے ربع میں م ہ ع ہ منفی ہوتا ہے اور و م ہ مثبت اور ان کی نسبت منفی ہوتی ہے، نیز جب خط دائر مقام و ب پر سے ہوکر گذرتا ہے تو مماس زاویہ کی قیمت +∞ سے -∞ تک بدلتی ہے (جیسا اوپر ہمنے مقام و ب پر دیکھا) پس معلوم ہوا کہ ربع چہارم میں مماس -∞ سے صفر تک بڑھتا ہے۔

۶۴۔ مماس التمام۔ جب خط دائر و ا پر منطبق ہوتا ہے تو اُس وقت م ا ع ا نہایت چھوٹا اور و م تقریباً ا کے برابر ہوتا ہے پس مماس التمام (یعنی نسبت $\frac{\text{و م ا}}{\text{م ا ع ا}}$) ابتدا میں ہی غیر متناہی ہوتا ہے اور جب خط دائر و ا سے و ب تک گردش کرتا ہے تو م ا ع ا مقدار میں صفر سے ا تک بڑھتا ہے اور و م کی قیمت ا سے صفر تک گھٹتی ہے، لہذا ربع اول میں مماس التمام ∞ سے صفر تک گھٹتا ہے۔

دوسرے ربع میں م ۲ ع ۲ مثبت ہوتا ہے اور و م ۲ منفی، پس معلوم ہوا کہ مماس التمام صفر سے $\frac{+1}{-}$ تک یعنی صفر سے -∞ تک گھٹتا ہے۔

تیسرے ربع میں مماس التمام مثبت ہوتا ہے اور ∞ سے صفر تک گھٹتا ہے (کیونکہ جب خط دائر مقام و اَ پر سے ہوکر گزرتا ہے تو مماس التمام کی قیمت -∞ سے +∞ تک بدلتی ہے)

ربع چہارم میں مماس التمام منفی ہوتا ہے اور صفر سے -∞ تک گھٹتا ہے۔

۶۵۔ قاطع۔ جب خط دائر و ا پر منطبق ہوتا ہے تو اُس وقت

وم کی قیمت ا ہوتی ہے اس لئے قاطع زاویہ کی قیمت بھی ایک ہوتی ہے۔

جب خط دائر وا سے وب تک گردش کرتا ہے تو وم مقدار میں ا سے صفر تک گھٹتا ہے اور جب چکر لگانے والا خط وب پر منطبق ہوتا ہے تو قاطع زاویہ کی قیمت ۱/۰ یعنی ∞ ہوتی ہے پس معلوم ہوا کہ ربع اول میں قاطع زاویہ ا سے ∞ تک بڑھتا ہے

ربع دوم میں وم منفی ہوتا ہے اور مقدار میں صفر سے -ا تک گھٹتا ہے اس لئے اس ربع میں قاطع زاویہ -∞ سے -ا تک بڑھتا ہے (کیونکہ جب خط دائر مقام وب پر سے ہو کر گزرتا ہے تو مقدار وم کی علامت بدل جاتی ہے اور اس لئے قاطع زاویہ کی قیمت میں تغیر +∞ سے -∞ تک ہوتا ہے)

ربع سوم میں وم ہمیشہ منفی ہوتا ہے اور -ا سے صفر تک بڑھتا ہے اس لئے قاطع -ا سے -∞ تک گھٹتا ہے۔

ربع چہارم میں وم ہمیشہ مثبت ہوتا ہے اور صفر سے ا تک بڑھتا ہے اس لئے اس ربع میں قاطع الزاویہ ∞ سے +ا تک گھٹتا ہے۔

۶۵ - قاطع التمام - اس کے تغیرات کی تحقیق بھی اسی طرح ہو سکتی ہے جیسے قاطع الزاویہ کے تغیرات کی ہوئی۔

ربع اول میں قاطع التمام ∞ سے +ا تک گھٹتا ہے

ربع دوم میں یہ +ا سے +∞ تک بڑھتا ہے

ربع سوم میں یہ -∞ سے -ا تک بڑھتا ہے

ربع چہارم میں یہ -۱ سے -∞ تک گھٹتا ہے

۶۶ - اوپر کے سب نتائج جدول ذیل میں جمع کئے گئے ہیں۔

ربع اول میں	ب ربع دوم میں
جیب ۰ سے ۱ تک بڑھتی ہے	جیب ۱ سے ۰ تک گھٹتی ہے
جیب التمام ۱ سے ۰ تک گھٹتی ہے	جیب التمام ۰ سے -۱ تک گھٹتی ہے
مماس ۰ سے ∞ تک بڑھتا ہے	مماس -∞ سے ۰ تک بڑھتا ہے
مماس التمام ∞ سے ۰ تک گھٹتا ہے	مماس التمام ۰ سے -∞ تک گھٹتا ہے
قاطع ۱ سے ∞ تک بڑھتا ہے	قاطع -∞ سے -۱ تک بڑھتا ہے
قاطع التمام ∞ سے ۱ تک گھٹتا ہے	قاطع التمام ۱ سے ∞ تک گھٹتا ہے

ا و ا

ربع چہارم	ربع سوم
جیب -۱ سے ۰ تک بڑھتی ہے	جیب ۰ سے -۱ تک گھٹتی ہے
جیب التمام ۰ سے ۱ تک بڑھتی ہے	جیب التمام -۱ سے ۰ تک بڑھتی ہے
مماس -∞ سے ۰ تک بڑھتا ہے	مماس ۰ سے ∞ تک بڑھتا ہے
مماس التمام ۰ سے -∞ تک گھٹتا ہے	مماس التمام ∞ سے ۰ تک گھٹتا ہے
قاطع ∞ سے ۱ تک گھٹتا ہے	قاطع -۱ سے -∞ تک گھٹتا ہے
قاطع التمام -۱ سے -∞ تک گھٹتا ہے	قاطع التمام -∞ سے -۱ تک بڑھتا ہے

۶۷ - مثلثی جملوں کے ادوار

جب کوئی زاویہ صفر سے ۳۶۰ قق تک بڑھتا ہے یعنی جب خط دائر ایک پورا چکر لگاتا ہے تو زاویہ کی جیب پہلے صفر سے ۱ تک

بڑھتی ہے پھر ا سے ۔ا تک گھٹتی ہے اور اخیر میں ۔ا سے صفر تک بڑھتی ہے اور اس طرح سے پیشتر اس کے کہ جیب اپنی اصلی قیمت پھر اختیار کرے اس کے سب تغیرات ظہور میں آتے ہیں ۔

اسی طرح سے جب زاویہ ۲ق سے ۴ق تک بڑھتا ہے تو جیب کی قیمت میں وہی تغیرات ظہور پذیر ہوتے ہیں ۔

نیز جب دو زاویوں کا تفاوت ۴ قائموں کے برابر ہوتا ہے تو ان کی جیبیں باہم مساوی ہوتی ہیں، اس کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ جیب **کا** دور ۲ق ہے

اسی طرح سے جب کوئی زاویہ بقدر ۲ق کے بڑھتا ہے تو اس کی جیب، قاطع اور قاطع التمام کی قیمتوں کے سب تغیرات ایک دفعہ ضرور تکرار پاتے ہیں ۔

لیکن مماس زاویہ کی صورت میں جب زاویہ صفر سے ق تک بڑھتا ہے یعنی جب خط دائرہ دو قائموں میں حرکت کرتا ہے تو اس کے سب تغیرات ایک مرتبہ وقوع میں آتے ہیں اور مماس التمام کی بھی یہی کیفیت ہے ۔

پس معلوم ہوا کہ جیب ، جیب التمام ، قاطع اور قاطع التمام کا دور ۲ق ہے اور مماس اور مماس التمام کا صرف ق ہے

جب کوئی زاویہ بڑھتا ہے تو اس کے مثلثی جملوں کی قیمتیں بار بار تکرار پاتی ہیں اس لئے ان کو **جملات** دوریہ یا جملات مدورہ کہتے ہیں ۔

۶۸ ۔ مثلثی نسبتوں کے تغیرات بذریعۂ اشکال اور خطوط

منحنی اس طرح تعبیر ہو سکتے ہیں۔

جیب کی ترسیم

فرض کرو کہ و لا اور و ما دو خطوط ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتے ہیں اور زاویوں کی مقداریں اُن طولوں سے تعبیر ہوتی ہیں جو زاویوں کے متناسب و لا پر ناپے جائیں۔ نیز فرض کرو کہ

نقاط م۱، م۲، م۳...... خط و لا پر اس طرح واقع ہیں

کہ و م۱ = م۱م۲ = م۲م۳ = ...

اب اگر و م۱ سے ایک قائمہ تعبیر ہو تو و م۲، و م۳، و م۴...... سے دو، تین، چار...... قائمے تعبیر ہوں گے۔

نیز اگر ع کوئی نقطہ و لا پر ہو تو و ع سے ایک ایسا زاویہ تعبیر ہوگا جس کی نسبت ایک قائمہ سے وہی ہوگی جو و ع کی و م۱ سے ہے۔

(مثلاً اگر و ع = $\frac{1}{3}$ و م۱ تو و ع ایک زاویہ قائمہ کے $\frac{1}{3}$ کو تعبیر کریگا اور اگر ع نقطہ تنصیف م۳م۴ کا ہو تو و ع سے $3\frac{1}{2}$ قائمے تعبیر ہوں گے)

وم۱ کو اس طرح منتخب کرو کہ طول کی ایک اکائی ایک زاویہ نیمقطری کو تعبیر کرے۔ اب چونکہ وم۲ سے دو قائمے یعنی π نیمقطری زاوئے تعبیر ہوتے ہیں اس لئے طول وم۲ سے طول کی π اکائیاں یعنی تقریباً $3\frac{1}{7}$ اکائیاں تعبیر ہوں گی۔
اسی طریقے سے منفی زاوئے و کی منفی جانب میں طولوں وم۱′، وم۲′… سے تعبیر ہوں گے۔
ہر ایک نقطہ (ع) پر کا عمود ع ق اُس زاویے کی جیب کے متناسب بناؤ جو وع سے تعبیر ہوتا ہے اگر جیب مثبت ہو تو یہ عمود مثبت سمت میں وما کے متوازی ہوگا اور اگر جیب منفی ہو تو یہ منفی سمت میں ہوگا۔
(مثلاً چونکہ وم۱ ایک قائمہ کو تعبیر کرتا ہے جس کی جیب ۱ ہے اسلئے ہم عمود م۱ب۱ کو طول کی ایک اکائی کے برابر لیں گے، چونکہ وم۲ سے دو قائمے تعبیر ہوتے ہیں اور ان کی جیب صفر ہے اس لئے اس نقطہ پر عمود کا طول صفر ہوگا، چونکہ وم۳ تین قائموں کی مقدار کے متناسب ہے اور ان کی جیب -۱ ہے اس لئے م۳ پر کے عمود کا طول -۱ ہوگا یعنی م۳ب۳ خط ولا کے نیچے کی طرف کھینچا جائے گا اور اس کا طول ایک ہوگا۔ اگر وع، وم۱ کی ایک تہائی کے برابر ہو تو یہ $\frac{1}{3}$ قائمہ یعنی ۳۰° کو تعبیر کرے گا اور اس کی جیب $\frac{1}{2}$ ہوگی پس اس صورت میں ہم نقطہ ع پر ایک عمود ع ق قائم کریں گے جس کا طول پیمانۂ واحد کے طول کا نصف ہوگا)
ان سب خطوط کے سرے ایک خط منحنی پر واقع ہوں گے

جس کی شکل مندرجۂ بالا منحنی کی سی ہوگی۔

پوری شکل کھینچنے سے معلوم ہوگا کہ خط منحنی کے وہ ام ب ہ م
جیسے اور کئی حصے ہیں اور اس کا یہ مطلب ہے کہ جب کوئی
زاویہ بقدر ۲ π کے بڑھتا ہے تو اس کی جیب کی وہی قیمتیں
تکرار پاتی ہیں۔

۶۹ — جیب التمام کی ترسیم

جیب التمام کی ترسیم بھی اُسی طرح سے حاصل ہوتی ہے جیسی
جیب کی، صرف فرق یہ ہے کہ جیب التمام کی صورت میں عمود
ع ق سے اُس زاویہ کی جیب التمام تعبیر ہوتی ہے جو طول
و ع سے تعبیر ہوتا ہے۔

اگر شکل دفعہ ۶۸ میں نقطہ و حرکت کرکے م پر آجائے
اور وما کا مقام م ب ا سے بدل دیا جائے تو جیب التمام کا خط منحنی
جیب کے بالکل متماثل ہوگا۔

۷۰ — مماس کی ترسیم

چونکہ زاویہ قائمہ کا مماس غیر متناہی ہوتا ہے اور طول و م
ایک قائمہ کو تعبیر کرتا ہے اس لئے جو عمود نقطہ م پر قائم ہوگا

اس کا طول غیر متناہی ہوگا اور مماس کا منحنی م ل کو غیر متناہی فاصلے پر ملے گا۔

اگر زاویہ ایک قائمے سے ذرا زیادہ ہو تو اس کا مماس منفی اور غیر متناہی ہوگا اسلئے خط ل م ل کے عین دائیں طرف مماس کا منحنی ایک ایسے مقام سے شروع ہوگا جو ولا کے نیچے بے انتہا فاصلے پر واقع ہو۔

مماس کی ترسیم میں صریحاً بیشمار متماثل اور متوازی حصے شامل ہیں اور ان میں سے ہر ایک حصہ باقی سب سے الگ ہے۔ اس قسم کے خط منحنی کو غیر تسلسل کہتے ہیں، برخلاف اس کے جیب اور جیب التمام ہر دو کے منحنی متسلسل ہیں۔

۷۱ — مماس التمام کی ترسیم

اگر مماس التمام کا خط منحنی کھینچا جائے تو وہ وما کو و کے

اوپر غیر متناہی فاصلے پر ملے گا، یہ خط نقطہ م میں سے گذرے گا اور نقطہ م۲ پر جو عمود ہوگا اس کو و لا کی منفی جانب میں غیر متناہی فاصلے پر مس کرے گا، اس کے بعد م کے عین دائیں طرف یہ خط نقطہ م۲ کے اوپر ایک غیر متناہی فاصلے سے شروع ہوگا اور پہلے حصے کی طرح م۳ میں سے گذرے گا اور م۴ پر کے عمود کو و لا کے نیچے غیر متناہی فاصلے پر مس کرے گا وغیرہ وغیرہ۔

مماس التمام کا منحنی غیر متسلسل ہوگا اور اس کے بیشمار حصے ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ ترتیب دیئے ہوئے ہوں گے۔

۴۷ — قاطع التمام کی ترسیم

جب زاویہ صفر ہوتا ہے تو اس کی جیب صفر ہوتی ہے اور اس لئے اس کا قاطع التمام غیر متناہی ہوتا ہے لہذا منحنی و ما کو غیر متناہی فاصلے پر ملتا ہے۔

جب زاویہ ایک قائمہ کے برابر ہوتا ہے تو اس کا قاطع التمام ایک ہوتا ہے اور اس لئے عمود م ب۱ کا طول ایک ہوتا ہے۔

جب زاویہ دو قائموں کے برابر ہوتا ہے تو اس کا قاطع التمام غیر متناہی ہوتا ہے یعنی م پر جو عمود ہو اس کو خط منحنی غیر متناہی فاصلے پر ملتا ہے۔

نیز جب زاویہ دو قائموں سے ذرا کم ہوتا ہے تو اس کا قاطع التمام $+\infty$ ہوتا ہے اور جب زاویہ دو قائموں سے ذرا زیادہ ہوتا ہے تو اس وقت قاطع التمام $-\infty$ ہوتا ہے یعنی جب زاویہ کی قیمت دو قائمے میں سے ہو کر گذرتی ہے تو دفعتہً قاطع الزاویہ کی قیمت $+\infty$ سے $-\infty$ ہو جاتی ہے پس معلوم ہوا کہ م۲ کے عین دائیں طرف خط منحنی و لا کے نیچے غیر متناہی فاصلے سے شروع ہوتا ہے۔

۴۷ ۔ قاطع الزاویہ کی ترسیم

اگر قاطع الزاویہ کا منحنی اسی طرح مرتسم کیا جائے تو اس کی شکل بالکل وہی ہوگی جو قاطع التمام کے منحنی کی ہے صرف وما کو حرکت دیگر م ب۱ پر لے آنا چاہیئے۔

امثلہ متفرقہ نمبری (۹)

۱۔ کسی مثلث کے ایک زاویے میں فرانسیسی درجوں کی تعداد اتنی ہے جتنی کہ دوسرے زاویے میں انگریزی درجوں کی تعداد ہے، اور تیسرے زاویے میں اتنے فرانسیسی ثانئے ہیں جتنے کہ باقی دو کے مجموعہ میں انگریزی

ثانئے ہیں تو ہر ایک زاویے میں نیم قطری زاویوں کی تعداد دریافت کرو۔

۲۔ کسی دائرے کی ۲ فٹ قوس کے محاذی جو مرکزی زاویہ بنتا ہے اس میں انگریزی درجوں، دقیقوں اور ثانیوں کی تعداد دریافت کرو، حالانکہ نصف قطر ۵ فٹ ہے۔

۳۔ ثابت کرو کہ نیم قطری زاویوں کو ثانیوں میں تبدیل کرنے کے لئے ۲۰۶۲۶۵ سے ضرب دینی چاہئے اور ثانیوں کو نیم قطری زاویوں میں منتقل کرنے کے لئے مضروب فیہ ۰۰۰۰۰۴۸۰ ہونا چاہئے۔

۴۔ اگر $\text{جب}\ \text{ط} = \frac{\text{ل}^2 - \text{م}^2}{\text{ل}^2 + \text{م}^2}$ تو جم ط اور مم ط کی قیمتیں دریافت کرو۔

۵۔ اگر $\text{جب}\ \text{ط} = \frac{\text{م}^2 + 2\text{م}\text{ن}}{\text{م}^2 + 2\text{م}\text{ن} + 2\text{ن}^2}$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{مس}\ \text{ط} = \frac{\text{م}^2 + 2\text{م}\text{ن}}{2\text{م}\text{ن} + 2\text{ن}^2}$$

۶۔ اگر $\text{جم}\ \text{ط} - \text{جب}\ \text{ط} = \sqrt{2}\ \text{جب}\ \text{ط}$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\ \text{ط} + \text{جب}\ \text{ط} = \sqrt{2}\ \text{جم}\ \text{ط}$$

۷۔ ثابت کرو کہ $\text{قم}^4\text{ع} - \text{مم}^4\text{ع} = 2\ \text{قم}^2\text{ع}\ \text{مم}^2\text{ع} + 1$

۸۔ $2\ \text{قط}^2\text{ا} - \text{قط}^4\text{ا} - 2\ \text{قم}^2\text{ا} + \text{قم}^4\text{ا}$ کو مس ا کی رقوم میں بیان کرو۔

۹۔ مساوات $3\ \text{قم}^2\ \text{ط} = 2\ \text{قط}\ \text{ط}$ کو حل کرو۔

۱۰۔ ایک شخص کسی ٹیلے پر کھڑا ہو کر ایک کشتی کا زاویہ انخفاض 30° مشاہدہ کرتا ہے، کشتی کنارے کے اس مقام کی طرف آرہی ہے جو عین

اُس شخص کے پاؤں کے نیچے ہے، تین منٹ کے بعد کشتی کا زاویہ انخفاض ۴۰° ہوجاتا ہے، معلوم کرو کہ کتنی دیر میں کشتی کنارے پہ آلگے گی۔

۱۱ — ثابت کرو کہ اگر لا حقیقی ہو تو مساوات جب ط = لا + $\frac{۱}{لا}$ ناممکن ہے۔

۱۲ — ثابت کرو کہ مساوات قا^{۲}ط = $\frac{۴ لا ما}{(لا + ما)^{۲}}$ صرف اُسی صورت میں ممکن ہے جبکہ لا = ما

باب پنجم

کسی مقدار اور علامت کے زاویونکی مثلثی نسبتیں

(پہلی مرتبہ اس مضمون کا مطالعہ کرتے وقت طالب علم کو چاہیے
کہ دفعات ۷۴، ۷۵، ۷۶، اور ۷۸ کی چار چار شکلوں میں سے صرف
پہلی شکلوں پر ہی توجہ محدود رکھے)

۷۴ — ایک زاویہ (— ط) کی مثلثی نسبتیں ط کی تمام قیمتوں
کے لئے ط کی رقوم میں دریافت کرو۔

ع　ط　و　م　ا　ع　ع　ع　م　ا

ع　ط　و　م　ا　ع　ط　و　م　ا　ع

فرض کرو کہ خط دائر مقام و ا سے شروع ہوکر چکر لگاتا ہوا مقام و ع پر پہنچتا ہے اور اس طرح سے زاویہ ط مرتسم کرتا ہے۔
و ا یا و ا ممدودہ پر عمود ع م نکالو اور اس کو عَ تک اتنا نکالو کرو کہ ع م اور م عَ باہم برابر ہوں۔
مثلث م و ع اور م و عَ میں اضلاع و م اور م ع، اضلاع و م اور م عَ کے بالترتیب برابر ہیں اور ان کے درمیانی زاویے و م ع اور و م عَ قائمے ہیں اس لئے (بحکم اقلیدس م ا ش ۴)
زاوئے م و ع اور م و عَ برابر ہیں اور و ع، و عَ کے مساوی ہے۔
ان چاروں شکلوں میں زاویہ ا و ع کی مقدار (اگر زاوئے کو گھڑی کی سوئیوں کی مقابل سمت میں ناپا جائے) زاویہ ا و عَ کی مقدار کے برابر ہے (اگر اس زاوئے کو گھڑی کی سوئیوں کی موافق سمت میں ناپا جائے)
نیز م ع اور م عَ مقدار میں مساوی اور علامت میں مختلف ہیں اسلئے

$$\text{جب}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{م عَ}}{\text{و عَ}} = \frac{-\text{م ع}}{\text{و ع}} = -\,\text{جب ط}$$

$$\text{جم}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{و م}}{\text{و عَ}} = \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \text{جم ط}$$

$$\text{مس}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{م عَ}}{\text{و م}} = \frac{-\text{م ع}}{\text{و م}} = -\,\text{مس ط}$$

$$\text{مم}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{و م}}{\text{م عَ}} = \frac{\text{و م}}{-\text{م ع}} = -\,\text{مم ط}$$

$$\text{قم}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{و عَ}}{\text{م عَ}} = \frac{\text{و ع}}{-\text{م ع}} = -\,\text{قم ط}$$

$$\text{قط}\,(-\text{ط}) = \frac{\text{و عَ}}{\text{و م}} = \frac{\text{و ع}}{\text{و م}} = \text{قط ط}$$

[اس دفعہ میں اور آگے کی دفعات میں شکل کا حوالہ دینے کے بغیر پہلی دو مثلثی نسبتوں کی مدد سے آخری چار مثلثی نسبتیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

مثلاً مس (- طہ) = جب(- طہ) / جم (- طہ) = - جب طہ / جم طہ = - مس طہ

مم (- طہ) = جم(- طہ) / جب(- طہ) = جم طہ / - جب طہ = - مم طہ

قم (- طہ) = ۱ / جب (- طہ) = ۱ / - جب طہ = - قم طہ

اور قط (- طہ) = ۱ / جم (- طہ) = ۱ / جم طہ = قط طہ]

مثال　جب (- ۳۰°) = - جب ۳۰° = - ½

مس (- ۶۰°) = - مس ۶۰° = - √۳

جم (- ۴۵°) = جم ۴۵° = ۱ / √۲

۵۷۔ طہ کی تمام قیمتوں کے لئے زاویہ (۹۰ - طہ) کی مثلثی نسبتوں کو طہ کی رقوم میں دریافت کرو۔

دفعہ ۴۴ میں جہاں زاویہ، قائمہ سے کم تھا ان ارتباطات پر ایک دفعہ بحث ہو چکی ہے۔ فرض کرو کہ خط دائر مقام و ا سے شروع ہو کر زاویہ ا و ع مرتسم کرتا ہے جہاں ا و ع = طہ

زاویہ ۹۰ - طہ حاصل کرنے کے لئے فرض کرو کہ خط دائر ابتدا میں ب تک حرکت کرتا ہے اور اس کے بعد ب سے سمت مخالف میں بقدر زاویہ طہ کے اُلٹا پھرتا ہے اور اُس وقت

اس کا مقام وعؔ ہوتا ہے۔
اوعؔ زاویہ مطلوبہ ۹۰ - ط ہے۔
وعؔ کو وع کے مساوی بناؤ اور عمود عؔمؔ اور ع م خط ابتدائی
و ا یا او ممدودہ پر نکالو، نیز وب یا ب و ممدودہ پر عمود
عؔنؔ کھینچو۔
ہر ایک شکل میں از روئے عمل زاوئے اوع اور ب وعؔ
تعداداً برابر ہیں۔

زاویہ م وع = ∠ نؔ وعؔ = ∠ وعؔ مؔ
چونکہ ہر ایک شکل میں ونؔ اور مؔعؔ متوازی ہیں
لہذا مثلث م وع اور مؔعؔو ہر طرح سے مساوی ہیں
اور اس لئے وم = مؔعؔ تعداداً
اور وم ؔ = م ع تعداداً

نیز ہر ایک شکل میں وم اور مَ عَ متحد العلامت ہیں اور نیز مع اور وَمَ کی علامت ایک ہی ہے۔

یعنی وم = + مَعَ اور وَمَ = + مع

اسلئے جب (۹۰ − ط) = جب ا و عَ = مَعَ / وعَ = وم / وع = جم ط

جم (۹۰ − ط) = جم ا و عَ = وَمَ / وعَ = مع / وع = جب ط

مس (۹۰ − ط) = مس ا و عَ = مَعَ / وَمَ = وم / مع = مم ط

مم (۹۰ − ط) = مم ا و عَ = وَمَ / مَعَ = مع / وم = مس ط

قط (۹۰ − ط) = قط ا و عَ = وعَ / وَمَ = وع / مع = قم ط

قم (۹۰ − ط) = قم ا و عَ = وعَ / مَعَ = وع / وم = قط ط

۶۷ — زاویہ (۹۰ + ط) کی مثلثی نسبتوں کو ط کی تمام قیمتوں کے لئے ط کی رقوم میں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ خط دائر و ا سے شروع ہوکر زاویہ ط مرتسم کرتا ہے اور اس وقت اس کا مقام و ع ہوتا ہے یعنی زاویہ ا و ع = ط

فرض کرو کہ اس کے بعد خط دائر و ع سے مقام و عَ تک ایک زاویہ قائمہ میں حرکت کرتا ہے یعنی فرض کرو کہ زاویہ

ا و عَ = (۹۰° + ط)

و عَ کو و ع کے مساوی قطع کرو اور ع م اور عَ مَ عمود ا و یا ا و ممدودہ پر نکالو، ہر ایک شکل میں چونکہ ع و عَ قائمہ ہے اس لئے زاویوں م و ع اور عَ و مَ کا مجموعہ ایک قائمہ کے برابر ہے۔

اس لئے زاویہ م و ع = ۹۰° - ∠ عَ و مَ = ∠ و عَ مَ

لہذا مثلث م و ع اور مَ عَ و ہر طرح سے باہم مساوی ہیں۔

اس لئے و م اور مَ عَ تعداداً مساوی ہیں، اسی طرح سے م ع اور و مَ تعداداً مساوی ہیں

ہر ایک شکل میں و م اور مَ عَ متحد العلامت ہیں لیکن م ع اور و مَ کی علامتیں مختلف ہیں یعنی

مَ عَ = + و م اور و مَ = - م ع

اس لئے

جب (۹۰° + ط) = جب ا و عَ = مَ عَ / و عَ = و م / و ع = جم ط

جم (۹۰° + ط) = جم ا و عَ = و مَ / و عَ = -م ع / و ع = جب ط

مس (۹۰° + ط) = مس ا و عَ = مَ عَ / و مَ = و م / -م ع = -مم ط

مم (۹۰° + طہ) = مم اوعَ = وم / مَعَ = -مع / وم = -مس طہ

قط (۹۰° + طہ) = قط اوعَ = وعَ / ومَ = وع / -مع = -قم طہ

اور قم (۹۰° + طہ) = قم اوعَ = وعَ / مَعَ = وع / وم = قط طہ

امثلہ جب ۱۵۰° = جب (۹۰° + ۶۰°) = جم ۶۰° = ۱/۲

جم ۱۳۵° = جم (۹۰° + ۴۵°) = -جب ۴۵° = -۱/√۲

مس ۱۲۰° = مس (۹۰° + ۳۰°) = -مم ۳۰° = -√۳

۷۷ - زاویاتِ تکملہ

جب دو زاویوں کا مجموعہ دو قائموں کے برابر ہو تو اُن میں سے ہر ایک کو دوسرے کا تکمِل یا تکملہ کہتے ہیں مثلاً کسی زاویہ طہ کا تکملہ ۱۸۰° - طہ ہے۔

امثلہ ۳۰° کا تکملہ = ۱۸۰° - ۳۰° = ۱۵۰°

۱۲۰° کا تکملہ = ۱۸۰° - ۱۲۰° = ۶۰°

۲۷۵° کا تکملہ = ۱۸۰° - ۲۷۵° = -۹۵°

-۱۲۶° کا تکملہ = ۱۸۰° - (-۱۲۶°) = ۳۰۶°

-۳۱۰° کا تکملہ = ۱۸۰° - (-۳۱۰°) = ۴۹۰°

۷۸ - زاویہ (۱۸۰° - طہ) کی مثلثی نسبتیں طہ کی تمام قیمتوں کے لئے طہ کی رقوم میں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ خط دائر مقام وا سے شروع ہوکر زاویہ ا و ع (= ط)
م کرتا ہے۔
یہ ۱۸۰ - ط حاصل کرنے کے لئے فرض کرو کہ خط دائر وا سے
وع ہوکر دو قائمے مرتسم کرتا ہے اور مقام واَ پر پہنچتا ہے اسکے بعد
ت مخالف میں بقدر زاویہ ط کے حرکت کرکے مقام وعَ پر
ہے اور اس طرح سے ایک ایسا زاویہ اَ و عَ مرتسم کرتا ہے
مقدار میں زاویہ ا و ع کے مساوی لیکن علامت میں اس سے
ف ہوتا ہے۔
ہر ہے کہ زاویہ ا و عَ = ۱۸۰ - ط
عَ کو وع کے برابر قطع کرو اور ا وا َ پر عَ مَ اور ع م عمود نکالو
ئے م وع اور مَ و عَ برابر ہیں اور اس لئے مثلث م وع
مَ و عَ ہر طرح سے مساوی ہیں لہٰذا وم اور ومَ مقدار میں

برابر ہیں اور نیز م ع اور مَ عَ بھی باہم مساوی ہیں۔
پر ایک شکل میں وم اور ومَ مختلف سمتوں میں کھینچے گئے ہیں لیکن م ع اور مَ عَ ایک ہی سمت میں کھینچے گئے ہیں۔ یعنی

ومَ = ــ وم اور مَ عَ = + م ع
اس لئے

جب (۱۸۰ ـ ط) = جب ا و عَ = مَ عَ / و عَ = م ع / و ع = جب ط

جم (۱۸۰ ـ ط) = جم ا و عَ = و مَ / و عَ = ــ و م / و ع = ــ جم ط

مس (۱۸۰ ـ ط) = مس ا و عَ = مَ عَ / و مَ = م ع / ــ و م = ــ مس ط

مم (۱۸۰ ـ ط) = مم ا و عَ = و مَ / مَ عَ = ــ و م / م ع = ــ مم ط

قط (۱۸۰ ـ ط) = قط ا و عَ = و عَ / و مَ = و ع / ــ و م = ــ قط ط

قم (۱۸۰ ـ ط) = قم ا و عَ = و عَ / مَ عَ = و ع / م ع = قم ط

امثلہ جب ۱۲۰ = جب (۱۸۰ ـ ۶۰) = جب ۶۰ = $\frac{\sqrt{3}}{2}$

جم ۱۳۵ = جم (۱۸۰ ـ ۴۵) = ــ جم ۴۵ = ــ $\frac{1}{\sqrt{2}}$

مس ۱۵۰ = مس (۱۸۰ ـ ۳۰) = ــ مس ۳۰ = ــ $\frac{1}{\sqrt{3}}$

۷۹ ـــ ط کی تمام قیمتوں کے لئے زاویہ (۱۸۰ + ط) کی مثلثی نسبتیں ط کی رقوم میں دریافت کرو۔

ارتباطات مطلوبہ دفعہ گذشتہ کے موافق بذریعہ اشکال ہندسیہ

حاصل ہو سکتے ہیں، اس مسئلہ کی اشکال کھینچنے میں دقت ہو گی طالبعلم کے لئے وہ برائے مشق چھوڑ دی گئی ہیں۔

نیز تعلقات مذکورہ کا استنباط نتائج دفعہ ۷۶ سے بھی ہو سکتا ہے جو زاویہ کی کسی مقدار کے لئے صحیح ثابت کئے گئے ہیں مثلاً فرض کرو کہ ۹۰° + ط = ب

اس لئے جب (۱۸۰° + ط) = جب (۹۰° + ب) = جم ب (دفعہ ۷۶)

= جم (۹۰° + ط) = − جب ط (دفعہ ۷۶)

اور جم (۱۸۰° + ط) = جم (۹۰° + ب) = − جب ب (دفعہ ۷۶)

= − جب (۹۰° + ط) = − جم ط (دفعہ ۷۶)

نیز مس (۱۸۰° + ط) = مس (۹۰° + ب) = − تم ب

= − تم (۹۰° + ط) = مس ط

اور اسی طرح سے　تم (۱۸۰° + ط) = تم ط

قط (۱۸۰° + ط) = − قط ط

قم (۱۸۰° + ط) = − قم ط

۸۰ — ط کی تمام قیمتوں کے لئے زاویہ (۳۶۰° + ط) کی مثلثی نسبتیں ط کی رقوم میں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ خط دائر کوئی زاویہ ط مرتسم کرنے کے بعد کسی خاص مقام پر واقع ہے، اب اگر یہ مثبت سمت میں ایک پورا چکر لگا لے یعنی زاویہ ۳۶۰° + ط مرتسم کرے تو اس کے مقام میں کوئی فرق نہیں آئے گا، خط دائر بعینہٖ اُسی مقام پر ہو گا جہاں پہلے تھا۔

معلوم ہوا کہ زاویہ ۳۶۰° + ط کی مثلثی نسبتیں وہی ہوتی ہیں جو

زاویہ ط کی ہیں۔

اور اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کسی زاویہ پر ۳۶۰° یا ۳۶۰° کا کوئی ضعف زیادہ کرنے یا مقدار زاویہ سے ۳۶۰° یا اس کا کوئی ضعف کم کرنے سے اس کی شلثی نسبتوں میں کچھ فرق نہیں آتا۔

۸۱ — اس باب کے مسائل سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ بڑے سے بڑے زاویے کی شلثی نسبتوں کی تحویل ایک ایسے زاوئے کی شلثی نسبتوں میں ہوسکتی ہے جو ۰ اور ۴۵° کے درمیان واقع ہو۔

مثلاً جب ۱۶۶۵° = جب (۴ × ۳۶۰° + ۲۲۵°) = جب ۲۲۵° (دفعہ ۸۰)

= جب (۱۸۰° + ۴۵°) = − جب ۴۵° (دفعہ ۷۹)

= − جب (۱۸۰° − ۳۵°) = − جب ۳۵° (دفعہ ۷۸)

سس ۱۱۹۰° = سس (۳ × ۳۶۰° + ۱۱۰°) = سس ۱۱۰° (دفعہ ۸۰)

= سس (۹۰° + ۲۰°) = − مم ۲۰° (دفعہ ۷۶)

اور قم (− ۱۴۶۵°) = − قم ۱۴۶۵° (دفعہ ۷۴)

= − قم (۴ × ۳۶۰° + ۲۵°) = − قم ۲۵° (دفعہ ۸۰)

اسی طرح سے اور زاویوں کی تحویل ہوسکتی ہے، سب سے اول زاویہ مجوزہ سے ۳۶۰° کے اضعاف تفریق کرتے جاؤ جبتک کہ زاویہ ۰ اور ۳۶۰° کے درمیان نہ آجائے، اب اگر یہ ۱۸۰° سے بڑا ہو تو اس میں سے ۱۸۰° منفی کرو، اس کے بعد اگر یہ ۹۰° سے بڑا ہو تو ضوابط دفعہ ۷۶ کو استعمال کرو اور آخرالامر اگر ضرورت ہو تو ضابطہ دفعہ ۷۵ کی مدد لو۔

۸۲ — قائمہ سے بڑے چند مشہور زاویوں کی صورت میں جدول دفعہ ۴۵ کی توسیع اس طرح ہوسکتی ہے۔

زاویہ	0°	30°	45°	60°	90°	120°	135°	150°	180°
جیب	0	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	1	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{1}{2}$	0
جیب التمام	1	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{1}{2}$	0	$-\frac{1}{2}$	$-\frac{1}{\sqrt{2}}$	$-\frac{\sqrt{3}}{2}$	-1
مماس	0	$\frac{1}{\sqrt{3}}$	1	$\sqrt{3}$	∞	$-\sqrt{3}$	-1	$-\frac{1}{\sqrt{3}}$	0
مماس التمام	∞	$\sqrt{3}$	1	$\frac{1}{\sqrt{3}}$	0	$-\frac{1}{\sqrt{3}}$	-1	$-\sqrt{3}$	∞
قاطع التمام	∞	2	$\sqrt{2}$	$\frac{2}{\sqrt{3}}$	1	$\frac{2}{\sqrt{3}}$	$\sqrt{2}$	2	∞
قاطع الزاویہ	1	$\frac{2}{\sqrt{3}}$	$\sqrt{2}$	2	∞	-2	$-\sqrt{2}$	$-\frac{2}{\sqrt{3}}$	-1

امثلہ نمبری (١٠)

ثابت کرو کہ

١- جب ٤٢٠° جم ٣٩٠° + جم (-٣٠٠°) جب (-٣٣٠°) = ١

٢- جم ٥٧٠° جب ٥١٠° - جب ٣٣٠° جم ٣٩٠° = ٠

٣- مس ٢٢٥° مم ٤٠٥° + مس ٧٦٥° مم ٦٧٥° = ٠

اگر ا کی قیمتیں مفصلہ ذیل ہوں تو جم ا - جب ا اور مس ا + مم ا کی قیمتیں دریافت کرو۔

٤- $\frac{\pi}{3}$　　٥- $\frac{2\pi}{3}$　　٦- $\frac{5\pi}{4}$

٧- $\frac{7\pi}{4}$　　٨- $\frac{11\pi}{3}$

ا کی قیمتیں دریافت کرو جو ٠° اور ٣٦٠° کے درمیان ہوں جبکہ

٩- جب ا = $\frac{1}{\sqrt{2}}$　　١٠- جم ا = $-\frac{1}{2}$

١١- مس ا = -١　　١٢- تم ا = $-\sqrt{3}$

١٣- قط ا = $-\frac{2}{\sqrt{3}}$　　١٤- قم ا = -٢

مقادیر ذیل کو ایک ایسے مثبت زاویہ کی مثلثی نسبتوں کی رقوم میں بیان کرو جو ٤٥° سے کم ہو۔

١٥- جب (-٦٥°)　　١٦- جم (-٩٤°)

١٧- مس ١٣٧°　　١٨- جب ١٦١°

١٩- جم ٢٨٧°　　٢٠- مس (-٢٤٣٦°)

۲۱- جب ۸۴۳° ۲۲- جم (-۹۲۸°)

۲۳- سس ۱۱۴۵° ۲۴- جم ۱۴۱۰°

۲۵- مم (-۱۰۵۴°) ۲۶- قط ۳۲۷°

۲۷- تم (-۷۵۶°)

ا کی مفصلہ ذیل قیمتوں کے لئے جب ا + جم ا کی علامات دریافت کرو

۲۸- ۱۴۰° ۲۹- ۷۷۸° ۳۰- -۳۵۶° ۳۱- -۱۱۲۵°

ا کی مفصلہ ذیل قیمتوں کے لئے جب ا - جم ا کی علامات دریافت کرو۔

۳۲- ۲۱۵° ۳۳- ۸۲۵° ۳۴- -۲۳۳° ۳۵- +۴۵۷°

۳۶- اُن سب زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام دریافت کرو جو پہلے چار ربعوں میں واقع ہوں اور جن کے مماس، جم ۱۳۵° کے برابر ہوں۔

ثابت کرو کہ

۳۷- جب (۲۷۰° + ا) = - جم ا اور سس (۲۷۰° + ا) = - مم ا

۳۸- جم (۲۷۰° - ا) = - جب ا اور مم (۲۷۰° - ا) = سس ا

۳۹- جم ا + جب (۲۷۰° + ا) - جب (۲۷۰° - ا) + جم (۱۸۰° + ا) = ۰

۴۰- قط (۲۷۰° - ا) قط (۹۰° - ا) - سس (۲۷۰° - ا) سس (۹۰° + ا) + ۱ = ۰

۴۱- مم ا + سس (۱۸۰° + ا) + سس (۹۰° + ا) + سس (۳۶۰° - ا) = ۰

باب ششم

جملات عامہ اُن سب زاویوں کے لئے جو ایک مقررہ مثلثی نسبت رکھتے ہوں

۸۳- ایک چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ بناؤ جس کی جیب ایک کسر واجب اَ کے برابر ہو۔

فرض کرو کہ وا خط ابتدائی ہے اور وب مثبت سمت میں وا پر عمود ہے، وب پر فاصلہ ون برابر اَ کے ناپو۔ [اگر اَ منفی ہو تو نقطہ ن، ب و ممدودہ پر واقع ہوگا۔]

نقطہ ن سے ن ع متوازی وا کے کھینچو اور و کو مرکز مان کر ایک ایسا دائرہ کھینچو جس کا نصف قطر ایک ہو اور جو خط ن ع کو نقطہ ع پر ملے تب اوع زاویہ مطلوبہ ہوگا۔

وا پر عمود ع م نکالو پس

$$\text{جب اوع} = \frac{\text{م ع}}{\text{و ع}} = \frac{\text{و ن}}{\text{و ع}} = \frac{\text{اَ}}{\text{۱}} = \text{اَ}$$

زاویہ اوع کی جیب مقدار معلومہ کے برابر ہے اسلئے اوع

زاویہ مطلوبہ ہے

۸۴ - ایک چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ بناؤ جسکی جیب التمام ایک کسر واجب ب کے برابر ہو

خط ابتدائی پر ایک فاصلہ وم برابر ب کے قطع کرو اور وا پر عمود م ع نکالو [اگر ب منفی ہو تو م نقطہ و کی دوسری طرف او ممدودہ پر واقع ہوگا]

و کو مرکز مان کر ایک ایسا دائرہ کھینچو جس کا نصف قطر ایک ہو اور جو م ع کو نقطہ ع پر ملے۔

ا و ع زاویہ مطلوبہ ہے کیونکہ

$$\text{جم ا و ع} = \frac{\text{و م}}{\text{و ع}} = \frac{\text{ب}}{\text{۱}} = \text{ب}$$

۸۵ - ایک چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ بناؤ جس کا مماس ج کے برابر ہو۔

خط ابتدائی پر وم برابر ایک کے لو اور نقطہ م پر ایک عمود م ع برابر ج کے قائم کرو۔ تب

$$\text{مس ا و ع} = \frac{\text{م ع}}{\text{و م}} = \text{ج}$$

پس ا و ع زاویہ مطلوبہ ہے

۸۶ - دفعہ ۵۶ کی تعریفات سے ظاہر ہے کہ جب کوئی

زاویہ معلوم ہو تو اس کی جیب بھی معلوم ہوسکتی ہے مگر اس کا عکس درست نہیں ہے کیونکہ ایک سے زیادہ زاویئے ایسے ہوتے ہیں جن کی ایک ہی جیب ہو مثلاً ذیل کے سب زاویوں کی جیب ½ کے برابر ہے۔

۳۰°، ۱۵۰°، ۳۹۰°، ۲۱۰-°، ......

اس سے ظاہر ہے کہ جب کسی زاویہ کی جیب دی ہوئی ہو تو زاویہ کی مقدار صحیح طور پر معلوم نہیں ہوسکتی، صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ زاویوں کی تعداد کثیر میں سے کوئی ایک زاویہ مطلوبہ زاویہ ہے۔

جب کسی زاویئے کی جیب التمام، مماس یا اور مثلثی نسبتیں معلوم ہوں تو اسی قسم کے بیانات صادق آتے ہیں۔

پس معلوم ہوا کہ اگر کسی زاویئے کی کوئی ایک مثلثی نسبت دی ہوئی ہو تو مقدار زاویہ بغیر اشتباہ کے معلوم نہیں ہوسکتی

۸۷۔ فرض کرو کہ خط دائر وع خط ابتدائی وا پر منطبق ہوتا ہے اس سے ہمیں صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ خط دائر نے مثبت یا منفی سمت میں ۰ یا ۱ یا ۲ یا ۳، ..... چکر لگائے ہیں۔

لیکن جب خط دائر ایک چکر لگاتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ ۲π نیمقطری زاویوں کے برابر ہوتا ہے، اس لئے جب خط دائر خط ابتدائی وا پر منطبق ہوتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ مثبت یا منفی سمت میں ۲π کا ۰ یا ۱ یا ۲ یا ۳، ... گنا ہوتا ہے یعنی، یا ۲π± ، یا ۴π± ، یا ۶π± ..... ہوتا ہے

اس کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ جب خط دائر خط ابتدائی پر منطبق ہوتا ہے تو اس کا زاویہ مرتسمہ ۲ ن π ہوتا ہے جہاں ن مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔

۸۸۔ مسئلہ ان سب زاویوں کے لئے جن کی ایک ہی جیب ہو ایک جملہ عامہ دریافت کرو۔

فرض کرو کہ زاویہ اوع (= عہ) کی جیب معلوم ہے۔

وا پر عمود ع م نکالو اور م و کو مَ اتنا خارج کرو کہ وم َ برابر وم کے ہو اور مَ عَ کو متوازی اور مساوی م ع کے بناؤ۔

بموجب دفعہ ۸۷ زاویہ اوعَ = π - عہ

جب خط دائر مقام وع یا وعَ پر (اور صرف انہی دو مقامات پر) ہوتا ہے تو اس کے زاویہ مرتسمہ کی جیب، جیب معلومہ کے برابر ہوتی ہے۔

جب خط دائر مقام وع پر ہو تو ظاہر ہے کہ اس نے چند پورے چکر لگانے کے بعد زاویہ عہ مرتسم کیا ہے یعنی بموجب دفعہ گزشتہ اسنے زاویہ

$$۲ ر \pi + عہ \quad \ldots\ldots\ldots \quad (۱)$$

مرتسم کیا ہے جہاں ر صفر یا کسی مثبت یا منفی صحیح عدد کے برابر ہوسکتی ہے۔

خط دائرہ مقاوم واقع ہوتا ہے... ظاہر ہے کہ اس نے ایک
زاویہ ۲ ل π + ا و ع یعنی ایک زاویہ ۲ ل π + π − عہ

یعنی (۲ ل + ۱) π − عہ .... (۲)

مرتسم کیا ہے جہاں ل صفر یا کسی مثبت یا منفی صحیح عدد کے برابر ہو سکتی ہے۔

اوپر کے سب زاوئے جملہ

ن π + (−۱)ⁿ ا .... (۳)

میں شامل ہیں جہاں ن صفر یا مثبت یا منفی صحیح عدد کے برابر ہو سکتا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر ن = ۲ ل تو (−۱)^۲ل = +۱ اور جملہ (۳) میں ن کی یہ قیمت مندرج کرنے سے ۲ ل π + عہ حاصل ہوتا ہے اور یہ بعینہ جملہ (۱) ہے

نیز اگر ن = ۲ ل + ۱ تو (−۱)^(۲ل+۱) = −۱ اور جملہ (۳) میں ن کی یہ قیمت رکھنے سے (۲ ل + ۱) π − عہ حاصل ہوتا ہے اور یہ بعینہ جملہ (۲) ہے

نتیجہ صریح۔ اب چونکہ قاطع التمام جیب کا مکافی ہے اسلئے جن زاویوں کی جیوب باہم برابر ہوں اُن کے قاطع التمام بھی برابر ہونگے اور اس لئے جملہ (۳) میں وہ سب زاویے شامل ہیں جن کا قاطع التمام وہی ہو جو عہ کا ہے۔

۸۹ ـ مسئلہ۔ ان سب زاویوں کے لئے جن کی ایک ہی جیب التمام ہو ایک جملہ عامہ دریافت کرو

فرض کرو کہ زاویہ ا و ع کی جیب التمام مقدار معلومہ کے برابر ہے

ناویہ کو عہ سے تعبیر کرو۔
نود ع م نکالو اور اس کو ع َ تک
نا خارج کرو کہ م عَ = ع م
ب خط دائر مقام وع یا وعَ (اور
انہی دو مقامات) پر ہوتا ہے تب
مرتسمہ کی جیب التمام جیب التمام معلومہ کے برابر ہوتی ہے دیکھو دفعہ ۸۴
جب خط دائر مقام وع پر ہو تو اس وقت اس نے چند پورے
انے کے بعد ایک زاویہ عہ مرتسم کیا ہے یعنی اس وقت
نے ایک زاویہ ۲ ن π + عہ مرتسم کیا ہے جہاں ن صفر یا
مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔
جب خط دائر مقام وعَ پر ہو تو اس نے چند پورے چکر لگانے
بعد زاویہ -عہ مرتسم کیا ہے یعنی ایک زاویہ ۲ ن π - عہ مرتسم
ہے۔
اور یہ سب زاویئے جملہ

۲ ن π ± عہ ....(۱)

شامل ہیں جہاں ن صفر یا کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔
بصر تیح۔ جملہ (۱) میں وہ سب زاویے شامل ہیں جن کا قاطع
ہے جو عہ کا ہے۔
ــہ مسئلہ۔ اُن سب زاویوں کے لئے جن کا ایک ہی
س ہو ایک جملہ عامہ دریافت کرو۔
فرض کرو کہ کوئی زاویہ اوع = عہ اور اس کا ماس، ماس معلوم کے

برابر ہے ع و کو عَ تک خارج
کرو اور وعَ کو وع کے برابر بناؤ
ومَ پر عمود عَ مَ نکالو
بموجب دفعہ ۹۷ مماس زاویہ اوع
مماس زاویہ اوعَ کے مساوی ہے
نیز زاویہ اوعَ = ۲۱ + عہ
جب خط دائر مقام وع پر ہو تو ظاہر ہے کہ اس نے چند پورے چکر
لگانے کے بعد زاویہ عہ مرتسم کیا ہے۔
یعنی اس نے زاویہ

۲ ل ۲۱ + عہ ....(۱)

مرتسم کیا ہے جہاں ل صفر یا کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے
جب خط دائر مقام وعَ پر ہو تو اس نے زاویہ ۲ل۲۱ + (۲۱ + عہ)

یعنی زاویہ (۲ ل + ۱) ۲۱ + عہ ....(۲)

مرتسم کیا ہے۔
اوپر کے تمام زاویے جملہ

ن ۲۱ + عہ ....(۳)

میں شامل ہیں جہاں ن صفر یا کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔
اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب ن جفت ہو (یعنی = ۲ ل) تو جملہ
(۳) سے وہی زاویے حاصل ہوتے ہیں جو جملہ (۱) میں شامل
ہیں۔
نیز جب ن طاق ہو: یعنی = ۲ ل + ۱) تو

جملہ (۳) سے وہ سب زاویئے حاصل ہوتے ہیں جو (۲) میں شامل تھے۔
نتیجہ صریح - جملہ (۳) میں وہ سب زاویئے شامل ہیں جنکا ماس اتمام وہی ہو جو عہ کا ہے۔

۹۱ - دفعات ۸۸، ۸۹ اور ۹۰ میں زاویہ عہ کوئی زاویہ ہے جو شرائط معلومہ کو پورا کرتا ہے، مگر عملی مثالوں میں بالعموم بہتر ہوگا کہ عہ چھوٹے سے چھوٹا وہ مثبت زاویہ منتخب کیا جائے جو شرائط سوال کو پورا کرے۔

مثال ۱- اُن سب زاویوں کے لئے ایک جملہ عامہ دریافت کرو۔

(۱) جن کی جیب، $\frac{\sqrt{3}}{2}$ کے برابر ہو

(۲) جن کی جیب التمام، $-\frac{1}{2}$ کے برابر ہو

(۳) جن کا ماس، $\frac{1}{\sqrt{3}}$ کے برابر ہو

(۱) چھوٹے سے چھوٹا زاویہ جس کی جیب $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ہو ۶۰° یعنی $\frac{\pi}{3}$ کے برابر ہوتا ہے، اس لئے بموجب دفعہ ۸۶ اُن سب زاویوں کے لئے جن کی جیب $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ہو ایک جملہ عامہ

$$ن \pi + (-1)^{ن} \frac{\pi}{3}$$ ہوگا

(۲) چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ جس کی جیب التمام $-\frac{1}{2}$ ہو ۱۲۰° یعنی $\frac{2\pi}{3}$ کے برابر ہوتا ہے
اس لئے بموجب دفعہ ۸۹ اُن سب زاویوں کے لئے جنکی جیب التمام $-\frac{1}{2}$ ہو ایک جملہ عامہ

$$2 ن \pi \pm \frac{2\pi}{3}$$ ہوگا

(۳) چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ جس کا ماس $\frac{1}{\sqrt{3}}$ ہو ۳۰° یعنی $\frac{\pi}{6}$ کے برابر ہوتا ہے۔

اس لئے بموجب دفعہ ۹۰ اُن سب زاویوں کے لئے جن کا ماس $\frac{1}{\sqrt{3}}$ ہے ایک جملہ عامہ

$ن\pi + \frac{\pi}{6}$ ہوگا

مثال ۲۔ طہ کی قیمت عامہ دریافت کرو جو شرائط مساوات جب^2 طہ $= \frac{1}{4}$ کو پورا کرے۔

اس صورت میں جب طہ $= \pm \frac{1}{2}$

علامت مثبت لینے سے

جب طہ $= \frac{1}{2} =$ جب $\frac{\pi}{6}$

$\therefore$ طہ $= ن\pi + (-1)^{ن} \frac{\pi}{6}$

علامت منفی لینے سے

جب طہ $= -\frac{1}{2} =$ جب $\left(-\frac{\pi}{6}\right)$

$\therefore$ طہ $= ن\pi + (-1)^{ن}\left(-\frac{\pi}{6}\right)$

طہ کی قیمت کے دونوں جملوں کو اکٹھا کرنے سے

طہ $= ن\pi + (-1)^{ن} \frac{\pi}{6}$

یا طہ $= ن\pi \pm \frac{\pi}{6}$

مثال ۳۔ طہ کی قیمت عامہ دریافت کرو جو شرائط معادلات جب طہ $= -\frac{1}{2}$ اور مس طہ $= \frac{1}{\sqrt{3}}$ کو پورا کرے۔

طہ کی قیمتیں جو ۰° اور ۳۶۰° کے درمیان واقع ہیں اور جو شرائط مساوات جب طہ $= -\frac{1}{2}$ کو پورا کرتی ہیں صرف ۲۱۰° اور ۳۳۰° ہیں، اسی طرح

سے طہ کی قیمتیں جبکہ مس طہ = $\frac{1}{\sqrt{3}}$ صرف ۳۰° اور ۲۱۰° ہیں، طہ کی قیمت جو ۰ اور ۳۶۰° کے درمیان واقع ہے اور جو مذکورہ بالا دونوں شرائط کو پورا کرتی ہے صرف ۲۱۰° یعنی $\frac{7\pi}{6}$ ہے

اس لئے طہ کی قیمت عامہ اس زاویہ یعنی $\frac{7\pi}{6}$ پر ۲π قائموں کا کوئی مضعف زیادہ کرنے سے حاصل ہوتی ہے اور اس لئے یہ $2n\pi + \frac{7\pi}{6}$ ہے جہاں ن کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔

امثلہ نمبری ۱۱

طہ کی عام سے عام قیمتیں دریافت کرو جو شرائط معادلات ذیل کو پورا کریں

۱۔ جب طہ = $\frac{1}{2}$

۲۔ جب طہ = $-\frac{\sqrt{3}}{2}$

۳۔ جب طہ = $\frac{1}{\sqrt{2}}$

۴۔ جم طہ = $-\frac{1}{2}$

۵۔ جم طہ = $\frac{\sqrt{3}}{2}$

۶۔ جم طہ = $-\frac{1}{\sqrt{2}}$

۷۔ مس طہ = $\sqrt{3}$

۸۔ مس طہ = ۱-

۹۔ ظم طہ = ۱

۱۰۔ قطر طہ = ۲

۱۱۔ قم طہ = $\frac{2}{\sqrt{3}}$

۱۲۔ جب^2 طہ = ۱

۱۳۔ جم^2 طہ = $\frac{1}{2}$

۱۴۔ مس^2 طہ = $\frac{1}{3}$

۱۵۔ ۴ جب^2 طہ = ۳

۱۶۔ ۲ ظم^2 طہ = قم^2 طہ

۱۷۔ قط^2 طہ = $\frac{4}{3}$

۱۸۔ طہ کی قیمت عامہ دریافت کرو جو شرائط معادلات جم طہ = $-\frac{1}{\sqrt{2}}$

اور مس طہ = ۱ کو پورا کرے

۱۹- طہ کی قیمت عامہ دریافت کرو جو شرائط معادلات مم طہ = $-\frac{\sqrt{3}}{2}$ اور قط طہ = -۲ کو پورا کرے۔

۲۰- اگر جم (ا - ب) = $\frac{1}{2}$ اور جب (ا + ب) = $\frac{1}{2}$ تو ا اور ب کی چھوٹی سے چھوٹی مثبت قیمتیں نیز اُن کی عام سے عام قیمتیں دریافت کرو

۲۱- اگر مس (ا - ب) = ۱ اور قط (ا + ب) = $\frac{2}{\sqrt{3}}$ تو ا اور ب کی چھوٹی سے چھوٹی مثبت قیمتیں نیز اُن کی عام سے عام قیمتیں دریافت کرو۔

۲۲- °۰ اور °۳۶۰ کے درمیان جن زاویوں کی (۱) جیوب $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ہوں (۲) جیوب التمام $-\frac{1}{2}$ ہوں (۳) مماس $\frac{1}{\sqrt{3}}$ ہوں، انکو دریافت کرو

۲۳- اگر صرف اُن زاویوں کو ملحوظ رکھا جائے جو °۰ اور °۱۸۰ کے درمیان واقع ہوں تو معلوم کرو کہ ذیل کی مختلف صورتوں میں لا کی کتنی قیمتیں ہیں (۱) جب لا = $\frac{3}{5}$ (۲) جم لا = $\frac{1}{5}$ (۳) جم لا = $-\frac{4}{5}$ (۴) مس لا = $\frac{5}{12}$ (۵) مم لا = -۷

۲۴- زاویہ لا معلوم ہے، زاویہ ما بناؤ اگر (۱) جب ما = ۲ جب لا (۲) مس ما = ۳ مس لا (۳) جم ما = $\frac{1}{2}$ جم لا اور (۴) قط ما = قم لا

۲۵- ثابت کرو کہ ذیل کے دونوں ضابطوں سے وہی زاویے تعبیر ہوتے ہیں۔ (۱) $(2n - 1)\frac{\pi}{2} + (-1)^n \frac{\pi}{3}$ اور (۲) $2n\pi \pm \frac{\pi}{6}$ جہاں ن کوئی صحیح عدد ہے۔

۲۶- ثابت کرو کہ ذیل کے دو ضابطوں

(۱) $\left(2n + \frac{1}{2}\right)\pi \pm \alpha$ اور (۲) $n\pi + (-1)^n\left(\frac{\pi}{2} - \alpha\right)$ سے وہی زاویے تعبیر ہوتے ہیں جہاں ن کوئی عدد صحیح ہے، شکل سے

کی توضیح کرو۔

۱۔ اگر طہ - ھ = ن π + (-۱)^ن بہ تو

کرو کہ طہ = ۲ م π + ھ + بہ یا

= (۲م + ۱) π + ھ - بہ جہاں م اور ن کوئی دو صحیح عدد ہیں۔

۱۔ اگر جم ک طہ + جم ق طہ = ۰ تو ثابت کرو کہ اس مساوات کو

کرنے سے طہ کی مختلف قیمتوں کے دو حسابیہ سلسلے حاصل ہوتے ہیں، جن میں

ایک کا فرقِ مشترک $\frac{۲\pi}{ک+ق}$ ہے اور دوسرے کا $\frac{۲\pi}{ک-ق}$

۱۔ ایک ایسا زاویہ بناؤ جس کی جیب $\frac{۳}{۲+۵\sqrt{}}$ ہو۔

۹۔ جس مساوات میں کسی زاویہ غیر معلومہ کی مثلثی نسبتیں

ل ہوں اس کو مثلثی مساوات کہتے ہیں۔

مساوات کا حل پورے طور پر حاصل نہیں ہوتا جب تک کہ

سب زاویوں کے لئے جو شرائط مساوات کو پورا کرتے ہیں

جملہ عامہ حاصل نہ ہو جائے۔

مثلثی معادلات کی چند آسان مثالیں دفعہ ذیل میں مندرج ہیں۔

۹۔ مثال ۱۔ مساوات ۲ جب² لا + $\sqrt{۳}$ جم لا + ۱ = ۰ کو حل کرو۔

یہ مساوات اس طرح لکھی جا سکتی ہے

۲ - ۲ جم² لا + $\sqrt{۳}$ جم لا + ۱ = ۰

یعنی ۲ جم² لا - $\sqrt{۳}$ جم لا - ۳ = ۰

یعنی (جم لا - $\sqrt{۳}$) (۲ جم لا + $\sqrt{۳}$) = ۰

معلوم ہوا کہ شرائط مساوات معلومہ، جم لا = $\sqrt{۳}$ یا جم لا = $-\frac{\sqrt{۳}}{۲}$ سے پوری

ہوتی ہیں۔

چونکہ کسی زاویئے کی جیب التمام تعداداً ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتی اس لئے پہلے جزو ضربی سے کوئی قیمت مساوات حاصل نہیں ہوتی۔

چھوٹے سے چھوٹا مثبت زاویہ جس کی جیب التمام - $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ہے ۱۵۰° یعنی $\frac{5\pi}{6}$ ہے۔

اس لئے جس زاویہ کی جیب التمام - $\frac{\sqrt{3}}{2}$ ہو اس کی عام سے عام قیمت

۲ ن π ± $\frac{5\pi}{6}$ ہوگی (دفعہ ۸۹)

اور مساوات معلومہ کی قیمت عامہ بھی یہی ہوگی۔

مثال ۲۔ مساوات مس ۵ طہ = مم ۲ طہ کو حل کرو

یہ مساوات اس طرح بھی لکھی جا سکتی ہے

مس ۵ طہ = مس ($\frac{\pi}{2}$ - ۲ طہ)۔

اُس زاویہ کی عام سے عام قیمت جس کا مماس وہی ہو جو $\frac{\pi}{2}$ - ۲ طہ کا ہے بموجب دفعہ ۹۰، ن π + $\frac{\pi}{2}$ - ۲ طہ ہے جہاں ن کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔

اس لئے مساوات مجوزہ کا عام سے عام حل

۵ طہ = ن π + $\frac{\pi}{2}$ - ۲ طہ ہے

اس لئے طہ = $\frac{1}{7}$ (ن π + $\frac{\pi}{2}$) جہاں ن کوئی صحیح عدد ہے۔

امثلہ نمبری ۱۲

معادلات ذیل کو حل کرو

۱۔ جم^2 طہ - جب طہ - $\frac{1}{4}$ = ۰

۲- ۲ جب^۲ طہ + ۳ جم طہ = ۰

۳- ۲ √۳ جم^۲ طہ = جب طہ

۴- جم طہ + جم^۲ طہ = ۱

۵- ۴ جم طہ - ۳ قط طہ = ۲ مس طہ

۶- جب^۲ طہ - ۲ جم طہ + ۱/۴ = ۰

۷- مس^۲ طہ - (۱ + √۳) مس طہ + √۳ = ۰

۸- ظل^۲ طہ + (√۳ + ۱/√۳) ظل طہ + ۱ = ۰

۹- ظل طہ - ا ب مس طہ = ا - ب

۱۰- مس^۲ طہ + ظل^۲ طہ = ۲

۱۱- قط طہ - ۱ = (√۲ - ۱) مس طہ

۱۲- ۳ (قط^۲ طہ + مس^۲ طہ) = ۵

۱۳- ظل طہ + مس طہ = ۲ قتم طہ

۱۴- ۴ جم^۲ طہ + √۳ = ۲ (√۳ + ۱) جم طہ

۱۵- ۳ جب^۲ طہ - ۲ جب طہ = ۱　　۱۶- جب ۵ طہ = ۱/(۲√۲)

۱۷- جب ۹ طہ = جب طہ　　۱۸- جب ۳ طہ = جب ۲ طہ

۱۹- جم م طہ = جم ن طہ　　۲۰- جب ۲ طہ = جم ۳ طہ

۲۱- جم ۵ طہ = جم ۴ طہ　　۲۲- جم م طہ = جب ن طہ

۲۳- ظل طہ = مس ۸ طہ　　۲۴- ظل طہ = مس ن طہ

۲۵- مس ۲ طہ = مس ۲/طہ　　۲۶- مس ۲ طہ مس طہ = ۱

۲۷- مس^۲ ۳ طہ = جم^۲ طہ　　۲۸- مس ۳ طہ = ظل طہ

۲۹- مس ۳ طہ = مس ۲ عہ ۳۰- ۳ مس ۲ طہ = ۱

۳۱- مس م لا + مم ن لا = ۰

۳۲- مس (۱۱ مم طہ) = مم (۱۱ مس طہ)

۳۳- جب (طہ - عہ) = $\frac{۱}{۲}$ اور جم (طہ + عہ) = $\frac{۱}{۲}$

۳۴- جم (۲ لا + ۳ ما) = $\frac{۱}{۲}$ اور جم (۳ لا + ۲ ما) = $\frac{\sqrt{۳}}{۲}$

۳۵- وہ سب زاوئے دریافت کرو جو ۰° اور ۹۰° کے درمیان واقع ہوں اور جو شرائط مساوات قط ۲ طہ قم ۲ طہ + ۲ قم ۲ طہ = ۸ کو پورا کریں

۳۶- اگر مس ۲ طہ = $\frac{۵}{۴}$ تو سمہ طہ دریافت کرو اور مشتبہ جواب کی وجہ بیان کرو

۳۷- اگر کسی زاویہ کا سہم التمام $\frac{۱}{۲}$ ہو تو اس کی جیب التمام اور مماس التمام دریافت کرو-

باب ہفتم

دو زاویوں کے حاصل جمع اور حاصل تفریق کی مثلثی نسبتیں

۹- مسئلہ- ثابت کرو کہ

جب (ا + ب) = جب ا جم ب + جم ا جب ب

جم (ا + ب) = جم ا جم ب - جب ا جب ب

فرض کرو کہ خط دائر مقام ابتدائی و ا سے شروع ہو کر زاویہ ا و ب (ا) مرتسم کرتا ہے اور اس کے بعد ایک اور زاویہ ب و ج (ب) مرتسم کرتا ہے۔

خط دائر کے آخری مقام و ج پر کوئی نقطہ ع مقرر کرو اور و ا اور

وب پر بالترتیب عمود ع م اور ع ن نکالو
نقطہ ن میں سے ن ر متوازی او کے اس طرح کھینچو کہ وہ م ع
کو نقطہ ر پر قطع کرے اور وا پر عمود ن ق نکالو۔

زاویہ ر ع ن = ۹۰ - ∠ ع ن ر = ∠ ر ن و = ∠ ن و ق = ا

اس لئے جب (ا + ب) = جب ا و ع = م ع / و ع

= (م ر + ر ع) / و ع = ق ن / و ع + ر ع / و ع

= ق ن / و ن × و ن / و ع + ر ع / ن ع × ن ع / و ع

= جب ا جم ب + جم ر ع ن جب ب

∴ جب (ا + ب) = جب ا جم ب + جم ا جب ب

نیز جم (ا + ب) = جم ا و ع = و م / و ع = (و ق - م ق) / و ع

= و ق / و ع - ر ن / و ع = و ق / و ن × و ن / و ع - ر ن / ن ع × ن ع / ر ع

= جم ا جم ب - جب ر ع ن × جب ب

∴ جم (ا + ب) = جم ا جم ب - جب ا جب ب

۹۵۔ دفعہ گزشتہ کی اشکال صرف اُس صورت کے لئے کھینچی گئی ہیں جب دونوں زاویے ا اور ب حادے ہوں لیکن یہی ثبوت ہر مقدار کے زاویوں پر حادی ہوگا اگر اُن سب مقادیر کی علامات کا جو اسکے حسابات میں شامل ہوں خاص لحاظ رکھا جائے

نتائج مندرجہ بالا کی عمومیت سب زاویوں کے لئے بغیر اور اشکال
بنے کے اس طرح ثابت ہو سکتی ہے ۔
فرض کرو کہ ا اور ب دو حادّ ے زاوئے ہیں پس بموجب دفعہ ۹۴ ہم
جانتے ہیں کہ مسئلہ ا اور ب کے لئے صحیح ہے۔
فرض کرو کہ ا' = ۹۰ + ا اسلئے بموجب دفعہ ۷۶
جب ا' = جم ا اور جم ا' = - جب ا
پس جب (ا' + ب) = جب { ۹۰ + (ا + ب) } = جم (ا + ب) موافق دفعہ ۷۶
= جم ا جم ب - جب ا جب ب = جب ا' جم ب + جم ا' جب ب
نیز جم (ا' + ب) = جم { ۹۰ + (ا + ب) } = - جب (ا + ب)
= - جب ا جم ب - جم ا' جب ب
= جم ا' جم ب - جب ا' جب ب
اگر زاویہ ب پر ۹۰° زیادہ کردئے جائیں تو بھی اسی طرح کا عمل ہو سکتا
ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ ضوابط دفعہ ۹۴ اُس صورت میں بھی درست رہتے
ہیں جب مقدار زاویہ ا یا ب پر ۹۰° زیادہ کردئے جائیں یعنی اگر انکے
یعنی زاویوں کی قیمتیں ۰° اور ۱۸۰° کے درمیان واقع ہوں۔
اسی طرح سے ا' کو ۹۰ + ا' کے مساوی رکھنے سے ہم مسائل مذکورہ کی
صداقت کو اُس صورت میں بھی قایم کر سکتے ہیں جب ایک یا دونوں
یعنی زاویوں کی قیمتیں ۰° اور ۲۷۰° کے درمیان واقع ہوں ۔
اسی طرح کا عمل کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ مسائل مذکورہ بالعموم صحیح ہیں۔

۱ ۔ مسئلہ۔ ثابت کرو کہ
جب (ا - ب) = جب ا جم ب - جم ا جب ب

اور جم (ا - ب) = جم ا جم ب + جب ا جب ب

فرض کرو کہ خط دائر خط ابتدائی وا سے شروع ہو کر زاویہ اوب (= ا) مرتسم کرتا ہے اور اس کے بعد سمت مقابل میں حرکت کرنے سے ایک زاویہ ب وج پیدا کرتا ہے جس کی مقدار ب ہے اسلئے

زاویہ اوج = ا - ب

خط دائر کے آخری مقام وج پر کوئی نقطہ ع مقرر کرو اور خطوط وا اور وب پر بالترتیب عمود ع م اور ع ن کھینچو، نقطہ ن سے خطوط وا اور م ع پر بالترتیب عمود ن ق اور ن ر نکالو

زاویہ رع ن = ۹۰ - ع ن ر = رن ب = ق ون = ا

اس لئے

$$\text{جب (ا - ب)} = \text{جب اوج} = \frac{\text{م ع}}{\text{وع}} = \frac{\text{م ر - ع ر}}{\text{وع}}$$

$$= \frac{\text{ق ن}}{\text{وع}} - \frac{\text{ع ر}}{\text{وع}} = \frac{\text{ق ن}}{\text{و ن}} \times \frac{\text{و ن}}{\text{وع}} - \frac{\text{ع ر}}{\text{ع ن}} \times \frac{\text{ع ن}}{\text{وع}}$$

= جب ا جم ب - جم رع ن جب ب

اس لئے جب (ا - ب) = جب ا جم ب - جم ا جب ب

$$\text{نیز جم (ا - ب)} = \frac{\text{وم}}{\text{وع}} = \frac{\text{وق + ق م}}{\text{وع}} = \frac{\text{وق}}{\text{وع}} + \frac{\text{ن ر}}{\text{وع}}$$

$$= \frac{\text{وق}}{\text{و ن}} \times \frac{\text{و ن}}{\text{وع}} + \frac{\text{ن ر}}{\text{ن ع}} \times \frac{\text{ن ع}}{\text{وع}}$$

= جم ا جم ب + جب ا جب ب

ا لئے جم (ا - ب) = جم ا جم ب + جب ا جب ب

۵۔ دفعہ گزشتہ کے ثبوت ہر مقدار کے زاویوں پر حاوی ہونگے اگر
اوپر زیر بحث کی علامات کا مناسب خیال رکھا جائے۔
اگر حادے زاویوں کی صورت میں نتائج مندرجہ ان لئے جائیں تو بغیر
اشکال کھینچنے کے ان کی صداقت بالعموم اس طرح ثابت ہوسکتی ہے
فرض کرو کہ اَ = ۹۰° + ا　　تب

(چونکہ جب اَ = جم ا اور جم اَ = - جب ا)

ب (اَ - ب) = جب [۹۰° + (ا - ب)] = جم (ا - ب)　　(دفعہ ۷۶)

= جم ا جم ب + جب ا جب ب

= جب اَ جم ب - جم اَ جب ب

م (اَ - ب) = جم [۹۰° + (ا - ب)] = - جب (ا - ب)　　(دفعہ ۷۶)

= - جب ا جم ب + جم ا جب ب

= جم اَ جم ب + جب اَ جب ب

اسی طرح کا عمل ہوسکتا ہے اگر زاویہ ب پر ۹۰° زیادہ کردئے جائیں۔
ایہ مسئلہ اُن سب زاویوں کے لئے صحیح ثابت ہوا جو دو قائموں سے بڑے نہوں۔
اسی طرح اَ کو ۹۰° + اَ کے مساوی رکھنے سے ہم مسائل مذکورہ کو
ن قائموں سے کم مقدار کے زاویوں کے لئے بھی ثابت کرسکتے ہیں اور
ٰ ہذالقیاس، لہذا اسی قسم کے عمل سے مسائل کی عام صداقت کسی مقدار
ے زاویوں کی صورت میں ثابت ہوسکتی ہے۔

۹۸ - مسائل دفعات ۹۴ اور ۹۶ جن کی مدد سے دو زاویوں کے حاصل جمع اور حاصل تفریق کی مثلثی نسبتیں خود ان زاویوں کی رقوم میں حاصل ہوتی ہیں ان زاویوں کے مسائل جمع و تفریق کہلاتے ہیں

۹۹ - **مثال ۱** - جب ۷۵° اور جم ۷۵° کی قیمتیں دریافت کرو۔

جب ۷۵° = جب (۴۵° + ۳۰°)

= جب ۴۵° جم ۳۰° + جم ۴۵° جب ۳۰°

$$= \frac{1}{\sqrt{2}} \times \frac{\sqrt{3}}{2} + \frac{1}{\sqrt{2}} \times \frac{1}{2} = \frac{\sqrt{3}+1}{2\sqrt{2}}$$

اور جم ۷۵° = جم (۴۵° + ۳۰°)

= جم ۴۵° جم ۳۰° - جب ۴۵° جب ۳۰°

$$= \frac{1}{\sqrt{2}} \times \frac{\sqrt{3}}{2} - \frac{1}{\sqrt{2}} \times \frac{1}{2} = \frac{\sqrt{3}-1}{2\sqrt{2}}$$

مثال ۲ - ثابت کرو کہ جب (ا + ب) جب (ا - ب) = جب^2 ا - جب^2 ب

اور جم (ا + ب) جم (ا - ب) = جم^2 ا - جب^2 ب

دفعات ۹۴ اور ۹۶ کی مدد سے۔

جب (ا + ب) جب (ا - ب)

= (جب ا جم ب + جم ا جب ب) (جب ا جم ب - جم ا جب ب)

= جب^2 ا جم^2 ب - جم^2 ا جب^2 ب

= جب^2 ا (۱ - جب^2 ب) - (۱ - جب^2 ا) جب^2 ب

= جب^2 ا - جب^2 ب

نیز انہی دفعات کی مدد سے

جم (ا + ب) جم (ا - ب)

= (جم ا جم ب - جب ا جب ب) (جم ا جم ب + جب ا جب ب)

= جم^2 ا جم^2 ب - جب^2 ا جب^2 ب

= جم^2 ا (۱ - جب^2 ب) - (۱ - جم^2 ا) جب^2 ب

= جم^2 ا - جب^2 ب

مثال ۳۔ جب (لا + ما) اور جم (لا + ما) کے ضابطوں کو صحیح مان کر اُن سے جلات جب (لا - ما) اور جم (لا - ما) کے ضابطوں کو مستنبط کرو۔

جب لا = جب {(لا - ما) + ما}

= جب (لا - ما) جم ما + جم (لا - ما) جب ما ..... (۱)

اور جم لا = جم {(لا - ما) + ما}

= جم (لا - ما) جم ما - جب (لا - ما) جب ما ..... (۲)

(۱) کو جم ما سے اور (۲) کو جب ما سے ضرب دو اور تفریق کرو

تب جب لا جم ما - جم لا جب ما = جب (لا - ما) {جم^2 ما + جب^2 ما}

= جب (لا - ما)

نیز (۱) کو جب ما سے اور (۲) کو جم ما سے ضرب دو اور جمع کرو تو حاصل ہوگا۔

جب لا جب ما + جم لا جم ما = جم (لا - ما) {جم^2 ما + جب^2 ما}

= جم (لا - ما)

لہٰذا دونوں ضابطے ثابت ہوئے

یہ دونوں ضابطے زاویوں کی تمام قیمتوں کے لئے درست ہیں کیونکہ جن ضابطوں سے انکا استنباط ہوا ہے وہ سب زاویوں کے لئے بالعموم

صحیح ہیں۔

امثلہ نمبری ۱۳

۱۔ اگر جب عہ = $\frac{۳}{۵}$ اور جم بہ = $\frac{۹}{۴۱}$ تو جب (عہ - بہ) اور جم (عہ + بہ) کی قیمتیں دریافت کرو، نیز شکل اور صحیح پیمائش سے ان کی تصدیق کرو

۲۔ اگر جب عہ = $\frac{۴۵}{۵۳}$ اور جب بہ = $\frac{۳۳}{۶۵}$ تو جب (عہ - بہ) اور جب (عہ + بہ) کی قیمتیں دریافت کرو۔

۳۔ اگر جب عہ = $\frac{۱۵}{۱۷}$ اور جم بہ = $\frac{۱۲}{۱۳}$ تو جب (عہ + بہ)، جم (عہ - بہ) اور مس (عہ + بہ) کی قیمتیں دریافت کرو، نیز شکل اور صحیح پیمائش سے انکی تصدیق کرو۔

ثابت کرو کہ

۴۔ جم (۴۵° - ا) جم (۴۵° - ب) - جب (۴۵° - ا) جب (۴۵° - ب) = جب (ا + ب)

۵۔ جب (۴۵° + ا) جم (۴۵° - ب) + جم (۴۵° + ا) جب (۴۵° - ب) = جم (ا - ب)

۶۔ $\frac{\text{جب (ا - ب)}}{\text{جم ا جم ب}} + \frac{\text{جب (ب - ج)}}{\text{جم ب جم ج}} + \frac{\text{جب (ج - ا)}}{\text{جم ج جم ا}} = ۰$

۷۔ جب ۱۰۵° + جم ۱۰۵° = جم ۴۵°

۸۔ جب ۷۵° - جب ۱۵° = جم ۱۰۵° + جم ۱۵°

۹۔ جم عہ جم (جہ - عہ) - جب عہ جب (جہ - عہ) = جم جہ

۱۰۔ جم (عہ + بہ) جم جہ - جم (بہ + جہ) جم عہ = جب بہ جب (جہ - عہ)

۱۱- جب (ن+۱) ا جب (ن-۱) ا + جم (ن+۱) ا جم (ن-۱) ا = جم ۲ ا

۱۲- جب (ن+۱) ا جب (ن+۲) ا + جم (ن+۱) ا جم (ن+۲) ا = جم ا

۱۰۰- دفعات ۹۴ اور ۹۶ سے ا اور ب کی تمام قیمتوں کے لئے

جب (ا + ب) = جب ا جم ب + جم ا جب ب

جب (ا - ب) = جب ا جم ب - جم ا جب ب

اعمال جمع اور تفریق سے

جب (ا + ب) + جب (ا - ب) = ۲ جب ا جم ب ...... (۱)

جب (ا + ب) - جب (ا - ب) = ۲ جم ا جب ب ...... (۲)

دفعات مذکورہ بالا سے ا اور ب کی تمام قیمتوں کے لئے

جم (ا + ب) = جم ا جم ب - جب ا جب ب

اور جم (ا - ب) = جم ا جم ب + جب ا جب ب

اعمال جمع و تفریق سے

جم (ا + ب) + جم (ا - ب) = ۲ جم ا جم ب .... (۳)

جم (ا - ب) - جم (ا + ب) = ۲ جب ا جب ب .... (۴)

اب فرض کرو کہ ا + ب = ج اور ا - ب = د یعنی

$$ا = \frac{ج + د}{۲} \quad \text{اور} \quad ب = \frac{ج - د}{۲}$$

اوپر کے ضابطوں میں ا اور ب کی یہ قیمتیں مندرج کرنے سے ارتباطات (۱) تا (۴) صور ذیل میں تحویل ہوتے ہیں -

$$جب\,ج + جب\,د = ۲\,جب\,\frac{ج+د}{۲}\,جم\,\frac{ج-د}{۲} \quad ......(۱)$$

$$\text{جب ج} - \text{جب د} = ۲ \text{ جم} \frac{\text{ج} + \text{د}}{۲} \text{ جب} \frac{\text{ج} - \text{د}}{۲} \quad \text{......} (۲)$$

$$\text{جم ج} + \text{جم د} = ۲ \text{ جم} \frac{\text{ج} + \text{د}}{۲} \text{ جم} \frac{\text{ج} - \text{د}}{۲} \quad \text{......} (۳)$$

$$\text{جم ج} - \text{جم د} = ۲ \text{ جب} \frac{\text{ج} + \text{د}}{۲} \text{ جب} \frac{\text{د} - \text{ج}}{۲} \quad \text{......} (۴)$$

(طالب علم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ (۴) کے بائیں طرف کا دوسرا جزو ضربی جب $\frac{\text{د} - \text{ج}}{۲}$ ہے نہ کہ جب $\frac{\text{ج} - \text{د}}{۲}$)

۱۰۱ـ ارتباطات (۱) سے (۴) تک نہایت مشہور اور کارآمد ہیں ان کو بڑی احتیاط سے حفظ یاد کر لینا چاہیئے۔ ان کے کثیر الاستعمال ہونے کی وجہ سے ہم ان کا ایک ہندسی ثبوت اُس صورت میں دینگے جب زاوے ج اور د دونوں حادّے ہوں۔

فرض کرو کہ ا و ج زاویہ ج سے اور ا و د زاویہ د سے تعبیر ہوتا ہے، زاویہ ج و د کی تنصیف خط وی سے کرو ایک نقطہ ع خط وی پر مقرر کرو اور وع پر عمود ق ع ر نکالو جو وج اور و د کو بالترتیب نقاط ق اور ر پر قطع کرے۔

وا پر عمود ع ل، ق م، ر ن نکالو اور نقطہ ر سے ع ل یا ق م پر عمود ر س ت کھینچو جو ان کو بالترتیب نقاط س اور ت پر قطع کرے۔

اب چونکہ زاویہ د و ج زاویہ ج ـ د کے برابر ہے اس لئے د وی اور ی و ج میں سے ہر ایک زاویہ $\frac{\text{ج} - \text{د}}{۲}$ کے برابر ہے

اور نیز

زاویہ ادی = زاویہ اود + زاویہ دوی = د + $\frac{ج - د}{۲}$ = $\frac{ج + د}{۲}$

چونکہ مثلث ع ود اور ع دق ہر طرح سے مساوی ہیں

اس لئے وق = ور اور عر = ع ق یعنی رق = ۲ رع

اس لئے ق ت = ۲ ع س اور رت = ۲ رس یعنی م ن = ۲ م ل

اس لئے م ق + ن ر = ت ق + ۲ ل س = ۲ س ع + ۲ ل س = ۲ ل ع

نیز وم + ون = ۲ وم + م ن = ۲ وم + ۲ م ل = ۲ و ل

اس لئے جب ج + جب د = $\frac{م ق}{و ق}$ + $\frac{ن ر}{و ر}$ = $\frac{م ق + ن ر}{و ر}$

= $\frac{۲ ل ع}{و ر}$ = ۲ $\frac{ل ع}{و ع}$ × $\frac{و ع}{و ر}$ = ۲ جب ل وع جم ع ور

= ۲ جب $\frac{ج + د}{۲}$ جم $\frac{ج - د}{۲}$

نیز جب ج - جب د = $\frac{م ق}{و ق}$ - $\frac{ن ر}{و ر}$

$$= \frac{م ف - ن ر}{و ر} = \frac{ت ق}{و ر} = \frac{۲ س ع}{و ر}$$

$$= \frac{۲ س ع}{ر ع} \times \frac{ر ع}{و ر} = ۲ جم س ع ر جب ر و ع$$

$$= ۲ جم \frac{ج + د}{۲} جب \frac{ج - د}{۲}$$

[کیونکہ زاویہ س ع ر = ۹۰° - زاویہ س ع و = زاویہ ل و ع
$= \frac{ج + د}{۲}$]

نیز $جم ج + جم د = \frac{و م}{و ق} + \frac{و ن}{و ر} = \frac{و م + و ن}{و ر}$

$$= ۲ \frac{و ل}{و ر} = ۲ \frac{و ل}{و ع} \times \frac{و ع}{و ر}$$

$$= ۲ جم ل و ع جم ع و ر = ۲ جم \frac{ج + د}{۲} جم \frac{ج - د}{۲}$$

اور آخر میں $جم د - جم ج = \frac{و ن}{و ر} - \frac{و م}{و ق} = \frac{و ن - و م}{و ر}$

$$= \frac{م ن}{و ر} = ۲ \frac{س ر}{و ر} = \frac{۲ س ر}{ع ر} \times \frac{ع ر}{و ر}$$

$$= ۲ جب س ع ر \times جب ع و ر$$

$$= ۲ جب \frac{ج + د}{۲} جب \frac{ج - د}{۲}$$

۱۰۲۔ طالب علم کو خاص ہدایت کی جاتی ہے کہ دفعہ گزشتہ کے ضابطوں سے بخوبی واقف ہو جائے اور ان کے استعمال کی خوب مشق کر لے۔ ان کی کامل واقفیت اس کی آیندہ ترقی

کو نہایت آسان کردے گی۔

یہ ضابطے نہایت کارآمد ہیں کیونکہ ان کی وساطت سے مقادیر کے حاصل جمع اور حاصل تفریق بعض اور مقادیر کے حاصل ضربوں میں تحویل ہو سکتے ہیں اور اغلباً طالب علم کو جبر مقابلہ سے معلوم ہے کہ مقادیر کے حاصل ضرب لوکارتم کی مدد سے بآسانی مختصر صورت میں لائے جا سکتے ہیں

اب ہم ان قوانین کے استعمال کی چند مثالیں دیتے ہیں

مثال ۱۔ $\text{جب } ۶\text{طہ} + \text{جب } ۴\text{طہ} = ۲ \text{ جب } \frac{۶\text{طہ} + ۴\text{طہ}}{۲} \text{ جم } \frac{۶\text{طہ} - ۴\text{طہ}}{۲}$

$= ۲ \text{ جب } ۵\text{طہ جم طہ}$

مثال ۲۔ $\text{جم } ۳\text{طہ} - \text{جم } ۷\text{طہ} = ۲ \text{ جب } \frac{۳\text{طہ} + ۷\text{طہ}}{۲} \text{ جب } \frac{۷\text{طہ} - ۳\text{طہ}}{۲}$

$= ۲ \text{ جب } ۵\text{طہ جب } ۲\text{طہ}$

مثال ۳۔ $$\frac{\text{جب } ۷۵^\circ - \text{جب } ۱۵^\circ}{\text{جم } ۷۵^\circ + \text{جم } ۱۵^\circ} = \frac{۲ \text{ جم } \frac{۷۵^\circ + ۱۵^\circ}{۲} \text{ جب } \frac{۷۵^\circ - ۱۵^\circ}{۲}}{۲ \text{ جم } \frac{۷۵^\circ + ۱۵^\circ}{۲} \text{ جم } \frac{۷۵^\circ - ۱۵^\circ}{۲}}$$

$$= \frac{۲ \text{ جم } ۴۵^\circ \text{ جب } ۳۰^\circ}{۲ \text{ جم } ۴۵^\circ \text{ جم } ۳۰^\circ} = \text{مس } ۳۰^\circ$$

$$= \frac{1}{\sqrt{۳}} = \frac{\sqrt{۳}}{۳} = \ldots\ldots ۵۷۷۳۵ء$$

[ان ضابطوں کے استعمال سے تسہیل عمل کی یہ ایک چھوٹی سی مثال ہے۔ اگر ہم جب ۷۵°، جب ۱۵°، جم ۷۵° اور جم ۱۵° کو لوکارثمی جدولوں سے نکالیں اور اس کے بعد ایک طویل کسر اعشاریہ کو دوسری پر تقسیم کریں تو ظاہر ہے کہ یہ نہایت پریشان کن اور طولانی عمل ہوگا]

مثال ۴- جملہ $\frac{(\text{جم طہ} - \text{جم ۳ طہ})(\text{جب ۸ طہ} + \text{جب ۲ طہ})}{(\text{جب ۵ طہ} - \text{جب طہ})(\text{جم ۴ طہ} - \text{جم ۶ طہ})}$ کو مختصر کرو۔

ضابطہ دفعہ ۱۰۰ کی مدد سے

$$\text{جملہ} = \frac{\text{۲ جب } \frac{\text{طہ} + \text{۳ طہ}}{\text{۲}} \text{ جب } \frac{\text{۳ طہ} - \text{طہ}}{\text{۲}} \times \text{۲ جب } \frac{\text{۸ طہ} + \text{۲ طہ}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{۸ طہ} - \text{۲ طہ}}{\text{۲}}}{\text{۲ جم } \frac{\text{۵ طہ} + \text{طہ}}{\text{۲}} \text{ جب } \frac{\text{۵ طہ} - \text{طہ}}{\text{۲}} \times \text{۲ جب } \frac{\text{۴ طہ} + \text{۶ طہ}}{\text{۲}} \text{ جب } \frac{\text{۶ طہ} - \text{۴ طہ}}{\text{۲}}}$$

$$= \frac{\text{۴} \times \text{جب ۲ طہ جب طہ} \times \text{جب ۵ طہ جم ۳ طہ}}{\text{۴} \times \text{جم ۳ طہ جب ۲ طہ} \times \text{جب ۵ طہ جب طہ}} = \text{۱}$$

امثلہ نمبری ۱۴

ثابت کرو کہ

۱- $\frac{\text{جب ۷ طہ} - \text{جب ۵ طہ}}{\text{جم ۷ طہ} + \text{جم ۵ طہ}} = \text{مس طہ}$

۲- $\frac{\text{جم ۶ طہ} - \text{جم ۴ طہ}}{\text{جب ۶ طہ} + \text{جب ۴ طہ}} = -\text{مس طہ}$

۳- $\frac{\text{جب ا} + \text{جب ۳ ا}}{\text{جم ا} + \text{جم ۳ ا}} = \text{مس ۲ ا}$

۴- $\frac{\text{جب ۷ ا} - \text{جب ا}}{\text{جب ۸ ا} - \text{جب ۲ ا}} = \text{جم ۴ ا قطا ۵ ا}$

۵- $\frac{\text{جم ۲ ب} + \text{جم ۲ ا}}{\text{جم ۲ ب} - \text{جم ۲ ا}} = \text{مم (ا + ب) مم (ا - ب)}$

۶- $\frac{\text{جب ۲ ا} + \text{جب ۲ ب}}{\text{جب ۲ ا} - \text{جب ۲ ب}} = \frac{\text{مس (ا + ب)}}{\text{مس (ا - ب)}}$

۷- (جب ا + جب ۲ ا) / (جم ا − جم ۲ ا) = مم ا/۲

۸- (جب ۵ ا − جب ۳ ا) / (جم ۳ ا + جم ۵ ا) = مس ا

۹- (جم ۲ ب − جم ۲ ا) / (جب ۲ ب + جب ۲ ا) = مس (ا − ب)

۱۰- جم (ا + ب) + جب (ا − ب) = ۲ جب (۴۵° + ا) جم (۴۵° + ب)

۱۱- (جم ۳ ا − جم ا) / (جب ۳ ا − جب ا) + (جم ۲ ا − جم ۴ ا) / (جب ۴ ا − جب ۲ ا) = جب ا / (جم ۲ ا جم ۳ ا)

۱۲- (جب (۴ ا − ۲ ب) + جب (۴ ب − ۲ ا)) / (جم (۴ ا − ۲ ب) + جم (۴ ب − ۲ ا)) = مس (ا + ب)

۱۳- (مس ۵ ط + مس ۳ ط) / (مس ۵ ط − مس ۳ ط) = ۴ جم ۲ ط جم ۴ ط

۱۴- (جم ۳ ط + ۲ جم ۵ ط + جم ۷ ط) / (جم ط + ۲ جم ۳ ط + جم ۵ ط) = جم ۲ ط − جب ۲ ط مس ۳ ط

۱۵- (جب ا + جب ۳ ا + جب ۵ ا + جب ۷ ا) / (جم ا + جم ۳ ا + جم ۵ ا + جم ۷ ا) = مس ۴ ا

۱۶- (جب (ط + ف) − ۲ جب ط + جب (ط − ف)) / (جم (ط + ف) − ۲ جم ط + جم (ط − ف)) = مس ط

۱۷- (جب ا + ۲ جب ۳ ا + جب ۵ ا) / (جب ۳ ا + ۲ جب ۵ ا + جب ۷ ا) = جب ۳ ا / جب ۵ ا

۱۸- $\frac{\text{جب}(\text{ا}-\text{ج})+۲\,\text{جب}\,\text{ا}+\text{جب}(\text{ا}+\text{ج})}{\text{جب}(\text{ب}-\text{ج})+۲\,\text{جب}\,\text{ب}+\text{جب}(\text{ب}+\text{ج})}=\frac{\text{جب}\,\text{ا}}{\text{جب}\,\text{ب}}$

۱۹- $\frac{\text{جب}\,\text{ا}-\text{جب}\,۵\text{ا}+\text{جب}\,۹\text{ا}-\text{جب}\,۱۳\text{ا}}{\text{جم}\,\text{ا}-\text{جم}\,۵\text{ا}-\text{جم}\,۹\text{ا}+\text{جم}\,۱۳\text{ا}}=\text{مم}\,۴\text{ا}$

۲۰- $\frac{\text{جب}\,\text{ا}+\text{جب}\,\text{ب}}{\text{جب}\,\text{ا}-\text{جب}\,\text{ب}}=\text{مس}\,\frac{\text{ا}+\text{ب}}{۲}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}-\text{ب}}{۲}$

۲۱- $\frac{\text{جم}\,\text{ا}+\text{جم}\,\text{ب}}{\text{جم}\,\text{ب}-\text{جم}\,\text{ا}}=\text{مم}\,\frac{\text{ا}+\text{ب}}{۲}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}-\text{ب}}{۲}$

۲۲- $\frac{\text{جب}\,\text{ا}+\text{جب}\,\text{ب}}{\text{جم}\,\text{ا}+\text{جم}\,\text{ب}}=\text{مس}\,\frac{\text{ا}+\text{ب}}{۲}$

۲۳- $\frac{\text{جب}\,\text{ا}-\text{جب}\,\text{ب}}{\text{جم}\,\text{ب}-\text{جم}\,\text{ا}}=\text{مم}\,\frac{\text{ا}+\text{ب}}{۲}$

۲۴- $\frac{\text{جم}(\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})+\text{جم}(-\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})+\text{جم}(\text{ا}-\text{ب}+\text{ج})+\text{جم}(\text{ا}+\text{ب}-\text{ج})}{\text{جب}(\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})+\text{جب}(-\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})-\text{جب}(\text{ا}-\text{ب}+\text{ج})+\text{جب}(\text{ا}+\text{ب}-\text{ج})}=\text{مم}\,\text{ب}$

۲۵- $\text{جم}\,۳\text{ا}+\text{جم}\,۵\text{ا}+\text{جم}\,۷\text{ا}+\text{جم}\,۱۵\text{ا}=۴\,\text{جم}\,۴\text{ا}\,\text{جم}\,۵\text{ا}\,\text{جم}\,۶\text{ا}$

۲۶- $\text{جم}(-\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})+\text{جم}(\text{ا}-\text{ب}+\text{ج})+\text{جم}(\text{ا}+\text{ب}-\text{ج})+\text{جم}(\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})$

$=۴\,\text{جم}\,\text{ا}\,\text{جم}\,\text{ب}\,\text{جم}\,\text{ج}$

۲۷- $\text{جب}\,۵۰^\circ-\text{جب}\,۷۰^\circ+\text{جب}\,۱۰^\circ=۰$

۲۸- $\text{جب}\,۱۰^\circ+\text{جب}\,۲۰^\circ+\text{جب}\,۴۰^\circ+\text{جب}\,۵۰^\circ=\text{جب}\,۷۰^\circ+\text{جب}\,۸۰^\circ$

۲۹- $\text{جب}\,\text{ھ}+\text{جب}\,۲\text{ھ}+\text{جب}\,۴\text{ھ}+\text{جب}\,۵\text{ھ}=۴\,\text{جم}\,\frac{\text{ھ}}{۲}\,\text{جم}\,\frac{۳\text{ھ}}{۲}\,\text{جب}\,۳\text{ھ}$

مختصر کرو

۳۰۔ جم {طہ + (ن − ۳/۲) فہ} − جم {طہ + (ن + ۳/۲) فہ} کو

۳۱۔ جب {طہ + (ن − ۱/۲) فہ} + جب {طہ + (ن + ۱/۲) فہ} کو

۱۰۳۔ دفعہ ۱۰۰ کے ضوابط (۱)، (۲)، (۳)، (۴) نہایت کارآمد ہیں ان کو شکل ذیل میں یاد رکھنا چاہیئے۔

۲ جب ا جم ب = جب (ا + ب) + جب (ا − ب) ... (۱)

۲ جم ا جب ب = جب (ا + ب) − جب (ا − ب) ... (۲)

۲ جم ا جم ب = جم (ا + ب) + جم (ا − ب) .... (۳)

۲ جب ا جب ب = جم (ا − ب) − جم (ا + ب) ...... (۴)

ان کو ہم (دفعہ ۱۰۰) کے ضابطوں (۱)، (۲)، (۳)، (۴) کا عکس خیال کر سکتے ہیں۔

مثال ۱۔ ۲ جب ۳ طہ جم طہ = جب ۴ طہ + جب ۲ طہ

مثال ۲۔ ۲ جب ۵ طہ جب ۳ طہ = جم ۲ طہ − جم ۸ طہ

مثال ۳۔ ۲ جم ۱۱ طہ جم ۲ طہ = جم ۱۳ طہ + جم ۹ طہ

مثال ۴۔ (جب ۸ طہ جم طہ − جب ۶ طہ جم ۳ طہ) ÷ (جم ۲ طہ جم طہ − جب ۳ طہ جب ۴ طہ) کو مختصر کرو

مندرجہ بالا ضابطوں کی مدد سے

جملہ مجوزہ = (½ [جب ۹ طہ + جب ۷ طہ] - ½ [جب ۹ طہ + جب ۳ طہ]) ÷ (½ [جم ۳ طہ + جم طہ] - ½ [جم طہ - جم ۷ طہ])

= (جب ۷ طہ - جب ۳ طہ) ÷ (جم ۳ طہ + جم ۷ طہ)

= (۲ جم ۵ طہ جب ۲ طہ) ÷ (۲ جم ۵ طہ جم ۲ طہ) ضوابط دفعہ ۱۰۰ کی مدد سے

= مس ۲ طہ

[اس مثال میں سب سے پہلے ہم نے اس دفعہ کے ضابطوں کو استعمال کیا، اس کے بعد مزید اختصار کی خاطر ان کی عکس صورتوں (دفعہ ۱۰۰) سے مدد لی۔ طالب علم کو یہ ترکیب یاد رکھنی چاہئے جملوں کے اختصار میں یہ اکثر کام آتی ہے]

امثلہ نمبری ۱۵

مفصلہ ذیل کو حاصل جمع یا حاصل تفریق کی صورت میں بیان کرو

۱۔ ۲ جب ۵ طہ جب ۷ طہ ۲۔ ۲ جم ۷ طہ جب ۵ طہ

۳۔ ۲ جم ۱۱ طہ جم ۳ طہ ۴۔ ۲ جب ۵۴° جب ۶۶°

ثابت کرو کہ

۵۔ جب (طہ/۲) جب (۷طہ/۲) + جب (۳طہ/۲) جب (۱۱طہ/۲) = جب ۲ طہ جب ۵ طہ

۶۔ جم ۲ طہ جم (طہ/۲) - جم ۳ طہ جم (۹طہ/۲) = جب ۵ طہ جب (۵طہ/۲)

۷۔ جب ا جب (ا + ۲ ب) - جب ب جب (ب + ۲ ا) = جب (ا - ب) جب (ا + ب)

(جب ۳ا + جب ا) جب ا + (جم ۳ا − جم ا) جم ا = ۰

$$\frac{\text{۲ جب (ا − ج) جم ج − جب (ا − ۲ ج)}}{\text{۲ جب (ب − ج) جم ج − جب (ب − ۲ ج)}} = \frac{\text{جب ا}}{\text{جب ب}}$$

$$\frac{\text{جب ا جب ۲ا + جب ۳ا جب ۶ا + جب ۴ا جب ۱۳ا}}{\text{جب ا جم ۲ا + جب ۳ا جم ۶ا + جب ۴ا جم ۱۳ا}} = \text{مس ۹ا}$$

$$\frac{\text{جم ۲ا جم ۳ا − جم ۲ا جم ۷ا + جم ا جم ۱۰ا}}{\text{جب ۴ا جب ۳ا − جب ۲ا جب ۵ا + جب ۴ا جب ۷ا}} = \text{مم ۶ا مم ۵ا}$$

جم (۳۶° − ا) جم (۳۶° + ا) + جم (۵۴° + ا) جم (۵۴° − ا) = جم ۲ا

جم ا جب (ب − ج) + جم ب جب (ج − ا) + جم ج جب (ا − ب) = ۰

جب (۴۵° + ا) جب (۴۵° − ا) = ½ جم ۲ ا

سمہ (ا + ب) سمہ (ا − ب) = (جم ا − جم ب)^۲

جب (ب − ج) جم (ع − ل) + جب (ج − ع) جم (ب − ل)

+ جب (ع − ب) جم (ج − ل) = ۰

$$\text{۲ جم }\frac{\pi}{۱۳}\text{ جم }\frac{۹\pi}{۱۳} + \text{ جم }\frac{۳\pi}{۱۳} + \text{ جم }\frac{۵\pi}{۱۳} = ۰$$

۱۔ ثابت کرو کہ

$$\text{مس (ا + ب)} = \frac{\text{مس ا + مس ب}}{\text{۱ − مس ا مس ب}}$$

$$\text{مس (ا − ب)} = \frac{\text{مس ا − مس ب}}{\text{۱ + مس ا مس ب}}$$

دفعہ ۹۴ ا اور ب کی تمام قیمتوں کے لئے

$$\text{مس (ا + ب)} = \frac{\text{جب (ا + ب)}}{\text{جم (ا + ب)}} = \frac{\text{جب ا جم ب + جم ا جب ب}}{\text{جم ا جم ب − جب ا جب ب}}$$

شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو جم ا جم ب پر تقسیم کرنے سے

$$= \frac{\frac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} + \frac{\text{جب ب}}{\text{جم ب}}}{1 - \frac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} \times \frac{\text{جب ب}}{\text{جم ب}}}$$

$$\therefore \text{مس}(\text{ا}+\text{ب}) = \frac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{1 - \text{مس ا مس ب}}$$

نیز بموجب دفعہ ۹۶

$$\text{مس}(\text{ا}-\text{ب}) = \frac{\text{جب}(\text{ا}-\text{ب})}{\text{جم}(\text{ا}-\text{ب})}$$

$$= \frac{\text{جب ا جم ب} - \text{جم ا جب ب}}{\text{جم ا جم ب} + \text{جب ا جب ب}}$$

$$= \frac{\frac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} - \frac{\text{جب ب}}{\text{جم ب}}}{1 + \frac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} \times \frac{\text{جب ب}}{\text{جم ب}}}$$

[شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو جم ا جم ب پر تقسیم کرنے سے]

$$\therefore \text{مس}(\text{ا}-\text{ب}) = \frac{\text{مس ا} - \text{مس ب}}{1 + \text{مس ا مس ب}}$$

۱۰۵ — دفعہ گزشتہ کے ضابطوں کا ہندسی ثبوت اشکال دفعہ ۹۴ اور ۹۶ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

(۱) شکل دفعہ ۹۴ میں

$$\text{مس}(\text{ا}+\text{ب}) = \frac{\text{مع}}{\text{وم}} = \frac{\text{قن} + \text{رع}}{\text{وق} - \text{رن}}$$

$$= \frac{\frac{\text{قن}}{\text{وق}} + \frac{\text{رع}}{\text{وق}}}{1 - \frac{\text{رن}}{\text{وق}}} = \frac{\text{مس ا} + \frac{\text{رع}}{\text{وق}}}{1 - \frac{\text{رن}}{\text{رع}} \times \frac{\text{رع}}{\text{وق}}}$$

اب چونکہ زاویے رع ن اور ق و ن برابر ہیں اس لئے مثلث رع ن اور ق و ن متشابہ ہیں

پس $\frac{\text{رع}}{\text{ع ن}} = \frac{\text{وق}}{\text{ون}}$

اور اسلئے $\text{مس ب} = \frac{\text{ع ن}}{\text{ون}} = \frac{\text{رع}}{\text{وق}}$

اس لئے $\text{مس}(\text{ا}+\text{ب}) = \frac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{1 - \text{مس رع ن مس ب}}$

$$= \frac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{1 - \text{مس ا مس ب}}$$

(۲) شکل دفعہ ۹۶ میں

$$\text{مس}(\text{ا}-\text{ب}) = \frac{\text{مع}}{\text{وم}} = \frac{\text{قن} - \text{عر}}{\text{وق} + \text{نر}}$$

$$= \frac{\frac{\text{قن}}{\text{وق}} - \frac{\text{عر}}{\text{وق}}}{1 + \frac{\text{نر}}{\text{وق}}} = \frac{\text{مس ا} - \frac{\text{عر}}{\text{وق}}}{1 + \frac{\text{نر}}{\text{عر}} \times \frac{\text{عر}}{\text{وق}}}$$

اب چونکہ زاویے ی ع ن اور ن و ق مساوی ہیں

اس لئے $\frac{ی ع}{ع ن} = \frac{و ق}{و ن}$

اور اس لئے $\frac{ع د}{و ق} = \frac{ع ن}{و ن} = $ مس ب

اس لئے مس (ا - ب) $= \frac{\text{مس ا - مس ب}}{\text{ا + مس ی ع ن مس ب}}$

$= \frac{\text{مس ا - مس ب}}{\text{ا + مس ا مس ب}}$

۱۰۶۔ مندرجہ بالا ضابطوں کی چند خاص صورتیں اس طرح حاصل ہوسکتی ہیں۔

فرض کرو کہ ب = ۴۵° تب

مس (ا + ۴۵°) $= \frac{\text{مس ا + ۱}}{\text{ا - مس ا}} = \frac{\text{ا + مس ا}}{\text{ا - مس ا}}$

اور مس (ا - ۴۵°) $= \frac{\text{مس ا - ا}}{\text{ا + مس ا}}$

اسی طرح موافق دفعہ ۱۰۴ عمل کرنے سے ہم ثابت کرسکتے ہیں کہ

مم (ا + ب) $= \frac{\text{مم ا مم ب - ا}}{\text{مم ا + مم ب}}$

اور مم (ا - ب) $= \frac{\text{مم ا مم ب + ا}}{\text{مم ب - مم ا}}$

۱۰۷۔ مثال ا۔ مس ۷۵° = مس (۴۵° + ۳۰°)

$$= \frac{\text{مس } ۴۵^\circ + \text{مس } ۳۰^\circ}{۱ - \text{مس } ۴۵^\circ \text{ مس } ۳۰^\circ}$$

$$= \frac{۱ + \frac{۱}{\sqrt{۳}}}{۱ - \frac{۱}{\sqrt{۳}}} = \frac{\sqrt{۳} + ۱}{\sqrt{۳} - ۱}$$

$$= \frac{(\sqrt{۳} + ۱)^۲}{۳ - ۱} = \frac{۴ + ۲\sqrt{۳}}{۲}$$

$$= ۲ + \sqrt{۳} = ۲ + ۱٫۷۳۲۰۵ \ldots = ۳٫۷۳۲۰۵ \ldots$$

مثال ۲- $\text{مس } ۱۵^\circ = \text{مس } (۴۵^\circ - ۳۰^\circ)$

$$= \frac{\text{مس } ۴۵^\circ - \text{مس } ۳۰^\circ}{۱ + \text{مس } ۴۵^\circ \text{ مس } ۳۰^\circ}$$

$$= \frac{۱ - \frac{۱}{\sqrt{۳}}}{۱ + \frac{۱}{\sqrt{۳}}} = \frac{\sqrt{۳} - ۱}{\sqrt{۳} + ۱} = \frac{(\sqrt{۳} - ۱)^۲}{۳ - ۱}$$

$$= \frac{۴ - ۲\sqrt{۳}}{۲} = ۲ - \sqrt{۳} = ۲ - ۱٫۷۳۲۰۵ \ldots$$

$$= ۰٫۲۶۷۹۵ \ldots$$

امثلہ نمبری ۱۶

۱- اگر $\text{مس ا} = \frac{۱}{۲}$ اور $\text{مس ب} = \frac{۱}{۳}$ تو مس (۲ا + ب) اور مس (۲ا - ب) کی قیمتیں دریافت کرو

نیز ترسیمی عمل اور صحیح پیمائش سے اس کی تصدیق کرو

۲- اگر مس ا = $\frac{\sqrt{3}}{\sqrt{3}+4}$ اور مس ب = $\frac{\sqrt{3}}{\sqrt{3}-4}$ تو ثابت کرو کہ

مس (ا - ب) = ۰ء۳۷۵

۳- اگر مس ا = $\frac{ن}{ن+1}$ اور مس ب = $\frac{1}{2ن+1}$ تو مس(ا+ب) دریافت کرو

۴- اگر مس عہ = $\frac{5}{6}$ اور مس بہ = $\frac{1}{11}$ تو ثابت کرو کہ عہ + بہ = $\frac{\pi}{4}$ عمل ترسیمی اور صحیح پیمائش سے اس کی تصدیق کرو۔

ثابت کرو کہ

۵- مس ($\frac{\pi}{4}$ + طہ) × مس ($\frac{3\pi}{4}$ + طہ) = -۱

۶- مم ($\frac{\pi}{4}$ + طہ) مم ($\frac{\pi}{4}$ - طہ) = ۱

۷- ۱ + مس ا مس $\frac{ا}{2}$ = مس ا مم $\frac{ا}{2}$ - ۱ = قط ا

۱۰۸- اس باب کے ضابطوں کو استعمال کرنے سے اس قسم کی مثالیں بھی حل ہوسکتی ہیں کہ ہم اُن سب زاویوں کے لئے ایک جملہ عامہ دریافت کریں جن کی جیب یا جیب التمام یا مماس معلوم ہو دفعات ۸۸ تا ۹۰ میں اس کے متعلق بحث ہو چکی ہے۔

اُن سب زاویوں کے لئے جو ایک ہی جیب معلوم رکھتے ہوں ایک قیمت عامہ دریافت کرو

فرض کرو کہ عہ کوئی زاویہ ہے جو جیب معلوم رکھتا ہے اور طہ ایک اور زاویہ ہے جس کی جیب وہی ہے جو عہ کی ہے

پس ہمیں طہ کی ایک ایسی عام سے عام قیمت معلوم کرنی ہے جو شرائط مساوات جب طہ = جب عہ یعنی جب طہ - جب عہ = ۰ کو پورا کرے، یہ مساوات اس طرح بھی لکھی جا سکتی ہے۔

$$۲ \text{ جم } \frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲} \text{ جب } \frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲} = ۰$$

اور اس لیئے اس کی شرائط معادلات ذیل سے پوری ہونگی

$$\text{جم } \frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲} = ۰ \quad \text{اور جب } \frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲} = ۰$$

اس لیئے لازماً $\frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲} = \frac{\pi}{۲}$ کے کسی طاق ضعف کے

اور $\frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲} = \pi$ کے کسی ضعف کے

یعنی طہ = - عہ + π کا کوئی طاق ضعف

اور طہ = عہ + π کا کوئی جفت ضعف

یعنی لازماً طہ = $(-۱)^{\text{ن}}$ عہ + ن π جہاں ن کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔

کیونکہ جب ن طاق ہو تو جملہ عامہ سے جملہ (۱) حاصل ہوتا ہے اور جب ن جفت ہو تو جملہ (۲) حاصل ہوتا ہے

۱۰۹۔ اُن سب زاویوں کے لیئے جن کی ایک ہی جیب التمام ہو ایک قیمت عامہ دریافت کرو۔

اس صورت میں مساوات

جم طہ = جم عہ

یعنی　جم طہ - جم عہ = ۰

یعنی　۲ جب $\frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲}$ جب $\frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲}$ = ۰ کو حل کرنا مطلوب ہے

شرائط مساوات مذکورہ

جب $\frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲}$ = ۰ سے اور جب $\frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲}$ = ۰ سے پوری ہوتی ہیں

اس سے ظاہر ہے کہ $\frac{\text{طہ} + \text{عہ}}{۲}$ = π کے کسی ضعف کے

اور　$\frac{\text{طہ} - \text{عہ}}{۲}$ = π کے کسی ضعف کے

یعنی　طہ = - عہ + ۲ π کا کوئی ضعف

اور　طہ = عہ + ۲ π کا کوئی ضعف

دونوں نظام ان قیمتوں کے جملہ طہ = ۲ ن π ± عہ میں شامل ہیں جہاں ن کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے

۱۱۰ - ان سب زاویوں کے لئے جو ایک ہی مماس معلوم رکھتے ہوں ایک جملہ عامہ دریافت کرو۔

اس صورت میں مساوات

مس طہ - مس عہ = ۰

یعنی　جب طہ جم عہ - جم طہ جب عہ = ۰

یعنی　جب (طہ - عہ) = ۰

کو حل کرنا مطلوب ہے۔

∴　طہ - عہ = π کے کسی ضعف کے

= ن π جہاں ن کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد

۱ سلئے مساوات کا عام سے عام حل ط = ن π + ع ہے

امثلہ نمبری ۱۶ (۱)

۱۔ دو حادّے زاوئے بناؤ جن کے مماس $\frac{۱}{۲}$ اور $\frac{۱}{۳}$ ہوں اور پیمائش سے تصدیق کرو کہ ان کا مجموعہ ۴۵° ہے

۲۔ دو حادّے زاویوں کے مماس بالترتیب ۳ اور ۲ ہیں، عمل ترسیمی سے ثابت کرو کہ ان کے تفاوت کا مماس $\frac{۱}{۷}$ ہے

۳۔ ایک حادّے زاوئے کی جیب ۶ء ہے اور ایک اور زاوئے کی جیب التمام ۵ء ہے، عمل ترسیمی سے، نیز حساب لگانے سے ثابت کرو کہ ان کے حاصل تفریق کی جیب قریب قریب ۳۹ء ہے

۴۔ ایک ایسا زاویہ بناؤ جس کی جیب التمام ۴ء ہو اور حساب اور پیمائش دونوں سے ثابت کرو کہ ایک ایسے زاوئے کی جیب اور جیب التمام جو زاویہ مذکورہ سے بقدر ۴۵° کے زیادہ ہو تقریباً ۹۳ء اور -۳۶۵ء ہیں

۵۔ ایک زاویہ حادّہ بناؤ جس کا مماس ۷ ہو اور ایک اور زاویہ حادہ بناؤ جس کی جیب ۷ء ہو، حساب اور پیمائش دونوں سے ثابت کرو کہ ان کے تفاوت کی جیب قریب قریب ۶۱ء ہے۔

باب ہشتم

اضعافی اور کسری زاویوں کی مثلثی نسبتیں

۱۱۱ — زاویہ ۲ا کی مثلثی نسبتوں کو زاویہ ا کی نسبتوں کی رقوم میں دریافت کرو۔

اگر دفعہ ۹۴ کے ضابطوں میں ہم فرض کریں کہ ب = ا تو حاصل ہوگا

جب ۲ ا = جب ا جم ا + جم ا جب ا = ۲ جب ا جم ا

جم ۲ ا = جم ا جم ا − جب ا جب ا = جم^{2} ا − جب^{2} ا

= (۱ − جب^{2} ا) − جب^{2} ا = ۱ − ۲ جب^{2} ا

اور نیز = جم^{2} ا − (۱ − جم^{2} ا) = ۲ جم^{2} ا − ۱

اور مس ۲ ا = (مس ا + مس ا) ÷ (۱ − مس ا مس ا) = ۲ مس ا ÷ (۱ − مس^{2} ا)

اب دفعہ ۹۴ کے ضابطے ا اور ب کی تمام قیمتوں کے لئے صحیح ہیں اس لئے جو صورتیں اُن سے مستنبط ہوتی ہیں وہ بھی زاویوں کی تمام قیمتوں کے لئے درست ہیں اور بالخصوص مندرجہ بالا ضابطے ا کی تمام قیمتوں کے لئے

درست ہیں۔

۱۱۲۔ جب زاویہ ا قائمہ سے کم ہو تو دفعہ گزشتہ کے ضابطوں کا ہندسی ثبوت اس طرح بلا واسطہ حاصل ہو سکتا ہے۔

فرض کرو کہ ق ج ع زاویہ ۲ ا کے برابر ہے، مرکز ج اور نصف قطر ج ع پر ایک دائرہ بناؤ اور فرض کرو کہ ق ج ممدودہ دائرہ مذکورہ کو نقطہ و پر ملتا ہے، و ع اور ع ق کو ملاؤ اور و ق پر عمود ع ن نکالو۔

بحکم اقلیدس م ۳ ش ۲۰

زاویہ ق و ع = $\frac{1}{2}$ $\angle$ ق ج ع = ا

اور زاویہ ن ع ق = $\angle$ ق و ع = ا

اس لئے جب ۲ ا = $\frac{\text{ن ع}}{\text{ج ع}}$ = $\frac{\text{۲ ن ع}}{\text{۲ ج ق}}$ = ۲ $\frac{\text{ن ع}}{\text{و ق}}$

= ۲ $\frac{\text{ن ع}}{\text{و ع}}$ × $\frac{\text{و ع}}{\text{و ق}}$

= ۲ جب ن و ع جم ع و ق چونکہ و ع ق زاویہ قائمہ ہے

$$= \text{۲ جب ا جم ا}$$

$$\text{نیز}\quad \text{جم ۲ا} = \frac{\text{ج ن}}{\text{ج ع}} = \frac{\text{۲ ج ن}}{\text{۲ ج ع}}$$

$$= \frac{\text{۲ ج ن}}{\text{و ق}} = \frac{(\text{و ج} + \text{ج ن}) - (\text{و ج} - \text{ج ن})}{\text{و ق}}$$

$$= \frac{\text{و ن} - \text{ن ق}}{\text{و ق}} = \frac{\text{و ن}}{\text{و ع}} \times \frac{\text{و ع}}{\text{و ق}} - \frac{\text{ن ق}}{\text{ع ق}} \times \frac{\text{ع ق}}{\text{و ق}}$$

$$= \text{جم}^2\text{ا} - \text{جب}^2\text{ا}$$

$$\text{اور}\quad \text{مس ۲ا} = \frac{\text{ن ع}}{\text{ج ن}} = \frac{\text{۲ ن ع}}{\text{و ن} - \text{ن ق}}$$

$$= \frac{\dfrac{\text{۲ ن ع}}{\text{و ن}}}{\text{۱} - \dfrac{\text{ن ق}}{\text{ع ن}} \times \dfrac{\text{ع ن}}{\text{و ن}}}$$

$$= \frac{\text{۲ مس ا}}{\text{۱} - \text{مس}^2\text{ا}}$$

مثال - جب °۱۵ اور جم °۱۵ کی قیمتیں دریافت کرو

فرض کرو کہ زاویہ ۲ا برابر °۳۰ کے ہے یعنی ا = °۱۵

نیز فرض کرو کہ نصف قطر دائرہ ج ع برابر ۲ر کے ہے اسلئے حاصل ہوگا

$$\text{ج ن} = \text{۲ر جم °۳۰} = \text{ر}\sqrt{\text{۳}}$$

$$\text{اور}\quad \text{ن ع} = \text{۲ر جب °۳۰} = \text{ر}$$

اس لئے   ون = وج + ج ن = ر (۲ + √۳)

اور   ن ق = ج ق − ج ن = ر (۲ − √۳)

∴   وع² = ون × وق = ر (۲ + √۳) × ۴ ر (اقلیدس م ۶ ش ۸)

یعنی   وع = ر √۲ (√۳ + ۱)

اور   عق² = ق ن × ق و = ر (۲ − √۳) × ۴ ر

یعنی   ع ق = ر √۲ (√۳ − ۱)

اس لئے   جب ۱۵° = عق / وق = √۲ (√۳ − ۱) / ۴ = (√۳ − ۱) / ۲√۲

اور   جم ۱۵° = وع / وق = √۲ (√۳ + ۱) / ۴ = (√۳ + ۱) / ۲√۲

۱۱۳ — زاویہ ۳ا کی مثلثی نسبتوں کو زاویہ ا کی نسبتوں کی رقوم میں دریافت کرو۔

دفعہ ۹۴ میں ب کیجگہ ۲ا رکھنے سے حاصل ہوگا

جب ۳ا = جب (ا + ۲ا) = جب ا جم ۲ا + جم ا جب ۲ا

= جب ا (۱ − ۲ جب² ا) + جم ا × ۲ جب ا جم ا [بموجب دفعہ ۱۱۱]

= جب ا (۱ − ۲ جب² ا) + ۲ جب ا (۱ − جب² ا)

اس لئے جب ۳ا = ۳ جب ا − ۴ جب³ ا ......(۱)

اسی طرح سے جم ۳ا = جم (ا + ۲ا) = جم ا جم ۲ا − جب ا جب ۲ا

= جم ا (۲ جم² ا − ۱) − جب ا × ۲ جب ا جم ا

= جم ا (۲ جم² ا − ۱) − ۲ جم ا (۱ − جم² ا)

اس لئے $\text{جم}\,3\text{ا} = 4\,\text{جم}^3\text{ا} - 3\,\text{جم}\,\text{ا}$ .... (۲)

نیز $\text{مس}\,3\text{ا} = \text{مس}(\text{ا} + 2\text{ا}) = \dfrac{\text{مس}\,\text{ا} + \text{مس}\,2\text{ا}}{1 - \text{مس}\,\text{ا}\,\text{مس}\,2\text{ا}}$

$$= \dfrac{\text{مس}\,\text{ا} + \dfrac{2\,\text{مس}\,\text{ا}}{1 - \text{مس}^2\text{ا}}}{1 - \text{مس}\,\text{ا} \times \dfrac{2\,\text{مس}\,\text{ا}}{1 - \text{مس}^2\text{ا}}}$$

$$= \dfrac{\text{مس}\,\text{ا}(1 - \text{مس}^2\text{ا}) + 2\,\text{مس}\,\text{ا}}{(1 - \text{مس}^2\text{ا}) - 2\,\text{مس}^2\text{ا}}$$

اس لئے $\text{مس}\,3\text{ا} = \dfrac{3\,\text{مس}\,\text{ا} - \text{مس}^3\text{ا}}{1 - 3\,\text{مس}^2\text{ا}}$

[طالب علم کو شاید مندرجہ بالا ضابطوں (۱) اور (۲) کو یاد رکھنے میں وقت ہو، ان صورتوں میں کچھ مشابہت ہے مگر ترتیب علامات میں اختلاف اگر کسی قسم کا شک ہو تو طالب علم کو ان ضابطوں کی خاص صورتوں کے تصدیق کر لینی چاہیئے، مثلاً صورت (۱) میں فرض کرو کہ $\text{ا} = 90^\circ$ اور (۲) میں $\text{ا} = 0^\circ$]

۱۱۴ — دفعہ گزشتہ کے موافق عمل کرنے سے طہ کے کسی اعلیٰ ضعف کی مثلثی نسبتیں طہ کی نسبتوں کی رقوم میں بیان ہو سکتی ہیں مگر یہ طریقہ طولانی اور پریشان کن ہوگا آگے چل کر آیندہ باب میں اس سے اچھی ترکیبیں دیجائیں گی۔

تمثیلاً فرض کرو کہ جم ۵ طہ کو جم طہ کی رقوم میں بیان کرنا مطلوب ہے۔

جم ۵ طہ = جم (۳ طہ + ۲ طہ)

= جم ۳ طہ جم ۲ طہ − جب ۳ طہ جب ۲ طہ

= (۴ جم^{3} طہ − ۳ جم طہ) (۲ جم^{2} طہ − ۱)

− (۳ جب طہ − ۴ جب^{3} طہ) × ۲ جب طہ جم طہ

= (۸ جم^{5} طہ − ۱۰ جم^{3} طہ + ۳ جم طہ)

− ۲ جم طہ × جب^{2} طہ (۳ − ۴ جب^{2} طہ)

= (۸ جم^{5} طہ − ۱۰ جم^{3} طہ + ۳ جم طہ)

− ۲ جم طہ (۱ − جم^{2} طہ) (۴ جم^{2} طہ − ۱)

= (۸ جم^{5} طہ − ۱۰ جم^{3} طہ + ۳ جم طہ)

− ۲ جم طہ (۵ جم^{2} طہ − ۴ جم^{4} طہ − ۱)

= ۱۶ جم^{5} طہ − ۲۰ جم^{3} طہ + ۵ جم طہ

امثلہ نمبری ۱۷

۱۔ جب ۲ عہ کی قیمت دریافت کرو جبکہ

(۱) جم عہ = $\frac{۳}{۵}$ (۲) جب عہ = $\frac{۱۲}{۱۳}$ اور (۳) مس عہ = $\frac{۱۶}{۶۳}$

۲۔ جم ۲ عہ کی قیمت دریافت کرو جبکہ

(۱) جم عہ = $\frac{۱۵}{۱۷}$ (۲) جب عہ = $\frac{۴}{۵}$ اور (۳) مس عہ = $\frac{۵}{۱۲}$،

ہرایک صورت میں ترسیم اور صحیح پیمائش سے تصدیق کرو

۳۔ اگر مس طہ = $\frac{ب}{ا}$ تو ا جم ۲ طہ + ب جب ۲ طہ کی قیمت دریافت کرو

ثابت کرو کہ

۴- $\frac{\text{جب ۲ا}}{\text{۱ + جم ۲ا}} = \text{مس ا}$

۵- $\frac{\text{جب ۲ا}}{\text{۱ - جم ۲ا}} = \text{مم ا}$

۶- $\frac{\text{۱ - جم ۲ا}}{\text{۱ + جم ۲ا}} = \text{مس}^2\text{ا}$

۷- $\text{مس ا + مم ا = ۲ قم ۲ا}$

۸- $\text{مس ا - مم ا = -۲ مم ۲ا}$

۹- $\text{قم ۲ا + مم ۲ا = مم ا}$

۱۰- $\frac{\text{۱ - جم ا + جم ب - جم (ا + ب)}}{\text{۱ + جم ا - جم ب - جم (ا + ب)}} = \text{مس}\frac{\text{ا}}{\text{۲}}\text{ مم}\frac{\text{ب}}{\text{۲}}$

۱۱- $\frac{\text{جم ا}}{\text{۱} \mp \text{جب ا}} = \text{مس}\left(\text{۴۵}^\circ \pm \frac{\text{ا}}{\text{۲}}\right)$

۱۲- $\frac{\text{قط ۸ا - ۱}}{\text{قط ۴ا - ۱}} = \frac{\text{مس ۸ا}}{\text{مس ۲ا}}$

۱۳- $\frac{\text{۱ + مس}^2(\text{۴۵}^\circ\text{ - ا})}{\text{۱ - مس}^2(\text{۴۵}^\circ\text{ - ا})} = \text{قم ۲ا}$

۱۴- $\frac{\text{جب عہ + جب بہ}}{\text{جب عہ - جب بہ}} = \frac{\text{مس}\frac{\text{عہ + بہ}}{\text{۲}}}{\text{مس}\frac{\text{عہ - بہ}}{\text{۲}}}$

۱۵- $\frac{\text{جب}^2\text{ا - جب}^2\text{ب}}{\text{جب ا جم ا - جب ب جم ب}} = \text{مس (ا + ب)}$

۱۶- $\text{مس}\left(\frac{\pi}{\text{۴}}\text{ + طہ}\right)\text{ - مس}\left(\frac{\pi}{\text{۴}}\text{ - طہ}\right) = \text{۲ مس ۲طہ}$

۱۷- $\frac{\text{جم ا + جب ا}}{\text{جم ا - جب ا}} - \frac{\text{جم ا - جب ا}}{\text{جم ا + جب ا}} = \text{۲ مس ۲ا}$

۱۸- $\text{مم (ا + ۱۵}^\circ\text{) - مس (ا - ۱۵}^\circ\text{)} = \frac{\text{۴ جم ۲ا}}{\text{۱ + ۲ جب ۲ا}}$

۱۹- $\frac{\text{جب ط + جب ۲ط}}{\text{۱ + جم ط + جم ۲ط}}$ = مس ط　　۲۰- $\frac{\text{۱ + جب ط − جم ط}}{\text{۱ + جب ط + جم ط}}$ = مس $\frac{\text{ط}}{\text{۲}}$

۲۱- $\frac{\text{جب (ن + ۱) ا − جب (ن − ۱) ا}}{\text{جم (ن + ۱) ا + ۲ جم ن ا + جم (ن − ۱) ا}}$ = مس $\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$

۲۲- $\frac{\text{جب (ن + ۱) ا + ۲ جب ن ا + جب (ن − ۱) ا}}{\text{جم (ن − ۱) ا − جم (ن + ۱) ا}}$ = مم $\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$

۲۳- جب (۲ن + ۱) ا جب ا = جب^{2} (ن + ۱) ا − جب^{2} ن ا

۲۴- $\frac{\text{جب (ا + ۳ب) + جب (۳ا + ب)}}{\text{جب ۲ا + جب ۲ب}}$ = ۲ جم (ا + ب)

۲۵- جب ۳ا + جب ۲ا − جب ا = ۴ جب ا جم $\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$ جم $\frac{\text{۳ا}}{\text{۲}}$

۲۶- مس ۲ا = (قط ۲ا + ۱) $\sqrt{\text{قط}^{2}\text{ ا − ۱}}$

۲۷- جم^{3} ۲ط + ۳ جم ۲ط = ۴ (جم^{6} ط − جب^{6} ط)

۲۸- ۱ + جم^{2} ۲ط = ۲ (جم^{4} ط + جب^{4} ط)

۲۹- قط^{2} ا (۱ + قط ۲ا) = ۲ قط ۲ا

۳۰- قم ا − ۲ مم ۲ا جم ا = ۲ جب ا

۳۱- مم ا = $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (مم $\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$ − مس $\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$)

۳۲- جب عہ جب (۶۰° − عہ) جب (۶۰° + عہ) = $\frac{\text{۱}}{\text{۴}}$ جب ۳عہ

۳۳- جم عہ جم (۶۰° − عہ) جم (۶۰° + عہ) = $\frac{\text{۱}}{\text{۴}}$ جم ۳عہ

۳۴- مم عہ + مم (۶۰° + عہ) − مم (۶۰° − عہ) = ۳ مم ۳عہ

۳۵- $\text{جم}\,۲۰^\circ\ \text{جم}\,۴۰^\circ\ \text{جم}\,۶۰^\circ\ \text{جم}\,۸۰^\circ = \frac{۱}{۱۶}$

۳۶- $\text{جب}\,۲۰^\circ\ \text{جب}\,۴۰^\circ\ \text{جب}\,۶۰^\circ\ \text{جب}\,۸۰^\circ = \frac{۳}{۱۶}$

۳۷- $\text{جم}\,۴\,\text{عہ} = ۱ - ۸\,\text{جم}^۲\,\text{عہ} + ۸\,\text{جم}^۴\,\text{عہ}$

۳۸- $\text{جب}\,۴\,\text{ا} = ۴\,\text{جب}\,\text{ا}\,\text{جم}^۳\,\text{ا} - ۴\,\text{جم}\,\text{ا}\,\text{جب}^۳\,\text{ا}$

۳۹- $\text{جم}\,۶\,\text{عہ} = ۳۲\,\text{جم}^۶\,\text{عہ} - ۴۸\,\text{جم}^۴\,\text{عہ} + ۱۸\,\text{جم}^۲\,\text{عہ} - ۱$

۴۰- $\text{مس}\,۳\,\text{ا}\ \text{مس}\,۲\,\text{ا}\ \text{مس}\,\text{ا} = \text{مس}\,۳\,\text{ا} - \text{مس}\,۲\,\text{ا} - \text{مس}\,\text{ا}$

۴۱- $\frac{۲\,\text{جم}\,۲^{\text{ن}}\,\text{طہ} + ۱}{۲\,\text{جم}\,\text{طہ} + ۱} = (۲\,\text{جم}\,\text{طہ} - ۱)(۲\,\text{جم}\,۲\,\text{طہ} - ۱)(۲\,\text{جم}\,۲^۲\,\text{طہ} - ۱)$

$\cdots\cdots\cdots (۲\,\text{جم}\,۲^{\text{ن}-۱}\,\text{طہ} - ۱)$

کسری زاویے

۱۱۵- چونکہ دفعہ ۱۱۱ کے تعلقات ا کی تمام قیمتوں کے لئے درست ہیں اس لئے اگر ہم ا کی بجائے $\frac{\text{ا}}{۲}$ اور اس لئے ۲ا کی بجائے $۲ \times \frac{\text{ا}}{۲}$ یعنی ا رکھدیں تو بھی وہ درست رہینگے اس طرح سے ہمیں ذیل کے ارتباط حاصل ہونگے۔

$$\text{جب}\,\text{ا} = ۲\,\text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}\,\text{جم}\,\frac{\text{ا}}{۲} \quad \cdots\cdots\cdots (۱)$$

$$\text{جم}\,\text{ا} = \text{جم}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲} - \text{جب}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

$$= ۲\,\text{جم}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲} - ۱ = ۱ - ۲\,\text{جب}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

اور $\text{مس}\,\text{ا} = \frac{۲\,\text{مس}\,\frac{\text{ا}}{۲}}{۱ - \text{مس}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲}}$

(۱) سے نیز ہمیں حاصل ہوگا۔

$$\text{جب } ا = \frac{۲ \text{ جب } \frac{ا}{۲} \text{ جم } \frac{ا}{۲}}{\text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} + \text{جب}^۲ \frac{ا}{۲}}$$

$$= \frac{۲ \text{ مس } \frac{ا}{۲}}{۱ + \text{مس}^۲ \frac{ا}{۲}}$$ شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو $\text{جم}^۲ \frac{ا}{۲}$ پر تقسیم کرنے سے

اسی طرح سے $$\text{جم } ا = \frac{\text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} - \text{جب}^۲ \frac{ا}{۲}}{\text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} + \text{جب}^۲ \frac{ا}{۲}}$$

$$= \frac{۱ - \text{مس}^۲ \frac{ا}{۲}}{۱ + \text{مس}^۲ \frac{ا}{۲}}$$

۱۱۶۔ زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کی مثلثی نسبتوں کو جم ا کی رقوم میں بیان کرو

دفعہ گزشتہ کی مساوات (۲) کے مطابق

$$\text{جم } ا = ۱ - ۲ \text{ جب}^۲ \frac{ا}{۲}$$

یعنی $$۲ \text{ جب}^۲ \frac{ا}{۲} = ۱ - \text{جم } ا$$

اور اس لئے $$\text{جب } \frac{ا}{۲} = \pm \sqrt{\frac{۱ - \text{جم } ا}{۲}} \quad \text{.......... (۱)}$$

نیز $$\text{جم } ا = ۲ \text{ جم}^۲ \frac{ا}{۲} - ۱$$

یعنی $$۲ \text{ جم}^۲ \frac{ا}{۲} = ۱ + \text{جم } ا$$

اوراس لئے جم $\frac{ا}{۲} = \pm \sqrt{\frac{۱ + جم ا}{۲}}$ .... (۲)

اسلئے مس $\frac{ا}{۲} = \frac{جب \frac{ا}{۲}}{جم \frac{ا}{۲}} = \pm \sqrt{\frac{۱ - جم ا}{۱ + جم ا}}$ .... (۳)

۱۱۷ - مندرجہ بالا ضابطوں میں سے ہرایک میں ایک مشتبہ علامت ہے، کسی خاص صورت میں مناسب علامت اس طرح معلوم ہو سکتی ہے، دیکھو امثلہ ذیل

مثال ۱ - معلوم ہے جم °۴۵ = $\frac{۱}{\sqrt{۲}}$، جب $°۲۲\frac{۱}{۲}$ اور جم $°۲۲\frac{۱}{۲}$ کی قیمتیں دریافت کرو۔

اگر دفعہ گزشتہ کی مساوات (۱) میں ا برابر °۴۵ رکھیں تو حاصل ہوگا۔

$$جب °۲۲\frac{۱}{۲} = \pm \sqrt{\frac{۱ - جم °۴۵}{۲}} = \pm \sqrt{\frac{۱ - \frac{۱}{\sqrt{۲}}}{۲}}$$

$$= \pm \sqrt{\frac{۲ - \sqrt{۲}}{۴}} = \pm \frac{۱}{۲}\sqrt{۲ - \sqrt{۲}}$$

اب جب $°۲۲\frac{۱}{۲}$ لازماً مثبت ہے اس لئے اوپر کی علامت لینی چاہیئے

$$اس لئے \quad جب °۲۲\frac{۱}{۲} = \frac{۱}{۲}\sqrt{۲ - \sqrt{۲}}$$

اسی طرح سے

$$جم °۲۲\frac{۱}{۲} = \pm \sqrt{\frac{۱ + جم °۴۵}{۲}} = \sqrt{\frac{۲ + \sqrt{۲}}{۴}}$$

$$= \pm \frac{۱}{۲}\sqrt{۲ + \sqrt{۲}}$$

نیز جم $°۲۲\frac{۱}{۲}$ مثبت ہے۔

$$\text{جم } ۲۲\tfrac{۱}{۲}^\circ = \sqrt{\frac{۲+\sqrt{۲}}{۲}}$$

مثال ۲۔ اگر جم ۳۳۰° = $\frac{\sqrt{۳}}{۲}$ تو جب ۱۶۵° اور جم ۱۶۵° کی قیمتیں دریافت کرو

مساوات (۱) سے حاصل ہوگا۔

$$\text{جب } ۱۶۵^\circ = \pm\sqrt{\frac{۱-\text{جم } ۳۳۰^\circ}{۲}} = \pm\sqrt{\frac{۱-\frac{\sqrt{۳}}{۲}}{۲}}$$

$$= \pm\sqrt{\frac{۴-۲\sqrt{۳}}{۸}} = \pm\frac{\sqrt{۳}-۱}{۲\sqrt{۲}}$$

$$\text{نیز جم } ۱۶۵^\circ = \pm\sqrt{\frac{۱+\text{جم } ۳۳۰^\circ}{۲}} = \pm\sqrt{\frac{۱+\frac{\sqrt{۳}}{۲}}{۲}}$$

$$= \pm\sqrt{\frac{۴+۲\sqrt{۳}}{۸}} = \pm\frac{\sqrt{۳}+۱}{۲\sqrt{۲}}$$

اب زاویہ ۱۶۵°، ۹۰° اور ۱۸۰° کے درمیاں واقع ہے یعنی بموجب دفعہ ۵۸ اس کی جیب مثبت ہے اور جیب التمام منفی

$$\text{اس لئے جب } ۱۶۵^\circ = \frac{\sqrt{۳}-۱}{۲\sqrt{۲}}$$

$$\text{اور جم } ۱۶۵^\circ = -\frac{\sqrt{۳}+۱}{۲\sqrt{۲}}$$

اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے کہ جب زاویہ ا اور اس کی جیب التمام دونوں معلوم ہوں تو زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کی مثلثی نسبتیں بغیر مشتبہ علامت کے معلوم ہوسکتی ہیں لیکن جب صرف جم ا معلوم ہو تو جب $\frac{ا}{۲}$ اور جم $\frac{ا}{۲}$ کو دریافت کرنے میں ہمیشہ مشتبہ علامات واقع ہوں گی اس اشتباہ کی وجہ دفعہ ذیل میں مندرج ہے

۱۱۸- جب ہم جم ا/۲ اور جب ا/۲ کو جم ا کی رقوم میں دریافت کرتے ہیں تو معلوم کرو کہ جواب میں مشتبہ علامت کیوں واقع ہوتی ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ اگر ن کوئی صحیح عدد ہو تو

جم ا = جم (۲ ن π ± ا) = ک (فرض کرو)

اس لئے ظاہر ہے کہ جس ضابطے سے ہمکو جم ا/۲ کی قیمت ک کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے اسی ضابطے سے (۲ ن π ± ا)/۲ کی جیب التمام بھی حاصل ہوگی۔

اب جم (۲ ن π ± ا)/۲ = جم (ن π ± ا/۲)

= جم ن π جم ا/۲ ∓ جب ن π جب ا/۲

= جم ن π جم ا/۲ = ± جم ا/۲

جہاں مثبت علامت لینی چاہیے اگر ن جفت ہو اور منفی اگر ن طاق ہو

اسی طرح جس ضابطے سے ہمکو جب ا/۲ کی قیمت ک کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے۔ اسی صورت سے ضرور ہے کہ (۲ ن π ± ا)/۲ کی جیب بھی حاصل ہو۔

نیز جب (۲ ن π ± ا)/۲ = جب (ن π ± ا/۲)

= جب ن π جم ا/۲ ± جم ن π جب ا/۲

$$= \pm \text{جم ن ۳ جب } \frac{ا}{۲} = \pm \text{ جب } \frac{ا}{۲}$$

پس معلوم ہوا کہ ہر ایک صورت میں ہمیں جم $\frac{ا}{۲}$ اور جب $\frac{ا}{۲}$ کی دو قیمتیں ملنی چاہئیں اور یہی تعداد دفعہ ۱۱۶ کے ضابطوں سے حاصل ہوتی ہے۔

{طالب علم اس دفعہ کی ہندسی توضیح زوایا $\frac{۲ ن ۳ \pm ا}{۲}$ یعنی ن ۳ $\pm \frac{ا}{۲}$ کو شکل میں کھینچنے سے کرسکتا ہے، ان زاویوں کو احاطہ کرنے والے خط کے چار مقامات ہونگے ان میں سے دو مقام خط ابتدائی کی مثبت سمت سے زاویے $\frac{ا}{۲}$ اور $-\frac{ا}{۲}$ بنائیں گے اور دو مقام خط ابتدائی کی سمت منفیہ سے زاویے $\frac{ا}{۲}$ اور $-\frac{ا}{۲}$ بنائیں گے، شکل سے ظاہر ہوگا کہ جم $\frac{ا}{۲}$ کی دو قیمتیں ہیں اور ایسے ہی جب $\frac{ا}{۲}$ کی دو قیمتیں ہیں}

۱۱۹۔ زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کی مثلثی نسبتوں کو جب ا کی رقوم میں بیان کرو۔

دفعہ ۱۱۵ کی مساوات (۱) سے

$$\text{۲ جب } \frac{ا}{۲} \text{ جم } \frac{ا}{۲} = \text{ جب ا} \quad \text{.........(۱)}$$

نیز

$$\text{جب}^۲ \frac{ا}{۲} + \text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} = ۱ \quad \text{.........(۲)}$$

سب سے اول ان مساواتوں کو جمع کرو اور پھر (۱) کو (۲) سے تفریق کرو، تو حاصل ہوگا

$$\text{جب}^۲ \frac{ا}{۲} + \text{۲ جب } \frac{ا}{۲} \text{ جم } \frac{ا}{۲} + \text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} = ۱ + \text{ جب ا}$$

اور

$$\text{جب}^۲ \frac{ا}{۲} - \text{۲ جب } \frac{ا}{۲} \text{ جم } \frac{ا}{۲} + \text{جم}^۲ \frac{ا}{۲} = ۱ - \text{ جب ا}$$

یعنی

$$\left(\text{جب } \frac{ا}{۲} + \text{جم } \frac{ا}{۲}\right)^۲ = ۱ + \text{ جب ا}$$

اور (جب ا/۲ - جم ا/۲)^۲ = ۱ - جب ا

پس جب ا/۲ + جم ا/۲ = ± √(۱ + جب ا) ....(۳)

اور جب ا/۲ - جم ا/۲ = ± √(۱ - جب ا) ....(۴)

معادلات (۳) اور (۴) کو جمع کرنے اور تفریق کرنے سے

۲ جب ا/۲ = ± √(۱ + جب ا) ± √(۱ - جب ا) ...(۵)

اور ۲ جم ا/۲ = ± √(۱ + جب ا) ∓ √(۱ - جب ا) ....(۶)

زاویہ ا/۲ کی باقی مثلثی نسبتیں بآسانی حاصل ہوسکتی ہیں۔

۱۲۰ ۔ ضوابط (۵) اور (۶) میں دو مشتبہ علامات ہیں۔ امثلہ ذیل سے معلوم ہوگا کہ کسی خاص صورت میں یہ اشتباہ کس طرح دور ہوسکتا ہے۔

مثال ۱ ۔ جب ۳۰° کی قیمت ۱/۲ معلوم ہے، جب ۱۵° اور جم ۱۵° کی قیمتیں دریافت کرو۔

اگر ا = ۳۰° تو معادلات (۳) اور (۴) سے حاصل ہوگا۔

جب ۱۵° + جم ۱۵° = ± √(۱ + جب ۳۰°) = ± √۳/√۲

جب ۱۵° - جم ۱۵° = ± √(۱ - جب ۳۰°) = ± ۱/√۲

اب چونکہ جب ۱۵° اور جم ۱۵° دونوں مثبت ہیں اور جم ۱۵° بہ نسبت جب ۱۵° کے بڑی ہے اس لئے جملات جب ۱۵° + جم ۱۵° اور جب ۹۵ جم ۹۵ بالترتیب مثبت اور منفی ہیں اس لئے معلوم ہوا کہ

جب ۱۵° + جم ۱۵° = + √۳/√۲

اور جب 15° - جم 15° = $-\frac{1}{\sqrt{2}}$

اس لئے جب 15° = $\frac{\sqrt{3}-1}{2\sqrt{2}}$

اور جم 15° = $\frac{\sqrt{3}+1}{2\sqrt{2}}$

مثال ۲۔ اگر جب 570° = $-\frac{1}{2}$ تو جب 285° اور جم 285° کی قیمتیں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ ا = 570° تو حاصل ہوگا

جب 285° + جم 285° = $\pm\sqrt{1 + \text{جب } 570^\circ} = \pm\frac{1}{\sqrt{2}}$

اور جب 285° - جم 285° = $\pm\sqrt{1 - \text{جب } 570^\circ} = \pm\sqrt{\frac{3}{2}}$

شکل سے معلوم ہوگا کہ جب 285° منفی ہے اور جم 285° مثبت ہے نیز زاویہ 285° کی جیب تعداداً جیب التمام سے بڑی ہے اس لئے جب 285° + جم 285° منفی ہے اور جب 285° - جم 285° بھی منفی ہے

$\therefore$ جب 285° + جم 285° = $-\frac{1}{\sqrt{2}}$

اور جب 285° - جم 285° = $-\frac{\sqrt{3}}{\sqrt{2}}$

اس لئے جب 285° = $-\frac{\sqrt{3}+1}{2\sqrt{2}}$

اور جم 285° = $\frac{\sqrt{3}-1}{2\sqrt{2}}$

۱۲۱۔ جب ہم جم $\frac{ا}{۲}$ اور جب $\frac{ا}{۲}$ کو جب ا کی رقوم میں بیان کرتے ہیں تو معلوم کرو کہ جواب میں مشتبہ علامت کیوں واقع ہوتی ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ اگر ن کوئی صحیح عدد ہو تو

جب $\{ن\pi + (-1)^ن ا\}$ = جب ا = ک (فرض کرو) ..... (دفعہ ۸۸)

اس سے ظاہر ہے کہ جس ضابطے سے ہمکو جب $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت ک کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے اُسی ضابطے سے $\frac{ن\pi + (-۱)^{ن} ا}{۲}$ کی جیب کی قیمت بھی حاصل ہوگی

صورت اول۔ فرض کرو کہ ن جفت ہے اور ۲م کے برابر ہے تو جب $\frac{ن\pi + (-۱)^{ن} ا}{۲}$ = جب $(م\pi + \frac{ا}{۲})$

= جب م π جم $\frac{ا}{۲}$ + جم م π جب $\frac{ا}{۲}$ = جم م π جب $\frac{ا}{۲}$

= ± جب $\frac{ا}{۲}$ جہاں علامت مثبت لینی چاہیئے اگر م جفت ہو اور منفی اگر طاق ہو

صورت دوم۔ فرض کرو کہ ن طاق ہے اور = ۲ع + ۱ تب

جب $\frac{ن\pi + (-۱)^{ن} ا}{۲}$ = جب $\frac{۲ع\pi + \pi - ا}{۲}$

= جب $\{ع\pi + \frac{\pi - ا}{۲}\}$

= جب ع π جم $\frac{\pi - ا}{۲}$ + جم ع π جب $\frac{\pi - ا}{۲}$

= جم ع π جم $\frac{ا}{۲}$ = ± جم $\frac{ا}{۲}$ اس میں علامت مثبت لو اگر ع جفت ہو اور منفی اگر ع طاق ہو

پس معلوم ہوا کہ جس ضابطے سے ہمکو جب $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت جب ا کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے اسی ضابطے سے علاوہ اس کے جب $\frac{ا}{۲}$، ہم $\frac{ا}{۲}$، - جم $\frac{ا}{۲}$ کی قیمتیں یعنی کل چار قیمتیں حاصل ہونی چاہیئں۔ اور ضوابط دفعہ ۱۱۹ میں مشتبہ علامات کے تمام مختلف اجتماع لینے سے قیمتوں کی یہی تعداد حاصل ہوتی ہے

اسی قسم کے عمل سے ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ اگر جم $\frac{ا}{۲}$ کو جب ا کی رقوم میں دریافت کیا جائے تو چار قیمتیں حاصل ہونگی!-

[اگر ایک شکل ہندسیہ میں زاویے $\frac{ن\pi + (-۱)^{ن} ا}{۲}$ یعنی ن $\frac{\pi}{۲}$ + $(-۱)^{ن}$ $\frac{ا}{۲}$ اُس صورت میں کھینچے جائیں جہاں $\frac{ا}{۲}$ زاویہ قائمہ سے کم ہو تو معلوم ہوگا کہ احاطہ کرنے والے خط کے چار مقامات ہیں؛ اُن میں سے دو، ربع اول میں خط ابتدائی سے زاویے $\frac{ا}{۲}$ اور $\frac{\pi}{۲} - \frac{ا}{۲}$ بناتے ہیں اور دو ربع سوم میں خط ابتدائی کی منفی سمت سے زاویے $\frac{ا}{۲}$ اور $\frac{\pi}{۲} - \frac{ا}{۲}$ بناتے ہیں، شکل سے ظاہر ہوگا کہ ہمیں چار قیمتیں جب $\frac{ا}{۲}$ کی اور چار قیمتیں جم $\frac{ا}{۲}$ کی حاصل ہونی چاہئیں اور زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کی باقی قیمتوں کی بھی یہی کیفیت ہے]

۱۲۲- کسی صورت عامہ میں ہم دفعہ ۱۱۹ کے ارتباطات (۳) اور (۴) کی مشتبہ علامات اس طرح دور کر سکتے ہیں-

$$\text{جب}\,\frac{ا}{۲} + \text{جم}\,\frac{ا}{۲} = \sqrt{۲}\left(\frac{۱}{\sqrt{۲}}\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲} + \frac{۱}{\sqrt{۲}}\,\text{جم}\,\frac{ا}{۲}\right)$$

$$= \sqrt{۲}\left[\text{جب}\,\frac{ا}{۲}\,\text{جم}\,\frac{\pi}{۴} + \text{جم}\,\frac{ا}{۲}\,\text{جب}\,\frac{\pi}{۴}\right]$$

$$= \sqrt{۲}\,\text{جب}\left(\frac{\pi}{۴} + \frac{ا}{۲}\right)$$

اور $\sqrt{۲}$ جب $\left(\frac{\pi}{۴} + \frac{ا}{۲}\right)$ مثبت ہوگا اگر $\frac{\pi}{۴} + \frac{ا}{۲}$ ،
۲ن π اور ۲ن $\pi + \pi$ کے درمیان واقع ہو

یعنی اگر $\frac{ا}{۲}$ ، ۲ن $\pi - \frac{\pi}{۴}$ اور ۲ن $\pi + \frac{۳\pi}{۴}$ کے درمیان واقع ہو

اسلئے جملہ جب $\frac{ا}{۲}$ + جم $\frac{ا}{۲}$ مثبت ہوگا اگر زاویہ $\frac{ا}{۲}$

$۲ن\pi - \frac{\pi}{۴}$ اور $۲ن\pi + \frac{۳\pi}{۴}$ کے درمیان واقع ہو
ورنہ یہ منفی ہوگا۔

اور اسی طرح سے ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ

$$جب \frac{ا}{۲} - جم \frac{ا}{۲} = \sqrt{۲}\ جب \left(\frac{ا}{۲} - \frac{\pi}{۴}\right)$$

اس لئے جب $\frac{ا}{۲}$ − جم $\frac{ا}{۲}$ مثبت ہوگا اگر زاویہ $\left(\frac{ا}{۲} - \frac{\pi}{۴}\right)$، $۲ن\pi$ اور $۲ن\pi + \pi$ کے درمیان واقع ہو، یعنی اگر زاویہ $\frac{ا}{۲}$، $۲ن\pi + \frac{\pi}{۴}$ اور $۲ن\pi + \frac{۵\pi}{۴}$ کے درمیان واقع ہو ورنہ یہ منفی ہوگا

اس دفعہ کے نتائج کی توضیح ترسیمی طور پر شکل ذیل میں کی گئی ہے

ب
ق　ع
جب $\frac{ا}{۲}$ + جم $\frac{ا}{۲}$، + ہے
جب $\frac{ا}{۲}$ − جم $\frac{ا}{۲}$، + ہے
جب $\frac{ا}{۲}$ + جم $\frac{ا}{۲}$، − ہے　جب $\frac{ا}{۲}$ + جم $\frac{ا}{۲}$، + ہے
اَ　و　ا
جب $\frac{ا}{۲}$ − جم $\frac{ا}{۲}$، + ہے　جب $\frac{ا}{۲}$ − جم $\frac{ا}{۲}$، − ہے
جب $\frac{ا}{۲}$ + جم $\frac{ا}{۲}$، − ہے
جب $\frac{ا}{۲}$ − جم $\frac{ا}{۲}$، − ہے
ر　س
بَ

وا خط ابتدائی ہے اور خطوط وع، وق، ود، وس بالترتیب ربع اول، دوم، سوم، چہارم کے زاویوں کی تنصیف کرتے ہیں

مثال عددی۔ اگر ۲ جب $\frac{ا}{۲}$ = - $\sqrt{۱ + \text{جب} ا}$ - $\sqrt{۱ - \text{جب} ا}$ تو دریافت کرو کہ زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کو کن حدود کے درمیان واقع ہونا چاہیئے۔

اس صورت میں دفعہ ۱۱۹ کے ضابطے لازماً ہونے چاہئیں۔

$$\text{جب}\frac{ا}{۲} + \text{جم}\frac{ا}{۲} = -\sqrt{۱ + \text{جب} ا} \quad ....(۱)$$

$$\text{جب}\frac{ا}{۲} - \text{جم}\frac{ا}{۲} = -\sqrt{۱ - \text{جب} ا} \quad ....(۲)$$

کیونکہ ان دونوں ضابطوں کو جمع کرنے سے ضابطہ معلومہ حاصل ہوتا ہے مساوات (۱) سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو خط زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کا احاطہ کرتا ہے اسکو خطوط وق اور ود کے درمیان یا ود اور وس کے درمیان واقع ہونا چاہیئے اور مساوات (۲) سے ظاہر ہے کہ خط دائر کو خطوط ود اور وس یا وس اور وع کے درمیان واقع ہونا چاہیئے۔

اور یہ دونوں شرائط پوری ہوتی ہیں جب خط دائر ود اور وس کے درمیان واقع ہو یعنی جب زاویہ $\frac{ا}{۲}$،

۲ ن ۱۱ - $\frac{۳\pi}{۴}$ اور ۲ ن ۱۱ - $\frac{\pi}{۴}$ کے درمیان واقع ہو

۱۲۳ - زاویہ $\frac{ا}{۲}$ کی مثلثی نسبتوں کو مس ا کی رقوم میں بیان کرو۔

مساوات (۳) دفعہ ۱۱۵ سے

$$\text{مس} ا = \frac{۲\,\text{مس}\frac{ا}{۲}}{۱ - \text{مس}^۲\frac{ا}{۲}}$$

$$\therefore\quad ۱ - \text{مس}^۲\frac{\text{ا}}{۲} = \frac{۲}{\text{مس ا}}\,\text{مس}\frac{\text{ا}}{۲}$$

$$\text{یعنی}\quad \text{مس}^۲\frac{\text{ا}}{۲} + \frac{۲}{\text{مس ا}}\,\text{مس}\frac{\text{ا}}{۲} = ۱$$

طرفین پر $\frac{۱}{\text{مس}^۲\,\text{ا}}$ زیادہ کرنے سے حاصل ہوگا

$$\text{مس}^۲\frac{\text{ا}}{۲} + \frac{۲}{\text{مس ا}}\,\text{مس}\frac{\text{ا}}{۲} + \frac{۱}{\text{مس}^۲\,\text{ا}} = ۱ + \frac{۱}{\text{مس}^۲\,\text{ا}} = \frac{۱+\text{مس}^۲\,\text{ا}}{\text{مس}^۲\,\text{ا}}$$

$$\therefore\quad \text{مس}\frac{\text{ا}}{۲} + \frac{۱}{\text{مس ا}} = \pm\frac{\sqrt{۱+\text{مس}^۲\,\text{ا}}}{\text{مس ا}}$$

$$\therefore\quad \text{مس}\frac{\text{ا}}{۲} = \frac{\pm\sqrt{۱+\text{مس}^۲\,\text{ا}} - ۱}{\text{مس ا}} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

۱۲۴۔ مساوات (۱) کی مشتبہ علامت صرف اُس صورت میں دور ہوسکتی ہے جب ہمیں ا کی مقدار کے متعلق کچھ معلوم ہو۔

مثال۔ اگر مس ۱۵° = ۲ − $\sqrt{۳}$ تو مس $۷\frac{۱}{۲}$° دریافت کرو

دفعہ گزشتہ کی مساوات (۱) فرض کروکہ ا = ۱۵°

$$\text{مس}\,۷\tfrac{۱}{۲}^\circ = \frac{\pm\sqrt{۱+(۲-\sqrt{۳})^۲} - ۱}{۲-\sqrt{۳}}$$

$$= \frac{\pm\sqrt{۸-۴\sqrt{۳}} - ۱}{۲-\sqrt{۳}} \quad \ldots\ldots (۱)$$

اب چونکہ مس $۷\frac{۱}{۲}$° مثبت ہے اسلئے ہمیں اوپر کی علامت لینی چاہیئے۔

$$\text{اس لئے}\quad \text{مس}\,۷\tfrac{۱}{۲}^\circ = \frac{+(\sqrt{۶}-\sqrt{۲}) - ۱}{۲-\sqrt{۳}}$$

= (√۶ − √۲ − ۱)(۲ + √۳)

= √۶ − √۳ + √۲ − ۲ = (√۳ − √۲)(√۲ − ۱)

چونکہ مس ۱۵° = مس ۱۹۵° اس لئے جس مساوات سے ہمکو مس $\frac{۱۵}{۲}$° کی قیمت مس ۱۵° کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے اُسی مساوات سے ہمکو مس $\frac{۱۹۵}{۲}$° کی قیمت مس ۱۹۵° کی رقوم میں حاصل ہونے کی توقع رکھنی چاہیئے' دراصل جو قیمت مساوات (۱) میں علامت جذر کے ماقبل منفی علامت لینے سے حاصل ہوتی ہے وہ مس $\frac{۱۹۵}{۲}$° کی قیمت ہے

لہذا مس $\frac{۱۹۵}{۲}$° = (− √(۸ − ۴√۳) − ۱) / (√۳ − ۲)

= (−(√۶ − √۲) − ۱) / (√۳ − ۲) = (− √۶ + √۲ − ۱)(۲ + √۳)

= −(√۳ + √۲)(√۲ + ۱)

اس لئے مس ۹۷$\frac{۱}{۲}$° = − مم ۷$\frac{۱}{۲}$°

= −(√۳ + √۲)(√۲ + ۱)

۱۲۵ ـ اس امر کی تحقیق کرو کہ جب ہم مس $\frac{ا}{۲}$ کو مس ا کی رقوم میں دریافت کرتے ہیں تو جواب میں مشتبہ علامت کیوں واقع ہوتی ہے؟

دفعہ ۹۰ سے ہمکو معلوم ہے کہ اگر ن کوئی عدد صحیح ہو تو

مس (ن π + ا) = مس ا = ک (فرض کرو)

اس سے معلوم ہوا کہ جس مساوات سے ہمکو مس $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت ک کی رقوم میں حاصل ہوتی ہے اُسی مساوات سے

مس $\frac{ن \pi + ا}{۲}$ کی قیمت بھی حاصل ہونی چاہیئے۔

صورت اول۔ فرض کرو کہ ن جفت ہے اور ۲ م کے برابر ہے۔

تب مس $\frac{ن \pi + ا}{۲}$ = مس $\frac{۲ م \pi + ا}{۲}$

= مس (م π + $\frac{ا}{۲}$) = مس $\frac{ا}{۲}$ بموجب دفعہ ۹۰

صورت دوم۔ فرض کرو کہ ن طاق ہے اور = ۲ع + ۱

تب مس $\frac{ن \pi + ا}{۲}$ = مس $\frac{(۲ع + ۱) \pi + ا}{۲}$

= مس (ع π + $\frac{\pi + ا}{۲}$) = مس $\frac{\pi + ا}{۲}$ (دفعہ ۹۰)

= ۔ مم $\frac{ا}{۲}$ (دفعہ ۷۶)

اس سے معلوم ہوا کہ جس ضابطے سے ہمکو مس $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت حاصل ہوگی اُسی ضابطے سے ۔ مم $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت بھی حاصل ہونی چاہیئے۔

اس کی توضیح دفعہ گزشتہ کی ایک مثال میں ہوچکی ہے۔

امثلہ نمبری ۱۸

۱۔ اگر جب ط = $\frac{۱}{۲}$ اور جب ف = $\frac{۱}{۳}$ تو جب (ط + ف) اور جب (۲ط + ۲ف) کی قیمتیں دریافت کرو۔

۲۔ کسی زاویہ کا مماس ۲٫۴ ہے، اس کا قاطع التمام، اس کے نصف زاویہ کا قاطع التمام اور اس کے دوچند زاویہ کے تکملہ کا قاطع التمام دریافت کرو۔

۳- اگر جم عہ = $\frac{۱۱}{۱۴}$ اور جیب بہ = $\frac{۴}{۵}$ تو جیب $\frac{عہ - بہ}{۲}$ اور جم $\frac{عہ + بہ}{۲}$ کی قیمتیں دریافت کرو، دونوں زاویئے عہ اور بہ مثبت اور حادے ہیں۔

۴- اگر جم عہ = $\frac{۳}{۵}$ اور جم بہ = $\frac{۴}{۵}$ تو جم $\frac{عہ - بہ}{۲}$ کی قیمت دریافت کرو دونوں زاویئے عہ اور بہ مثبت اور حادے ہیں -

۵- معلوم ہے قطا طہ = $\frac{۱}{۴}$ ۱، دریافت کرو مس $\frac{طہ}{۲}$ اور مس طہ، ترسیمی عل سے اس کی تصدیق کرو

۶- اگر جم ا = ۰۲۸ تو مس $\frac{ا}{۲}$ کی قیمت دریافت کرو اور جواب میں مشتبہ علامت کی وجہ بیان کرو -

۷- مفصلہ ذیل کی قیمتیں دریافت کرو۔ (۱) جیب $\frac{۱}{۲}$ ۷° (۲) جم $\frac{۱}{۲}$ ۷° (۳) مس $\frac{۱}{۲}$ ۲۲° (۴) مس $\frac{۱}{۲}$ ۱۱°

۸ - اگر جیب طہ + جیب فہ = ا اور جم طہ + جم فہ = ب تو مس $\frac{طہ - فہ}{۲}$ کی قیمت دریافت کرو۔

ثابت کرو کہ

۹- $(جم عہ + جم بہ)^۲ + (جیب عہ - جیب بہ)^۲ = ۴ جم^۲ \frac{عہ + بہ}{۲}$

۱۰- $(جم عہ + جم بہ)^۲ + (جیب عہ + جیب بہ)^۲ = ۴ جم^۲ \frac{عہ - بہ}{۲}$

۱۱- $(جم عہ - جم بہ)^۲ + (جیب عہ - جیب بہ)^۲ = ۴ جیب^۲ \frac{عہ - بہ}{۲}$

۱۲- $جیب ا = \frac{۲ مس \frac{ا}{۲}}{۱ + مس^۲ \frac{ا}{۲}}$ ۱۳- $جم ا = \frac{۱ - مس^۲ \frac{ا}{۲}}{۱ + مس^۲ \frac{ا}{۲}}$

۱۴- $قطا (\frac{π}{۴} + طہ) قطا (\frac{π}{۴} - طہ) = ۲ قطا ۲ طہ$

۱۵- $مس (۴۵° + \frac{ا}{۲}) = \sqrt{\frac{۱ + جیب ا}{۱ - جیب ا}} = قطا ا + مس ا$

۱۶- $\text{جب}^2\left(\frac{\pi}{8}+\frac{\text{ا}}{2}\right)-\text{جب}^2\left(\frac{\pi}{8}-\frac{\text{ا}}{2}\right)=\frac{1}{\sqrt{2}}\,\text{جب ا}$

۱۷- $\text{جم}^2\,\text{ع}+\text{جم}^2(\text{ع}+120^\circ)+\text{جم}^2(\text{ع}-120^\circ)=\frac{3}{2}$

۱۸- $\text{جم}^2\frac{\pi}{8}+\text{جم}^2\frac{3\pi}{8}+\text{جم}^2\frac{5\pi}{8}+\text{جم}^2\frac{7\pi}{8}=\frac{3}{2}$

۱۹- $\text{جب}^2\frac{\pi}{8}+\text{جب}^2\frac{3\pi}{8}+\text{جب}^2\frac{5\pi}{8}+\text{جب}^2\frac{7\pi}{8}=\frac{3}{2}$

۲۰- $\text{جم}\,2\text{ط}\;\text{جم}\,2\text{ف}+\text{جب}^2(\text{ط}-\text{ف})-\text{جب}^2(\text{ط}+\text{ف})=\text{جب}(2\text{ط}+2\text{ف})$

۲۱- $(\text{مس}\,4\text{ا}+\text{مس}\,2\text{ا})(1-\text{مس}^2\,3\text{ا}\;\text{مس}^2\,\text{ا})=2\,\text{مس}\,3\text{ا}\;\text{قط}^2\,\text{ا}$

۲۲- $\left(1+\text{مس}\frac{\text{ع}}{2}-\text{قط}\frac{\text{ع}}{2}\right)\left(1+\text{مس}\frac{\text{ع}}{2}+\text{قط}\frac{\text{ع}}{2}\right)=\text{جب ع}\;\text{قط}^2\frac{\text{ع}}{2}$

ذیل کی تین صورتوں میں علامات جذر کے ماقبل جو مناسب علامات جبریہ لکھی جانی چاہئیں اُنہیں دریافت کرو۔

۲۳- $2\,\text{جم}\frac{\text{ا}}{2}=\pm\sqrt{1-\text{جب ا}}\pm\sqrt{1+\text{جب ا}}$ جہاں $\frac{\text{ا}}{2}=278^\circ$

۲۴- $2\,\text{جب}\frac{\text{ا}}{2}=\pm\sqrt{1-\text{جب ا}}\pm\sqrt{1+\text{جب ا}}$ جہاں $\frac{\text{ا}}{2}=\frac{19\pi}{11}$

۲۵- $2\,\text{جم}\frac{\text{ا}}{2}=\pm\sqrt{1-\text{جب ا}}\pm\sqrt{1+\text{جب ا}}$ جہاں $\frac{\text{ا}}{2}=-140^\circ$

۲۶- اگر $\text{ا}=340^\circ$ تو ثابت کرو کہ

$$2\,\text{جب}\frac{\text{ا}}{2}=-\sqrt{1+\text{جب ا}}+\sqrt{1-\text{جب ا}}$$

اور $$2\,\text{جم}\frac{\text{ا}}{2}=-\sqrt{1+\text{جب ا}}-\sqrt{1-\text{جب ا}}$$

۲۷- اگر $\text{ا}=460^\circ$ تو ثابت کرو کہ

$$2\,\text{جم}\frac{\text{ا}}{2}=-\sqrt{1+\text{جب ا}}+\sqrt{1-\text{جب ا}}$$

- اگر ا = ۵۸۰° تو ثابت کرو کہ

$$۲\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲} = -\sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} - \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$$

- کن حدود کے درمیان $\frac{ا}{۲}$ کو واقع ہونا چاہیئے کہ

(۱) $۲\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲} = \sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} + \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$

(۲) $۲\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲} = -\sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} + \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$

(۳) $۲\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲} = +\sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} - \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$

(۴) $۲\,\text{جم}\,\frac{ا}{۲} = \sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} - \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$

- کن حدود کے درمیان $\frac{ا}{۲}$ کو واقع ہونا چاہیئے کہ ضابطہ

$$۲\,\text{جم}\,\frac{ا}{۲} = \pm\sqrt{۱ + \text{جب}\,ا} \pm \sqrt{۱ - \text{جب}\,ا}$$

میں (۱) دونوں علامات مثبت لیجا سکیں

(۲) دونوں علامات منفی لیجا سکیں

(۳) پہلی علامت منفی ہو اور دوسری مثبت

- اگر ن کوئی عدد صحیح ہو اور کوئی زاویہ $۲ن\pi - \frac{۳\pi}{۴}$ اور $۲ن\pi + \frac{\pi}{۴}$ کے
ن واقع ہو تو ثابت کرو کہ اس کی جیب از روئے الجبرا جیب التمام سے
ی-

- اگر جب $\frac{ا}{۳}$ کی قیمت مساوات

$$\text{جب}\,ا = ۳\,\text{جب}\,\frac{ا}{۳} - ۴\,\text{جب}^{۳}\,\frac{ا}{۳}$$

دریافت کی جائے تو ثابت کرو کہ اس کے علاوہ اسی مساوات سے ہمکو
$\frac{\pi - ا}{۳}$ اور $-\text{جب}\,\frac{\pi + ا}{۳}$ کی قیمتیں حاصل کرنے کی توقع رکھنی چاہیئے

ہندسی طریق سے اس کی توضیح کرو۔

۳۳۔ اگر جم ا/۳ کی قیمت مساوات

جم ا = ۴ جم^{۳} ا/۳ − ۳ جم ا/۳

سے دریافت کی جائے تو ثابت کرو کہ علاوہ اس کے اُسی مساوات سے ہمکو

جم (۲π − ا)/۳ اور جم (۲π + ا)/۳ کی قیمتیں حاصل کرنے کی

توقع رکھنی چاہیئے۔

ہندسی طریق سے اس کی توضیح کرو

۱۲۶۔ اس باب کے ضابطوں کے استعمال سے اب ہم چند مشہور زاویوں کی مثلثی نسبتیں دریافت کرسکتے ہیں۔

زاویہ ۱۸° کی مثلثی نسبتیں دریافت کرو

فرض کرو کہ ط = ۱۸° پس ۲ ط = ۳۶° اور ۳ ط = ۵۴°

نیز ۲ ط = ۹۰° − ۳ ط

اس لئے جب ۲ ط = جب (۹۰° − ۳ ط) = جم ۳ ط

∴ ۲ جب ط جم ط = ۴ جم^{۳} ط − ۳ جم ط (دفعات ۱۱۱ اور ۱۱۳)

اس سے معلوم ہوا کہ جم ط = ۰ جس سے ط = ۹۰°

یا ۲ جب ط = ۴ جم^{۲} ط − ۳ = ۱ − ۴ جب^{۲} ط

∴ ۴ جب^{۲} ط + ۲ جب ط = ۱

اس مساوات درجہ دوم کو حل کرنے سے حاصل ہوگا

جب ط = (± √۵ − ۱)/۴

مگر اس صورت میں جب طہ لازماً ایک مثبت مقدار ہے
اس لئے ہمکو مثبت علامت لینی چاہیئے - پس

$$\text{جب } ۱۸^\circ = \frac{\sqrt{۵} - ۱}{۴}$$

اور $$\text{جم } ۱۸^\circ = \sqrt{۱ - \text{جب}^۲\, ۱۸^\circ} = \sqrt{۱ - \frac{۶ - ۲\sqrt{۵}}{۱۶}}$$

$$= \sqrt{\frac{۱۰ + ۲\sqrt{۵}}{۱۶}} = \frac{\sqrt{۱۰ + ۲\sqrt{۵}}}{۴}$$

اب زاویہ ۱۸° کی باقی مثلثی نسبتیں بآسانی معلوم ہوسکتی ہیں
چونکہ زاویہ ۱۸° کا متمم ۷۲° ہے اسلئے زاویہ ۷۲° کی مثلثی نسبتیں
دفعہ ۷۵ کی اعانت سے بآسانی معلوم ہوسکتی ہیں -

۱۲۷ - زاویہ ۳۶° کی مثلثی نسبتیں دریافت کرو۔

چونکہ $\text{جم } ۲\,\text{طہ} = ۱ - ۲\,\text{جب}^۲\,\text{طہ}$ (دفعہ ۱۱۱)

$$\therefore \text{جم } ۳۶^\circ = ۱ - ۲\,\text{جب}^۲\, ۱۸^\circ = ۱ - ۲\left(\frac{۶ - ۲\sqrt{۵}}{۱۶}\right) = ۱ - \frac{۳ - \sqrt{۵}}{۴}$$

پس $$\text{جم } ۳۶^\circ = \frac{\sqrt{۵} + ۱}{۴}$$

اس لئے $$\text{جب } ۳۶^\circ = \sqrt{۱ - \text{جم}^۲\, ۳۶^\circ} = \sqrt{۱ - \frac{۶ + ۲\sqrt{۵}}{۱۶}} = \frac{\sqrt{۱۰ - ۲\sqrt{۵}}}{۴}$$

اب زاویہ ۳۶° کی باقی مثلثی نسبتیں معلوم ہوسکتی ہیں
نیز چونکہ زاویہ ۳۶° کا متمم ۵۴° ہے اس لئے ۵۴° کی مثلثی نسبتیں
بھی دفعہ ۷۵ کی مدد سے بآسانی معلوم ہوسکتی ہیں -

۱۲۸ - جب ۱۸° اور جم ۳۶° کی قیمتیں بطریق ہندسیہ اس طرح

حاصل ہوسکتی ہیں۔

بموجب اقلیدس م ۶ ش ۱۰ ایک مثلث ا ب ج بناؤ یعنی مثلث کے زاویوں ب اور ج میں سے ہر ایک زاویہ ا کا دوچند ہو۔ تب

$$۱۸۰^\circ = \text{ا} + \text{ب} + \text{ج} = \text{ا} + ۲\text{ا} + ۲\text{ا}$$

اس لئے $\text{ا} = ۳۶^\circ$

پس اگر ب ج پر عمود ا د نکالا جائے تو

$$\angle\, \text{ب ا د} = ۱۸^\circ$$

اب اقلیدس کے عمل سے ہم جانتے ہیں کہ ب ج برابر الا کے ہے جہاں لا ایسا نقطہ ا ب پر ہے کہ

$$\text{اب} \times \text{ب لا} = (\text{الا})^۲$$

فرض کرو کہ $\text{اب} = \text{ما}$ اور $\text{الا} = \text{لا}$

اوپر کے ربط سے حاصل ہوگا

$$\text{ما}(\text{ما} - \text{لا}) = \text{لا}^۲$$

یعنی $\text{لا}^۲ + \text{ما لا} = \text{ما}^۲$

یعنی $\text{لا} = \frac{\sqrt{۵} - ۱}{۲}\,\text{ما}$

اس لئے $\text{جب}\ ۱۸^\circ = \text{جب ب ا د} = \frac{\text{ب د}}{\text{ب ا}} = \frac{۱}{۲} \times \frac{\text{ب ج}}{\text{ب ا}}$

$$= \frac{۱}{۲}\,\frac{\text{لا}}{\text{ما}} = \frac{\sqrt{۵} - ۱}{۴}$$

نیز بموجب اقلیدس م ۶ ش ۱۰، الا اور لا ج باہم مساوی ہیں۔

اس لیے اگر اج پر عمود لال نکالا جائے تو اج کی تنصیف نقطہ ل پر ہوگی۔

اس لئے $\text{جم}\,36^\circ = \frac{\text{ال}}{\text{لا}} = \frac{\text{ما}}{2} \div \text{لا} = \frac{1}{\sqrt{5}-1}$

$$= \frac{\sqrt{5}-1}{(\sqrt{5}+1)(\sqrt{5}-1)} = \frac{\sqrt{5}-1}{4}$$

۱۲۹ — زاویہ ۹° کی مثلثی نسبتیں دریافت کرو

چونکہ جب ۹° اور جم ۹° دونوں مثبت ہیں اسلئے ربط (۳) دفعہ ۱۱۹ سے حاصل ہوگا۔

$$\text{جب}\,9^\circ + \text{جم}\,9^\circ = \sqrt{1 + \text{جب}\,18^\circ}$$

$$= \sqrt{1 + \frac{\sqrt{5}-1}{4}} = \frac{\sqrt{3+\sqrt{5}}}{2} \quad \text{.......} \quad (1)$$

نیز چونکہ جم ۹° مقدار میں جب ۹° سے بڑا ہے (دفعہ ۵۹) اسلئے جملہ جب ۹° − جم ۹° منفی ہے لہذا ربط ۴ دفعہ (۱۱۹) سے حاصل ہوگا

$$\text{جب}\,9^\circ - \text{جم}\,9^\circ = -\sqrt{1 - \text{جب}\,18^\circ}$$

$$= -\sqrt{1 - \frac{\sqrt{5}-1}{4}}$$

$$= -\frac{\sqrt{5-\sqrt{5}}}{2} \quad \text{.......} \quad (2)$$

(۱) اور (۲) کو جمع کرنے سے

$$\text{جب}\,9^\circ = \frac{\sqrt{3+\sqrt{5}} - \sqrt{5-\sqrt{5}}}{4}$$

نیز (۲) کو (۱) سے تفریق کرنے سے

$$\text{جم}\ ۹^\circ = \frac{\sqrt{۳+\sqrt{۵}}+\sqrt{۵-\sqrt{۵}}}{۴}$$

اب زاویہ ۹° کے باقی جملے دریافت ہو سکتے ہیں
نیز چونکہ ۸۱° زاویہ ۹° کا متمم ہے اسلئے دفعہ ۷۵ کی مدد سے ۸۱° کی مثلثی نسبتیں معلوم ہوسکتی ہیں۔

امثلہ نمبری ۱۹

ثابت کروکہ

۱- $\text{جب}^۲\ ۷۲^\circ - \text{جب}^۲\ ۶۰^\circ = \frac{\sqrt{۵}-۱}{۸}$

۲- $\text{جم}^۲\ ۴۸^\circ - \text{جب}^۲\ ۱۲^\circ = \frac{\sqrt{۵}+۱}{۸}$

۳- $\text{جم}\ ۱۲^\circ + \text{جم}\ ۶۰^\circ + \text{جم}\ ۸۴^\circ = \text{جم}\ ۲۴^\circ + \text{جم}\ ۴۸^\circ$ عمل ترسیمی سے اس کی تصدیق کرو۔

۴- $\text{جب}\ \frac{\pi}{۵}\ \text{جب}\ \frac{۲\pi}{۵}\ \text{جب}\ \frac{۳\pi}{۵}\ \text{جب}\ \frac{۴\pi}{۵} = \frac{۵}{۱۶}$

۵- $\text{جب}\ \frac{\pi}{۱۰} + \text{جب}\ \frac{۱۳\pi}{۱۰} = -\frac{۱}{۲}$

۶- $\text{جب}\ \frac{\pi}{۱۰}\ \text{جب}\ \frac{۱۳\pi}{۱۰} = -\frac{۱}{۴}$

۷- $\text{مس}\ ۶^\circ\ \text{مس}\ ۴۲^\circ\ \text{مس}\ ۶۶^\circ\ \text{مس}\ ۷۸^\circ = ۱$

۸- $\text{جم}\ \frac{\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۲\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۳\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۴\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۵\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۶\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۷\pi}{۱۵} = \frac{۱}{۲^۷}$

۹- $۱۶\ \text{جم}\ \frac{۲\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۴\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۸\pi}{۱۵}\ \text{جم}\ \frac{۱۴\pi}{۱۵} = ۱$

۱۰- ایک دائرہ کے دو متوازی وتر مرکز کی ایک ہی جانب میں واقع ہیں اور اُن کے محاذی دائرہ کے مرکز پر زاوئے ۷۲° اور ۱۴۴° بالترتیب بنتے ہیں، ثابت کرو کہ وتروں کے درمیان عمودی فاصلہ دائرہ کے نصف قطر کے برابر ہے۔

۱۱- ثابت کرو کہ کسی دائرہ کا ایک وتر جس کے محاذی ۱۰۸° کا زاویہ مرکز پر بنتا ہے دو ایسے وتروں کے مجموعہ کے برابر ہوگا جن کے مقابل مرکز پر زاوئے ۳۶° اور ۶۰° بنتے ہیں۔

۱۲- ایک ایسا زاویہ بناؤ جس کی جیب التمام اُس کے ماس کے برابر ہو۔

۱۳- مساوات ذیل کو حل کرو۔

جب ۵ طہ جم ۳ طہ = جب ۹ طہ جم ۷ طہ

باب نہم

متماثلات اور مثلثی معادلات

۱۳۰- ضوابط دفعہ ۹۴ اور ۹۶ کی مدد سے دو سے زیادہ زاویوں کے حاصل جمع کی مثلثی نسبتیں حاصل ہوسکتی ہیں، مثلاً

جب (ا + ب + ج) = جب (ا + ب) جم ج + جم (ا + ب) جب ج

= (جب ا جم ب + جم ا جب ب) جم ج

+ (جم ا جم ب - جب ا جب ب) جب ج

= جب ا جم ب جم ج + جم ا جب ب جم ج

+ جم ا جم ب جب ج - جب ا جب ب جب ج،

اسی طرح سے

جم (ا + ب + ج) = جم (ا + ب) جم ج - جب (ا + ب) جب ج

= (جم ا جم ب - جب ا جب ب) جم ج

- (جب ا جم ب + جم ا جب ب) جب ج

= جم ا جم ب جم ج - جم ا جب ب جب ج - جب ا جم ب جب ج

- جب ا جب ب جم ج

نیز مس (ا + ب + ج) = $\frac{\text{مس (ا + ب) + مس ج}}{\text{ا - مس (ا + ب) مس ج}}$

$$= \frac{\dfrac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{۱ - \text{مس ا مس ب}} + \text{مس ج}}{۱ - \dfrac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{۱ - \text{مس ا مس ب}} \times \text{مس ج}}$$

$$= \frac{\text{مس ا} + \text{مس ب} + \text{مس ج} - \text{مس ا مس ب مس ج}}{۱ - \text{مس ب مس ج} - \text{مس ج مس ا} - \text{مس ا مس ب}}$$

۱۳۱ - دفعہ گذشتہ کا آخری ضابطہ ایک ایسے مسئلہ عامہ کی خاص صورت ہے جس کی مدد سے زاویوں کی کسی تعداد کے مجموعہ کا مماس خود اُن زاویون کے مماسون کی رقوم میں دریافت ہو سکتا ہے مسئلہ مذکورہ یہ ہے

$$\text{مس}\left(\text{ا}_{۱} + \text{ا}_{۲} + \text{ا}_{۳} + \cdots + \text{ا}_{\text{ن}}\right) = \frac{\text{ص}_{۱} - \text{ص}_{۳} + \text{ص}_{۵} - \text{ص}_{۷} + \cdots}{۱ - \text{ص}_{۲} + \text{ص}_{۴} - \text{ص}_{۶} + \cdots} \quad \cdots\cdots (۱)$$

جہاں $\text{ص}_{۱} = \text{مس ا}_{۱} + \text{مس ا}_{۲} + \text{مس ا}_{۳} + \cdots + \text{مس ا}_{\text{ن}}$

= مختلف زاویوں کے مماسوں کا مجموعہ

$\text{ص}_{۲} = \text{مس ا}_{۱}\,\text{مس ا}_{۲} + \text{مس ا}_{۱}\,\text{مس ا}_{۳} + \cdots\cdots$

= دو دو مماسون کے حاصل ضرب کا مجموعہ

$\text{ص}_{۳} = \text{مس ا}_{۱}\,\text{مس ا}_{۲}\,\text{مس ا}_{۳} + \text{مس ا}_{۱}\,\text{مس ا}_{۲}\,\text{مس ا}_{۴} + \cdots\cdots$

= تین تین ماسوں کے حاصل ضرب کا مجموعہ

اور علیٰ ہذا القیاس

مان لو کہ ن زاویوں کے لئے ربط (۱) درست ہے۔

ایک اور زاویہ $\text{ا}_{\text{ن}+1}$ کا اضافہ کرو

تب $\text{مس}(\text{ا}_1+\text{ا}_2+\text{ا}_3+\dots+\text{ا}_{\text{ن}+1})$

$$=\text{مس}\left[(\text{ا}_1+\text{ا}_2+\text{ا}_3+\dots+\text{ا}_\text{ن})+\text{ا}_{\text{ن}+1}\right]$$

$$=\frac{\text{مس}(\text{ا}_1+\text{ا}_2+\text{ا}_3+\dots+\text{ا}_\text{ن})+\text{مس}\,\text{ا}_{\text{ن}+1}}{1-\text{مس}(\text{ا}_1+\text{ا}_2+\text{ا}_3+\dots+\text{ا}_\text{ن})\times\text{مس}\,\text{ا}_{\text{ن}+1}}$$

$$=\frac{\dfrac{\text{ص}_1-\text{ص}_3+\text{ص}_5-\text{ص}_7+\dots}{1-\text{ص}_2+\text{ص}_4-\dots}+\text{مس}\,\text{ا}_{\text{ن}+1}}{1-\dfrac{\text{ص}_1-\text{ص}_3+\text{ص}_5-\text{ص}_7+\dots}{1-\text{ص}_2+\text{ص}_4-\dots}\,\text{مس}\,\text{ا}_{\text{ن}+1}}$$

فرض کرو کہ $\text{مس}\,\text{ا}_1$، $\text{مس}\,\text{ا}_2$، $\text{مس}\,\text{ا}_3$ ..... $\text{مس}\,\text{ا}_{\text{ن}+1}$ کو ہم بالترتیب م_1، م_2، م_3 ..... $\text{م}_{\text{ن}+1}$ سے تعبیر کرتے ہیں

تب $\text{مس}(\text{ا}_1+\text{ا}_2+\text{ا}_3+\dots+\text{ا}_{\text{ن}+1})$

$$=\frac{(\text{ص}_1-\text{ص}_3+\text{ص}_5-\dots)+\text{م}_{\text{ن}+1}(1-\text{ص}_2+\text{ص}_4-\dots)}{(1-\text{ص}_2+\text{ص}_4-\dots)-(\text{ص}_1-\text{ص}_3+\text{ص}_5-\dots)\text{م}_{\text{ن}+1}}$$

$$=\frac{(\text{ص}_1+\text{م}_{\text{ن}+1})-(\text{ص}_3+\text{ص}_2\text{م}_{\text{ن}+1})+(\text{ص}_5+\text{ص}_4\text{م}_{\text{ن}+1})+\dots}{1-(\text{ص}_2+\text{ص}_1\text{م}_{\text{ن}+1})+(\text{ص}_4+\text{ص}_3\text{م}_{\text{ن}+1})-(\text{ص}_6+\text{ص}_5\text{م}_{\text{ن}+1})\dots}$$

۱۶	۹،۷۲۷۴۲۷۸	۲۰۰۰	۱۰،۲۷۲۵۷۲۲	۹،۸۰۰۲۷۶۹	۲۷۹۸	۱۰،۱۹۹۷۲۳۱	۱۰،۰۷۲۸۴۹۱	۷۹۸	۹،۹۲۷۱۵۰۹	۴۴
۱۷	۹،۷۲۷۶۲۷۸	۱۹۹۹	۱۰،۲۷۲۳۷۲۲	۹،۸۰۰۵۵۶۷	۲۷۹۸	۱۰،۱۹۹۴۴۳۳	۱۰،۰۷۲۹۲۸۹	۷۹۸	۹،۹۲۷۰۷۱۱	۴۳
۱۸	۹،۷۲۷۸۲۷۷	۱۹۹۸	۱۰،۲۷۲۱۷۲۳	۹،۸۰۰۸۳۶۵	۲۷۹۶	۱۰،۱۹۹۱۶۳۵	۱۰،۰۷۳۰۰۸۷	۷۹۹	۹،۹۲۶۹۹۱۳	۴۲
۱۹	۹،۷۲۸۰۲۷۵	۱۹۹۶	۱۰،۲۷۱۹۷۲۵	۹،۸۰۱۱۱۶۱	۲۷۹۶	۱۰،۱۹۸۸۸۳۹	۱۰،۰۷۳۰۸۸۶	۸۰۰	۹،۹۲۶۹۱۱۴	۴۱
۲۰	۹،۷۲۸۲۲۷۱	۱۹۹۶	۱۰،۲۷۱۷۷۲۹	۹،۸۰۱۳۹۵۶	۲۷۹۵	۱۰،۱۹۸۶۰۴۴	۱۰،۰۷۳۱۶۸۶	۸۰۰	۹،۹۲۶۸۳۱۴	۴۰
	جیب التمام	فرق	قاطع	مماس التمام	فرق	مماس	قاطع التمام	فرق	جیب	

۵۷ درجہ

/	جیب التمام	فرق	قاطع	مماس التمام	فرق	مماس	قاطع التمام	فرق	جیب	/
۲۱	۹،۷۲۸۴۲۶۷	۱۹۹۳	۱۰،۲۷۱۵۷۳۳	۹،۸۰۱۶۷۵۲	۲۷۹۴	۱۰،۱۹۸۳۲۴۸	۱۰،۰۷۳۲۴۸۶	۸۰۰	۹،۹۲۶۷۵۱۴	۳۹
۲۲	۹،۷۲۸۶۲۶۰	۱۹۹۳	۱۰،۲۷۱۳۷۴۰	۹،۸۰۱۹۵۴۶	۲۷۹۴	۱۰،۱۹۸۰۴۵۴	۱۰،۰۷۳۳۲۸۶	۸۰۱	۹،۹۲۶۶۷۱۴	۳۸
۲۳	۹،۷۲۸۸۲۵۳	۱۹۹۱	۱۰،۲۷۱۱۷۴۷	۹،۸۰۲۲۳۴۰	۲۷۹۳	۱۰،۱۹۷۷۶۶۰	۱۰،۰۷۳۴۰۸۷	۸۰۱	۹،۹۲۶۵۹۱۳	۳۷
۲۴	۹،۷۲۹۰۲۴۴	۱۹۹۰	۱۰،۲۷۰۹۷۵۶	۹،۸۰۲۵۱۳۳	۲۷۹۲	۱۰،۱۹۷۴۸۶۷	۱۰،۰۷۳۴۸۸۸	۸۰۲	۹،۹۲۶۵۱۱۲	۳۶
۲۵	۹،۷۲۹۲۲۳۴	۱۹۸۹	۱۰،۲۷۰۷۷۶۶	۹،۸۰۲۷۹۲۵	۲۷۹۱	۱۰،۱۹۷۲۰۷۵	۱۰،۰۷۳۵۶۹۰	۸۰۳	۹،۹۲۶۴۳۱۰	۳۵
۲۶	۹،۷۲۹۴۲۲۳	۱۹۸۸	۱۰،۲۷۰۵۷۷۷	۹،۸۰۳۰۷۱۶	۲۷۹۰	۱۰،۱۹۶۹۲۸۴	۱۰،۰۷۳۶۴۹۳	۸۰۳	۹،۹۲۶۳۵۰۷	۳۴
۲۷	۹،۷۲۹۶۲۱۱	۱۹۸۶	۱۰،۲۷۰۳۷۸۹	۹،۸۰۳۳۵۰۶	۲۷۹۰	۱۰،۱۹۶۶۴۹۴	۱۰،۰۷۳۷۲۹۶	۸۰۳	۹،۹۲۶۲۷۰۴	۳۳
۲۸	۹،۷۲۹۸۱۹۷	۱۹۸۵	۱۰،۲۷۰۱۸۰۳	۹،۸۰۳۶۲۹۶	۲۷۸۹	۱۰،۱۹۶۳۷۰۴	۱۰،۰۷۳۸۰۹۹	۸۰۵	۹،۹۲۶۱۹۰۱	۳۲
۲۹	۹،۷۳۰۰۱۸۲	۱۹۸۳	۱۰،۲۶۹۹۸۱۸	۹،۸۰۳۹۰۸۵	۲۷۸۸	۱۰،۱۹۶۰۹۱۵	۱۰،۰۷۳۸۹۰۴	۸۰۴	۹،۹۲۶۱۰۹۶	۳۱
۳۰	۹،۷۳۰۲۱۶۵	۱۹۸۳	۱۰،۲۶۹۷۸۳۵	۹،۸۰۴۱۸۷۳	۲۷۸۸	۱۰،۱۹۵۸۱۲۷	۱۰،۰۷۳۹۷۰۸	۸۰۵	۹،۹۲۶۰۲۹۲	۳۰

۵۷ درجہ

'	جیب	فرق	قاطع التمام	مماس	فرق	مماس التمام	قاطع	فرق	جیب التمام	'
۳۱	۹٫۷۳۰۴۱۴۸	۱۹۸۱	۱۰٫۲۶۹۵۸۵۲	۹٫۸۰۴۴۶۶۱	۲۷۸۶	۱۰٫۱۹۵۵۳۳۹	۱۰٫۰۷۴۰۵۱۳	۸۰۶	۹٫۹۲۵۹۴۸۷	۲۹
۳۲	۹٫۷۳۰۶۱۲۹	۱۹۸۰	۱۰٫۲۶۹۳۸۷۱	۹٫۸۰۴۷۴۴۷	۲۷۸۶	۱۰٫۱۹۵۲۵۵۳	۱۰٫۰۷۴۱۳۱۹	۸۰۶	۹٫۹۲۵۸۶۸۱	۲۸
۳۳	۹٫۷۳۰۸۱۰۹	۱۹۷۸	۱۰٫۲۶۹۱۸۹۱	۹٫۸۰۵۰۲۳۳	۲۷۸۶	۱۰٫۱۹۴۹۷۶۷	۱۰٫۰۷۴۲۱۲۵	۸۰۶	۹٫۹۲۵۷۸۷۵	۲۷
۳۴	۹٫۷۳۱۰۰۸۷	۱۹۷۷	۱۰٫۲۶۸۹۹۱۳	۹٫۸۰۵۳۰۱۹	۲۷۸۴	۱۰٫۱۹۴۶۹۸۱	۱۰٫۰۷۴۲۹۳۱	۸۰۸	۹٫۹۲۵۷۰۶۹	۲۶
۳۵	۹٫۷۳۱۲۰۶۴	۱۹۷۶	۱۰٫۲۶۸۷۹۳۶	۹٫۸۰۵۵۸۰۳	۲۷۸۴	۱۰٫۱۹۴۴۱۹۷	۱۰٫۰۷۴۳۷۳۹	۸۰۷	۹٫۹۲۵۶۲۶۱	۲۵
۳۶	۹٫۷۳۱۴۰۴۰	۱۹۷۵	۱۰٫۲۶۸۵۹۶۰	۹٫۸۰۵۸۵۸۷	۲۷۸۳	۱۰٫۱۹۴۱۴۱۳	۱۰٫۰۷۴۴۵۴۶	۸۰۸	۹٫۹۲۵۵۴۵۴	۲۴
۳۷	۹٫۷۳۱۶۰۱۵	۱۹۷۴	۱۰٫۲۶۸۳۹۸۵	۹٫۸۰۶۱۳۷۰	۲۷۸۲	۱۰٫۱۹۳۸۶۳۰	۱۰٫۰۷۴۵۳۵۴	۸۰۹	۹٫۹۲۵۴۶۴۶	۲۳
۳۸	۹٫۷۳۱۷۹۸۹	۱۹۷۲	۱۰٫۲۶۸۲۰۱۱	۹٫۸۰۶۴۱۵۲	۲۷۸۱	۱۰٫۱۹۳۵۸۴۸	۱۰٫۰۷۴۶۱۶۳	۸۰۹	۹٫۹۲۵۳۸۳۷	۲۲
۳۹	۹٫۷۳۱۹۹۶۱	۱۹۷۱	۱۰٫۲۶۸۰۰۳۹	۹٫۸۰۶۶۹۳۳	۲۷۸۱	۱۰٫۱۹۳۳۰۶۷	۱۰٫۰۷۴۶۹۷۲	۸۱۰	۹٫۹۲۵۳۰۲۸	۲۱
۴۰	۹٫۷۳۲۱۹۳۲	۱۹۷۰	۱۰٫۲۶۷۸۰۶۸	۹٫۸۰۶۹۷۱۴	۲۷۸۰	۱۰٫۱۹۳۰۲۸۶	۱۰٫۰۷۴۷۷۸۲	۸۱۰	۹٫۹۲۵۲۲۱۸	۲۰
'	جیب التمام	فرق	قاطع	مماس التمام	فرق	مماس	قاطع التمام	فرق	جیب	'

۵۷ درجہ

۳۲ درجہ

د	جیب	فرق	قاطع التمام	مماس	فرق	مماس التمام	قاطع	فرق	جیب التمام	د
۴۱	۹٫۷۳۳۲۳۹۰۲	۱۹۶۸	۱۰٫۲۶۶۷۶۰۹۸	۹٫۸۰۷۲۴۴۹۳	۲۷۷۹	۱۰٫۱۹۲۷۵۵۰۷	۱۰٫۰۷۴۸۵۹۲	۸۱۱	۹٫۹۲۵۱۴۰۸	۱۹
۴۲	۹٫۷۳۳۲۵۸۷۰	۱۹۶۶	۱۰٫۲۶۶۷۴۱۳۰	۹٫۸۰۷۲۷۲۷۳	۲۷۷۹	۱۰٫۱۹۲۷۲۷۲۷	۱۰٫۰۷۴۹۴۰۳	۸۱۱	۹٫۹۲۵۰۵۹۷	۱۸
۴۳	۹٫۷۳۳۲۷۸۳۶	۱۹۶۷	۱۰٫۲۶۶۷۲۱۶۴	۹٫۸۰۷۳۰۰۵۲	۲۷۷۷	۱۰٫۱۹۲۶۹۹۴۸	۱۰٫۰۷۵۰۲۱۴	۸۱۳	۹٫۹۲۴۹۷۸۶	۱۷
۴۴	۹٫۷۳۳۲۹۸۰۳	۱۹۶۵	۱۰٫۲۶۶۷۰۱۹۷	۹٫۸۰۷۳۲۸۲۹	۲۷۷۷	۱۰٫۱۹۲۶۷۱۷۱	۱۰٫۰۷۵۱۰۲۷	۸۱۲	۹٫۹۲۴۸۹۷۳	۱۶
۴۵	۹٫۷۳۳۳۱۷۶۸	۱۹۶۳	۱۰٫۲۶۶۶۸۲۳۲	۹٫۸۰۷۳۵۶۰۶	۲۷۷۷	۱۰٫۱۹۲۶۴۳۹۴	۱۰٫۰۷۵۱۸۳۹	۸۱۲	۹٫۹۲۴۸۱۶۱	۱۵
۴۶	۹٫۷۳۳۳۳۷۳۱	۱۹۶۲	۱۰٫۲۶۶۶۶۲۶۹	۹٫۸۰۷۳۸۳۸۳	۲۷۷۵	۱۰٫۱۹۲۶۱۶۱۷	۱۰٫۰۷۵۲۶۵۱	۸۱۴	۹٫۹۲۴۷۳۴۹	۱۴
۴۷	۹٫۷۳۳۳۵۶۹۳	۱۹۶۱	۱۰٫۲۶۶۶۴۳۰۷	۹٫۸۰۷۴۱۱۵۸	۲۷۷۵	۱۰٫۱۹۲۵۸۸۴۲	۱۰٫۰۷۵۳۴۶۵	۸۱۴	۹٫۹۲۴۶۵۳۵	۱۳
۴۸	۹٫۷۳۳۳۷۶۵۴	۱۹۶۰	۱۰٫۲۶۶۶۲۳۴۶	۹٫۸۰۷۴۳۹۳۳	۲۷۷۳	۱۰٫۱۹۲۵۶۰۶۷	۱۰٫۰۷۵۴۲۷۹	۸۱۴	۹٫۹۲۴۵۷۲۱	۱۲
۴۹	۹٫۷۳۳۳۹۶۱۴	۱۹۵۸	۱۰٫۲۶۶۶۰۳۸۶	۹٫۸۰۷۴۶۷۰۷	۲۷۷۳	۱۰٫۱۹۲۵۳۲۹۳	۱۰٫۰۷۵۵۰۹۳	۸۱۵	۹٫۹۲۴۴۹۰۷	۱۱
۵۰	۹٫۷۳۳۴۱۵۷۲	۱۹۵۷	۱۰٫۲۶۶۵۸۴۲۸	۹٫۸۰۷۴۹۴۸۰	۲۷۷۳	۱۰٫۱۹۲۵۰۵۲۰	۱۰٫۰۷۵۵۹۰۸	۸۱۵	۹٫۹۲۴۴۰۹۲	۱۰
د	جیب التمام	فرق	قاطع	مماس التمام	فرق	مماس	قاطع التمام	فرق	جیب	د

۵۷ درجہ

۳۲ درجہ

م	جیب التمام	فرق	قاطع	مماس التمام	فرق	مماس	قاطع التمام	فرق	جیب	م
۹	۹٫۹۲۴۳۲۷۷	۸۱۶	۱۰٫۰۷۵۶۷۲۳	۱۰٫۱۸۹۹۷۴۷	۲۷۷۲	۹٫۸۱۰۰۲۵۳	۱۰٫۲۶۵۶۴۷۱	۱۹۵۴	۹٫۷۳۴۳۵۳۰	۵۱
۸	۹٫۹۲۴۲۴۶۱	۸۱۷	۱۰٫۰۷۵۷۵۳۹	۱۰٫۱۸۹۶۹۷۵	۲۷۷۱	۹٫۸۱۰۳۰۲۵	۱۰٫۲۶۵۴۵۱۵	۱۹۵۵	۹٫۷۳۴۵۴۸۵	۵۲
۷	۹٫۹۲۴۱۶۴۴	۸۱۷	۱۰٫۰۷۵۸۳۵۶	۱۰٫۱۸۹۴۲۰۴	۲۷۷۰	۹٫۸۱۰۵۷۹۶	۱۰٫۲۶۵۲۵۶۰	۱۹۵۳	۹٫۷۳۴۷۴۴۰	۵۳
۶	۹٫۹۲۴۰۸۲۷	۸۱۷	۱۰٫۰۷۵۹۱۷۳	۱۰٫۱۸۹۱۴۳۴	۲۷۷۰	۹٫۸۱۰۸۵۶۶	۱۰٫۲۶۵۰۶۰۷	۱۹۵۲	۹٫۷۳۴۹۳۹۳	۵۴
۵	۹٫۹۲۴۰۰۱۰	۸۱۹	۱۰٫۰۷۵۹۹۹۰	۱۰٫۱۸۸۸۶۶۴	۲۷۶۹	۹٫۸۱۱۱۳۳۶	۱۰٫۲۶۴۸۶۵۵	۱۹۵۱	۹٫۷۳۵۱۳۴۵	۵۵
۴	۹٫۹۲۳۹۱۹۱	۸۱۸	۱۰٫۰۷۶۰۸۰۹	۱۰٫۱۸۸۵۸۹۵	۲۷۶۸	۹٫۸۱۱۴۱۰۵	۱۰٫۲۶۴۶۷۰۴	۱۹۵۰	۹٫۷۳۵۳۲۹۶	۵۶
۳	۹٫۹۲۳۸۳۷۳	۸۱۹	۱۰٫۰۷۶۱۶۲۷	۱۰٫۱۸۸۳۱۲۷	۲۷۶۸	۹٫۸۱۱۶۸۷۳	۱۰٫۲۶۴۴۷۵۴	۱۹۴۹	۹٫۷۳۵۵۲۴۶	۵۷
۲	۹٫۹۲۳۷۵۵۴	۸۲۰	۱۰٫۰۷۶۲۴۴۶	۱۰٫۱۸۸۰۳۵۹	۲۷۶۷	۹٫۸۱۱۹۶۴۱	۱۰٫۲۶۴۲۸۰۵	۱۹۴۷	۹٫۷۳۵۷۱۹۵	۵۸
۱	۹٫۹۲۳۶۷۳۴	۸۲۰	۱۰٫۰۷۶۳۲۶۶	۱۰٫۱۸۷۷۵۹۲	۲۷۶۶	۹٫۸۱۲۲۴۰۸	۱۰٫۲۶۴۰۸۵۸	۱۹۴۶	۹٫۷۳۵۹۱۴۲	۵۹
۰	۹٫۹۲۳۵۹۱۴		۱۰٫۰۷۶۴۰۸۶	۱۰٫۱۸۷۴۸۲۶		۹٫۸۱۲۵۱۷۴	۱۰٫۲۶۳۸۹۱۲		۹٫۷۳۶۱۰۸۸	۶۰
م	جیب	فرق	قاطع التمام	مماس	فرق	مماس التمام	قاطع	فرق	جیب التمام	م

۵۷ درجہ

۱۶۷۔ جدول صفحات ۲۴۴ تا ۲۴۸ سے ۵۷° اور ۵۸° کے درمیان جو زاویے واقع ہوں اُن کی نسبتوں کے جدولی لوگارتم بھی معلوم ہو سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ ل مس ۵۷° ۲۰′ مطلوب ہے، اگر ہم صفحہ مذکورہ کی سب سے نیچے کی سطر سے شروع ہو کر اُس خانے میں اوپر دیکھتے جائیں جس کے پائیں پر ماس لکھا ہوا ہے تو ہمیں ایک عدد ۱۰٫۱۹۳۰۲۸۶ ملے گا جس کے بائیں طرف افقی سطر کے آخیر میں عدد ۲۰ لکھا ہوا ہے، یہ عدد ل مس ۵۷° ۲۰′ کی قیمت ہے۔

امثلہ نمبری ۲۵

۱۔ معلوم ہے جم ط = ٫۹۷۲۵۳۸۲

جم ۱۳° ۲۷′ = ٫۹۷۲۵۷۳۳

فرق ۱′ کے لئے = ۶۷۷

زاویہ ط کی قیمت دریافت کرو

۲۔ ایک زاویے کی جیب ۳/۸ ہے اُس کو معلوم کرو

معلوم ہے جیب ۲۲° ۱′ = ٫۳۷۴۸۷۶۳

نیز ۱′ کے لئے فرق = ۲۶۹۶

۳۔ معلوم ہے قم ۶۵° ۲۴′ = ۱٫۰۹۹۸۲۴۳

فرق ۱′ کے لئے = ۱۳۶۴

قم ۶۵° ۲۴′ ۳۷″ کی قیمت دریافت کرو، نیز وہ زاویہ معلوم کرو جس کا

قاطع التمام ۹۹۶۹۳۸۰ء۱ ہو

۴ - ل مس ۲۲° ۳۷′ = ۹ء۶۱۹۷۲۰۵

فرق ۱′ کے لئے = ۳۵۵۷

ل مس ۲۲° ۳۷′ ۲۲″ کی قیمت دریافت کرو، نیز وہ زاویہ معلوم کرو جس کا ل مس = ۹ء۶۱۹۵۲۸۳

۵ - وہ زاویہ معلوم کرو جس کی ل جم برابر ۹ء۹۹۳ کے ہو -
معلوم ہے ل جم ۱۰° ۱۵′ = ۹ء۹۹۳۰۱۳۱

اور فرق ۱′ کے لئے = ۲۲۹

۶ - وہ زاویہ دریافت کرو جس کا ل قط برابر ۱۰ء۱۵ کے ہو معلوم ہے ل قط ۴۴° ۵۵′ = ۱۰ء۱۴۹۸۴۳ اور

۱′ کے لئے فرق = ۱۲۶۰

۷ - جدول صفحات ۲۴۳ تا ۲۴۸ سے جملات ذیل کی قیمتیں دریافت کرو۔

(۱) ل جب ۳۲° ۱۸′ ۲۳″ (۲) ل جم ۳۲° ۱۶′ ۴۹″

(۳) ل مم ۳۲° ۲۹′ ۴۳″ (۴) ل قط ۳۲° ۵۲′ ۲۷″

(۵) ل مس ۵۷° ۴۵′ ۲۸″ (۶) ل قم ۵۷° ۴۸′ ۲۱″

(۷) ل جم ۵۷° ۵۸′ ۲۹″

۸ - اسی جدول کی مدد سے ذیل کی مساواتوں کو حل کرو۔

(۱) ل مس طہ = ۱۰ء۱۹۵۹۲۶۱

(۲) ل قم طہ = ۱۰ء۰۷۳۸۱۲۵

(۳) ل جم طہ = ۹ء۹۲۵۹۲۸۳

(۴) ل جب طہ = ۹ء۹۲۴۱۳۵۲

۹۔ جدولوں سے ل مس ۱۶° ۶′ ۲۳″ کی قیمت دریافت کرو اور ماس کے جذر کی قیمت کا حساب لگاؤ

۱۰۔ مقادیر ذیل کو لوکارثمی حسابات کے قابل بناؤ یعنی اُن کو حاصل ضرب کی صورت میں بیان کرو

(۱) ۱+مس لا×مس ما (۲) ۱-مس لا×مس ما

(۳) مم لا+مس ما (۴) مم لا-مس ما

(۵) $\frac{\text{۱ - جم ۲ لا}}{\text{۱ + جم ۲ لا}}$ (۶) $\frac{\text{مس لا + مس ما}}{\text{مم لا + مم ما}}$

باب دوازدہم

مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی مثلثی نسبتوں کے تعلقات

۱۶۸۔ مثلث کے زاویوں کو ہم آیندہ حروف ا، ب، ج سے اور ان کے مقابل کے اضلاع کو بالترتیب حروف اَ، بَ، جَ سے تعبیر کرینگے، یاد رہے کہ اَ، بَ، جَ اعداد ہیں کیونکہ وہ مثلث کے اضلاع کے طولوں کو کسی ایک پیمانہ واحد کی رقوم میں بیان کرتے ہیں۔

ب ج = اَ

ج ا = بَ

ا ب = جَ

۱۶۹۔ مسئلہ۔ کسی مثلث ا ب ج میں ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جب ا}}{\text{اَ}} = \frac{\text{جب ب}}{\text{بَ}} = \frac{\text{جب ج}}{\text{جَ}}$$

یعنی مثلث کے زاویوں کی جیوب مقابل کے اضلاع کے متناسب ہوتی ہیں

زاویہ ا سے عمود اد مقابل کے ضلع ب ج یا ب ج ممدودہ پر نکالو جو اُس کو نقطہ د پر ملے۔

مثلث اب د میں

$\frac{اد}{اب}$ = جب ب یعنی اد = جَ جب ب

مثلث اج د میں

$\frac{اد}{اج}$ = جب ج یعنی اد = بَ جب ج

[اگر زاویہ ج منفرجہ ہو جیسا کہ دوسری شکل میں تو $\frac{اد}{بَ}$ = جب اج د = جب (۱۸۰° - ج) = جب ج (دفعہ ۷۶) یعنی اد = بَ جب ج]

اد کی یہ دونوں قیمتیں برابر رکھنے سے

جَ جب ب = بَ جب ج

یعنی $\frac{جب ب}{بَ} = \frac{جب ج}{جَ}$

اسی طرح زاویہ ب سے ج ا پر عمود نکالنے سے حاصل ہوگا

$$\frac{\text{جب ا}}{\text{اَ}} = \frac{\text{جب ج}}{\text{جَ}}$$

اگر زاویہ ج قائمہ ہو جیسا کہ تیسری شکل میں تو جب ج = ا

جب ا = $\frac{\text{اَ}}{\text{جَ}}$ اور جب ب = $\frac{\text{بَ}}{\text{جَ}}$

اس لئے $\frac{\text{جب ا}}{\text{اَ}} = \frac{\text{جب ب}}{\text{بَ}} = \frac{\text{ا}}{\text{جَ}} = \frac{\text{جب ج}}{\text{جَ}}$

پس ہر ایک صورت میں

$$\frac{\text{جب ا}}{\text{اَ}} = \frac{\text{جب ب}}{\text{بَ}} = \frac{\text{جب ج}}{\text{جَ}}$$

۱۷۰۔ کسی مثلث میں کسی زاویہ کی جیب التمام کو اضلاع کی رقوم میں دریافت کرو۔

فرض کرو کہ مثلث ا ب ج میں اگر زاویہ ا سے عمود اد مقابل کے ضلع ب ج یا ب ج ممدودہ پر نکالا جائے تو وہ اس کو نقطہ د پر ملتا ہے

صورت اول۔ فرض کرو کہ زاویہ ج حادہ ہے دیکھو شکل اوّل

بموجب اقلیدس م ۲ ش ۱۳

$$\text{ا ب}^2 = \text{ب ج}^2 + \text{ج ا}^2 - ۲ \text{ ب ج} \times \text{ج د} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots \quad (۱)$$

لیکن $\frac{\text{ج د}}{\text{ج ا}}$ = جم ج یعنی ج د = ب جم ج اس لئے

(۱) سے حاصل ہوگا

$$\text{ج}^2 = \text{ا}^2 + \text{ب}^2 - ۲\,\text{ا} \times \text{ب جم ج}$$

$$\text{یعنی } ۲\,\text{ا ب جم ج} = \text{ا}^2 + \text{ب}^2 - \text{ج}^2$$

$$\text{یعنی جم ج} = \frac{\text{ا}^2 + \text{ب}^2 - \text{ج}^2}{۲\,\text{ا ب}}$$

صورت دوم۔ فرض کرو کہ زاویہ ج منفرجہ ہے جیساکہ دوسری شکل میں

تب بموجب اقلیدس ہم ۲ ش ۱۲

$$\text{ا ب}^2 = \text{ب ج}^2 + \text{ج ا}^2 + ۲\,\text{ب ج} \times \text{ج د} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

لیکن $\frac{\text{ج د}}{\text{ج ا}}$ = جم ا ج د = جم (۱۸۰° − ج) = − جم ج

(دفعہ ۸۷)

پس ج د = − ب جم ج

اس لئے (۲) سے حاصل ہوگا

$$\text{ج}^2 = \text{ا}^2 + \text{ب}^2 + ۲\,\text{ا}\,(-\,\text{ب جم ج})$$

$$= \text{ا}^2 + \text{ب}^2 - ۲\,\text{ا ب جم ج}$$

پس موافق صورت اوّل

$$\text{جم ج} = \frac{\text{ا}^2 + \text{ب}^2 - \text{ج}^2}{۲\,\text{ا ب}}$$

اسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ

$$\text{جم ا} = \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{2\,\text{ب ج}}$$

$$\text{اور جم ب} = \frac{\text{ج}^2 + \text{ا}^2 - \text{ب}^2}{2\,\text{ج ا}}$$

اگر مثلث کا ایک زاویہ (مثلاً ج) قائمہ ہو تو اوپر کے ضابطے سے حاصل ہوگا $\text{ج}^2 = \text{ا}^2 + \text{ب}^2$ یعنی جم ج = ۰ اور یہ درست ہے کیونکہ زاویہ ج قائمہ ہے۔

پس معلوم ہوا کہ ج کی ہر ایک قیمت کے لئے ضابطہ درست ہے

مثال۔ اگر ا = ۱۵، ب = ۳۶، ج = ۳۹

$$\text{تو جم ا} = \frac{36^2 + 39^2 - 15^2}{2 \times 36 \times 39}$$

$$= \frac{3^2(12^2 + 13^2 - 5^2)}{2 \times 3^2 \times 12 \times 13} = \frac{288}{24 \times 13} = \frac{12}{13}$$

۱۷۱۔ مثلث کے نصف زاویوں کی جیوب کو اضلاع کی رقوم میں دریافت کرو

کسی مثلث میں بموجب دفعہ ۱۷۰

$$\text{جم ا} = \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{2\,\text{ب ج}}$$

لیکن بموجب دفعہ ۱۱۵

$$\text{جم ا} = 1 - 2\,\text{جب}^2 \frac{\text{ا}}{2}$$

$$\text{اس لئے } 2\,\text{جب}^2 \frac{\text{ا}}{2} = 1 - \text{جم ا} = 1 - \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{2\,\text{ب ج}}$$

$$= \frac{\text{۲ بَ جَ} - \text{بَ}^2 - \text{جَ}^2 + \text{اَ}^2}{\text{۲ بَ جَ}}$$

$$= \frac{\text{اَ}^2 - (\text{بَ}^2 + \text{جَ}^2 - \text{۲ بَ جَ})}{\text{۲ بَ جَ}} = \frac{\text{اَ}^2 - (\text{بَ} - \text{جَ})^2}{\text{۲ بَ جَ}}$$

$$= \frac{[\text{اَ} + (\text{بَ} - \text{جَ})][\text{اَ} - (\text{بَ} - \text{جَ})]}{\text{۲ بَ جَ}}$$

$$= \frac{(\text{اَ} + \text{بَ} - \text{جَ})(\text{اَ} - \text{بَ} + \text{جَ})}{\text{۲ بَ جَ}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

فرض کرو کہ ۲ ن = اَ + بَ + جَ یعنی ن مثلث کے نصف مجموعۂ اضلاع کو تعبیر کرتا ہے۔

تب $\text{اَ} + \text{بَ} - \text{جَ} = \text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ} - \text{۲ جَ} = \text{۲ ن} - \text{۲ جَ} = ۲(\text{ن} - \text{جَ})$

اور $\text{اَ} - \text{بَ} + \text{جَ} = \text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ} - \text{۲ بَ} = \text{۲ ن} - \text{۲ بَ} = ۲(\text{ن} - \text{بَ})$

ربط (۱) سے حاصل ہوگا

$$\text{۲ جب}^2 \frac{\text{ا}}{۲} = \frac{۲(\text{ن} - \text{جَ}) \times ۲(\text{ن} - \text{بَ})}{\text{۲ بَ جَ}} = ۲\frac{(\text{ن} - \text{بَ})(\text{ن} - \text{جَ})}{\text{بَ جَ}}$$

$$\therefore \text{جب} \frac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن} - \text{بَ})(\text{ن} - \text{جَ})}{\text{بَ جَ}}} \quad \ldots\ldots (۲)$$

اسی طرح سے $\text{جب} \frac{\text{ب}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن} - \text{جَ})(\text{ن} - \text{اَ})}{\text{جَ اَ}}}$

اور $\text{جب} \frac{\text{ج}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن} - \text{اَ})(\text{ن} - \text{بَ})}{\text{اَ بَ}}}$

۱۷۲- مثلث کے نصف زاویوں کی جیوب التمام کو اضلاع کی رقوم میں دریافت کرو

بموجب دفعہ ۱۱۵

$$\text{جم ا} = \text{۲ جم}^2 \frac{\text{ا}}{\text{۲}} - \text{۱}$$

اس لئے

$$\text{۲ جم}^2 \frac{\text{ا}}{\text{۲}} = \text{۱} + \text{جم ا} = \text{۱} + \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{\text{۲ ب ج}}$$

$$= \frac{\text{۲ ب ج} + \text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{\text{۲ ب ج}} = \frac{(\text{ب} + \text{ج})^2 - \text{ا}^2}{\text{۲ ب ج}}$$

$$= \frac{[(\text{ب} + \text{ج}) + \text{ا}][(\text{ب} + \text{ج}) - \text{ا}]}{\text{۲ ب ج}} = \frac{(\text{ا} + \text{ب} + \text{ج})(\text{ب} + \text{ج} - \text{ا})}{\text{۲ ب ج}} \quad \ldots\ldots (\text{۱})$$

$$\text{اب } \text{ب} + \text{ج} - \text{ا} = \text{ا} + \text{ب} + \text{ج} - \text{۲ا} = \text{۲ن} - \text{۲ا} = \text{۲}(\text{ن} - \text{ا})$$

پس (۱) سے حاصل ہوگا

$$\text{۲ جم}^2 \frac{\text{ا}}{\text{۲}} = \frac{\text{۲ن} \times \text{۲}(\text{ن} - \text{ا})}{\text{۲ ب ج}} = \text{۲} \frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{ا})}{\text{ب ج}}$$

$$\therefore \text{جم} \frac{\text{ا}}{\text{۲}} = \sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{ا})}{\text{ب ج}}} \quad \ldots\ldots (\text{۲})$$

اسی طرح سے

$$\text{جم} \frac{\text{ب}}{\text{۲}} = \sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{ب})}{\text{ج ا}}} \quad \text{اور} \quad \text{جم} \frac{\text{ج}}{\text{۲}} = \sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{ج})}{\text{ا ب}}}$$

۱۷۳- نصف زاویوں کے مماسات کو اضلاع کی رقوم

میں دریافت کرو

چونکہ $\text{مس}\frac{ا}{۲} = \frac{\text{جب}\frac{ا}{۲}}{\text{جم}\frac{ا}{۲}}$

اس لئے بموجب (۲) دفعات ۱۷۱ اور ۱۷۲

$$\text{مس}\frac{ا}{۲} = \sqrt{\frac{(ن-بَ)(ن-جَ)}{بَ جَ}} \div \sqrt{\frac{ن(ن-اَ)}{بَ جَ}}$$

$$= \sqrt{\frac{(ن-بَ)(ن-جَ)}{ن(ن-اَ)}}$$

اسی طرح سے

$$\text{مس}\frac{ب}{۲} = \sqrt{\frac{(ن-جَ)(ن-اَ)}{ن(ن-بَ)}} \quad \text{اور} \quad \text{مس}\frac{ج}{۲} = \sqrt{\frac{(ن-اَ)(ن-بَ)}{ن(ن-جَ)}}$$

چونکہ ہر ایک مثلث میں زاویہ ا ہمیشہ $> ۱۸۰^\circ$ اسلئے $\frac{ا}{۲}$ ہمیشہ $> ۹۰^\circ$

اس لئے $\frac{ا}{۲}$ کی جیب، جیب التمام اور مماس ہمیشہ مثبت ہونگے (دفعہ ۵۸)
اس لئے معلوم ہوا کہ اس دفعہ میں اور گذشتہ دو دفعات میں
علامات جذر کے ماقبل ہمیشہ مثبت علامت لینی چاہیئے -

۱۷۴- مثال - اگر اَ = ۱۳، بَ = ۱۴ اور جَ = ۱۵

تو $ن = \frac{۱۳+۱۴+۱۵}{۲} = ۲۱$، ن - اَ = ۸، ن - بَ = ۷

اور ن - جَ = ۶

اس لئے $\text{جب}\ \frac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\frac{۶ \times ۷}{۱۵ \times ۱۴}} = \frac{۱}{\sqrt{۵}} = \frac{۱}{۵}\sqrt{۵}$

$\text{جب}\ \frac{\text{ب}}{۲} = \sqrt{\frac{۸ \times ۶}{۱۴ \times ۱۵}} = \frac{۴}{\sqrt{۶۵}} = \frac{۴}{۶۵}\sqrt{۶۵}$

$\text{جم}\ \frac{\text{ج}}{۲} = \sqrt{\frac{۶ \times ۲۱}{۱۴ \times ۱۴}} = \frac{۳}{\sqrt{۱۳}} = \frac{۳}{۱۳}\sqrt{۱۳}$

$\text{مس}\ \frac{\text{ب}}{۲} = \sqrt{\frac{۸ \times ۶}{۷ \times ۲۱}} = \frac{۴}{۷}$

۱۷۵۔ مثلث کے کسی زاویہ کی جیب کو اضلاع کی رقوم میں دریافت کرو۔

بموجب دفعہ ۱۱۵

$\text{جب ا} = ۲\ \text{جب}\ \frac{\text{ا}}{۲}\ \text{جم}\ \frac{\text{ا}}{۲}$

لیکن دفعات گزشتہ میں ہم ثابت کر چکے ہیں کہ

$\text{جب}\ \frac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن} - \bar{\text{ب}})(\text{ن} - \bar{\text{ج}})}{\bar{\text{ب}}\,\bar{\text{ج}}}}$ اور $\text{جم}\ \frac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \bar{\text{ا}})}{\bar{\text{ب}}\,\bar{\text{ج}}}}$

اس لئے $\text{جب ا} = ۲\sqrt{\frac{(\text{ن} - \bar{\text{ب}})(\text{ن} - \bar{\text{ج}})}{\bar{\text{ب}}\,\bar{\text{ج}}}}\sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \bar{\text{ا}})}{\bar{\text{ب}}\,\bar{\text{ج}}}}$

$\therefore\ \text{جب ا} = \frac{۲}{\bar{\text{ب}}\,\bar{\text{ج}}}\sqrt{\text{ن}(\text{ن} - \bar{\text{ا}})(\text{ن} - \bar{\text{ب}})(\text{ن} - \bar{\text{ج}})}$

امثلہ نمبری ۲۶

کسی مثلث میں

۱۔ معلوم ہے $\bar{\text{ا}} = ۲۵$، $\bar{\text{ب}} = ۵۲$ اور $\bar{\text{ج}} = ۶۳$

مس $\frac{ا}{۲}$ ، مس $\frac{ب}{۲}$ اور مس $\frac{ج}{۲}$ معلوم کرو

۲- معلوم ہے اَ = ۱۲۵ ، بَ = ۱۲۳ اور جَ = ۶۲

مثلث کے نصف زاویوں کی جیوب اور زاویوں کی جیوب دریافت کرو

۳- معلوم ہے اَ = ۱۸ ، بَ = ۲۴ اور جَ = ۳۰

جب ا ، جب ب ، جب ج دریافت کرو

ہر صورت میں ترسیمی عمل سے تصدیق کرو

۴- معلوم ہے اَ = ۳۵ ، بَ = ۸۴ اور جَ = ۹۱

مس ا ، مس ب ، مس ج دریافت کرو

۵- معلوم ہے اَ = ۱۳ ، بَ = ۱۴ اور جَ = ۱۵

زاویوں کی جیوب دریافت کرو۔ نیز عمل ترسیمی سے اپنے نتائج کی تصدیق کرو

۶- معلوم ہے اَ = ۲۸۷ ، بَ = ۸۱۶ ، جَ = ۸۶۵

مس $\frac{ا}{۲}$ اور مس ا کی قیمتیں دریافت کرو۔

۷- معلوم ہے اَ = $\sqrt{۳}$ ، بَ = $\sqrt{۲}$ اور جَ = $\frac{\sqrt{۶} + \sqrt{۲}}{۲}$

مثلث کے زاویے دریافت کرو۔

۱۷۶- ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

اَ = بَ جم ج + جَ جم ب

دیکھو شکل دفعہ ۱۷۰

صورت اول میں

$\frac{ب د}{ب ا}$ = جم ب یعنی ب د = جَ جم ب

اور ج د / ج ا = جم ج یعنی ج د = بَ جم ج

اس لئے اَ = ب ج = ب د + د ج = جَ جم ب + بَ جم ج

صورت دوم میں

ب د / ب ا = جم ب یعنی ب د = جَ جم ب

اور ج د / ج ا = جم ا ج د = جم (۱۸۰° - ج)

= - جم ج (دفعہ ۷۸)

پس ج د = - بَ جم ج

اس لئے اس صورت میں

اَ = ب ج = ب د - ج د = جَ جم ب - (- بَ جم ج)

پس ہر ایک صورت میں

اَ = بَ جم ج + جَ جم ب

اسی طرح سے بَ = جَ جم ا + اَ جم ج

اور جَ = اَ جم ب + بَ جم ا

۱۷۷۔ ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

مس (ب - ج)/۲ = (بَ - جَ)/(بَ + جَ) مم ا/۲

کسی مثلث میں

$$\frac{\text{بَ}}{\text{جَ}} = \frac{\text{جب ب}}{\text{جب ج}}$$

$$\therefore \frac{\text{بَ} - \text{جَ}}{\text{بَ} + \text{جَ}} = \frac{\text{جب ب} - \text{جب ج}}{\text{جب ب} + \text{جب ج}} = \frac{\text{۲ جم}\,\frac{\text{ب}+\text{ج}}{\text{۲}}\,\text{جب}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{۲ جب}\,\frac{\text{ب}+\text{ج}}{\text{۲}}\,\text{جم}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}}}$$

$$= \frac{\text{مس}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{مس}\,\frac{\text{ب}+\text{ج}}{\text{۲}}} = \frac{\text{مس}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{مس}\left(\text{۹۰}^\circ - \frac{\text{ا}}{\text{۲}}\right)}$$

$$= \frac{\text{مس}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{مم}\,\frac{\text{ا}}{\text{۲}}} \qquad \text{(دفعہ ۷۵)}$$

$$\text{اس لئے} \quad \text{مس}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{\text{۲}} = \frac{\text{بَ} - \text{جَ}}{\text{بَ} + \text{جَ}}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}}{\text{۲}}$$

۱۷۸۔ دفعہ ۱۷۰ کے ضابطوں سے ضوابط دفعہ ۱۷۶ حاصل ہو سکتے ہیں اور برعکس اس کے ۔

دفعہ ۱۷۰ کے پہلے اور تیسرے ضابطے سے حاصل ہوگا

$$\text{بَ جم ج} + \text{جَ جم ب} = \frac{\text{اَ}^2 + \text{بَ}^2 - \text{جَ}^2}{\text{۲اَ}} + \frac{\text{جَ}^2 + \text{اَ}^2 - \text{بَ}^2}{\text{۲اَ}} = \frac{\text{۲اَ}^2}{\text{۲اَ}} = \text{اَ}$$

$$\text{اس لئے} \quad \text{اَ} = \text{بَ جم ج} + \text{جَ جم ب}$$

اسی طرح سے دفعہ ۱۷۶ کے باقی ضابطے حاصل ہو سکتے ہیں

نیز دفعہ ۱۷۶ کے تین ضابطوں سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{اَ} = \text{بَ جم ج} + \text{جَ جم ب}$$

$$\text{ب} = \text{ج}\ \text{جم ا} + \text{ا}\ \text{جم ج}$$

$$\text{اور}\quad \text{ج} = \text{ا}\ \text{جم ب} + \text{ب}\ \text{جم ا}$$

ان تینوں کو بالترتیب ا، ب، ج سے ضرب دینے اور جمع کرنے

$$\text{ا}^2 + \text{ب}^2 - \text{ج}^2 = \text{ا}\,(\text{ب}\ \text{جم ج} + \text{ج}\ \text{جم ب})$$

$$+\ \text{ب}\,(\text{ج}\ \text{جم ا} + \text{ا}\ \text{جم ج}) - \text{ج}\,(\text{ا}\ \text{جم ب} + \text{ب}\ \text{جم ا}) = \text{۲ ا ب}$$

$$\therefore\ \text{جم ج} = \frac{\text{ا}^2 + \text{ب}^2 - \text{ج}^2}{\text{۲ ا ب}}$$

اسی طرح سے دفعہ ۱۶۸ کے باقی ضابطے حاصل ہو سکتے ہیں۔

۱۷۹- طالب علم کو اکثر ایسی معادلات متماثلہ حل کرنی پڑینگ جن میں مثلث کے اضلاع اور زاویے دونوں شامل ہوں، ایسی میں بہتر ہوگا کہ وہ ضلعوں کو زاویوں کی رقوم میں یا زاویوں کی نسب کو ضلعوں کی رقوم میں بیان کرلے

مثال ۱- ثابت کرو کہ $\text{ا}\ \text{جم}\,\frac{\text{ب} - \text{ج}}{۲} = (\text{ب} + \text{ج})\ \text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}$

بموجب دفعہ ۱۶۹

$$\frac{\text{ب} + \text{ج}}{\text{ا}} = \frac{\text{جب ب} + \text{جب ج}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{۲ جب}\,\frac{\text{ب}+\text{ج}}{۲}\ \text{جم}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲}}{\text{۲ جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}\ \text{جم}\,\frac{\text{ا}}{۲}}$$

$$= \frac{\text{جم}\,\frac{\text{ا}}{۲}\ \text{جم}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲}}{\text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}\ \text{جم}\,\frac{\text{ا}}{۲}} = \frac{\text{جم}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲}}{\text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}}$$

$$\therefore\ (\text{ب} + \text{ج})\ \text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲} = \text{ا}\ \text{جم}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲}$$

مثال ۲- ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

$$(\text{ب}^2-\text{ج}^2)\,\text{مم}\,\text{ا}+(\text{ج}^2-\text{ا}^2)\,\text{مم}\,\text{ب}+(\text{ا}^2-\text{ب}^2)\,\text{مم}\,\text{ج}=۰$$

بموجب دفعہ ۱۶۹

$$\frac{\text{جب ا}}{\text{ا}}=\frac{\text{جب ب}}{\text{ب}}=\frac{\text{جب ج}}{\text{ج}}=\text{ک}\quad(\text{فرض کرو})$$

پس جملہ معلومہ

$$=(\text{ب}^2-\text{ج}^2)\frac{\text{جم ا}}{\text{ا ک}}+(\text{ج}^2-\text{ا}^2)\frac{\text{جم ب}}{\text{ب ک}}+(\text{ا}^2-\text{ب}^2)\frac{\text{جم ج}}{\text{ج ک}}$$

$$=\frac{1}{\text{ک}}\Big[(\text{ب}^2-\text{ج}^2)\frac{\text{ب}^2+\text{ج}^2-\text{ا}^2}{۲\,\text{ا ب ج}}+(\text{ج}^2-\text{ا}^2)\frac{\text{ج}^2+\text{ا}^2-\text{ب}^2}{۲\,\text{ا ب ج}}$$

$$+(\text{ا}^2-\text{ب}^2)\frac{\text{ا}^2+\text{ب}^2-\text{ج}^2}{۲\,\text{ا ب ج}}\Big]$$

$$=\frac{1}{۲\,\text{ا ب ج ک}}\Big[\text{ب}^4-\text{ج}^4-\text{ا}^2(\text{ب}^2-\text{ج}^2)+\text{ج}^4-\text{ا}^4$$

$$-\text{ب}^2(\text{ج}^2-\text{ا}^2)+\text{ا}^4-\text{ب}^4-\text{ج}^2(\text{ا}^2-\text{ب}^2)\Big]=۰$$

مثال ۳۔ ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

$$(\text{ا}+\text{ب}+\text{ج})\left(\text{مس}\frac{\text{ا}}{۲}+\text{مس}\frac{\text{ب}}{۲}\right)=۲\,\text{ج}\,\text{مم}\frac{\text{ج}}{۲}$$

دائیں طرف کا رکن

$$=۲\text{ن}\left[\sqrt{\frac{(\text{ن}-\text{ب})(\text{ن}-\text{ج})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{ا})}}+\sqrt{\frac{(\text{ن}-\text{ج})(\text{ن}-\text{ا})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{ب})}}\right]\quad\text{دفعہ ۱۷۳}$$

$$=۲\text{ن}\sqrt{\frac{\text{ن}-\text{ج}}{\text{ن}}}\left[\sqrt{\frac{\text{ن}-\text{ب}}{\text{ن}-\text{ا}}}+\sqrt{\frac{\text{ن}-\text{ا}}{\text{ن}-\text{ب}}}\right]$$

$$= \text{۲}\sqrt{\text{ن}(\text{ن} - \text{جَ})}\left[\frac{\text{ن} - \text{بَ} + \text{ن} - \text{اَ}}{\sqrt{(\text{ن} - \text{اَ})(\text{ن} - \text{بَ})}}\right]$$

$$= \frac{\text{۲}\sqrt{\text{ن}(\text{ن} - \text{جَ})} \times \text{جَ}}{\sqrt{(\text{ن} - \text{اَ})(\text{ن} - \text{بَ})}} \quad \text{چونکہ } \text{۲ن} = \text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ}$$

$$= \text{۲ جَ مم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}$$

یہ مماثلہ اضلاع کو زاویوں کی رقوم میں بیان کرنے سے بھی ثابت ہو سکتی ہے دفعہ ۱۶۹ کی مدد سے

$$\frac{\text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ}}{\text{جَ}} = \frac{\text{جب ا} + \text{جب ب} + \text{جب ج}}{\text{جب ج}}$$

$$= \frac{\text{۴ جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{۲ جب } \frac{\text{ج}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}} \quad \text{دفعہ ۱۳۳}$$

$$= \frac{\text{۲ جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}}}{\text{جب } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}}$$

$$\text{نیز } \frac{\text{۲ مم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{مس } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} + \text{مس } \frac{\text{ب}}{\text{۲}}} = \frac{\text{۲ مم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}}}{\text{جب } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}\left[\text{جب } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}} + \text{جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جب } \frac{\text{ب}}{\text{۲}}\right]}$$

$$= \frac{\text{۲ جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{جب } \frac{\text{ج}}{\text{۲}} \text{ جب } \frac{\text{ا} + \text{ب}}{\text{۲}}} = \frac{\text{۲ جم } \frac{\text{ا}}{\text{۲}} \text{ جم } \frac{\text{ب}}{\text{۲}}}{\text{جب } \frac{\text{ج}}{\text{۲}}} \quad (\text{دفعہ ۷۵})$$

اس لئے

$$\frac{\text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ}}{\text{جَ}} = \frac{\text{۲ مم}\frac{\text{ج}}{\text{۲}}}{\text{مس}\frac{\text{ا}}{\text{۲}} + \text{مس}\frac{\text{ب}}{\text{۲}}}$$

یعنی $(\text{اَ} + \text{بَ} + \text{جَ})\left(\text{مس}\frac{\text{ا}}{\text{۲}} + \text{مس}\frac{\text{ب}}{\text{۲}}\right) = \text{۲ جَ مم}\frac{\text{ج}}{\text{۲}}$

مثال ۴۔ اگر کسی مثلث کے اضلاع سلسلہ حسابیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ نصف زاویوں کے ماس التمام بھی سلسلہ حسابیہ میں ہوں گے۔

معلوم ہے $\text{اَ} + \text{جَ} = \text{۲ بَ}$ .... (۱)

اور ثابت کرنا مطلوب ہے

$\text{مم}\frac{\text{ا}}{\text{۲}} + \text{مم}\frac{\text{ج}}{\text{۲}} = \text{۲ مم}\frac{\text{ب}}{\text{۲}}$ .... (۲)

ربط (۲) درست ہوگا اگر

$$\sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{اَ})}{(\text{ن} - \text{بَ})(\text{ن} - \text{جَ})}} + \sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{جَ})}{(\text{ن} - \text{اَ})(\text{ن} - \text{بَ})}} = \text{۲}\sqrt{\frac{\text{ن}(\text{ن} - \text{بَ})}{(\text{ن} - \text{جَ})(\text{ن} - \text{اَ})}}$$

یاطرفین کو $\sqrt{\frac{(\text{ن} - \text{اَ})(\text{ن} - \text{بَ})(\text{ن} - \text{جَ})}{\text{ن}}}$ میں ضرب دینے سے ربط (۲) درست ہوگا اگر

$$(\text{ن} - \text{اَ}) + (\text{ن} - \text{جَ}) = \text{۲}(\text{ن} - \text{بَ})$$

یعنی اگر $\text{۲ ن} - (\text{اَ} + \text{جَ}) = \text{۲ن} - \text{۲ بَ}$

یعنی اگر $\text{اَ} + \text{جَ} = \text{۲ بَ}$ جو ربط (۱) ہے

پس معلوم ہوا کہ اگر ربط (۱) صحیح ہو تو ربط (۲) بھی صحیح ہوتا ہے۔

امثلہ نمبری ۲۷

ثابت کرو کہ کسی مثلث ابج میں

۱۔ $$\text{جب}\,\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲} = \frac{\text{بَ}-\text{جَ}}{\text{اَ}}\,\text{جم}\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

۲۔ $$\text{بَ}^۲\,\text{جب}\,۲\text{ج} + \text{جَ}^۲\,\text{جب}\,۲\text{ب} = ۲\,\text{بَ}\,\text{جَ}\,\text{جب}\,\text{ا}$$

۳۔ $$\text{اَ}\,(\text{بَ}\,\text{جم}\,\text{ج} - \text{جَ}\,\text{جم}\,\text{ب}) = \text{بَ}^۲ - \text{جَ}^۲$$

۴۔ $$(\text{بَ}+\text{جَ})\,\text{جم}\,\text{ا} + (\text{جَ}+\text{اَ})\,\text{جم}\,\text{ب} + (\text{اَ}+\text{بَ})\,\text{جم}\,\text{ج} = \text{اَ}+\text{بَ}+\text{جَ}$$

۵۔ $$\text{اَ}\,(\text{جم}\,\text{ب} + \text{جم}\,\text{ج}) = ۲\,(\text{بَ}+\text{جَ})\,\text{جب}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

۶۔ $$\text{اَ}\,(\text{جم}\,\text{ج} - \text{جم}\,\text{ب}) = ۲\,(\text{بَ}-\text{جَ})\,\text{جم}^۲\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

۷۔ $$\frac{\text{جب}\,(\text{ب}-\text{ج})}{\text{جب}\,(\text{ب}+\text{ج})} = \frac{\text{بَ}^۲-\text{جَ}^۲}{\text{اَ}^۲}$$

۸۔ $$\frac{\text{اَ}+\text{بَ}}{\text{اَ}-\text{بَ}} = \text{مس}\,\frac{\text{ا}+\text{ب}}{۲}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}-\text{ب}}{۲}$$

۹۔ $$\text{اَ}\,\text{جب}\,(\frac{\text{ا}}{۲}+\text{ب}) = (\text{بَ}+\text{جَ})\,\text{جب}\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

۱۰۔ $$\frac{\text{اَ}^۲\,\text{جب}\,(\text{ب}-\text{ج})}{\text{جب}\,\text{ب}+\text{جب}\,\text{ج}} + \frac{\text{بَ}^۲\,\text{جب}\,(\text{ج}-\text{ا})}{\text{جب}\,\text{ج}+\text{جب}\,\text{ا}} + \frac{\text{جَ}^۲\,\text{جب}\,(\text{ا}-\text{ب})}{\text{جب}\,\text{ا}+\text{جب}\,\text{ب}} = ۰$$

۱۱۔ $$(\text{بَ}+\text{جَ}-\text{اَ})\,(\text{مم}\,\frac{\text{ب}}{۲}+\text{مم}\,\frac{\text{ج}}{۲}) = ۲\,\text{اَ}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}}{۲}$$

۱۲۔ $$\text{اَ}^۲+\text{بَ}^۲+\text{جَ}^۲ = ۲\,(\text{بَ}\,\text{جَ}\,\text{جم}\,\text{ا} + \text{جَ}\,\text{اَ}\,\text{جم}\,\text{ب} + \text{اَ}\,\text{بَ}\,\text{جم}\,\text{ج})$$

$$(\text{اَ}^2-\text{بَ}^2+\text{جَ}^2)\,\text{مس ب}=(\text{اَ}^2+\text{بَ}^2-\text{جَ}^2)\,\text{مس ج}$$

$$\text{جَ}^2=(\text{اَ}-\text{بَ})^2\,\text{جم}^2\frac{\text{ج}}{۲}+(\text{اَ}+\text{بَ})^2\,\text{جب}^2\frac{\text{ج}}{۲}$$

$$\text{اَ جب}(\text{ب}-\text{ج})+\text{بَ جب}(\text{ج}-\text{ا})+\text{جَ جب}(\text{ا}-\text{ب})=۰$$

$$\frac{\text{اَ جب}(\text{ب}-\text{ج})}{\text{بَ}^2-\text{جَ}^2}=\frac{\text{بَ جب}(\text{ج}-\text{ا})}{\text{جَ}^2-\text{اَ}^2}=\frac{\text{جَ جب}(\text{ا}-\text{ب})}{\text{اَ}^2-\text{بَ}^2}$$

$$\text{اَ جب}\frac{\text{ا}}{۲}\,\text{جب}\frac{\text{ب}-\text{ج}}{۲}+\text{بَ جب}\frac{\text{ب}}{۲}\,\text{جب}\frac{\text{ج}-\text{ا}}{۲}+\text{جَ جب}\frac{\text{ج}}{۲}\,\text{جب}\frac{\text{ا}-\text{ب}}{۲}=۰$$

$$\text{اَ}^2(\text{جم}^2\,\text{ب}-\text{جم}^2\,\text{ج})+\text{بَ}^2(\text{جم}^2\,\text{ج}-\text{جم}^2\,\text{ا})+\text{جَ}^2(\text{جم}^2\,\text{ا}-\text{جم}^2\,\text{ب})=۰$$

$$\frac{\text{بَ}^2-\text{جَ}^2}{\text{اَ}^2}\,\text{جب ۲ا}+\frac{\text{جَ}^2-\text{اَ}^2}{\text{بَ}^2}\,\text{جب ۲ب}+\frac{\text{اَ}^2-\text{بَ}^2}{\text{جَ}^2}\,\text{جب ۲ج}=۰$$

$$\frac{(\text{اَ}+\text{بَ}+\text{جَ})^2}{\text{اَ}^2+\text{بَ}^2+\text{جَ}^2}=\frac{\text{مم}\frac{\text{ا}}{۲}+\text{مم}\frac{\text{ب}}{۲}+\text{مم}\frac{\text{ج}}{۲}}{\text{مم ا}+\text{مم ب}+\text{مم ج}}$$

$$\text{اَ}^3\,\text{جم}(\text{ب}-\text{ج})+\text{بَ}^3\,\text{جم}(\text{ج}-\text{ا})+\text{جَ}^3\,\text{جم}(\text{ا}-\text{ب})=۳\,\text{اَ بَ جَ}$$

اگر کسی مثلث کے اضلاع ۳ ، ۴ ، $\sqrt{۳۸}$ فٹ ہوں تو ثابت کرو
(ک)ہ اس کا سب سے بڑا زاویہ ۱۲۰° سے بڑا ہوگا ۔

۲۳- ایک مثلث قایم الزاویہ کے اضلاع ۲۱ اور ۲۸ فٹ ہیں، اگر قائم الزاویہ سے وتر پر عمود نکالا جائے تو اس کا طول دریافت کرو

۲۴- اگر ایک مثلث کے زاویوں کی باہمی نسبتیں ۱ : ۲ : ۳ ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے مقابل کے اضلاع کی نسبتیں ۱ : $\sqrt{3}$: ۲ ہوں گی -

۲۵- اگر کسی مثلث میں

$$\text{مس}\ \frac{ا}{۲} = \frac{۵}{۶} \quad \text{اور مس}\ \frac{ب}{۲} = \frac{۲۰}{۳۷}$$

تو مس $\frac{ج}{۲}$ معلوم کرو اور ثابت کرو کہ اس مثلث میں ا + ج = ۲ ب

۲۶- کسی مثلث قائم الزاویہ متساوی الساقین میں ایک مستقیم خط مساوی ضلعوں میں سے ایک کے نقطہ وسط کو مقابل کے زاوئے سے وصل کرتا ہے، ثابت کرو کہ یہ زاوئے کو دو ایسے حصوں میں تقسیم کرتا ہے جن کے مماس التمام ۲ اور ۳ ہیں

۲۷- کسی مثلث ا ب ج میں عمود ا د قاعدے کو ایسے دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے کہ خطوط ب د، ج د اور ا د کی باہمی نسبتیں ۲، ۳، ۶ ہیں، ثابت کرو کہ مثلث کا زاویۂ راس $45°$ ہے

۲۸- ایک وزن مدار حلقہ کا قطر ۱۰ انچ ہے اور وہ ایک نقطہ سے جس کا راسی فاصلہ مرکز سے ۱ فٹ ہے چھ مساوی رسیوں کے ذریعہ جو محیط کے برابر برابر فاصلوں پر بندھی ہوئی ہیں آویزاں ہے، متصل رسیوں کے درمیانی زاویہ کی جیب التمام دریافت کرو۔

۲۹- اگر اَا، بَا، جَا سلسلہ حسابیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ مم ا، مم ب، مم ج بھی سلسلہ حسابیہ میں ہوں گے

۳۰- اگر اَ، بَ، جَ سلسلہ حسابیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ جم ا مم $\frac{ا}{۲}$، جم ب مم $\frac{ب}{۲}$ اور جم ج مم $\frac{ج}{۲}$ بھی سلسلہ حسابیہ

ہونگے

- اگر ا، ب، ج سلسلہ موسیقیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ
$\frac{ا}{۲}$، جب^۲ $\frac{ب}{۲}$ اور جب^۲ $\frac{ج}{۲}$ بھی سلسلہ موسیقیہ میں ہونگے

۱- ایک مثلث کے اضلاع سلسلہ حسابیہ میں ہیں اور سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا زاویہ بالترتیب طہ اور فہ ہے ثابت کرو کہ

$۴(۱-\text{جم طہ})(۱-\text{جم فہ}) = \text{جم طہ} + \text{جم فہ}$

۲- ایک مثلث کے اضلاع سلسلہ حسابیہ میں ہیں اور سب سے بڑا زاویہ سب سے چھوٹے زاویئے سے بقدر ۹۰° کے زیادہ ہے ثابت کرو کہ اضلاع $\sqrt{۷}+۱$، $\sqrt{۷}$ اور $\sqrt{۷}-۱$ کے متناسب ہیں

۳- اگر ج = ۹۰° تو ثابت کرو کہ

$$\frac{۳}{ا+ب+ج} = \frac{۱}{ب+ج} + \frac{۱}{ا+ج}$$

۱- اگر کسی مثلث ا ب ج میں قاعدہ ب ج پر ایک ایسا نقطہ د مقرر کریں کہ ب د : د ج :: م : ن اور اگر
$\angle$ ب ا د = عہ، $\angle$ د ا ج = بہ، $\angle$ ج د ا = طہ اور
ا د = لا تو ثابت کرو کہ

$$(م+ن)\ \text{مم طہ} = م\ \text{مم عہ} - ن\ \text{مم بہ}$$
$$= ن\ \text{مم ب} - م\ \text{مم ج}$$
$$(م+ن)^۲ \times لا^۲ = (م+ن)(م\ ب^۲ + ن\ ج^۲) - م\ ن\ ا^۲$$

۲- اگر کسی مثلث میں ضلع ج کا منصف ضلع ب پر عمود ہو تو ثابت کرو کہ ۲ مس ا + مس ج = ۰

۳۷- ثابت کرو کہ اگر کسی مثلث میں طہ کوئی زاویہ ہو تو

بَ جم طہ = جَ جم (ا - طہ) + اَ جم (ج + طہ)

۳۸- اگر کسی مثلث کے زاویوں ا اور ب سے دو عمود ع اور م ایک ایسے خط پر نکالے جائیں جو مثلث کے راس ج میں سے گزرے تو ثابت کرو کہ

اَ^{2} ع^2 + بَ^{2} م^2 - ۲ اَ بَ ع م جم ج = اَ^{2} بَ^{2} جب^2 ج

۳۹- کسی مثلث ا ب ج میں خطوط و ا، و ب اور و ج اس طرح کھینچے گئے ہیں کہ

$\angle$ و ا ب = $\angle$ و ب ج = $\angle$ و ج ا = سہ

تو ثابت کرو کہ

ظم سہ = ظم ا + ظم ب + ظم ج

اور قم^2 سہ = قم^2 ا + قم^2 ب + قم^2 ج

باب سیزدہم

مثلثوں کا حل

۱۔ کسی مثلث کے تین ضلعوں اور تین زاویوں کو
ث کے اجزا کہتے ہیں اگر کوئی سے تین اجزا کسی مثلث
معلوم ہوں بشرطیکہ وہ تین زاویے نہوں تو باقی اضلاع
راوئے معلوم ہو سکتے ہیں لیکن جب تین زاوئے معلوم
ں تو صرف اضلاع کے طولوں کی باہمی نسبتیں معلوم ہوسکتی
یعنی مثلث کی شکل دریافت ہو سکتی ہے اور مقدار نہیں
م ہوسکتی، جب مثلث کے تین اجزا معلوم ہوں تو باقی
اجزا معلوم کرنے کے عمل کو مثلث کا حل کہتے ہیں۔
سب سے پہلے ہم مثلث قائم الزاویہ کے حل پر بحث
ں گے۔ مثلث قائم الزاویہ وہ ہے جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو
کی چار دفعات ایسے مثلثات کے متعلق ہیں، زاویہ ج
ہے۔

۱۔ صورت اوّل۔ مثلث قائم الزاویہ کا وتر اور ایک
معلوم ہے مثلث کو حل کرو۔

فرض کرو کہ ضلع بَ اور وتر جَ معلوم ہیں،
ربط جب ب = $\frac{\text{بَ}}{\text{جَ}}$ سے زاویہ ب معلوم ہو سکتا ہے۔

∴ ل جب ب = ۱۰ + لوک بَ - لوک جَ

اب چونکہ بَ اور جَ معلوم ہیں اس لئے ل جب ب اور ب معلوم ہو سکتے ہیں اور اس لئے زاویہ ا (= ۹۰° - ب) معلوم ہو سکتا ہے۔

ضلع اَ ذیل کے کسی ایک ربط سے معلوم ہو سکتا ہے

جم ب = $\frac{\text{اَ}}{\text{جَ}}$ ، مس ب = $\frac{\text{بَ}}{\text{اَ}}$ یا اَ = $\sqrt{(\text{جَ} - \text{بَ})(\text{جَ} + \text{بَ})}$

۱۸۲۔ صورت دوم۔ اضلاع اَ اور بَ معلوم ہیں مثلث کو حل کرو۔

اس صورت میں زاویہ ب ربط مس ب = $\frac{\text{بَ}}{\text{اَ}}$ سے معلوم ہو سکتا ہے۔

یعنی ل مس ب = ۱۰ + لوک بَ - لوک اَ

اس لئے ل مس ب اور اس لئے ب معلوم ہو سکتا ہے
نیز زاویہ ا (= ۹۰° - ب) معلوم ہو سکتا ہے
ربط جَ = $\sqrt{\text{اَ}^2 + \text{بَ}^2}$ سے وتر جَ دریافت ہو سکتا ہے
لیکن یہ ربط لوگارثمی حسابات کے لئے اتنا موزوں نہیں ہے

[و]تر جَ دریافت کرنے کے لئے طریق ذیل بہتر ہوگا۔

جب ب = بَ/جَ یعنی جَ = بَ/جب ب

لوک جَ = لوک بَ - لوک جب ب

= ۱۰ + لوک بَ - ل جب ب جس سے جَ معلوم ہو سکتا ہے

۱۸۳ - صورت سوم - مثلث کا زاویہ ب اور ایک ضلع معلوم ہے، مثلث کو حل کرو

[ا]س صورت میں ا (= ۹۰° - ب) معلوم ہے [ض]لع بَ کو ربط بَ/دَ = مس ب سے اور [جَ] کو ربط دَ/جَ = جم ب سے دریافت کرو۔

۱۸۴ - صورت چہارم - زاویہ [ب] اور وتر جَ معلوم ہیں مثلث کو حل کرو۔ [ا] معلوم ہے اور اضلاع دَ اور بَ ارتباطات [ذیل] سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

دَ/جَ = جم ب اور بَ/جَ = جب ب

امثلہ نمبری ۲۸

[۱] - مثلث قائم الزاویہ ا ب ج میں ج قائمہ ہے، اگر اَ = ۵۰ اور [ب] = ۴۵° تو اضلاع دریافت کرو (مس ۴۵° = ۲ + ۱.۳۱۴)

[۲] - مثلث کے دو ضلعے ۱۰ اور ۲۰ فٹ ہیں اور ان کا درمیانی زاویہ

۹۰ ب ہے، مثلث کو حل کرو۔ معلوم ہے لوک ۲۰ = ۳۰۱۰۳ء۱
اور ل مس ۲۶° ۴۳' = ۹ء۶۹۸۶۸۴۷
نیز فرق آ کے لئے = ۳۱۶۰

۳۔ اگر مثلث کے ایک زاویئے سے اس کے قاعدے پر عمود نکالا جائے تو اس کا طول ۳ انچ ہوتا ہے اور اُس زاویہ کو احاطہ کرنے والے اضلاع کے طول ۴ اور ۵ انچ ہیں، مثلث کے زاویے دریافت کرو۔
معلوم ہے لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء، لوک ۳ = ۴۷۷۱۲۱۳ء
ل جب ۳۶° ۵۲' = ۹ء۷۷۸۱۱۸۶ فرق آ کے لئے = ۱۶۸۴ اور
ل جب ۴۸° ۳۵' = ۹ء۸۷۵۰۱۴۲ فرق آ کے لئے = ۱۱۱۵

۴۔ ایک مثلث قائم الزاویہ میں وتر اُس عمود کا چار گنا ہے جو زاویہ قائمہ سے وتر پر نکالا جائے، مثلث کے حادے زاویئے دریافت کرو۔

۱۸۵۔ اب ہم ایسے مثلثوں کے حل کے متعلق بحث کریں گے جن کا کوئی زاویہ قائمہ نہ ہو۔
اس کی مختلف صورتیں یہ ہیں
صورت اوّل۔ تین اضلاع معلوم ہیں
صورت دوم۔ دو اضلاع اور درمیانی زاویہ معلوم ہے
صورت سوم۔ دو اضلاع اور ایک کے مقابل کا زاویہ معلوم ہے
صورت چہارم۔ ایک ضلع اور دو زاویئے معلوم ہیں
صورت پنجم۔ تینوں زاویئے معلوم ہیں۔

۱۸۶۔ صورت اول۔ تینوں اضلاع اَ، بَ، جَ معلوم ہیں
چونکہ اضلاع معلوم ہیں اس لئے ن اور اس لئے مقادیر

ن - ا ، ن - ب ، ن - ج معلوم ہیں۔ نصف زاویے $\frac{\text{ا}}{۲}$ ، $\frac{\text{ب}}{۲}$ ، $\frac{\text{ج}}{۲}$ ذیل کے ضابطوں سے معلوم ہو سکتے ہیں۔

$$\text{مس}\,\frac{\text{ا}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن}-\text{ب})(\text{ن}-\text{ج})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{ا})}}$$

$$\text{مس}\,\frac{\text{ب}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن}-\text{ج})(\text{ن}-\text{ا})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{ب})}} \quad \text{اور} \quad \text{مس}\,\frac{\text{ج}}{۲} = \sqrt{\frac{(\text{ن}-\text{ا})(\text{ن}-\text{ب})}{\text{ن}(\text{ن}-\text{ج})}}$$

صرف دو زاویوں کا دریافت کرنا کافی ہوگا کیونکہ ان دو کے مجموعہ کو ۱۸۰° سے تفریق کرنے سے تیسرا زاویہ معلوم ہو سکتا ہے۔

اوپر کے زاویوں کی قیمتیں نصف زاویوں کی جیب یا جیوب التمام کے ضابطوں کو استعمال کرنے سے بھی حاصل ہو سکتی ہیں دیکھو دفعات ۱۷۱ اور ۱۷۲

یہ سب ضابطے لوکارثمی حسابات کے لئے موزوں ہیں۔

نیز زاویہ ا ضابطہ $\text{جم ا} = \frac{\text{ب}^۲ + \text{ج}^۲ - \text{ا}^۲}{۲\,\text{ب}\,\text{ج}}$ (دفعہ ۱۷۰) سے بھی معلوم ہو سکتا ہے۔

لیکن بالعموم یہ ضابطہ لوکارثمی حسابات کے لئے موزوں نہیں ہوتا مگر جب اضلاع ا، ب، ج مقدار میں قلیل ہوں تو اُس وقت اس ضابطے کو استعمال کرنے میں سہولت ہوگی۔

مثال۔ ایک مثلث کے اضلاع ۳۲، ۴۰، ۶۶ فٹ ہیں، سب سے بڑے ضلع کے مقابل کا زاویہ دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲۰۷ = ۳ء۲ ۳۱۵۹۷ء۲ ، لوک ۱۰۷۳ = ۳ء۰۳۰۵۹۹۷

ل مم ۶۶° ۱۸ = ۱۳۳۱ ۹ء۹۶۴۲۴۳۴ ، جدولوں سے فرق ۱ کے لئے = ۳۴۳۱

اس جگہ ا = ۳۲ ، ب = ۴۰ ، ج = ۶۶

یعنی ن = $\frac{۶۶ + ۴۰ + ۳۲}{۲}$ = ۶۹ ، ن - ا = ۳۷ ، ن - ب = ۲۹

اور ن - ج = ۳

اس لئے مم $\frac{ج}{۲}$ = $\sqrt{\frac{ن(ن - ج)}{(ن - ا)(ن - ب)}}$ = $\sqrt{\frac{۳ \times ۶۹}{۲۹ \times ۳۷}}$ = $\sqrt{\frac{۲۰۷}{۱۰۷۳}}$

ل مم $\frac{ج}{۲}$ = ۱۰ + $\frac{۱}{۲}$ [لوک ۲۰۷ - لوک ۱۰۷۳]

= ۱۰ + ۱ء۱۵۷۹۸۵۱۵ - ۱ء۵۱۵۲۹۹۸۵

= ۹ء۶۴۲۶۸۵۳

ل مم $\frac{ج}{۲}$ اس لئے ل مم ۶۶° ۱۸ سے بڑا ہے یعنی $\frac{ج}{۲}$ زاویہ ۶۶° ۱۸ سے کم ہے۔

فرض کرو کہ $\frac{ج}{۲}$ = ۶۶° ۱۸ - لاً

زاویہ کی قیمت کا فرق لاً ہے، اس کے مقابل لوکارتم کا فرق

= ۹ء۶۴۲۶۸۵۳
- ۹ء۶۴۲۴۳۴۱

= ۰ء۰۰۰۲۵۱۲

نیز فرق ۶۰" کے لئے = ۰ء۰۰۰۳۴۳۱

اس لئے $\frac{لا}{۶۰}$ = $\frac{۰ء۰۰۰۲۵۱۲}{۰ء۰۰۰۳۴۳۱}$

یعنی لا = $\frac{۲۵۱۲}{۳۴۳۱}$ × ۶۰ = ۴۴ تقریباً

∴ ج/٢ = ٩٦° ١٨′ − ٤٤″ = ٩٦° ١٧′ ١٦″

اور اس لئے ج = ١٣٢° ٣٤′ ٣٢″

امثلہ نمبری ۲۹

[طالب علم کو امثلہ ذیل میں سے بعض (مثلاً ۱، ۷، ۸، ۱۰، ۱۱، ۱۲) کے نتائج کی تصدیق عمل ترسیمی سے کرنی چاہیئے]

۱۔ ایک مثلث کے اضلاع ۵۶، ۶۵، ۳۳ فٹ ہیں اس کا سب سے بڑا زاویہ دریافت کرو۔

۲۔ مثلث کے اضلاع بالترتیب ۷، ۴ √۳، √۱۳ گز ہیں، سب سے چھوٹے زاویہ میں درجوں کی تعداد دریافت کرو۔

۳۔ ایک مثلث کے اضلاع لا² + لا + ۱، ۲ لا + ۱ اور لا² − ۱ ہیں ثابت کرو کہ بڑے سے بڑا زاویہ ۱۲۰° ہے۔

۴۔ مثلث کے اضلاع ا، ب، √(ا² + اب + ب²) فٹ ہیں سب سے بڑا زاویہ دریافت کرو۔

۵۔ اگر ا = ۲، ب = √۶ اور ج = √۳ − ۱ تو مثلث کو حل کرو

۶۔ اگر ا = ۲، ب = √۶ اور ج = √۳ + ۱ تو مثلث کو حل کرو

۷۔ اگر ا = ۹، ب = ۱۰، ج = ۱۱ تو ب معلوم کرو۔ معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء

ل مس ۲۹° ۲۹′ = ۹ء۷۵۲۳۴۷۲

اور ل مس ۲۹° ۳۰′ = ۹ء۷۵۲۶۴۲۰

۸۔ ایک مثلث کے اضلاع ۱۳۰، ۱۲۳، ۷۷ فٹ ہیں، سب سے بڑا

زاویہ دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۰ء۳۰۱۰۳، ل مس ۳۸° ۳۹' = ۹ء۹۰۲۹۳۷۶

اور ل مس ۳۸° ۴۰' = ۹ء۹۰۳۱۹۶۶

۹۔ ایک مثلث کے اضلاع ۲۴۲، ۱۸۸، ۲۷۰ فٹ ہیں، سب سے بڑا زاویہ دریافت کرو۔ معلوم ہے

لوک ۲ = ۰ء۳۰۱۰۳، لوک ۳ = ۰ء۴۷۷۱۲۱۳

لوک ۷ = ۰ء۸۴۵۰۹۸۰، ل مس ۳۸° ۲۰' = ۹ء۸۹۸۰۱۰۴

اور ل مس ۳۸° ۱۹' = ۹ء۸۹۷۷۵۰۷

۱۰۔ ایک مثلث کے اضلاع ۲، ۳، ۴ ہیں، سب سے بڑا زاویہ دریافت کرو۔ معلوم ہے

لوک ۲ = ۰ء۳۰۱۰۳، لوک ۳ = ۰ء۴۷۷۱۲۱۳

ل مس ۵۲° ۱۴' = ۱۰ء۱۱۰۸۳۹۵

اور ل مس ۵۲° ۱۵' = ۱۰ء۱۱۱۱۰۰۴

جدولوں کو استعمال کرنے سے اُن مثلثوں کے سب زاویے دریافت کرو جن میں

۱۱۔ اَ = ۲۵، بَ = ۲۶، جَ = ۲۷

۱۲۔ اَ = ۱۷، بَ = ۲۰، جَ = ۲۷

۱۳۔ اَ = ۲۰۰۰، بَ = ۱۰۵۰، جَ = ۱۱۵۰

۱۸۷۔ صورت دوم۔ دو اضلاع ب اور ج معلوم ہیں اور ان کا درمیانی زاویہ ا بھی معلوم ہے، مثلث کو حل کرو۔

فرض کرو کہ ضلع بَ ضلع جَ
سے بڑا ہے تب

$$\text{مس}\,\frac{\text{ب} - \text{ج}}{۲} = \frac{\text{بَ} - \text{جَ}}{\text{بَ} + \text{جَ}}\,\text{مم}\,\frac{\text{ا}}{۲} \quad (\text{دفعہ ۱۷۷}) \;\ldots\ldots\; (۱)$$

$$\frac{\text{ب} + \text{ج}}{۲} = ۹۰ - \frac{\text{ا}}{۲} \;\ldots\ldots\; (۲)$$

دو ربطوں سے $\frac{\text{ب} - \text{ج}}{۲}$ اور $\frac{\text{ب} + \text{ج}}{۲}$ کی قیمتیں اور اسلئے
اور تفریق کرنے سے ب اور ج کی قیمتیں حاصل ہونگی
اس کے بعد تیسرا ضلع، از ربط $\frac{\text{اَ}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{بَ}}{\text{جب ب}}$ سے حاصل
ملتا ہے

یعنی $\text{اَ} = \text{بَ}\,\frac{\text{جب ا}}{\text{جب ب}}$ جس سے اَ حاصل ہوگا

اَ ضابطہ ذیل سے بھی حاصل ہو سکتا ہے

$$\text{اَ}^۲ = \text{بَ}^۲ + \text{جَ}^۲ - ۲\,\text{بَ جَ جم ا}$$

ابطہ لوکارثمی حسابات کے لئے اتنا موزوں نہیں، لیکن
ں صورت میں اکثر مفید ثابت ہوتا ہے جبکہ اضلاع اَ اور
مقداریں نہایت ہی قلیل ہوں ۔

۱۸ا۔ مثال ۱۔ اگر $\text{بَ} = ۳\frac{۱}{۲}$، جَ = ۱ اور ا = ۳۰° تو مثلث کو
رو ۔

$$\text{مس}\,\frac{ب-ج}{۲}=\frac{بَ-جَ}{بَ+جَ}\,\text{مم}\,\frac{ا}{۲}=\frac{\sqrt{۳}-۱}{\sqrt{۳}+۱}\,\text{مم}\,۱۵^\circ$$

اب $\text{مس}\,۱۵^\circ=\frac{\sqrt{۳}-۱}{\sqrt{۳}+۱}$ (دفعہ ۱۰۷)

یعنی $\text{مم}\,۱۵^\circ=\frac{\sqrt{۳}+۱}{\sqrt{۳}-۱}$

اس لئے $\text{مس}\,\frac{ب-ج}{۲}=۱$

$\therefore\ \frac{ب-ج}{۲}=۴۵^\circ$ .... (۱)

نیز $\frac{ب+ج}{۲}=۹۰^\circ-\frac{ا}{۲}=۹۰^\circ-۱۵^\circ=۷۵^\circ$ .... (۲)

جمع کرنے سے $ب=۱۲۰^\circ$

تفریق کرنے سے $ج=۳۰^\circ$

چونکہ $ا=ج$ ، اس لئے $اَ=جَ=۱$

یا بطریق ذیل

$$اَ^{۲}=بَ^{۲}+جَ^{۲}-۲\,بَ\,جَ\,\text{جم}\,ا=۳+۱-۲\sqrt{۳}\times\frac{\sqrt{۳}}{۲}=۱$$

یعنی $اَ=۱=جَ$

$\therefore\ ج=ا=۳۰^\circ$

اور $ب=۱۸۰^\circ-ا-ج=۱۲۰^\circ$

مثال ۲- اگر $بَ=۲۱۵$ ، $جَ=۱۰۵$ اور $ا=۴۷^\circ\,۲۴'$ تو باقی دو زاوئے نیز تیسرا ضلع دریافت کرو۔ معلوم ہے

لوک ۲ = ۰،۳۰۱۰۳۰۰ ، لوک ۱۱ = ۱،۰۴۱۳۹۲۷

لوک ۱۰۵ = ۲،۰۲۱۱۸۹۳ ، لوک ۲۱۲،۴۷۶ = ۲،۳۲۷۳۱۰۳

۳۷° ۱۳' = ۱۰٫۱۱۹۴۷۲۳، فرق ۱' کے لئے = ۳۱۲۲

س ۲۴° ۲۰' = ۹٫۶۵۵۳۴۷۷، فرق ۱' کے لئے = ۳۳۶۴

ب ۲۴° ۲۷' = ۹٫۹۸۳۸۰۵۲

قم ۲۸° ۲۵' = ۱۰٫۳۲۲۵۰۲۵، فرق ۱' کے لئے = ۲۳۳۴

گارس (ب - ج)/۲ = (ب - ج)/(ب + ج) مم ا/۲ = ۱۱/۳۲ مم ۳۷° ۱۳' ۴۰''

لمم ۳۷° ۱۳' = ۱۰٫۱۱۹۴۷۲۳

فرق ۴۰'' کیلئے = -۱۳۱۱ ء

مم ۳۷° ۱۳' ۴۰'' = ۱۰٫۱۱۹۳۴۱۲

لوک ۱۱ = ۱٫۰۴۱۳۹۲۷

۱۱٫۱۶۰۷۳۳۹

لوک ۳۲ = ۱٫۵۰۵۱۵

لس ۱/۲(ب - ج) = ۹٫۶۵۵۵۸۳۹

لس ۲۴° ۲۰' = ۹٫۶۵۵۳۴۷۷

فرق = ۲۳۶۲

= فرق ۲۳۶۲/۳۳۶۴ × ۶۰'' کے لئے

= فرق ۴۲٫۱'' کے لئے

ء۳۰۱۰۳
× ۵
۱٫۵۰۵۱۵

۲۳۶۲
× ۶۰
۳۳۶۴) ۱۴۱۷۲۰ (۴۲٫۱
۱۳۴۵۶
۷۱۶۰
۶۷۲۸
۴۳۲۰

(ب - ج)/۲ = ۲۴° ۲۰' ۴۲''

(ب + ج)/۲ = ۹۰° - ا/۲ = ۵۲° ۴۶' ۳۰''

∴ جمع کرنے سے ب = ۸۶° ۴۲' ۱۲''

اور تفریق کرنے سے ج = ۲۸° ۲۵' ۴۸''

نیز $\frac{\text{اَ}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{جَ}}{\text{جب ج}} = \text{جَ قم ج}$

∴ اَ = ۱۰۵ جب ۴۳° ۱۷' قم ۲۸° ۲۵' ۴۸''

لیکن ل قم ۲۸° ۲۵' = ۱۰٫۳۲۲۵۰۲۵ 　　　　 $۲۳۳۴ \times \frac{۴۸}{۶۰}$

فرق ۴۸'' کیلئے = −۱۸۶۷ 　　　　 $= ۲۳۳۴ \times \frac{۴}{۵}$

ل قم ۲۸° ۲۵' ۴۸'' = ۱۰٫۳۲۲۳۱۵۸ 　　　　 = ۱۸۶۷

ل جب ۴۳° ۱۷' = ۹٫۹۸۳۸۰۵۲

لوک ۱۰۵ = ۲٫۰۲۱۱۸۹۳

۲۲٫۳۲۷۳۱۰۳
۲۰

∴ لوک اَ = ۲٫۳۲۷۳۱۰۳

∴ اَ = ۲۱۲٫۴۷۶

۱۸۹ — صورت دوم میں مثلث کا تیسرا ضلع اَ زاویوں ب اور ج کو دریافت کرنے کے بغیر بھی معلوم ہو سکتا ہے۔ دو طریقے حسب ذیل ہیں

(۱) چونکہ $\text{اَ}^2 = \text{بَ}^2 + \text{جَ}^2 - ۲\,\text{بَ جَ جم ا}$

$= \text{بَ}^2 + \text{جَ}^2 - ۲\,\text{بَ جَ} \left(۲\,\text{جم}^2 \frac{\text{ا}}{۲} - ۱\right)$

$= (\text{بَ} + \text{جَ})^2 - ۴\,\text{بَ جَ جم}^2 \frac{\text{ا}}{۲}$

∴ $\text{اَ}^2 = (\text{بَ} + \text{جَ})^2 \left[۱ - \frac{۴\,\text{بَ جَ}}{(\text{بَ} + \text{جَ})^2}\,\text{جم}^2 \frac{\text{ا}}{۲}\right]$

اس لئے اگر $\text{جب}^2\,\text{ط} = \frac{۴\,\text{بَ جَ}}{(\text{بَ} + \text{جَ})^2}\,\text{جم}^2 \frac{\text{ا}}{۲}$

تو اَ۲ = (بَ + جَ)۲ [۱ - جب۲ طہ] = (بَ + جَ)۲ جم۲ طہ

یعنی اَ = (بَ + جَ) جم طہ

پس اگر جب طہ کو ربط جب طہ = $\frac{۲\sqrt{بَ جَ}}{بَ + جَ}$ جم $\frac{ا}{۲}$ سے معلوم کیا جائے تو حاصل ہوگا

اَ = (بَ + جَ) جم طہ

(۲) اَ۲ = بَ۲ + جَ۲ - ۲ بَ جَ جم ا

= بَ۲ + جَ۲ - ۲ بَ جَ (۱ - ۲ جب۲ $\frac{ا}{۲}$) = (بَ - جَ)۲ + ۴ بَ جَ جب۲ $\frac{ا}{۲}$

= (بَ - جَ)۲ [۱ + $\frac{۴ بَ جَ}{(بَ - جَ)^۲}$ جب۲ $\frac{ا}{۲}$]

فرض کرو کہ $\frac{۴ بَ جَ}{(بَ - جَ)^۲}$ جب۲ $\frac{ا}{۲}$ = مس۲ فہ

یعنی مس فہ = $\frac{۲\sqrt{بَ جَ}}{بَ - جَ}$ جب $\frac{ا}{۲}$

اس لئے فہ معلوم ہو سکتا ہے

نیز اَ۲ = (بَ - جَ)۲ [۱ + مس۲ فہ] = $\frac{(بَ - جَ)^۲}{جم^۲ فہ}$

یعنی اَ = (بَ - جَ) قط فہ

اس سے اَ بآسانی معلوم ہو سکتا ہے

اس دفعہ کے حسابات میں زاویئے طہ اور فہ تسہیل عمل کے لئے داخل کئے گئے ہیں ان کو امدادی زاویئے کہتے ہیں (دفعہ ۱۳۵)

امثلہ نمبری ۳۰

[طالب علم کو امثلہ ذیل میں سے بعض (مثلاً ۴، ۵، ۶، ۱۱) کے نتائج کی تصدیق ترسیمی عمل سے کرنی چاہیئے]

۱- اگر بَ = ۹۰، جَ = ۷۰ اور اَ = ۲ ۴۸ َ۳۰ ً تو ب اور ج دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء، ل مم ۳۶ ۲۴ َ۱۵ ً = ۱۰ء۱۳۲۳۱۱۱

ل سس ۹ ۳۷ َ = ۹ء۲۲۹۰۰۷۱

اور ل سس ۹ ۳۸ َ = ۹ء۲۲۹۷۷۳۵

۲- اگر اَ = ۲۱، بَ = ۱۱ اور ج = ۳۴ ۴۲ َ۳۰ ً تو ا اور ب دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء

اور ل سس ۷۲ ۳۸ َ۴۵ ً = ۱۰ء۵۰۵۱۵

۳- اگر کسی مثلث کے اضلاع سلسلہ حسابیہ میں ہوں اور سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے اضلاع کے طول بالترتیب ۲۴ اور ۱۶ فٹ ہوں تو مثلث کے زاویئے دریافت کرو، نیز تیسرے ضلع کا طول معلوم کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء، لوک ۳ = ۴۷۷۱۲۱۳ء

اور ل سس ۱۹ ۹ َ = ۹ء۵۳۹۴۲۸۷ فرق اَ کے لئے = ۴۰۸۴

۴- اگر اَ = ۱۳، بَ = ۷ اور ج = ۶۰ تو ا اور ب کی قیمتیں دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۳ = ٫۴۷۷۱۲۱۳

اور ل مس ۲۷° ۲۶′ = ۹٫۷۱۵۵۵۰۸، فرق ۱′ کے لئے = ۳۰۸۷

۵۔ اگر ا = ۲ ب اور ج = ۱۲۰° تو ا اور ب کی قیمتیں دریافت کرو، نیز ج اور ا کی باہمی نسبت معلوم کرو؛ معلوم ہے

لوک ۳ = ٫۴۷۷۱۲۱۳

ورل مس ۱۰° ۵۳′ = ۹٫۲۸۳۹۰۷۰، فرق ۱′ کے لئے = ۶۸۰۸

۶۔ اگر ب = ۱۴، ج = ۱۱ اور ا = ۶۰° تو ب اور ج کی قیمتیں دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ٫۳۰۱۰۳، لوک ۳ = ٫۴۷۷۱۲۱۳

ل مس ۱۱° ۴۴′ = ۹٫۳۱۷۴۲۹۹

اور ل مس ۱۱° ۴۵′ = ۹٫۳۱۸۰۶۴۰

۷۔ ایک مثلث کے دو ضلعوں کے طول بالترتیب ۵۴۰ اور ۴۲۰ ہیں اوران کا درمیانی زاویہ ۵۲° ۶′ ہے، باقی زاویے دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ٫۳۰۱۰۳، ل مس ۲۶° ۳′ = ۹٫۶۸۹۱۴۳۰

ل مس ۱۴° ۲۰′ = ۹٫۴۰۷۴۱۸۹ اور ل مس ۱۴° ۲۱′ = ۹٫۴۰۷۹۴۵۳

۸۔ اگر ب = ۲½ فٹ، ج = ۲ فٹ اور ا = ۲۲° ۲۰′ تو باقی زاویے دریافت کرو اور ثابت کرو کہ تیسرا ضلع تقریباً ۱ فٹ ہے، معلوم ہے

لوک ۲ = ٫۳۰۱۰۳، لوک ۳ = ٫۴۷۷۱۲

ل مم ۱۱° ۱۰′ = ۱۰٫۷۰۴۶۵، ل جب ۲۲° ۲۰′ = ۹٫۵۷۹۷۷

ل مس ۲۹° ۲۲′ ۲۰″ = ۹٫۷۵۰۳۸، ل مس ۲۹° ۲۲′ ۳۰″ = ۹٫۷۵۰۴۳

اور ل جب ۴۹° ۲۷′ ۳۴″ = ۹٫۸۸۰۷۹

۹۔ اگر اَ = ۲، بَ = ۱ + ۳√ اور ج = ۹۰° تو مثلث کو حل کرو۔

۱۰۔ مثلث کے دو اضلاع ۳√ + ۱ اور ۳√ − ۱ ہیں اور ان کا درمیانی زاویہ ۹۰° ہے، تیسرا ضلع اور باقی زاویے دریافت کرو

۱۱۔ اگر بَ = ۱، جَ = ۳√ − ۱ اور ا = ۹۰° تو ضلع اَ کا طول دریافت کرو

۱۲۔ اگر بَ = ۹۱، جَ = ۱۲۵؛ اور مس $\frac{ا}{۲}$ = $\frac{۱۷}{۶}$ تو ثابت کرو کہ اَ = ۲۰۴

۱۳۔ اگر اَ = ۵، بَ = ۴ اور جم (ا − ب) = $\frac{۳۱}{۳۲}$ تو ثابت کرو کہ تیسرا ضلع جَ = ۶

۱۴۔ ایک مثلث کا ایک زاویہ ۳۰° ہے اور اس کے متصل ضلعوں کے طول ۴۰ اور ۴۰ ۳√ گز ہیں، تیسرے ضلع کا طول دریافت کرو نیز باقی زاویوں میں انگریزی درجوں کی تعداد معلوم کرو

۱۵۔ ایک مثلث کے اضلاع ۹ اور ۳ ہیں اور ان کے مقابل کے زاویوں کا فرق ۹۰° ہے، مثلث کا قاعدہ اور اس کے زاویے دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳٫، لوک ۳ = ۴۷۷۱۲۱۳٫

لوک ۷۵۸۹۴ = ۴٫۸۸۰۲۰۷۴، لوک ۷۵۸۹۵ = ۴٫۸۸۰۲۱۳۲

ل مس ۲۶° ۳۳′ = ۹٫۶۹۸۶۸۴۷

اور ل مس ۲۶° ۳۴′ = ۹٫۶۹۹۰۰۰۶

۱۶۔ اگر مس فہ = $\frac{اَ - بَ}{اَ + بَ}$ م $\frac{ج}{۲}$ تو ثابت کرو کہ

جَ = (اَ + بَ) $\frac{\text{جب} \frac{ج}{۲}}{\text{جم فہ}}$

اگر اَ = ۳ ، بَ = ۱ اور ج = ۵۳° ۷′ ۴۸″

تو ا اور ب کو دریافت کرنے کے بغیر جَ دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ء۳۰۱۰۳ ، لوک ۲۵۲۹۸ = ۴ء۴۰۳۰۸۶۲

لوک ۲۵۲۹۹ = ۴ء۴۰۳۱۰۴۴ ، ل جم ۲۶° ۳۳′ ۵۴″ = ۹ء۹۵۱۵۴۵۲

اور ل مس ۲۶° ۳۳′ ۵۴″ = ۹ء۶۹۹۹۷۰۰

۱۷- ایک مثلث کے دو اضلاع ۲۳۷ اور ۱۵۸ فٹ ہیں اور اُن کا درمیانی زاویہ ۶۶° ۴۸′ ہے، قاعدہ اور باقی زاویے دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ء۳۰۱۰۳ ، لوک ۷۹ = ۱ء۸۹۷۶۳

لوک ۲۲۹۸۷ = ۴ء۳۵۵۷۸ ، ل مم ۳۳° ۲۰′ = ۱۰ء۱۸۱۹۷

ل جب ۳۳° ۲۰′ = ۹ء۷۳۹۹۸ ، ل مس ۱۶° ۵۴′ = ۹ء۴۸۲۶۲

ل مس ۱۶° ۵۵′ = ۹ء۴۸۳۰۸ ، ل قط ۱۶° ۵۴′ = ۱۰ء۰۱۹۱۷

اور ل قط ۱۶° ۵۵′ = ۱۰ء۰۱۹۲۱

[ضابطہ جم (ب - ج)/۲ = (بَ + جَ)/اَ جب ا/۲ کو استعمال کرو یا ضابطہ مثال ۴۱ کو]

ذیل کی چار مثالوں میں مطلوبہ لوکارتموں کو جدولوں سے لو

۱۸- اگر اَ = ۵ء۲۴۲ ، بَ = ۳ء۱۴۳ اور ج = ۵۴° ۳۶′ تو مثلث کو حل کرو

۱۹- اگر بَ = ۱۳۰ ، جَ = ۹۳ اور ا = ۴۲° ۱۵′ ۳۰″ تو مثلث کو حل کرو

۲۰- مثلث کے دو اضلاع ۴ء۲۲۶۵ اور ۱۷۷۹ فٹ ہیں اور اُن کا درمیانی زاویہ ۵۸° ۱۷′ ہے، باقی زاویے دریافت کرو

۲۱۔ مثلث کے دو اضلاع ۲۳۷۰۹ء۰ اور ۹۶ء۱۳۰ فٹ ہیں اور ان کا درمیانی زاویہ ۵۷° ۵۹ ہے، باقی زاویے دریافت کرو

۱۹۰۔ صورت سوم۔ دو اضلاع بَ اور جَ معلوم ہیں اور اُن میں سے ایک کے مقابل کا زاویہ ب معلوم ہے، مثلث کو حل کرو۔

زاویہ ج ربط $\frac{\text{جب ج}}{\text{جَ}} = \frac{\text{جب ب}}{\text{بَ}}$ سے

یعنی جب ج = $\frac{\text{جَ}}{\text{بَ}}$ جب ب .... (۱)

سے معلوم ہو سکتا ہے۔

طرفین کے لوگارتم لینے سے زاویہ ج معلوم ہو سکتا ہے اور پھر ا = ۱۸۰ - ب - ج جس سے ا حاصل ہوتا ہے

ضلع اَ ربط $\frac{\text{اَ}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{بَ}}{\text{جب ب}}$

یعنی اَ = بَ $\frac{\text{جب ا}}{\text{جب ب}}$ .... (۲)

سے دریافت ہو سکتا ہے۔

۱۹۱۔ دفعہ گزشتہ کی مساوات (۱) سے بعض صورتوں

میں ج کی کوئی قیمت حاصل نہیں ہوتی اور بعض دفعہ ایک قیمت حاصل ہوتی ہے اور بعض دفعہ دو قیمتیں حاصل ہوتی ہیں
صورت اوّل۔ فرض کرو کہ زاویہ ب حادہ ہے
(ا) اگر بَ < جَ جب ب تو مساوات (۱) میں دائیں طرف کا رکن ایک سے بڑا ہوگا اور اس مساوات کے موافق ج کی کوئی قیمت نہیں ہوسکتی۔
(ب) اگر بَ = جَ جب ب تو (۱) میں دائیں طرف کا رکن ایک کے برابر ہوگا اور اس صورت میں ج کی قیمت ۹۰° درجہ ہوگی۔
(ج) اگر بَ > جَ جب ب تو ج کی دو قیمتیں ایسی ہونگی جن میں سے ہر ایک کی جیب $\frac{\text{جَ جب ب}}{\text{بَ}}$ ہوگی، ایک قیمت ۰° اور ۹۰° کے درمیان واقع ہوگی اور دوسری ۹۰° اور ۱۸۰° کے درمیان لیکن یہ دونوں قیمتیں ہمیشہ شرائط سوال کو پورا نہیں کرینگی۔
کیونکہ اگر بَ > جَ تو ب > ج، اب اس صورت میں ج کی منفرجہ قیمت جائز نہیں ہوسکتی کیونکہ ج زاویہ منفرجہ نہیں ہوسکتا جب تک کہ ب زاویہ منفرجہ ہو اور ایک ہی مثلث میں دو زاویوں میں سے ہر ایک کا قائمہ سے بڑا ہونا صریحاً ناممکن ہے۔
اگر بَ < جَ اور زاویہ ب حادہ ہو تو ج کی دونوں قیمتیں شرائط سوال کو پورا کریں گی، اس صورت میں ا کی دو قیمتیں ہونگی اور اس لئے ارتباط (۲) سے اَ کی بھی دو قیمتیں حاصل

ہونگی اور اس لئے دو مثلث شرائط مطلوبہ کو پورا کریں گے ۔
صورت دوم۔ فرض کرو کہ ب منفرجہ ہے
اگر بَ < یا = جَ تو ب بالترتیب کم ہوگا یا برابر ہوگا ج کے
اس لئے ج زاویہ منفرجہ ہوگا اس صورت میں مثلث کا بننا ہی
ناممکن ہوگا
اگر بَ > جَ تو زاویہ ج کی حادہ قیمت جو مساوات (۱) سے
حاصل ہوگی شرائط سوال کو پورا کرے گی مگر منفرجہ قیمت جائز
نہیں ہوگی اس صورت میں مثلث کا صرف ایک جائز حل ہوگا
چونکہ بَ، جَ اور ب کی بعض قیمتوں کے لئے مثلث کے
حل کرنے میں شک یا اشتباہ واقع ہوتا ہے اس لئے اس
صورت کو مثلثوں کے حل کی **مشتبہ صورت** کہتے ہیں
۱۹۲۔ صورت مشتبہ پر بحث بطریق ہندسی اس طرح ہوسکتی ہے
فرض کرو کہ اجزاء بَ، جَ اور ب معلوم ہیں اور ہم مثلث کو بنانے
کی کوشش کرتے ہیں۔
سب سے اوّل زاویہ ا ب د برابر زاویہ ب کے بناؤ اسکے
بعد سمت ب ا میں طول ب ا کو جَ کے مساوی قطع کرو اس
طرح سے زاویہ ا کا نقطۂ راس معلوم ہو جائے گا۔
اب ہمیں ایک تیسرا نقطہ ج معلوم کرنا ہے جو ب د پر واقع ہو
اور جس کا فاصلہ نقطہ ا سے بَ کے برابر ہو، اس نقطہ کا مقام
دریافت کرنے کے لئے ا کو مرکز مان کر ایک دائرہ کھینچو جس کا
نصف قطر بَ ہو، اب اگر یہ دائرہ ب د کو قطع کرے تو جو

نقطہ یا نقاط تقاطع اس طرح حاصل ہونگے ان سے ج کا مقام معلوم ہو جائے گا

ب د پر عمود ا د نکالو پس

ا د = ا ب جب ب = ج جب ب

ذیل کی صورتوں میں سے ایک نہ ایک پیدا ہوگی

ممکن ہے کہ دائرہ ب د کو قطع نہ کرے (شکل اوّل)

یا ممکن ہے کہ دائرہ ب د کو مس کرے (شکل دوم)

یا دائرہ ب د کو دو نقطوں ج، اور ج۲ پر قطع کرے (اشکال سوم و چہارم)

پہلی شکل سے ظاہر ہے کہ اس صورت میں کوئی ایسا مثلث نہیں ہو سکتا جو شرائط مطلوبہ کو پورا کرے

اس صورت میں ب ج < ا د یعنی < ج جب ب

دوسری شکل سے ایک مثلث ا ب د حاصل ہوتا ہے جسمیں

زاویہ د قائمہ ہے

اس صورت میں بَ = اد = جَ جب ب

تیسری شکل سے دو مثلث ا ب ج۱ اور ا ب ج۲ حاصل ہوتے ہیں

اس صورت میں بَ بلحاظ مقدار کے اد اور جَ کے درمیان واقع ہے یعنی

بَ > جَ جب ب اور < جَ

چوتھی شکل میں صرف ایک مثلث ا ب ج۱ ایسا ہے جو شرائط سوال کو پورا کرتا ہے،

[مثلث ا ب ج۲ شرائط معلوبہ کو پورا نہیں کرتا کیونکہ اس میں مقام ب پر جو زاویہ بنتا ہے وہ زاویہ ب کے برابر نہیں لیکن وہ زاویہ ۱۸۰° - ب کے برابر ہے] ظاہر ہے کہ اس صورت میں مقدار بَ مقادیر جَ جب ب اور جَ دونوں سے بڑی ہے۔

اگر زاویہ ب منفرجہ ہو تو مناسب شکلیں کھینچنے سے معلوم ہوگا کہ اگر بَ < جَ تو کوئی مثلث شرائط معلوبہ کو پورا نہیں کر سکتا (کیونکہ مثلثوں ا ب ج۱ اور ا ب ج۲ میں مقام ب پر جو زاویہ بنے گا وہ ۱۸۰° - ب کے برابر ہوگا اور ب کے برابر نہیں ہوگا) اگر بَ > جَ تو معلوم ہوگا کہ اس صورت میں صرف ایک مثلث شرائط معلوبہ کو پورا کر سکتا ہے

اوپر کے نتائج کا خلاصہ یہ ہے

فرض کرو کہ مثلث کے اجزا بَ، جَ، ب معلوم ہیں

(۱) اگر بَ < جَ جب ب تو اس صورت میں کوئی مثلث

شرائط سوال کو پورا نہیں کرتا۔

(۲) اگر بَ = جَ جب ب تو ایک مثلث قائم الزاویہ شرائط سوال کو پورا کرتا ہے

(۳) اگر بَ > جَ جب ب اور < جَ اور زاویہ ب حادہ ہو تو دو مثلث شرائط معلومہ کو پورا کرتے ہیں

(۴) اگر بَ > جَ تو اس صورت میں صرف ایک مثلث ہوگا

صریحاً اگر بَ = جَ تو شکل سوم میں نقاط ب اور ج ایک دوسرے پر منطبق ہونگے اور اس صورت میں صرف ایک مثلث ہوگا،

(۵) اگر ب منفرجہ ہو تو کوئی مثلث شرائط سوال کو پورا نہیں کر سکتا سوائے اس صورت کے جبکہ بَ > جَ

۱۹۳ – صورت مشتبہ پر بحث بطریق جبریہ اس طرح ہو سکتی ہے۔

شکل دفعہ ۱۹۰ سے حاصل ہوگا

$$\text{بَ}^2 = \text{جَ}^2 + \text{اَ}^2 - 2\,\text{جَ}\,\text{اَ}\ \text{جم ب}$$

$$\therefore\ \text{اَ}^2 - 2\,\text{اَ}\,\text{جَ}\ \text{جم ب} + \text{جَ}^2\,\text{جم}^2\text{ب}$$

$$= \text{بَ}^2 - \text{جَ}^2 + \text{جَ}^2\,\text{جم}^2\text{ب} = \text{بَ}^2 - \text{جَ}^2\,\text{جب}^2\text{ب}$$

$$\therefore\ \text{اَ} - \text{جَ}\ \text{جم ب} = \pm\sqrt{\text{بَ}^2 - \text{جَ}^2\,\text{جب}^2\text{ب}}$$

یعنی $\text{اَ} = \text{جَ}\ \text{جم ب} \pm \sqrt{\text{بَ}^2 - \text{جَ}^2\,\text{جب}^2\text{ب}}$ ...... (۱)

مساوات (۱) سے اَ کی قیمت معلوم ہو سکتی ہے اگر بَ، جَ

اور ب معلوم ہوں

(ا) اگر ب < ج جب ب تو مقدار $\sqrt{ب^2 - ج^2 جب^2 ب}$ خیالی ہوگی اور (۱) سے ا کی کوئی حقیقی قیمت حاصل نہ ہوگی

(ب) اگر ب = ج جب ب تو ا کی صرف ایک قیمت ج جب ب ہوگی

پس اس صورت میں صرف ایک مثلث شرائط مطلوبہ کو پورا کرے گا اور وہ مثلث قائم الزاویہ ہوگا۔

(ج) اگر ب > ج جب ب تو ا کی دو قیمتیں ہونگی لیکن چونکہ ا کا مثبت ہونا ضروری ہے اس لئے مساوات (۱) میں ہم علامت جذر کے ماقبل منفی علامت صرف اُس صورت میں لے سکتے ہیں

جبکہ ج جم ب - $\sqrt{ب^2 - ج^2 جب^2 ب}$ مثبت ہو

یعنی جبکہ $\sqrt{ب^2 - ج^2 جب^2 ب}$ < ج جم ب

یعنی $ب^2 - ج^2 جب^2 ب < ج^2 جم^2 ب$ یعنی $ب^2 < ج^2$

اس لئے معلوم ہوا کہ دو مثلث صرف اُسی صورت میں حاصل ہونگے جبکہ ب > ج جب ب اور ساتھ ہی < ج

(د) اگر زاویہ ب منفرجہ ہو تو ج جم ب منفی ہوگا اور ا کی ایک قیمت ہمیشہ منفی ہوگی اور مثلث ناممکن ہوگا

دوسری قیمت صرف اُس صورت میں مثبت ہوگی

اگر ج جم ب + $\sqrt{ب^2 - ج^2 جب^2 ب}$ مثبت ہو

یعنی اگر √(بَ^۲ - جَ^۲ جب^۲ ب) > - جَ جم ب

یعنی اگر بَ^۲ > جَ^۲ جب^۲ ب + جَ^۲ جم^۲ ب

یعنی اگر بَ > جَ

اس لئے معلوم ہوا کہ جب زاویہ ب منفرجہ ہو تو کوئی مثلث شرائط سوال کو پورا نہیں کر سکتا اگر بَ < جَ، اور صرف ایک مثلث شرائط مطلوبہ کو پورا کرے گا اگر بَ > جَ

۱۹۴- مثال- معلوم ہے بَ = ۱۶، جَ = ۲۵ اور ب = ۳۳° ۱۵'، ثابت کرو کہ مثلث کا حل مشتبہ ہے، باقی زاویے دریافت کرو معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳،۰، ل جب ۳۳° ۱۵' = ۹٫۷۳۹۰۱۲۹

ل جب ۵۸° ۵۶' = ۹٫۹۳۲۷۶۱۶

اور ل جب ۵۸° ۵۷' = ۹٫۹۳۲۸۳۷۶

جب ج = جَ/بَ جب ب = ۲۵/۱۶ جب ب = ۱۰۰/۶۴ جب ب = ۱۰^۲/۲^۶ جب ۳۳° ۱۵'

اس لئے ل جب ج = ۲ + ل جب ۳۳° ۱۵' - ۶ لوک ۲ = ۹٫۹۳۲۸۳۲۹

اس لئے ل جب ج = ۹٫۹۳۲۸۳۲۹

ل جب ۵۸° ۵۶' = ۹٫۹۳۲۷۶۱۶

فرق = ۷۱۳

ل جب ۵۸° ۵۷' = ۹٫۹۳۲۸۳۷۶

ل جب ۵۸° ۵۶' = ۹٫۹۳۲۷۶۱۶

فرق اَ کے لئے = ۷۶۰

∴ زاوی فرق = ۷۱۳/۷۶۰ × ۶۰"

= ۵۶" تقریباً

۷۱۳
۶
۷۶)۴۲۷۸(۵۶
۳۸۰
۴۷۸
۴۵۶

∴ ج = ۵۸° ۵۶′ ۵۶″ یا ۱۸۰° − ۵۸° ۵۶′ ۵۶″

اس لئے (شکل ۳ دفعہ ۱۹۲) سے حاصل ہوگا

ج = ۵۸° ۵۶′ ۵۶″ اور ج۱ = ۱۲۱° ۳′ ۴″

∴ ∠ ب ا ج = ۱۸۰° − ۳۳° ۱۵′ − ۵۸° ۵۶′ ۵۶″

= ۸۷° ۴۸′ ۴″

اور ب ا ج۱ = ۱۸۰° − ۳۳° ۱۵′ − ۱۲۱° ۳′ ۴″

= ۲۵° ۴۱′ ۵۶″

امثلہ نمبری ۳۱

[طالب علم کو امثلہ ذیل میں سے بعض (مثلاً ۳، ۵، ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، ۱۳) کے نتائج کی ترسیمی حل سے تصدیق کرنی چاہیئے]

۱- اگر ا = ۵، ب = ۷ اور جب ا = ۳/۴ تو معلوم کرو کہ مثلث کے حل کرنے میں مشتبہ صورت پیدا ہوگی یا نہیں۔

۲- اگر ا = ۲، ج = √۳ + ۱ اور ا = ۴۵° تو مثلث کو حل کرو

۳- اگر ا = ۱۰۰، ج = ۱۰۰ √۲ اور ا = ۳۰° تو مثلث کو حل کرو

۴- اگر ۲ ب = ۳ ا اور مس ا = ۳/۵ تو ثابت کرو کہ تیسرے ضلع کی دو قیمتیں ہوسکتی ہیں جن میں سے ایک دوسری کی دوچند ہے

۵- اگر ا = ۳۰°، ب = ۸ اور ا = ۶ تو ج دریافت کرو

۶- معلوم ہے ب = ۳۰°، ج = ۱۵۰ اور ب = ۵۰ √۳ ثابت کرو کہ اُن دو مثلثوں میں سے جو شرائط سوال کو پورا کرتے ہیں ایک مثلث متساوی الساقین ہے اور دوسرا مثلث قائم الزاویہ ہے،

تیسرے ضلع کی بڑی قیمت دریافت کرو

اگر ب = ۳۰°، ج = ۱۵۰ اور ب = ۷۵ تو کیا حل مشتبہ ہوگا؟

۷ - صورت مشتبہ میں آ، ب اور ا معلوم ہیں، ثابت کرو کہ ج کی دو قیمتوں کا تفاوت ۲ √(آ² - ب² جب² ا) ہے

۸ - اگر آ = ۵، ب = ۴ اور ا = ۴۵° تو مثلث کے باقی زاوے دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء، ل جب ۳۳° ۴۹′ = ۹ء۷۴۵۲۰۵۰۷

اور ل جب ۳۳° ۳۰′ = ۹ء۷۵۳۰۹۹۳

۹ - اگر آ = ۹، ب = ۱۲ اور ا = ۳۰° تو ج دریافت کرو، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء لوک ۳ = ۴۷۷۱۲ء

لوک ۱۷۱ = ۲ء۲۳۳۰۱ لوک ۳۶۸ = ۲ء۵۶۵۳۵

ل جب ۴۱° ۴۸′ ۳۹″ = ۹ء۸۲۳۹۱، ل جب ۱۰۸° ۱۱′ ۲۱″ = ۹ء۳۱۱۰۸

اور ل جب ۱۰۸° ۱۱′ ۲۱″ = ۹ء۹۷۷۴

۱۰ - معلوم کرو کہ ذیل کے مثلثوں کے حل مشتبہ ہیں یا نہیں۔ صورت مشتبہ میں تیسرے ضلع کی چھوٹی قیمت اور دونوں صورتوں میں باقی زاوے دریافت کرو

(۱) ا = ۳۰°، ج = ۲۵۰ فٹ اور آ = ۱۲۵ فٹ

(۲) ا = ۳۰°، ج = ۲۵۰ فٹ اور آ = ۲۰۰ فٹ

معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء، لوک ۹۶ء۰۳۸۹۳ = ۷۸۰۹۶۰۱ء

ل جب ۳۸° ۴۱′ ۴۱″ = ۹ء۷۹۵۸۸۰۰

اور　ل جب ۸° ۴۱′ = ۹٫۱۷۸۹۰۰۱

۱۱- معلوم ہے اَ = ۲۵۰، بَ = ۲۴۰ اور اِ = ۷۲° ۴′ ۴۸″ زاویے ب اور ج دریافت کرو اور نیز یہ بھی معلوم کرو کہ کیا ان کی ایک سے زیادہ قیمت ہوسکتی ہے؟

معلوم ہے، لوک ۲٫۵ = ۰٫۳۹۷۹۴۰۰، لوک ۲٫۴ = ۰٫۳۸۰۲۱۱۲،
ل جب ۷۲° ۴′ = ۹٫۹۷۸۳۶۰۲، ل جب ۷۲° ۵′ = ۹٫۹۷۸۴۱۱۱
اور　ل جب ۶۵° ۵۹′ = ۹٫۹۶۰۶۷۳۹

۱۲- دو سیدھی سڑکیں ایک دوسرے کو زاویہ ۳۰° پر قطع کرتی ہیں اور اُن کے مقام تقاطع سے دو مسافر ا اور ب ایک ہی وقت پر روانہ ہوتے ہیں، ا ایک سڑک پر ۵ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے جاتا ہے اور ب یکساں رفتار سے دوسری سڑک پر چلتا ہے، تین گھنٹہ کے بعد اُن کا باہمی فاصلہ ۹ میل ہے ثابت کرو کہ اس شرط کو پورا کرنے کے لئے ب کی رفتار کی دو قیمتیں ہوسکتی ہیں، انکو معلوم کرو

۱۳- ایک مثلث کا ایک ضلع ۷۳۲ فٹ ہے اور اس کے مقابل کا زاویہ ۴۰° ہے، مثلث کا دوسرا ضلع ۱۰۱۵ فٹ ہے، اسکے مقابل کا زاویہ دریافت کرو اور ثابت کرو کہ اس زاویہ کی ایک سے زیادہ قیمتیں ہوسکتی ہیں۔

۱۴- ایک مثلث کے دو اضلاع ۵۳۷۴٫۵ اور ۱۵۸۹٫۶ فٹ ہیں اور ضلع ۱۵۸۶٫۶ کے مقابل کا زاویہ ۱۵° ۱۱′ ہے، مثلث یا مثلثوں کے باقی زاویے دریافت کرو

۱۵- معلوم ہے اِ = ۱۰°، اَ = ۲۳۰۸٫۷ اور بَ = ۷۹۰۳٫۲ جَ کی چھوٹی قیمت دریافت کرو۔

۱۹۰ – صورت چہارم - ایک ضلع اور دو زاوئے یعنی اَ
ر ب اور ج معلوم ہیں
نکہ ایک مثلث کے تین زاوئے دو قائموں کے برابر ہوتے
یں اس لئے تیسرا زاویہ معلوم
و سکتا ہے،
ضلاع بَ اور جَ ارتباطات
یل سے حاصل ہو سکتے ہیں

$$\frac{بَ}{جب\ ب} = \frac{جَ}{جب\ ج} = \frac{اَ}{جب\ ا}$$

ہں سے بَ = اَ $\frac{جب\ ب}{جب\ ا}$ اور جَ = اَ $\frac{جب\ ج}{جب\ ا}$

۱۹۱ – صورت پنجم - تینوں زاوے ا، ب، ج معلوم ہیں
ں صورت میں صرف اضلاع کی نسبتیں ذیل کے ضابطوں سے
علوم ہو سکتی ہیں -

$$\frac{اَ}{جب\ ا} = \frac{بَ}{جب\ ب} = \frac{جَ}{جب\ ج}$$

ضلاع کی مطلق قیمتیں اس صورت میں معلوم نہیں ہو سکتیں

امثلہ نمبری ۳۲

– اگر جم ا = $\frac{۱۱}{۲۲}$ اور جم ج = $\frac{۱}{۱۴}$ تو اَ : بَ : جَ کی نسبتیں دریافت کرو
ا – ایک مثلث کے زاویوں کی باہمی نسبتیں ۱ : ۲ : ۷ ہیں ثابت کرو

(سب سے بڑے ضلع کی نسبت سب سے چھوٹے ضلع کے ساتھ
√۵ + ۱ : √۵ − ۱ ہے۔

۳۔ اگر ا = ۴۵°، ب = ۷۵° اور ج = ۶۰° تو ثابت کرو کہ
ا + ج √۲ = ۲ ب

۴۔ ایک مثلث کے دو زاویے بالترتیب ۴۱° ۱۳′ ۲۲″ اور ۷۱° ۱۹′ ۵″ ہیں اور پہلے زاویہ کے مقابل کا ضلع ۵۵ ہے، دوسرے زاویے کے مقابل جو ضلع ہو اُس کا طول دریافت کرو، معلوم ہے
لوک ۵۵ = ۱٫۷۴۰۳۶۲۷، لوک ۷۹۰۶۳ = ۴٫۸۹۷۹۷۷۵

ل جب ۴۱° ۱۳′ ۲۲″ = ۹٫۸۱۸۸۷۷۹

اور ل جب ۷۱° ۱۹′ ۵″ = ۹٫۹۷۶۴۹۲۷

۵۔ دو جہازوں کے درمیان فاصلہ ایک میل ہے اور ہر ایک جہاز سے اُس زاویہ کا مشاہدہ کیا گیا ہے جو دوسرے جہاز اور کنارہ پر کے ایک منارۂ روشنی کے درمیانی فاصلے کے محاذی اول الذکر جہاز پر بنتا ہے اور یہ زاویے بالترتیب ۵۲° ۲۵′ ۱۵″ اور ۷۵° ۹′ ۳۰″ ہیں، معلوم ہے

ل جب ۷۵° ۹′ ۳۰″ = ۹٫۹۸۵۲۶۳۵

ل جب ۵۲° ۲۵′ ۱۵″ = ۹٫۸۹۹۰۰۵۵

لوک ۱٫۲۱۹۷ = ۰٫۰۸۶۲۵۳۰ اور لوک ۱٫۲۱۹۸ = ۰٫۰۸۶۲۸۸۶
ہر ایک جہاز سے روشنی کا فاصلہ دریافت کرو

۶۔ ایک مثلث میں قاعدے کے متصل زاویے ۲۲½° اور ۱۱۲½° ہیں، ثابت کرو کہ قاعدہ ارتفاع کا دو چند ہے۔

ذیل کی پانچ مثالوں کے لئے لوگارتمی جدولوں کی ضرورت ہوگی

۷- ایک مثلث کا قاعدہ ۷ فٹ ہے اور قاعدے کے متصل زاویے ۱۲۹° ۲۳′ اور ۳۸° ۴۶′ ہیں، چھوٹے ضلع کا طول دریافت کرو

۸- اگر ایک مثلث کے زاویوں کی باہمی نسبتیں ۵ : ۱۰ : ۲۱ ہوں اور چھوٹے زاویے کے مقابل کا ضلع ۳ فٹ ہو تو باقی اضلاع دریافت کرو۔

۹- ایک مثلث کے زاویے ۱۵۰° ۱۸′ ۲۰″ اور ۱۱° ۴۲′ ہیں اور سب سے بڑا ضلع ۱۰۰۰ فٹ ہے، سب سے چھوٹا ضلع دریافت کرو

۱۰- نقطہ ب سے نقطہ ا کا فاصلہ دریافت کرنے کے لئے خط ب ج اور زوایا ا ب ج اور ب ج ا کو ناپا گیا ہے اور ان کی پیمائشیں بالترتیب ۲۸۷ گز اور ۵۵° ۴۲′ ۱۰″ اور ۱۵° ۸′ ۴۰″ ہیں، فاصلہ اب دریافت کرو۔

۱۱- فاصلہ اف معلوم کرنے کی غرض سے اب مساوی ۱۰۰۰ گز کسی مناسب سمت میں ناپا گیا ہے، نقاط ا اور ب پر کے زاویے ف اب اور ف ب ا بالترتیب ۴۱° ۱۸′ اور ۱۱۴° ۴۸′ مشاہدہ کئے گئے ہیں، فاصلہ اف کو قریب ترین گز تک دریافت کرو

باب چہاردہم

بلندیاں اور فاصلے

۱۹۷۔ اس باب میں ہم خاص قسم کے عملی مسائل پر غور کرینگے جو بالعموم ارضی پیمائشوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس قسم کے سادہ سوالات کا ذکر باب سوم میں آچکا ہے

۱۹۸۔ مختلف مقامات پر زاویوں کا مشاہدہ کرنے سے ایک ایسے برج کی بلندی دریافت کرو جس تک ہم نہیں پہنچ سکتے۔

فرض کرو کہ ف ق برج ہے اور پائین برج ق میں سے جو زمین گذرتی ہے وہ متوازی الافق ہے۔

اس زمین کے نقطہ ا پر برج کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع ع ناپو مقام ا سے پائین برج کی سیدھ میں فاصلہ اب (= ص) ناپو

ر مقام ب پر زاویۂ ارتفاع بہ مشاہدہ کرو۔
ب برج کی بلندی لا مطلوب ہے ، اس کو فاصلہ ص سے
ں طرح منسلک کرو۔
لث ن ب ق سے

ب ق / ن ب = جب بہ .... (۱)

ر مثلث ن ا ب سے

ن ب / ص = جب ن ا ب / جب ب ن ا = جب عہ / جب (بہ - عہ) .... (۲)

نکہ ∠ ب ن ا = ∠ ق ب ن - ∠ ق ا ن = بہ - عہ

(۱) اور (۲) کو باہم ضرب دینے سے

لا / ص = جب عہ جب بہ / جب (بہ - عہ)

ینی لا = ص جب عہ جب بہ / جب (بہ - عہ)

س سے بلندی لا حاصل ہوتی ہے اور اس ضابطہ کی صورت
وکارتمی حسابات کے لئے نہایت موزوں ہے۔

عددی مثال — اگر ص = ۱۰۰ فٹ ، عہ = ۳۰° اور
= ۶۰° تو

ا = ۱۰۰ جب ۳۰° جب ۶۰° / جب ۳۰° = ۱۰۰ × √۳ / ۲ = ۸۶٫۶ فٹ

۱۹— اگر فاصلہ ا ب کو ق کی سیدھ میں ناپنا آسان

نہ ہو تو اس کو سطح اُفقی پر کسی اور مناسب سمت میں ناپو اور مقام ا پر ف کا زاویۂ ارتفاع عہ مشاہدہ کرو، نیز زاویہ ف ا ب (= بہ) معلوم کرو۔

مقام ب پر زاویہ ف ب ا (= جہ) ناپو۔

مثلث ف ا ب میں

∠ ا ف ب = ۱۸۰° - ∠ ف ا ب - ∠ ف ب ا

= ۱۸۰° - (بہ + جہ)

اس لئے $\frac{\text{ا ف}}{\text{ص}} = \frac{\text{جب ف ب ا}}{\text{جب ب ف ا}} = \frac{\text{جب جہ}}{\text{جب (بہ + جہ)}}$

مثلث ف ا ق سے حاصل ہوگا۔

$$\text{لا} = \text{ا ف جب عہ} = \text{ص}\ \frac{\text{جب عہ جب جہ}}{\text{جب (بہ + جہ)}}$$

اور یہ جملہ لوکارتمی حسابات کے لئے موزوں ہے۔

۲۰۰۔ دو مقامات کے درمیان کا فاصلہ معلوم ہے، اُن پر کھڑے ہوکر دو اور ایسے مقامات کا درمیانی فاصلہ دریافت کرو جن تک ہم نہیں پہنچ سکتے، چاروں بمقام

یک ہی سطح میں واقع ہیں۔
فرض کرو کہ ف اور ق دو مقام ہیں جن کا باہمی فاصلہ ف ق مطلوب ہے۔
فرض کرو کہ مقامات ا اور ب کا فاصلہ (ص) دیا ہوا ہے مقام ا پر زاوئے ف ا ب اور ق ا ب ناپو اور ان کو بالترتیب عہ اور بہ سے تعبیر کرو۔
نیز مقام ب پر زاوئے ف ب ا اور ق ب ا ناپو اور انکو بالترتیب جہ اور لہ سے تعبیر کرو۔
اب چونکہ مثلث ف ا ب میں ایک ضلع ص اور دو متصل زاوئے عہ اور جہ معلوم ہیں اس لئے بموجب دفعہ ۱۲۹، اف ذیل کے ربط سے حاصل ہو سکتا ہے

$$\frac{\text{اف}}{\text{ص}} = \frac{\text{جب جہ}}{\text{جب اف ب}} = \frac{\text{جب جہ}}{\text{جب(عہ+جہ)}} \quad \text{......(۱)}$$

اسی طرح سے مثلث ق ا ب میں

$$\frac{\text{اق}}{\text{ص}} = \frac{\text{جب لہ}}{\text{جب(بہ+لہ)}} \quad \text{......(۲)}$$

اب ہمیں مثلث ا ف ق کے اضلاع اف اور اق نیز انکا درمیانی زاویہ ف ا ق (= عہ - بہ) معلوم ہوگیا اس لئے ہم ضلع ف ق کو ترکیب دفعہ ۸۷ سے

معلوم کر ہیں۔

اگر چاروں مقامات ا، ب، ف، ق ایک ہی سطح میں نہ ہوں تو ہمیں زاویہ ف ا ق بھی ناپ لینا چاہئے کیونکہ اس صورت میں ف ا ق زاویہ عہ - بہ کے برابر نہیں ہے، باقی سب طرح سے حل مندرجہ بالا عمل کے مطابق ہوگا۔

۲۰۱ — بحری قطب نما کے نقاط و جہات

اگر نقطہ معینہ و پر کھڑے ہوکر ایک اور نقطہ معلومہ ب کی طرف دیکھیں تو جس سمت میں نقطہ ب نقطہ و سے نظر آئے اس کو بلحاظ نقطہ و کے نقطہ ب کی جہت کہتے ہیں مثلاً اگر و ب اسمات شمال اور

مشرق سے درمیانی زاویہ کی تنصیف کرے تو
ب کی جہت یا سمت کو ہم "شمال۔ مشرق" کہینگے۔
اگر یہ کہا جائے کہ ایک خط کی جہت یا سمت شمال سے
۲۰° مغرب کو ہے تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ یہ سمت
شمال سے زاویہ ۲۰° بناتی ہے اور یہ زاویہ شمال کی
جانب سے مغرب کی طرف کو ناپا گیا ہے۔
اس غرض سے کہ ایک نقطہ کی جہت بآسانی قائم
ہو سکے یا بیان ہو سکے بحری قطب نما کے کارڈ کو
۳۲ مساوی حصوں میں تقسیم کرتے ہیں ملاحظہ ہو شکل بالا
ان حصوں میں مختلف نشان لگے ہوئے ہیں۔ فرض کرو
کہ فی الحال زیر بحث صرف وہی ربع ہے جو شمال اور
مشرق کے درمیان واقع ہے۔ ش اور م کی درمیانی
قوس کے نقطہ وسط پر نشان ش م یعنی "شمال۔مشرق"
بنا ہوا ہے۔
نیز ش م اور ش اور م کے درمیان جو قوسیں ہیں
ان کے منصّفوں پر بالترتیب "شمال۔ شمال۔مشرق" اور
"مشرق۔شمال۔مشرق" (یعنی ش ش م اور م ش م)
لکھا ہوا ہے۔
اگر شمال کی طرف سے شمار کیا جائے تو باقی چھوٹے
چار حصوں کو شمال بمشرق، ش م بشمال، ش م بمشرق
اور مشرق بشمال کہتے ہیں اسی طرح سے قطب نما کے

باقی تین حصے بھی منقسم ہو سکتے ہیں ۔
ظاہر ہے کہ کارڈ کے دو چھوٹے درجوں کی درمیانی قوس کے محاذی
مرکز و پر زاویہ $\frac{360^\circ}{32}$ یعنی $11\frac{1}{4}^\circ$ بنتا ہے ۔

امثلہ نمبری ۳۳

۱ ۔ ایک مربع برج کے وسط میں ایک علم قائم ہے، ایک شخص کو جو برج کے ایک رخ کے وسط کے مقابل زمین پر چلتا ہے علم کی چوٹی عین سو فٹ کے فاصلے سے دکھائی دینی شروع ہوتی ہے، ۱۰۰ فٹ پیچھے ہٹنے پر وہ برج کی چوٹی اور علم کی چوٹی کے ارتفاعی زاویوں کو مشاہدہ کرتا ہے، ان زاویوں کے ظل بالترتیب $\frac{1}{2}$ اور $\frac{5}{9}$ ہیں، برج کی بلندی اور عرض نیز علم کی بلندی دریافت کرو، زمین متوازی الافق ہے ۔

۲ ۔ سطح ہموار پر ایک شخص ایک برج کی سیدھ میں جاتا ہے اور ایک خاص مقام پر برج کا زاویہ ارتفاع 10° مشاہدہ کرتا ہے، برج کی سمت میں ۵۰ گز جانے کے بعد وہی زاویہ ارتفاع 15° دکھائی دیتا ہے، اگر معلوم ہو
ل جب $15^\circ = 9.4129962$ و ل جم $5^\circ = 9.9983442$
لوک $25.783 = 1.4113334$ اور لوک $25.784 = 1.4113502$
تو برج کی بلندی گزوں میں ۴ مرتبہ کے اعشاریہ تک دریافت کرو ۔

۳ ۔ ایک برج (ع) سطح افقی پر کھڑا ہے اور اسی

سطح میں ایک خط ا ب ج د واقع ہے ۔ برج کی بلندی کے محاذی ا پر زاویہ طہ ، ب پر زاویہ ۲طہ اور ج پر زاویہ ۳طہ بنتا ہے اگر ا ب اور ب ج بالترتیب ۵۰ اور ۲۰ فٹ ہوں تو برج کی بلندی اور فاصلہ ج د معلوم کرو۔

۴ ـــ ایک ۵۰ فٹ اونچا برج ایک ٹیلے کی چوٹی پر واقع ہے ، سطح زمین پر کے کسی نقطہ سے برج کے پائین اور راس کے ارتفاعی زاوئے بالترتیب °۷۵ اور °۴۵ ناپے گئے ہیں ، ٹیلے کی بلندی دریافت کرو۔

۵ ـــ ایک عمودی لاٹھ ۱۰۰ فٹ سے زیادہ اونچی ہے اور اس کے دو حصے ہیں ، نچلا حصہ کل طول کا $\frac{1}{3}$ ہے ، لاٹھ کی جڑمیں سے جو سطح اُفقی گذرتی ہے اس پر ایک نقطہ لاٹھ سے ۴۰ فٹ کے فاصلے پر لیا گیا ہے اور اوپر کے حصے کے محاذی اُس نقطہ پر جو زاویہ بنتا ہے اُسکا مماس $\frac{1}{2}$ ہے ، لاٹھ کی بلندی دریافت کرو۔

۶ ـــ ایک برج کے محاذی ایک نقطہ پر جو پائین برج میں سے گذرنیوالی سطح اُفقی پر واقع ہے زاویہ ھ بنتا ہے اور ایک دوسرے نقطہ پر جو پہلے نقطہ سے ح فٹ اونچا ہے پائین برج کا زاویہ انخفاض یہ مشاہدہ کیا گیا ہے ، برج کی بلندی دریافت کرو۔

۷ ـــ سطح سمندر کے کنارے ہموار زمین کے کسی مقام سے ایک شخص غبارہ کے ذریعہ سمت راس میں اوپر چڑھا اور

اس نے سمندر میں ایک ساکن جہاز کا زاویہ نشیب ۳۰° مشاہدہ کیا، پھر ۶۰۰ فٹ عمودی سمت میں نیچے اترنے کے بعد اس نے دیکھا کہ زاویہ نشیب ۱۵° ہے، نقطہ صعود سے جہاز کا افقی فاصلہ دریافت کرو۔

۸ — سطح ہموار پر ایک برج ف ق کا پائیں ق ہے، اسی سطح افقی میں دو اور نقاط ا اور ب ایسے ہیں کہ ∠ ق ا ب = ۹۰° اور ا ب = ۴۰ فٹ، نیز یہ معلوم ہے کہ

مم ف ا ق = ۳/۱۰ اور مم ف ب ق = ۱/۴

برج کی بلندی دریافت کرو۔

۹ — ایک مینار کسی شخص کے م ج م کی طرف واقع ہے، اور دوپہر کے وقت اس کے سایہ کا سرا ایک شخص کے شمال۔مشرق کی طرف ہوتا ہے، اگر سایہ ۸۰ فٹ لمبا ہو اور نقطہ نظر سے مینار کا ارتفاع ۴۵° ہو تو مینار کی بلندی دریافت کرو۔

۱۰ — دو مقامات ا اور ب سے ایک برج کا مشاہدہ کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ ا کے شمال کی طرف اور ب کے شمال۔مغرب کی طرف واقع ہے۔ ب مقام ا سے ۱۰۰ فٹ کے فاصلے پر مشرق کی طرف کو ہے، اگر مقام ا سے برج کا زاویہ ارتفاع دیکھا جائے تو یہ زاویہ اس زاویہ ارتفاع کے متمم کے برابر ہوتا ہے جو مقام ب سے مشاہدہ کیا گیا ہو، برج کی بلندی دریافت کرو۔

۱۱ــــ ایک مینار کا ارتفاع ایک ایسے مقام سے جو اس کے جنوب کی طرف واقع ہے ۴۵° ہے اور ایک دوسرے مقام سے جو مقام اول الذکر کے مغرب کی طرف واقع ہے ۱۵° ہے، اگر ان دو مقامات کے درمیان فاصلہ ا ہو تو ثابت کرو کہ

بلندی $\frac{ا(\sqrt{۳}-۱)}{۲\sqrt[۴]{۳}}$ ہے۔

۱۲ــــ ایک گرجے کے برج کا قاعدہ شکل میں مربع ہے، ایک شخص اس کے قطر ممدودہ پر ۲ا فٹ کے فاصلے پر کھڑا ہوکر برج کی چوٹی کے دو بیرونی کونوں میں سے ہر ایک کے زاویہ ارتفاع کو ۳۰° مشاہدہ کرتا ہے، نیز سب سے نزدیک کونے کا ارتفاع ۴۵° ہے، ثابت کرو کہ برج کا عرض $ا(\sqrt{۱۰}-\sqrt{۲})$ فٹ ہے۔

۱۳ــــ ایک برج سطح افقی پر قائم ہے اور ایک شخص اس کے جنوب کی طرف مقام ا پر کھڑا ہوکر اس کا زاویہ ارتفاع ۶۰° مشاہدہ کرتا ہے، پھر وہ ا کے مغرب کی طرف مقام ب پر جاتا ہے اور اس جگہ زاویہ ارتفاع ۴۵° پاتا ہے، اس کے بعد اب ممدودہ میں ایک مقام ج پر زاویہ ارتفاع ۳۰° ہوتا ہے، ثابت کرو کہ مقام ب مقامات ا اور ج کے عین وسط میں واقع ہے۔

۱۴ــــ ایک افقی قاعدہ کا طول ۲ا ہے اور اس کے دو کناروں سے ایک چوٹی کا زاویہ ارتفاع ط مشاہدہ کیا گیا ہے

اس کے وسط سے یہی زاویہ فہ دکھائی دیتا ہے ثابت
کہ چوٹی کی بلندی $\frac{\text{ا جب طہ جب فہ}}{\sqrt{\text{جب(فہ+طہ) جب(فہ-طہ)}}}$ ہے

ا ــــ دو مقامات ا اور ب کے درمیان فاصلہ ۱۰۰۰ فٹ ہے
ا سطح اُفقی میں جس میں ا ب واقع ہے ف اور ق
ا ب کی ایک ہی جانب میں واقع ہیں، زاوئے
ا ب، ف ب ا، ق ا ب، ق ب ا بالترتیب
°، °۳۰، °۴۵ اور °۹۰ ہیں، معلوم کرو کہ ف مقام ق
ے کتنی دور ہے اور انہیں سے ہر ایک ا اور ب سے
، دور ہے۔

امثلہ ذیل کے حل کرنے میں لوکارثمی جداول کی ضرورت ہوگی

ــــ سطح اُفقی کے ایک نقطہ پر کسی پہاڑ کی چوٹی کا
تفاع °۲۲ ۱۵َ ہے اور سطح کے ایک اور نقطہ پر جو کہ
ڑ اور نقطہ اول کو ملانے والے خط راست میں نقطہ
ل سے ایک میل کے فاصلے پر واقع ہے چوٹی کا
تفاع °۱۰ ۱۲َ ہے، پہاڑ کی بلندی دریافت کرو۔

ا ــــ ایک پہاڑ کی چوٹی سے دو مسلسل میل کے پتھروں
، انخفاضی زاوئے °۵ اور °۱۰ مشاہدہ کئے گئے ہیں،
ر ہموار زمین پر ایک ایسی سطح عمودی میں واقع ہیں
نقطہ نظر میں سے گذرتی ہے، پہاڑ کی بلندی اور نزدیک

۱۸ — سطح افقی پر ایک قلعہ اور مقبرہ ہے، قلعہ کی بلندی ۱۲۰ فٹ ہے اور اسکی چوٹی سے مقبرہ کی چوٹی اور پائین کے انخفاضی زاوئے ۴۰° اور ۸۰° مشاہدہ کئے گئے ہیں، مقبرہ کی بلندی دریافت کرو۔

۱۹ — ایک علم ع ن ہموار زمین پر قائم ہے، ایک قاعدہ اب خط ان کی عمودی سمت میں ناپا گیا ہے، نقاط ا، ب، ن ایک ہی سطح اُفقی میں واقع ہیں اور زاوئے ع ا ن اور ع ب ن بالترتیب عہ اور بہ ہیں، ثابت کرو کہ علم کی بلندی اب $\frac{\text{جب عہ جب بہ}}{\sqrt{\text{جب(عہ−بہ) جب(عہ+بہ)}}}$ ہے

اگر اب = ۱۰۰ فٹ، عہ = ۷۰° اور بہ = ۵۰° تو بلندی دریافت کرو۔

۲۰ — ایک شخص نے ایک برج کے ٹھیک جنوب میں اس سطح اُفقی پر کھڑے ہوکر جو پائین برج میں سے گذرتی ہے برج کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع ۵۴° ۱۶' دیکھا، ۱۰۰ گز مشرق کی طرف جانے پر اس نے ارتفاع ۵۰° ۸' پایا، برج کی بلندی دریافت کرو۔

۲۱ — ایک شخص نے غبارہ میں بیٹھکر زمین پر ایک چیز کا زاویہ انخفاض ۳۳° دیکھا، وہ چیز اس وقت اس کے ٹھیک جانب شمال میں تھی، اس کے بعد ہوا غبارہ کو ۳ میل مغرب کی طرف لیگئی اب زاویہ انخفاض ۲۱° تھا، غبارہ کی بلندی دریافت کرو۔

۲۲ — ایک بنیادی خط اب (= ۱۰۰۰ فٹ) کے دونوں

سروں سے پائیں برج ج کی جہات مشاہدہ کی گئیں اور معلوم ہوا کہ ∠ ج ا ب = ۶۲° ۳۳′ اور ∠ ج ب ا = ۷۸° ۱۵′ اور مقام ا سے برج کا ارتفاع ۹° ۲۵′ دیکھا گیا، برج کی بلندی دریافت کرو۔

۲۰۲ — مثال ا۔ سطح افقی پر ایک برج ہے اور برج کی چوٹی پر ایک جھنڈا ہے۔ جھنڈے اور برج کے محاذی سطح افقی کے ایک مقام پر زاوئے عہ اور بہ بنتے ہیں، ایک شخص ان کو ناپتا ہے اس کے بعد وہ برج کے پائیں کی طرف ایک معلوم فاصلہ ا چلکر دیکھتا ہے کہ جھنڈے کے محاذی نئے مقام پر وہی زاویہ بنتا ہے جو پہلے تھا، ثابت کرو کہ برج کی بلندی اور جھنڈے کا طول بالترتیب

$$\frac{\text{ا جب بہ جم (عہ + بہ)}}{\text{جم (عہ + ۲ بہ)}} \quad \text{اور} \quad \frac{\text{ا جب عہ}}{\text{جم (عہ + ۲ بہ)}} \quad \text{ہیں}$$

فرض کرو کہ ف چوٹی اور ق پائین برج ہے۔ نیز ف ر جھنڈا ہے۔ فرض کرو کہ نقاط ا اور ب پر زاوئے ناپے گئے ہیں یعنی ∠ ف ا ق = بہ اور ∠ ف ا ر = ∠ ف ب ر = عہ، چونکہ یہ دو آخری زاوئے برابر ہیں اس لئے ان چار نقاط ا، ب، ف، ر میں سے ایک دائرہ گذریگا۔

جھنڈے کی بلندی دریافت کرنیکے لئے ہمیں نامعلوم

طول ف ر اور معلوم طول اب کا باہمی تعلق دریافت کرنا چاہیئے۔ اس غرض سے ہمکو چاہیئے کہ ان میں سے ہر ایک طول کو ار کے ساتھ ایک ربط کے ذریعہ منسلک کردیں۔

سب سے اول مثلث ارف اور ارب کے زاویوں کی تحقیق کرنی چاہیئے۔

چونکہ نقاط ا، ب، ف، ر ایک دائرہ پر واقع ہیں اس لئے ∠ ب رف = ∠ ب اف = بہ

اور ∠ اف ب = ∠ ارب = طہ (فرض کرو)

نیز ∠ اف ر = °۹۰ + ∠ ف اق = °۹۰ + بہ

اب چونکہ مثلث اف ر کے زاوئے ملکر دو قائموں کے برابر ہیں اس لئے

°۱۸۰ = عہ + (°۹۰ + بہ) + طہ + بہ

یعنی طہ = °۹۰ − (عہ + ۲ بہ) .... (۱)

مثلث اف ر اور اب ر سے

ف ر / جب عہ = ا ر / جب ا ف و = ا ر / جب ر ب و = ا / جب طہ (دفعہ ۱۶۹)
[باب پانزدہم سے معلوم ہوگا کہ ان میں سے ہر ایک مقدار قطر دائرہ کے برابر ہے]

پس جھنڈے کی بلندی = ف ر = ا جب عہ / جب طہ = ا جب عہ / جم (عہ + ۲ بہ) ......(۱)

نیز ف ق / ف ب = جم ب ف ق = جم (عہ + بہ) ....(۲)

اور ف ب / ا = جب ف ا ب / جب ا ف ب = جب بہ / جب طہ ....(۳)

تعلقات (۲) اور (۳) کو اکٹھا ضرب دینے سے

ف ق / ا = جب بہ جم (عہ + بہ) / جب طہ = جب بہ جم (عہ + بہ) / جم (عہ + ۲ بہ) بذریعہ (۱)

نیز ب ق = ف ق مس ب ف ق

= ف ق مس (عہ + بہ) = ا جب بہ جب (عہ + بہ) / جم (عہ + ۲ بہ)

اور ا ق = ا + ب ق = ا (جم (عہ + ۲ بہ) + جب بہ جب (عہ + بہ)) / جم (عہ + ۲ بہ)

= ا جم بہ جم (عہ + بہ) / جم (عہ + ۲ بہ)

اگر ا، عہ اور بہ کی عددی قیمتیں دی ہوئی ہوں تو ان نتائج کی شکل لوکارتمی حسابات کے لئے نہایت موزوں ہے

مثال ۲۔ برج ف ق کی بلندی ب معلوم ہے، برج کے اوپر ایک جھنڈا ق ر ہے، پائیں برج سے فاصلہ ا پر۔ برج اور جھنڈے دونوں کے

برابر زاوئے بنتے ہیں، جھنڈے کی بلندی دریافت کرو
فرض کروکہ ن نقطہ نگاہ ہے اور زاویوں ف ن ق اور ق ن
ے ہر ایک طہ کے برابر ہے - نیز فرض کروکہ بلندی ق ر = ما
ب مس طہ = $\frac{ب}{ا}$ اور مس ۲طہ = $\frac{ب + ما}{ا}$

لئے $\frac{ب+ما}{ا}$ = مس ۲طہ = $\frac{۲ مس طہ}{۱ - مس^۲ طہ}$ = $\frac{۲\frac{ب}{ا}}{۱ - \frac{ب^۲}{ا^۲}}$

نے $\frac{ب + ما}{ا} = \frac{۲ ا ب}{ا^۲ - ب^۲}$

ما = $\frac{۲ ا^۲ ب}{ا^۲ - ب^۲}$ - ب = ب $\frac{ا^۲ + ب^۲}{ا^۲ - ب^۲}$

ور ب کی عددی قیمتیں دی ہوئی ہوں تو ما بآسانی حاصل
تا ہے۔

۲ ــــ ایک شخص سیدھی سڑک پر جاتا تھا اس نے
، کے ایک مقام پر دیکھا کہ دو اشیاء کے محاذی
، سے بڑا زاویہ عہ بنتا ہے اور اس مقام سے سڑک
ص آگے چلکر اس نے دیکھا کہ دونوں اشیئ ایک
خط مستقیم میں واقع ہیں جو سڑک سے زاویہ بہ بناتاہے
ض کروکہ اشیا کے درمیان فاصلہ
ص جب عہ جب بہ قط $\frac{عہ + بہ}{۲}$ قط $\frac{عہ - بہ}{۲}$ ہے
کروکہ ف اور ق دو نقطے ہیں اور خط ف ق سڑک
نقطہ ب پر ملتا ہے اگر نقطہ ا پر بڑے سے بڑا زاویہ
تو لازماً نقاط ف اور ق میں سے گذرنیوالا دائرہ

سٹر کو نقطہ ا پر مس کریگا۔

[کیونکہ فرض کرو کہ اب پر کوئی اور نقطہ اَ ہے اسکو ف سے ملاؤ اور فرض کرو کہ اَف دائرہ کو نقطہ بَ پر قطع کرتا ہے۔

تب زاویہ ف اَق > زاویہ ف بَ ق (اقلیدس م ا ش ۱۶)

اور اس لئے > زاویہ ف ا ق (اقلیدس م ۳ ش ۲۱)]

فرض کرو کہ زاویہ ق اب = طہ تب

بموجب اقلیدس م ۳ ش ۳۲ زاویہ اف ق بھی طہ کے برابر ہے

اس لئے ۱۸۰° = مثلث ف اب کے زاویوں کا مجموعہ

= طہ + (عہ + طہ) + بہ

یعنی طہ = ۹۰° − $\frac{\text{عہ} + \text{بہ}}{۲}$

مثلثات ف اق اور ق اب سے

$\frac{\text{ف ق}}{\text{ا ق}} = \frac{\text{جب عہ}}{\text{جب طہ}}$ اور $\frac{\text{ا ق}}{\text{اب}} = \frac{\text{جب بہ}}{\text{جب اق ب}} = \frac{\text{جب بہ}}{\text{جب(طہ+عہ)}}$

اس لئے عمل ضرب سے حاصل ہوگا

$$\frac{ن ق}{ص} = \frac{جب\ عہ\ جب\ بہ}{جب\ طہ\ جب\ (طہ + عہ)}$$

$$= \frac{جب\ عہ\ جب\ بہ}{جم\ \frac{عہ + بہ}{۲}\ جم\ \frac{عہ - بہ}{۲}}$$

$$\therefore ن ق = ص\ جب\ عہ\ جب\ بہ\ قط\ \frac{عہ + بہ}{۲}\ قط\ \frac{عہ - بہ}{۲}$$

امثلہ نمبری ۳۴

۱ — ایک پل ۶ ستونوں پر قائم ہے جو ایک دوسرے سے برابر برابر فاصلوں پر ہیں اور دو مسلسل ستونوں کے مرکزوں کے درمیان فاصلہ ۱۰۰ فٹ ہے، ایک کشتی ایک درمیانی ستون کی سیدھ میں لنگر ڈالے کھڑی ہے اور پل کی تمام لمبائی کے محاذی کشتی پر زاویہ قائمہ بنتا ہے ثابت کرو کہ کشتی کا فاصلہ پل سے $۱۰۰\sqrt{۶}$ فٹ ہے۔

۲ — ایک سیڑھی بازار کے ایک طرف ۲۷ فٹ اونچی کھڑکی کے نچلے پتھر تک پہنچتی ہے اور زمین سے زاویہ °۷۵ کا بناتی ہے، سیڑھی کے نچلے سرے کو قائم رکھکر اس کو اسطرح پھرایا گیا ہے کہ وہ بازار کی دوسری طرف دیوار کے ساتھ جا لگتی ہے اس حالت میں سیڑھی کا زاویہ زمین کے ساتھ °۱۵ ہوتا ہے، ثابت کرو کہ بازار کی چوڑائی اور سیڑھی کی لمبائی بالترتیب $۲۷(۳ - \sqrt{۳})$ اور $۲۷(\sqrt{۶} - \sqrt{۲})$ فٹ ہے۔

۳ — بازار کی ایک طرف ایک گھر سے مقابل کے گھر کی

اونچائی کے محاذی جو زاوئے بنتے ہیں اُنکا مشاہدہ کیا گیا ہے۔
زمین پر اونچائی کے محاذی جو زاویہ بنتا ہے اُس کا ماس ۳۔
اور دو کھڑکیوں پر جو ایک دوسرے کے اُوپر واقع ہیں اوم
کے محاذی جو زاوئے بنتے ہیں اُن میں سے ہر ایک کا ما
۳ہے، اگر مقابل کے گھر کی بلندی ۶۰ فٹ ہو تو سطح ز
سے دونوں کھڑکیوں کی بلندیاں دریافت کرو۔

۴ ــــ ایک سلاخ کا طول معلوم ہے اور اُس کا ایک سرا ز
پر ثابت کر دیا گیا ہے، اگر وہ سورج میں سے گذرنیوالی سم
عمودی میں بلا تکلف حرکت کر سکے تو بڑے سے بڑے سایہ
طول جو سلاخ زمین پر ڈال سکتی ہے دریافت کرو۔
اگر بڑے سے بڑا سایہ سلاخ کے طول کا $\frac{1}{2}$۳ گنا ہو تو سورج
ارتفاع دریافت کرو۔

۵ ــــ جہاز ا پر ایک شخص ایک اور جہاز ب کو بندرگا
سے باہر آتا ہو دیکھتا ہے اس وقت بندرگاہ کی جہت شمال
مغرب ہے۔ دس منٹ تک ا ایک میل شمال مشرق کی
طرف جاتا ہے اور اُس وقت اس کے مقام سے جہاز ب
ٹھیک مغرب کی طرف دکھائی دیتا ہے اور بندرگاہ کی سمت
اُس وقت شمال سے °۶۰ کا زاویہ مغرب کی طرف کو بناتی
اور دس منٹ کے بعد ب کی سمت جنوب مغرب ہوتی۔
ا اور ب کا درمیانی فاصلہ اول مشاہدہ کیوقت دریافت کر
نیز ب کی سمت اور رفتار معلوم کرو۔

۶ — ایک جہاز شمال کی طرف جا رہا تھا اُس پر ایک شخص نے ٹھیک اپنے مغرب کی طرف ایک سیدھ میں دو روشنی گھر دیکھے جن کا درمیانی فاصلہ ۶ میل تھا۔ ایک گھنٹہ کے بعد ایک روشنی گھر کی سمت جنوب-مغرب تھی اور دوسرے کی جنوب-جنوب مغرب جہاز کی رفتار دریافت کرو۔

۷ — تختۂ جہاز پر ایک شخص نے ایک روشنی گھر کو اپنے ٹھیک شمال مغرب کی طرف دیکھا، اس کے بعد جہاز ۱۲ میل ایسی سمت میں چلا جو سمت مغرب سے جنوب کی طرف کو ۱۵° کا زاویہ بناتی تھی۔ اُس وقت روشنی گھر کی سمت شمال تھی، ہر ایک مقام پر جہاز کا فاصلہ روشنی گھر سے دریافت کرو۔

۸ — ایک شخص سیدھی سڑک پر مغرب کی طرف جا رہا تھا اُس نے دیکھا کہ جب وہ ایک پون چکی کے ٹھیک جنوب میں ہو تو جو خط مستقیم اس کے مقام کو ایک دور کے برج کے ساتھ وصل کرتا ہے وہ سڑک سے زاویہ ۳۰° بناتا ہے، ایک میل آگے چل کر پون چکی اور برج کی اسمات اس نے بالترتیب شمال مشرق اور شمال مغرب دیکھیں، برج کے فاصلے پون چکی سے اور سڑک کے قریب ترین نقطہ سے دریافت کرو۔

۹ — اُونچی زمین پر کھڑے ہوکر ایک شخص نے ایک جہاز کو ٹھیک اپنے شمال کی طرف دیکھا۔ ایک چوتھائی گھنٹہ کے بعد جہاز کی سمت ٹھیک مشرق تھی، اور آدھ گھنٹہ گذرنے کے بعد جہاز کی سمت جنوب مشرق ہوگئی۔ اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ

جہاز یکساں رفتار سے ایک خط مستقیم میں حرکت کرتا ہے تو جہاز کی
سمتِ طریق اور نصف النہار کے درمیان جو زاویہ بنے اُس کو
دریافت کرو - نیز وہ وقت معلوم کرو جو جہاز کو اول مشاہدہ کے
مقام سے اُس مقام تک طے کرنے میں صرف ہوا جب وہ مشاہدہ
کرنے والے کے نہایت ہی قریب تھا۔

۱۰- ایک شخص سیدھی سڑک پر جا رہا تھا جو سمت شمال سے
مشرق کی طرف کو ۳۰° کا زاویہ بناتی تھی، اس نے ایک مقام پر دیکھا
کہ وہ ایک گھر کے ٹھیک جنوب کی طرف ہے ایک میل آگے
جانے پر اُس نے مشاہدہ کیا کہ گھر اس کے ٹھیک مغرب کی طرف
ہے اور سڑک کے مقابل کی جانب میں اس وقت ایک پون چکی
اس کو ٹھیک اپنے شمال مشرق کی طرف دکھائی دی - تین میل
آگے چلکر اُس نے دیکھا کہ وہ چکی کے ٹھیک شمال کی طرف ہے
ثابت کرو کہ چکی اور گھر کا خط وصل سڑک کے ساتھ ایک ایسا
زاویہ بناتا ہے جس کا مماس $\frac{48-25\sqrt{3}}{11}$ ہے۔

۱۱- ایک سیدھی سڑک پر تین متسلسل میل کے پتھروں ا، ب، ج
سے ایک دور کا مینارہ دکھائی دیتا ہے، مینارہ کی سمت ا پر
شمال مشرق اور ب پر ٹھیک مشرق ہے اور ج پر سمت جنوب
سے مشرق کی طرف کو ۶۰° کا زاویہ بناتی ہے، ثابت کرو کہ سڑک
سے مینارہ کا کم سے کم فاصلہ $\frac{6+5\sqrt{3}}{13}$ میل ہے۔

۱۲- ایک برج شمال کی طرف جھکا ہوا ہے اور پائیں برج سے
ا اور ب فٹ کے فاصلوں پر دو مقامات برج کے عین جنوب میں

ہیں اگر ان مقامات سے برج کی چوٹی کے ارتفاعی زاویے عہ
بہ ہوں تو ثابت کرو کہ برج کا میلان افق سے $\frac{...}{ب - ا}$ ہے
۔ سطح ہموار کے ایک نقطہ ا پر ایک غبارہ کا زاویہ ارتفاع
دکھائی دیا، غبارہ اس وقت ا کے ٹھیک جنوب کیطرف تھا۔
ب سے جو ا کے جنوب میں فاصلہ ج پر واقع ہے غبارہ کا
یہ ارتفاع شمال کی طرف بہ مشاہدہ ہوا، نقطہ ا سے غبارہ
اصلہ، نیز غبارہ کی بلندی زمین سے دریافت کرو۔
۔ ایک ستون کی چوٹی پر ایک بت ہے اور اس کے
ذی ستون سے ۹ اور ۱۱ گز کے فاصلوں پر ایک ہی زاویہ
بنتا ہے، اگر مس عہ = $\frac{۱}{۱۰}$ تو ستون اور بت کی بلندیاں
یافت کرو۔
۔ ایک برج کی چوٹی پر ایک علم قائم ہے، سطح مستوی
قاعدۂ برج کے مرکز میں سے ایک خط گذرتا ہے اس پر دو
یسے نقاط ہیں جنکا باہمی فاصلہ ۲ا ہے اور جن میں سے ہر ایک
علم کے محاذی زاویہ عہ بنتا ہے، اگر ان نقطوں کو ملانیوالے
کے نقطۂ تنصیف پر علم کے محاذی زاویہ بہ بنے تو ثابت
و کہ علم کی بلندی

$$ا\, جب\, عہ \sqrt{\frac{۲\, جب\, بہ}{جم\, عہ\, جب\, (بہ - عہ)}}\ ہے$$

۔ کسی ٹیلے پر ایک ستون ہے، ستون سے ا فٹ کے
صلے پر کھڑے ہو کر ایک شخص نے دیکھا کہ اس کی آنکھ پر

جو زاویہ ستون کے محاذی بنتا ہے اس کا ماس $\frac{1}{2}$ ہے، ستون کی سیدھ میں فاصلہ $\frac{1}{2}$ ۱ فٹ جانے پر اس نے دیکھا کہ ستون کے محاذی اس کی آنکھ پر وہی زاویہ بنتا ہے جو پہلے تھا۔ ٹیلے اور ستون کی بلندیاں دریافت کرو۔ اس مثال میں ہم مشاہدہ کرنیوالے کی آنکھ کو ٹیلے کے قاعدہ میں سے گذرنیوالی سطح مستوی پر منطبق خیال کرتے ہیں۔

۱۷۔ ایک دریا کا عرض ۱۵۰ فٹ ہے، اس کے کنارہ پر ایک گرجے کا برج ہے اور برج کی چوٹی پر ایک منارہ ہے جسکی بلندی ۳۰ فٹ ہے، دریا کے دوسرے کنارہ پر ایک شخص نے دیکھا کہ اگر ایک ۶ فٹ اونچی لکڑی پائیں برج میں سے گذرنیوالی سطح مستوی پر برج کے قریب سیدھی کھڑی کی جائے تو اس لکڑی اور منارہ دونوں کے محاذی اس کی آنکھ پر ایک ہی زاویہ بنتا ہے، ثابت کرو کہ برج کی بلندی تقریباً ۲۸۵ فٹ ہے۔

۱۸۔ ایک شخص ایک برج کی بلندی دریافت کرنا چاہتا ہے، اس نے پائیں برج میں سے گذرنیوالی سطح مستوی کے ایک مقام پر کھڑے ہوکر چوٹی کا ارتفاع °۳۰ دیکھا۔ کسی خاص سمت میں ایک فاصلہ ا جانے پر اس نے دیکھا کہ چوٹی کا ارتفاع وہی ہے جو پہلے تھا اور سمت مذکورہ کی عمودی سمت میں فاصلہ $\frac{5}{4}$ ا جانے پر اس نے چوٹی کا ارتفاع °۴۰ دیکھا، ثابت کرو کہ برج کی بلندی $\frac{5}{9}$ ا ہے یا $\frac{85}{48}$ ا

۱۹۔ سطح اُفقی پر ایک برج ہے، برج کے قاعدہ سے

اور ب فٹ کے فاصلہ پر برج کی سیدھ میں دو نقاط ہیں اور ان پر
ارتفاعی زاوئے برج کی چوٹی کے محاذی بنتے ہیں وہ ایک دوسرے
کے متمم ہیں، ثابت کرو کہ برج کا ارتفاع $\sqrt{ا ب}$ فٹ ہے۔
ر دو نقاط کے خط وصل کے محاذی برج کی چوٹی پر زاویہ طہ بنے
تو ثابت کرو کہ

$$جب\ طہ = \frac{ا - ب}{ا + ب}$$

۲۰ — ایک ۸۰ فٹ اونچے ٹیلے کی چوٹی پر ایک ۱۵۰ فٹ بلند
برج ہے، معلوم کرو کہ ٹیلے کے پائیں سے جو سطح گذرتی ہے اس کے
کس مقام پر ایک شخص کھڑا ہو کہ برج اور ٹیلہ کے محاذی اس کی
آنکھ پر برابر زاوئے بنیں، آنکھ کی اونچائی ۵ فٹ ہے

۲۱ — سطح ہموار پر ایک ستون ہے اور ستون کی چوٹی پر ایک
بت ہے، اگر ایک شخص کی آنکھ پر بت کے محاذی بڑے سے بڑا
زاویہ عہ بنے جبکہ وہ ستون سے ج فٹ کے فاصلہ پر ہو تو ثابت
کرو کہ بت کی بلندی ۲ ج مس عہ فٹ ہے، ستون کی بلندی
بھی دریافت کرو۔

۲۲ — ایک سطح مائل اور سطح ہموار کے خط فصل پر ایک
برج ہے اور سطح مائل افق سے زاویہ ۹° بناتی ہے، اگر پائیں
برج سے سطح مائل کے اوپر کی طرف ۱۰۰ فٹ لمبا مستقیم خط
ناپا جائے اور اس خط کے سرے پر برج کے محاذی زاویہ
۵۴° بنے تو برج کی بلندی دریافت کرو۔ معلوم ہے لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء
لوک ۲۳ ۱۴۱۴ء ۱ = ۲۶ ۵۸۴ء ۲۰

اور ل جب ۵۴° = ۹۱۹۰۷۹۵۷۶۹۱

۲۲ — ایک ڈھلان اُفق سے ۱۵° کا زاویہ بناتی ہے، اُس پر ایک عمودی برج قائم ہے، ایک شخص پائیں برج سے ڈھلان کے اوپر کی طرف ۸۰ فٹ چڑھکر دیکھتا ہے کہ اس کی آنکھ پر برج کے محاذی زاویہ ۳۰° بنتا ہے، ثابت کروکہ برج کی بلندی

۴۰ ($\sqrt{6} - \sqrt{2}$) فٹ ہے

۲۴ — ایک چٹان کا ارتفاع ۴۷° ہے، ایک شخص ایک سطح مائل پر جو اُفق سے ۳۰° کا زاویہ بناتی ہے ۱۰۰۰ فٹ چٹان کی طرف چڑھکر دیکھتا ہے کہ اس کا ارتفاع ۷۷° ہے اگر جب ۴۷° = ۷۳۱۳۵ء۰ تو اُس مقام سے چٹان کی عمودی بلندی دریافت کرو جہاں سب سے پہلے زاویہ ارتفاع مشاہدہ کیا گیا۔

۲۵ — ایک شخص نے ایک سطح مائل پر ج فٹ اوپر جاکر دیکھا کہ اس کے پائین سے جو سطح مستوی گذرتی ہے اُس پر ایک چیز کا زاویہ انخفاض عہ ہے، ج فٹ اور اوپر جاکر اُس نے دیکھا کہ اسی چیز کا زاویہ انخفاض بہ ہے ثابت کروکہ سطح مائل اُفق سے ایک ایسا زاویہ بناتی ہے جس کا مماس التمام

(۲ مم بہ — مم عہ) ہے۔

۲۶ — ایک منتظم مینار مربع قاعدہ پر قائم ہے، اس کا ایک کنارہ ۱۵۰ فٹ اور اس کے قاعدہ کا ایک ضلع ۲۰۰ فٹ ہے، اُس کے ایک رخ کا میلان قاعدہ سے دریافت کرو۔

۲۷ — ایک مینار کے مربع قاعدے کا ضلع ا ہے اوراسکا

راس ایک ایسے خط مستقیم پہ واقع ہے جو قاعدے کے نقطہ وسط میں سے گذرتا ہے اور اس پہ عمود ہے، مینار کی بلندی ح فٹ ہے، ثابت کرو کہ مینار کے متصل رخوں کا درمیانی زاویہ مساوات ذیل سے حاصل ہوتا ہے

$$جب\ عہ = \frac{۲ح\sqrt{۲ل^۲+۴ح^۲}}{ل^۲+۴ح^۲}$$

۲۸ ـــ ایک متساوی الاضلاع مثلث کے مرکز پہ ایک ۱۰۰ فٹ اونچا علم قائم ہے، مثلث متوازی الافق ہے، علم کی چوٹی پہ ہر ایک ضلع کے محاذی زاویہ ۶۰° بنتا ہے، ثابت کرو کہ مثلث کے ضلع کا طول $۵۰\sqrt{۶}$ فٹ ہے۔

۲۹ ـــ مربع قاعدہ پہ ایک مینار ہے اور اس کی چوٹی پر ایک ۶ فٹ اونچا علم ہے، اگر علم کا سایہ عین قاعدہ کے ایک ضلع تک پہنچے اور اس ضلع کے سروں سے ۵۶ اور ۸ فٹ کے فاصلہ پر ہو تو سورج کا زاویہ ارتفاع دریافت کرو، مینار کی بلندی ۳۴ فٹ ہے۔

۳۰ ـــ مربع قاعدہ پر ایک مینار قائم ہے، اس کی چوٹی پہ ایک ۶ فٹ اونچا علم ہے، علم کا سایہ عین قاعدہ کے ضلع تک پہنچتا ہے اور اس ضلع کے سروں سے لا اور ما فٹ کے فاصلہ پر ہے، ثابت کرو کہ مینار کی بلندی $\sqrt{\frac{لا^۲+ما^۲}{۲}}$ مس عہ - ۶ ہے جہاں عہ سورج کا زاویہ ارتفاع ہے۔

۳۱ ـــ ایک نقطہ ایک جھیل کی سطح سے ح فٹ اونچا ہے اور اس

نقطہ سے ایک بادل کا زاویہ ارتفاع عہ مشاہدہ کیا گیا ہے اگر جھیل میں بادل کے عکس کا زاویہ انخفاض دیکھا جائے تو وہ بہ ہوتا ہے ثابت کرو کہ بادل کی بلندی

$$ح \frac{\text{جب}(بہ + عہ)}{\text{جب}(بہ - عہ)} \text{ ہے}$$

۳۲ — ایک برج کا سایہ کسی خاص وقت اس کی بلندی کا نصف تھا کچھ عرصہ بعد سایہ بلندی کے برابر تھا۔ معلوم کرو کہ اس عرصہ میں سورج کا زاویہ ارتفاع کتنا کم ہوا ہے، معلوم ہے

لوک ۲ = ۳۰۱۰۳ء۰، ل مس ۲۶° ۳۴′ = ۹۹۹۴۰۰۳ء۱۰

اور فرق ۱′ کیلئے = ۳۱۵۹

۳۳ — ایک تختی کی شکل مثلث متساوی الساقین ہے اور وہ سورج کے مقابل سطح عمودی میں رکھی گئی ہے، اگر تختی کا قاعدہ ۲ا، اونچائی ح اور سورج کا ارتفاع ۳۰° ہو تو ثابت کرو کہ تختی کے سایہ کے راس پر جو زاویہ بنتا ہے اس کا حاس

$$\frac{۲\,ا\,ح\,\sqrt{۳}}{۳\,ح^{۲} - ا^{۲}} \text{ ہے۔}$$

۳۴ — سطح افقی پر نشانہ لگانے کا چاند سیدھا کھڑا کیا گیا ہے، اگر اس کا رخ جنوب کی طرف ہو اور وہ شکل میں مستطیل ہو تو جو اس کی سطح کا رقبہ ہے اس کا مقابلہ اس کے سایہ کے رقبہ سے اس وقت کرو جبکہ سورج کا ارتفاع عہ° ہو اور سورج جنوب سے زاویہ بہ° بنائے۔

۳۵ — ایک کرہ کا قطر ق ہے اور جب اس کے مرکز کا ارتفاع بہ ہو تو اس کے محاذی ایک شخص کی آنکھ پر زاویہ عہ بنتا ہے، ثابت کرو کہ کرہ کے مرکز کی بلندی

$\frac{1}{2}$ ق جب بہ قم $\frac{ع}{2}$ ہے

۳۶ ـــ ایک شخص سطح افقی پہ کھڑا ہوکر ایک مساوی اور مساوی الفصل ستونوں کی قطار کو دیکھکر یہ نتیجہ نکالتا ہے کہ جو زاوئے دسویں اور سترہویں ستون کے محاذی اس کی آنکھ پر بنتے ہیں وہ اس صورت میں بھی وہی رہینگے اگر انکو پہلے ستون کی جگہ لاکر کھڑا کردیا جائے اور انکی بلندیوں کو بالترتیب بقدر $\frac{1}{2}$ اور $\frac{2}{3}$ کے کم کردیا جائے۔ اگر آنکھ کی بلندی کو نظر انداز کرسکیں تو ثابت کروکہ ستونوں کی قطار اس خط سے جو اسکی آنکھ کو پہلے ستون کے ساتھ ملانے سے پیدا ہو ایک ایسا زاویہ بناتی ہے جس کا قاطع ۲٫۶ ہے۔

امثلہ ذیل کے حل کرنے میں لوکارثمی جدولوں کی ضرورت ہوگی

۳۷ ـــ ایک دریا کے مقابل کے کناروں پر دو نقاط ا اور ب ایک دوسرے کے سامنے واقع ہیں اور انکے درمیان ایک جہاز کا ستون م ن ہے، دریا کا عرض ۱۰۰۰ فٹ ہے اور نقطہ ا پر م کا زاویہ ارتفاع ۱۴° ۲۰' ہے اور نقطہ ب پر ارتفاع ۸° ۱۰' ہے، خط اب پر م کی بلندی دریافت کرو۔

۳۸ ـــ خط اب کا طول ۱۰۰۰ گز ہے، ب نقطہ ا کے ٹھیک شمال کیطرف واقع ہے اور ب سے ایک دور کے نقطہ ط کی سمت، شمال سے مشرق کی جانب میں زاویہ ۷۰° کا بناتی ہے اور نقطہ ا پر یہ سمت شمال سے مشرق کی طرف کو زاویہ ۴۱° ۲۲' بناتی ہے، ا اور ط کا درمیانی فاصلہ دریافت کرو۔

۳۹ — ب کے ٹھیک مغرب کی طرف دس میل کے فاصلے پر ایک مقام ا ہے، نقطہ ا سے ایک چٹان کی سمت، شمال سے مشرق کی طرف کو زاویہ ۴۴° ۱۹َ بناتی ہے اور نقطہ ب سے یہ سمت، شمال سے مغرب کی جانب میں زاویہ ۲۶° ۵۱َ بناتی ہے، خط اب سے چٹان کا فاصلہ شمال کی جانب میں دریافت کرو۔

۴۰ — ایک افقی مربع احاطہ کے ایک ضلع کا طول ا ہے اور مین اس کے نقطہ وسط کے اوپر سمت راس میں ایک مینار کی چوٹی ہے، مربع کی سطح سے چوٹی کی بلندی ب ہے اگر سورج کا ارتفاع طہ ہو اور مینار کا سایہ مربع کے ٹھیک ایک کونے تک پہنچے تو ثابت کرو کہ ب $\sqrt{۲}$ = ا مس طہ
اگر ا = ۱۰۰۰ فٹ اور طہ = ۲۵° ۱۵َ تو ب کی قیمت دریافت کرو۔

باب پانزدہم

مثلث کے خواص

۲۰۴- مثلث کا رقبہ - فرض کرو کہ کوئی مثلث اب ج ہے اور زاویہ ا سے مقابل کے ضلع ب ج پر عمود اد نکالا گیا ہے۔

نقطہ ا میں سے ب ج کے متوازی خط ع ا ف کھینچو اور اس پر عمود ب ع اور ج ف نکالو۔

بموجب اقلیدس م ۱ ش ۴۱، مثلث اب ج کا رقبہ

= $\frac{1}{2}$ مستطیل ب ف = $\frac{1}{2}$ ب ج × ج ف

= $\frac{1}{2}$ اَ × اد

لیکن اد = اب جب ب = جَ جب ب

اسلئے مثلث اب ج کا رقبہ = $\frac{1}{2}$ جَ اَ جب ب

اس رقبہ کو بالعموم △ سے تعبیر کرتے ہیں

اس لئے △ = ½ جَ اَ جب ب = ½ اَ بَ جب ج

= ½ بَ جَ جب ا .... (۱)

بموجب دفعہ ۱۷۵، جب ا = ۲ / بَ جَ √(ن(ن - اَ)(ن - بَ)(ن - جَ))

یعنی △ = ½ بَ جَ جب ا

= √(ن(ن - اَ)(ن - بَ)(ن - جَ)) .... (۲)

اس مقدار کو اکثر ف سے تعبیر کرتے ہیں۔

اشلہ نمبری ۳۵

مثلث ا ب ج کا رقبہ دریافت کرو جبکہ

۱- اَ = ۱۳، بَ = ۱۴ اور جَ = ۱۵

۲- اَ = ۱۸، بَ = ۲۴ اور جَ = ۳۰

۳- اَ = ۲۵، بَ = ۵۲ اور جَ = ۶۳

۴- اَ = ۱۲۵، بَ = ۱۲۳ اور جَ = ۶۲

۵- اَ = ۱۵، بَ = ۳۶ اور جَ = ۳۹

۶- اَ = ۲۸۷، بَ = ۸۱۶ اور جَ = ۸۶۵

۷- اَ = ۳۵، بَ = ۸۴ اور جَ = ۹۱

۸- اَ = √۲، بَ = √۳ اور جَ = (√۲ + √۶) / ۲

۹- اگر ب = ۴۵°، ج = ۹۰° اور اَ = ۲(√۳ + ۱)، ابج کو ثابت کرو

کہ مثلث کا رقبہ (۶ + ۲ ۳۶۱ ۳) مربع انچ ہے

۱۰۔ ایک مثلث کے اضلاع ۱۱۹، ۱۱۱، ۹۲ گز ہیں ثابت کرو کہ اس کا رقبہ ایک ایکڑ سے دس مربع گز کم ہے۔

۱۱۔ ایک مثلثی کھیت کے اضلاع ۲۴۲، ۱۲۱۲ اور ۱۳۵۰ گز ہیں ثابت کرو کہ کھیت کا رقبہ ۶ ایکڑ ہے

۱۲۔ ایک شخص کو ایک ایسا مثلثی احاطہ بنانے کی اجازت ملی جسکے اضلاع بالترتیب ۵۰، ۴۱، ۲۱ گز ہیں، غلطی سے اس نے پہلے ضلع کو ایک گز بڑا بنا لیا، اگر احاطہ کا رقبہ اور مجموعۂ اضلاع وہی رکھنا منظور ہو جو اوپر تجویز ہوا تو باقی دو اضلاع کے طول دریافت کرو۔

۱۳۔ ایک متساوی الساقین مثلث کا قاعدہ ۱۴ انچ ہے اور اس کا رقبہ ایک اور مثلث کے رقبہ کے برابر ہے جس کے اضلاع ۶ء۱۳، ۱۵، ۴ء۱۵ انچ ہیں، مثلث اول الذکر کے مساوی ضلعوں میں سے ایک کی قیمت ۰۰۱ء انچ تک صحیح طور پر دریافت کرو،

۱۴۔ ثابت کرو کہ مثلث کا رقبہ $\frac{1}{2}$ ا^2 $\frac{\text{جب ب جب ج}}{\text{جب ا}}$ کے برابر ہے

اگر مثلث کا ایک زاویہ °۶۰ ہو، رقبہ ۱۰ $\sqrt{3}$ مربع فٹ اور مجموعۂ اضلاع ۲۰ فٹ تو اضلاع کے طول دریافت کرو

۱۵۔ ایک مثلث کے اضلاع سلسلہ حسابیہ میں ہیں اور اسکا رقبہ ایک ایسے مثلث متساوی الاضلاع کے رقبہ کا $\frac{3}{5}$ ہے جس کا مجموعہ اضلاع مثلث اول الذکر کے مجموعہ اضلاع کے برابر ہے، ثابت کرو کہ مثلث کے اضلاع کی باہمی نسبتیں ۳ : ۵ : ۷ ہے، نیز مثلث کا سب سے

بڑا زاویہ دریافت کرو۔

۱۶۔ ایک مثلث میں سب سے چھوٹا زاویہ ۴۵° ہے اور زاو
کے مماس سلسلہ حسابیہ میں ہیں، اگر اس کا رقبہ ۳ مربع گز ہو تو
کرو کہ اضلاع کے طول ۳√۵، ۶√۲ اور ۹ فٹ ہیں اور باقی ز
کے مماس بالترتیب ۲ اور ۳ ہیں

۱۷۔ کسی مثلث کے دو اضلاع کے طول بالترتیب ۱ فٹ ا
ہیں اور چھوٹے زاویئے کے مقابل کا زاویہ ۳۰° درجہ ہے، ثا
کہ دو مثلث شرائط سوال کو پورا کرتے ہیں، ان کے زاویئے در
کرو اور ثابت کرو کہ ان کے رقبوں کی باہمی نسبت √۳+۱ : √

۱۸۔ مفروضات ذیل سے دو مثلث حاصل ہوتے ہیں،
کی مدد سے بڑے مثلث کا رقبہ دریافت کرو

ا = ۳۱° ۱۵′، ا = ۵ انچ اور ب = ۷ انچ

۲۰۵۔ مثلث کے متعلقہ دائرے

جو دائرہ مثلث کے نقاط راس میں سے گزرتا ہے اس
کے گرد بنا ہوا دائرہ یا اختصاراً مثلث کا بیرونی دائرہ
ہیں۔

اس دائرہ کا مرکز اقلیدس م ۴ ش ۵ کے عمل سے
ہو سکتا ہے اس کے نصف قطر کو ہم ر سے تعبیر کر
جو دائرہ مثلث کے اندر اس طرح سے کھینچ سکے کہ وہ
کے ہر ایک ضلع کو مس کرے اس کو اختصاراً م

اندرونی دائرہ کہتے ہیں، اس دائرہ کا مرکز اقلیدس م ۴ ش ۴
کے عمل سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اس کے نصف قطر کو ہم آئندہ
ر سے تعبیر کرینگے۔

جو دائرہ ضلع ب ج اور باقی دو اضلاع ا ب اور ا ج
ممدودہ میں سے ہر ایک کو مس کرے اس کو زاویہ ا کے
مقابل مثلث کا جانبی دائرہ کہتے ہیں، اس کے نصف قطر
کو ہم ر۱ سے تعبیر کریں گے

اسی طرح سے حرف ر۲ سے ہم اُس دائرہ کے نصف قطر کو
تعبیر کریں گے جو ضلع ج ا اور باقی دو اضلاع ب ج اور ب ا
ممدودہ کو مس کرے۔

نیز ر۳ سے ہم اُس دائرہ کے نصف قطر کو تعبیر کرینگے جو ضلع
ا ب اور باقی دو اضلاع ج ا اور ج ب ممدودہ کو مس کرے

۲۰۶۔ مثلث ا ب ج کے بیرونی دائرہ کا نصف قطر ر
دریافت کرو۔

اضلاع ب ج اور ج ا کی تنصیف نقاط د اور ع پر کرو اور
ب ج اور ج ا پر عمود د و اور ع و قائم کرو۔

بموجب اقلیدس م ۴ ش ۵، نقطہ و مثلث کے بیرونی دائرہ کا مرکز
ہے، و ب اور و ج کو ملاؤ

نقطہ و مثلث کے اندر واقع ہو سکتا ہے (شکل ۱) یا باہر (شکل ۲) یا مثلث کے ایک ضلع پر (شکل ۳)

پہلی شکل میں مثلث ب و د اور ج و د آپس میں ہر طرح برابر ہیں۔ اس لئے

∠ ب و د = ∠ ج و د

∴ ∠ ب و د = ½ ∠ ب و ج

= ∠ ب ا ج (اقلیدس م ۳ ش ۲۰)

= ا

نیز ب د = ب و جب ب و د

∴ ا/۲ = س جب ا

اگر ا منفرجہ ہو جیسا کہ شکل ۲ میں تو

∠ ب و د = ½ ∠ ب و ج = ∠ ب ل ج

= ۱۸۰° − ا (اقلیدس م ۳ ش ۲۲)

یعنی بموجب سابق، جب ب و د = جب ا اور س = ا/۲ جب ا

اگر ا زاویہ قائمہ ہو جیسا کہ شکل ۳ میں تو

س = و ا = و ج = ا/۲

= ا/۲ جب ا چونکہ اس صورت میں جب ا = ۱

اس سے معلوم ہوا کہ مندرجہ بالا ارتباط سب مثلثوں کے لئے درست ہے۔

اس لئے تینوں صورتوں میں

$$\text{ر} = \frac{\text{اَ}}{\text{۲ جب ا}} = \frac{\text{بَ}}{\text{۲ جب ب}} = \frac{\text{جَ}}{\text{۲ جب ج}}$$ (دفعہ ۱۶۹)

...... (۱)

۲۰۷۔ دفعہ ۱۷۵ میں ہم ثابت کرچکے ہیں کہ

$$\text{جب ا} = \frac{\text{۲}}{\text{بَ جَ}}\sqrt{\text{ن(ن - اَ)(ن - بَ)(ن - جَ)}}$$

$$= \frac{\text{۲ف}}{\text{بَ جَ}}$$ اس میں ف مثلث کے رقبہ کو تعبیر کرتا ہے

جب ا کی قیمت رابطہ (۱) دفعہ ۲۰۶ میں مندرج کرنے سے

$$\text{ر} = \frac{\text{اَ بَ جَ}}{\text{۴ف}}$$

اور اس سے بیرونی دائرہ کا نصف قطر اضلاع کی رقوم میں حاصل ہوتا ہے۔

۲۰۸۔ مثلث اب ج کے دائرہ اندرونی کے نصف قطر ر کی قیمت دریافت کرو۔

زاویہ ب اور ج کی تنصیف بالترتیب دو خطوط ب سے اور ج سے کرو اور فرض کرو کہ یہ خط نقطہ ے پر ملتے ہیں،

بموجب اقلیدس م ۳ ش ۴ نقطہ سے اندرونی دائرہ کا مرکز۔ سے ا کو ملاؤ اور تینوں اضلاع پر عمود سے د، سے ع، سے ف نکالو۔

تب سے د = سے ع = سے ف = ر

اب رقبہ △ سے ب ج = $\frac{1}{2}$ سے د × ب ج = $\frac{1}{2}$ ر × ا

رقبہ △ سے ج ا = $\frac{1}{2}$ سے ع × ج ا = $\frac{1}{2}$ ر × ب

اور رقبہ △ سے ا ب = $\frac{1}{2}$ سے ف × ا ب = $\frac{1}{2}$ ر × ج

اس لئے جمع کرنے سے

$\frac{1}{2}$ ر × ا + $\frac{1}{2}$ ر × ب + $\frac{1}{2}$ ر × ج = مثلثات سے ب ج، سے ج ا اور سے ا ب کے رقبوں کا مجموعہ = △ ا ب ج کا رقبہ

یعنی ر $\frac{ا + ب + ج}{۲}$ = ں

یعنی ر × ن = ں

∴ ر = $\frac{ں}{ن}$

۲۰۹۔ چونکہ زاویئے سے ب د اور سے د ب بالترتیب زاویہ سے ب ف اور سے ف ب کے برابر ہیں اس مثلث سے د ب اور سے ف ب ہر طرح سے برابر ہیں اس لئے ب د = ب ف یعنی ۲ ب د = ب د + ب
نیز اع = اف یعنی ۲ اع = اع + اف

اور ج ع = ج د یعنی ۲ ج ع = ج ع + ج د

اس لئے جمع کرنے سے

۲ ب د + ۲ ا ع + ۲ ج ع = (ب د + ج د) + (ج ع + ا ع)
+ (ا ف + ف ب)

یعنی ۲ ب د + ۲ ا ج = ب ج + ج ا + ا ب

∴ ۲ ب د + ۲ بَ = اَ + بَ + جَ = ۲ ن

اس لئے ب د = ن - بَ = ب ف

اسیطرح سے ج ع = ن - جَ = ج د

اور ا ف = ن - اَ = ا ع

اب $\frac{\text{ے د}}{\text{ب د}}$ = مس ے ب د = مس $\frac{\text{ب}}{۲}$

∴ ر = ے د = ب د مس $\frac{\text{ب}}{۲}$ = (ن - اَ) مس $\frac{\text{ب}}{۲}$

پس ر = ے ع = ج ع مس ے ج ع = (ن - جَ) مس $\frac{\text{ج}}{۲}$

اور نیز ر = ے ف = ف ا مس ے ا ف = (ن - اَ) مس $\frac{\text{ا}}{۲}$

اسلئے ر = (ن - اَ) مس $\frac{\text{ا}}{۲}$ = (ن - بَ) مس $\frac{\text{ب}}{۲}$
= (ن - جَ) مس $\frac{\text{ج}}{۲}$

۲۱۰ - ر کی ایک تیسری قیمت اس طرح سے حاصل ہوسکتی ہے -

اَ = ب د + د ج = ے د م ے ب د + ے د م ے ج د

= رم ب/۲ + رم ج/۲

= ر [(جم ب/۲)/(جب ب/۲) + (جم ج/۲)/(جب ج/۲)]

∴ اَ جب ب/۲ جب ج/۲ = ر [جب ج/۲ جم ب/۲ + جم ج/۲ جب ب/۲]

= ر جب (ب/۲ + ج/۲) = ر جب (۹۰ − ا/۲)

= ر جم ا/۲

∴ ر = (اَ جب ب/۲ جب ج/۲) / (جم ا/۲)

نتیجہ صریح - چونکہ اَ = ۲ ر جب ا = ۴ ر جب ا/۲ جم ا/۲

اس لئے ر = ۴ ر جب ا/۲ جب ب/۲ جب ج/۲

۲۱۱- مثلث اب ج کے زاویہ ا کے مقابل جو جانبی دائرہ بن سکتا ہے اُس کا نصف قطر ر۱ دریافت کرو

اب اور اج کو ل اور م تک خارج کرو،

زایوں ج ب ل اور ب ج م کی

تنصیف خطوط ب م١ اور ج م١ سے کرو، اور فرض کرو کہ یہ خطوط نقطہ م١ پر ملتے ہیں۔

تینوں اضلاع پر عمود م١ د١، م١ ع١ اور م١ ف١ نکالو۔

مثلث م١ د١ ب اور م١ ف١ ب ہر طرح سے برابر ہیں، اسلئے

م١ ف١ = م١ د١

اسی طرح سے م١ ع١ = م١ د١

چونکہ تینوں عمود م١ د١، م١ ع١، م١ ف١ آپس میں برابر ہیں، اس لئے نقطہ م١ دائرہ مجوزہ کا مرکز ہے

اب رقبہ ا ب م١ ج مثلثات ا ب ج اور م١ ب ج کے مجموعہ کے برابر ہے

نیز یہ رقبہ مثلثات م١ ب ا اور م١ ج ا کے مجموعہ کے بھی برابر ہے

اس لئے △ا ب ج + △م١ ب ج = △م١ ج ا + △م١ ا ب

∴ ن + ½ م١ د١ × ب ج = ½ م١ ع١ × ج ا + ½ م١ ف١ × ا ب

یعنی ن + ½ ر١ × اَ = ½ ر١ × بَ + ½ ر١ × جَ

∴ ن = ر١ [(بَ + جَ − اَ) / ۲] = ر١ [(بَ + جَ + اَ) / ۲ − اَ] = ر١ (ن − اَ)

∴ ر١ = ن / (ن − اَ)

اسی طرح سے ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ

ر۲ = ف / (ن - ب) اور ر۳ = ف / (ن - ج)

۲۱۲ـ چونکہ اع۱ اور اف۱ میں سے ہر ایک دائرہ کا مماس ہے
اس لئے بموجب دفعہ ۲۰۹، اع۱ = اف۱

اسی طرح سے ب ف۱ = ب د۱ اور ج ع۱ = ج د۱

∴ ۲ اع۱ = اع۱ + اف۱ = اب + ب ف۱ + اج + ج ع۱

= اب + ب د۱ + اج + ج د۱

= اب + ب ج + ج ا = ۲ ن

∴ اع۱ = ن = اف۱

نیز ب د۱ = ب ف۱ = اف۱ - اب = ن - ج

اور ج د۱ = ج ع۱ = اع۱ - اج = ن - ب

∴ م۱ع۱ = اع۱ مس م۱اع۱

یعنی ر۱ = ن مس ا/۲

۲۱۳ـ ر۱ کی ایک تیسری قیمت لا اور زوایا ب اور ج کی رقوم میں اس طرح حاصل ہو سکتی ہے

چونکہ م۱ج زاویہ ب ج ع۱ کی تنصیف کرتا ہے، اس لئے

∠ م۱ج د۱ = ۱/۲ (۱۸۰° - ج) = ۹۰° - ج/۲

اس لئے ∠ م۱ب د۱ = ۹۰° - ب/۲

∴ لا = ب ج = ب د۱ + د۱ج

= م۱د۱ مم م۱ب د۱ + م۱د۱ مم م۱ج د۱

$$= ر_۱\left(\text{مس}\,\frac{ب}{۲} + \text{مس}\,\frac{ج}{۲}\right)$$

$$= ر_۱\left(\frac{\text{جب}\,\frac{ب}{۲}}{\text{جم}\,\frac{ب}{۲}} + \frac{\text{جب}\,\frac{ج}{۲}}{\text{جم}\,\frac{ج}{۲}}\right)$$

$$\therefore\ اَ\ \text{جم}\,\frac{ب}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ج}{۲} = ر_۱\left(\text{جب}\,\frac{ب}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ج}{۲} + \text{جم}\,\frac{ب}{۲}\ \text{جب}\,\frac{ج}{۲}\right)$$

$$= ر_۱\,\text{جب}\left(\frac{ب}{۲} + \frac{ج}{۲}\right) = ر_۱\,\text{جب}\left(۹۰ - \frac{ا}{۲}\right) = ر_۱\,\text{جم}\,\frac{ا}{۲}$$

$$\therefore\ ر_۱ = \frac{اَ\ \text{جم}\,\frac{ب}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ج}{۲}}{\text{جم}\,\frac{ا}{۲}}$$

نتیجہ صریح — چونکہ $اَ = ۲ر\,\text{جب}\,ا = ۴ر\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ا}{۲}$

اسلئے $ر_۱ = ۴ر\,\text{جب}\,\frac{ا}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ب}{۲}\ \text{جم}\,\frac{ج}{۲}$

امثلہ نمبری ۳۶

۱ — ایک مثلث کے اضلاع بالترتیب ۱۸، ۲۴، ۳۰ انچ ہیں ثابت کروکہ بیرونی دائرہ، اندرونی دائرہ اور تین جانبی دائروں کے نصف قطر بالترتیب ۱۵، ۶، ۱۲، ۸ اور ۳۶ انچ ہیں

۲ — ایک مثلث کے اضلاع ۱۳، ۱۴، ۱۵ فٹ ہیں، ثابت کروکہ

(۱) $ر = ۸\frac{۱}{۸}$ فٹ (۲) $ر = ۴$ فٹ (۳) $ر_۱ = ۱۰\frac{۱}{۲}$ فٹ

(۴) $ر_۲ = ۱۲$ فٹ اور (۵) $ر_۳ = ۱۴$ فٹ

۳ — اگر مثلث اب ج میں $اَ = ۱۳$، $بَ = ۴$ اور $\text{جم}\,ج = -\frac{۵}{۱۳}$

تو م، ر، ر۱، ر۲ اور ر۳ کی قیمتیں دریافت کرو۔

۴۔ مثلثوں کے حل کی مشتبہ صورت میں ثابت کرو کہ دونوں مثلثوں کے بیرونی دائرے برابر ہوتے ہیں

ثابت کرو کہ

۵۔ $ر_۱(ن - أ) = ر_۲(ن - ب) = ر_۳(ن - ج) = ر ن = ف$

۶۔ $\frac{ر ر_۱}{ر_۲ ر_۳} = مس^۲ \frac{ا}{۲}$　　۷۔ $ر ر_۱ ر_۲ ر_۳ = ف^۲$

۸۔ $ر_۱ ر_۲ ر_۳ = ن^۳ مم^۲ \frac{ا}{۲} مم^۲ \frac{ب}{۲} مم \frac{ج}{۲}$

۹۔ $ر ر_۱ مم \frac{ا}{۲} = ف$

۱۰۔ $ر_۱ ر_۲ + ر_۲ ر_۳ + ر_۳ ر_۱ = ن^۲$

۱۱۔ $\frac{۱}{ر_۱} + \frac{۱}{ر_۲} + \frac{۱}{ر_۳} - \frac{۱}{ر} = ۰$

۱۲۔ $أ(ر ر_۱ + ر_۲ ر_۳) = ب(ر ر_۲ + ر_۳ ر_۱) = ج(ر ر_۳ + ر_۱ ر_۲)$

۱۳۔ $(ر_۱ + ر_۲) مس \frac{ج}{۲} = (ر_۳ - ر) مم \frac{ج}{۲} = ج$

۱۴۔ $ف = ۲م^۲ جب ا جب ب جب ج$

۱۵۔ $۴م جب ا جب ب جب ج = أ جم ا + ب جم ب + ج جم ج$

۱۶۔ $ف = ۴ م ر جم \frac{ا}{۲} جم \frac{ب}{۲} جم \frac{ج}{۲}$

۱۷- $\frac{1}{\text{ر}^2}+\frac{1}{\text{ر}_1^2}+\frac{1}{\text{ر}_2^2}+\frac{1}{\text{ر}_3^2}=\frac{\text{ا}^2+\text{ب}^2+\text{ج}^2}{\Delta^2}$

۱۸- $\text{ر}_1+\text{ر}_2+\text{ر}_3-\text{ر}=4\,\text{س}$

۱۹- $(\text{ر}_1-\text{ر})(\text{ر}_2-\text{ر})(\text{ر}_3-\text{ر})=4\,\text{س}\,\text{ر}^2$

۲۰- $\frac{1}{\text{ب}\,\text{ج}}+\frac{1}{\text{ج}\,\text{ا}}+\frac{1}{\text{ا}\,\text{ب}}=\frac{1}{2\,\text{س}\,\text{ر}}$

۲۱- $\frac{\text{ر}_1}{\text{ب}\,\text{ج}}+\frac{\text{ر}_2}{\text{ج}\,\text{ا}}+\frac{\text{ر}_3}{\text{ا}\,\text{ب}}=\frac{1}{\text{ر}}-\frac{1}{2\,\text{س}}$

۲۲- $\text{ر}^2+\text{ر}_1^2+\text{ر}_2^2+\text{ر}_3^2=16\,\text{س}^2-\text{ا}^2-\text{ب}^2-\text{ج}^2$

۲۱۴- مثلث پائین اور مرکز عمودی

فرض کرو کہ ا ب ج کوئی مثلث ہے اور زاویوں ا، ب، ج سے مقابل کے اضلاع پر عمود بالترتیب اک، ب ل اور ج م نکالے گئے ہیں۔

علم ہندسہ کی اکثر کتابوں میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ یہ تینوں عمود ایک نقطہ مشترک پ پر ملتے ہیں، اس نقطہ کو مثلث کا مرکز عمودی کہتے ہیں۔ مثلث ک ل م جو ان عمودوں کے پایوں کو ملانے سے بنتا ہے اب ج کا مثلث پائین کہلاتا ہے۔

۲۱۵- مرکز عمودی سے مثلث کے رؤس الزوایا کے

فاصلے دریافت کرو۔

پ ک = ک ب س پ ب ک = ک ب س (۹۰° - ج)

= ا ب جم ب م ج = ج / جب ج جم ب جم ج

= ۲ ر جم ب جم ج .... (دفعہ ۲۰۶)

نیز ا پ = ا ل × قط ک ا ج

= ج جم ا × قم ج

= ج / جب ج × جم ا

= ۲ ر جم ا .... (دفعہ ۲۰۶)

پس ب پ = ۲ ر جم ب اور ج پ = ۲ ر جم ج

لہذا مرکز عمودی کے فاصلے زاویوں کے رائسوں سے ۲ ر جم ا، ۲ ر جم ب، ۲ ر جم ج ہیں۔ اور اضلاع سے اس کے فاصلے ۲ ر جم ب جم ج، ۲ ر جم ج جم ا اور ۲ ر جم ا جم ب ہیں۔

۲۱۶ - مثلث پائیں کے اضلاع اور زاوئے دریافت کرو

چونکہ زاوے پ ک ج اور پ ل ج دونوں قائمے ہیں، اس لئے نقاط پ، ل، ج اور ک سب ایک دائرہ کے محیط پر واقع ہیں۔

∴ ∠ پ ک ل = ∠ پ ج ل (اقلیدس م ۳ ش ۲۱)

= ۹۰° - ا

اسی طرح سے پ، ب، ک اور م ایک دائرہ کے محیط واقع

، اس لئے

$\angle$ پ ک م = $\angle$ پ ب م

$= ۹۰^\circ - ا$

لئے $\angle$ م ک ل $= ۱۸۰^\circ - ۲ ا$

= تکملہ زاویہ ۲ ا

$\angle$ ک ل م $= ۱۸۰^\circ - ۲$ ب

$\angle$ ل م ک $= ۱۸۰^\circ - ۲$ ج

مثلث ا ل م سے

$\frac{\text{ل م}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{ا ل}}{\text{جب ا م ل}} = \frac{\text{ا ب جم ا}}{\text{جم پ م ل}}$

$= \frac{\text{جَ جم ا}}{\text{جم پ ا ل}} = \frac{\text{جَ جم ا}}{\text{جب ج}}$

ل م $= \frac{\text{جَ}}{\text{جب ج}}$ جب ا جم ا

= اَ جم ا (دفعہ ۱۶۹)

م ک = بَ جم ب اور ک ل = جَ جم ج

لئے معلوم ہوا کہ مثلث پائین کے اضلاع اَ جم ا، بَ جم ب، جَ جم ج ہیں۔ اور اس کے زاویے ۲ ا، ۲ ب اور ۲ ج تکملے ہیں۔

۲ — فرض کرو کہ سے اندرونی دائرہ کا مرکز ہے اور ، سے اُن جانبی دائروں کے مرکز ہیں جو بالترتیب

ا، ب، ج کے محاذی ہیں۔
جیسا دفعات ۲۰۸ اور ۲۱۱ میں
ہم نے دیکھا ے ج زاویہ
اج ب کی تنصیف کرتا ہے
اور ے۱ ج زاویہ ب ج م کی
تنصیف کرتا ہے۔

∴ ∠ ے ج ے۱ = ∠ ے ج ب + ∠ ے۱ ج ب

= ½ ∠ اج ب + ½ ∠ م ج ب

= ½ [∠ اج ب + ∠ م ج ب]

= ½ × ۱۸۰° = ایک زاویہ قائمہ

اسی طرح سے ∠ ے ج ے۲ بھی قائمہ ہے

لہذا ے۱ ج ے۲ ایک خط مستقیم ہے اور ے ج اس پر عمود ہے
اسی طرح سے ے۲ ا ے۳ ایک خط مستقیم ہے اور اس پر ے ا
عمود ہے اور ے۳ ب ے۱ خط مستقیم ہے اور ے ب اس پر
عمود ہے۔

نیز چونکہ ے ا اور ے۱ ا دونوں زاویہ ب اج کی
تنصیف کرتے ہیں اس لئے معلوم ہوا کہ تینوں نقطے ا، ے، ے۱
ایک خط مستقیم پر واقع ہیں، اسی طرح سے ب ے ے۲
اور ج ے ے۳ بھی مستقیم خط ہیں۔
لہذا ثابت ہوا کہ ے۱ ے۲ ے۳ ایک مثلث ہے جس میں

اَ، بَ، جَ اُن عمودوں کے پائین ہیں جو نقاط راس سے
مقابل کے اضلاع پر نکالے جائیں اور ے اُن عمودوں
کا نقطہ تقاطع ہے، یا دوسرے الفاظ میں ہم اس کو یوں بیان
کرسکتے ہیں کہ مثلث ے بے جے کا مثلث پائین ا ب ج
ہے اور اس کا مرکز عمودی نقطہ ے ہے
مثلث ے بے جے کو اکثر جانبی مرکزوں کا مثلث کہتے ہیں

۲۱۸ - مثلث کا مرکز ہندسی اور وسطانیات

اگر ا ب ج کوئی مثلث ہو اور د، ع، ف اضلاع ب ج،
ج ا، ا ب کے نقاط تنصیف ہوں تو خطوط ا د، ب ع،
ج ف میں سے ہر ایک کو مثلث کا وسطانیہ کہتے ہیں

علم ہندسہ کی اکثر کتابوں میں
یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مثلث
کے وسطانیات ایک مشترک
نقطہ ث پر ملتے ہیں اور

ا ث = ۲/۳ ا د، ب ث = ۲/۳ ب ع

اور　ج ث = ۲/۳ ج ف

نقطہ ث کو مثلث کا مرکز ہندسی کہتے ہیں

۲۱۹ - وسطانیات کے طول

بموجب دفعہ ۱۷۰

ا دَ^۲ = اجَ^۲ + ج دَ^۲ − ۲ ا ج × ج د جم ج

= بَ^۲ + اَ^۲/۴ − اَ بَ جم ج

اور جَ^۲ = بَ^۲ + اَ^۲ − ۲ اَ بَ جم ج

اس لئے ۲ ا دَ^۲ − جَ^۲ = بَ^۲ − اَ^۲/۲

پس ا د = ۱/۲ √(۲ بَ^۲ + ۲ جَ^۲ − اَ^۲)

نیز ا د = ۱/۲ √(بَ^۲ + جَ^۲ + ۲ بَ جَ جم ا) ...... (دفعہ ۱۷۰)

نیز ب ع = ۱/۲ √(۲ جَ^۲ + ۲ اَ^۲ − بَ^۲)

اور ج ف = ۱/۲ √(۲ اَ^۲ + ۲ بَ^۲ − جَ^۲)

۲۲۰ — جو زاوئے کوئی وسطانیہ اضلاع کے ساتھ بناتا ہے اُن کو دریافت کرو

اگر ∠ ب ا د = ب اور ∠ ج ا د = جہ

تو جب جہ / جب ج = د ج / ا د = اَ / ۲ لا

∴ جب جہ = اَ جب ج / ۲ لا = اَ جب ج / √(۲ بَ^۲ + ۲ جَ^۲ − اَ^۲)

اسی طرح سے جب بہ = اَ جب ب / √(۲ بَ^۲ + ۲ جَ^۲ − اَ^۲)

نیز اگر ∠ ا د ج = طہ تو

